شمس المعارف

و

لطائف العوارف

مصنف

حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونی

شبیر برادرز۔ اردو بازار۔ لاہور

عملیات و تعویزات کی سب سے بڑی مستند اور مشہور کتاب جس میں ہر قسم کے عملیات و تعویزات و ظائف اسماء الٰہی قرآن کریم کی آیات اسم اعظم اور حروف تہجی کے عجیب و غریب خواص اور اسرار و رموز اور ان کے مؤکلوں کی تسخیر منازل قمر و کواکب اور بروج کے اشارات جفر و علم کیمیا۔ و علم سیمیا اور سونا چاندی وغیرہ بنانے کے طریقے وغیرہ لاجواب کتاب

ناشر
شبیر برادرز ۴۰ اردو بازار لاہور

نام کتاب ــــــــــــــــ شمس المعارف اُردو ترجمہ

مصنف ــــــــــــــــ ابوالعباس احمد بن علی بونی

موضوع ــــــــــــــــ تعویذات

تعداد ــــــــــــــــ ۱۱۰۰

اشاعت ــــــــــــــــ اکتوبر ۱۹۹۲ء

ناشر ــــــــــــــــ ملک شبیر حسین

طابع ــــــــــــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز - لاہور

قیمت ــــــــــــــــ 280/- روپے

فہرست شمس المعارف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ نے توحید کی گواہی پس اسی گواہی کے نور سے برگزیدہ اہل علم نے بہرہ وری کی ہے۔ اس کو سمجھو اور ترتیب ابدی والی شہادتوں یعنی جو ملائکہ اور اہل علم سے متصل ہوئی ابدی گواہی ہے جس کسی نے ان دونوں شہادتوں کے بھید کو سمجھ لیا اس نے دونوں عالم کا سمع انکی مدد و (ق) اشیاء کے (مقام) کشف سے متصل ہو کر مشاہدہ کیا اس مقام سے ہر ایک شخص کے واسطے ایک ہیبت ہوتی ہے جو اس کو تمام مخلوق تک پہنچا دیتی ہے

خدائے حی و قیوم سے میری دعا ہے کہ اس کو خالص صدقہ مقبولہ میری آخرت کے واسطے کرے اور اس کی دعوت دینے والی ہوا سی میری قبر میں میرے ساتھ رکھا رہے اور تمہارے واسطے (مطلب کی) واضح کرے اور اللہ تحقیق ہم کو تم کو عنایت کرے۔ یقیناً یہ رحمانی چمک اور یہ روشن آفتاب عارفوں کا راستہ اور صدیقوں کا طریقہ اور صالحین کا حضور رب العالمین میں حاضر ہونے کے واسطے ذریعہ ہے۔ وہ رب جو بڑا باب ہم

حجاب کا اٹھانے والا بلا مثال پیدا کرنے والا اشکال سے منزہ ہمیشہ رہنے والا نعوت جمال کے ساتھ ازل میں دائم الوجود عالم علویات کا اپنی حکمت اور تقدیر کے ساتھ بلند کرنے والا اور سفلیات کا اپنی قدرت اور ارادہ کے ساتھ بچھانے والا۔ سوائے اس بزرگ اور برتر کے کوئی معبود نہیں ہے۔ نور کے حجابوں میں وہ پوشیدہ ہے اور کل انوار کے پردہ میں ہے۔ آنکھوں کے دیکھنے سے مخفی ہے اور وہ آنکھوں کو دیکھتا ہے اپنی اولیت میں اپنی ذات کے ساتھ باطن ہے اور اپنی ابدیت میں اپنی صفات کے ساتھ ظاہر ہے۔ اپنے اسماء کے ساتھ اپنی سرمدیت میں بلند ہے۔ اور اپنی ابدیت میں اپنے افعال کے ساتھ روشن ہے۔ وہی اول ہے۔ ازل میں اور آخر ہے ابد میں اور ظاہر ہے چھپنے ہوئیں۔ پاک ہے جواہر اور اعراض سے اور اجرام سے اور ابعاض سے اور تصرف بالاغراض سے۔ جہت یا سمت اس کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ اور گردش زمانہ اس کو بوڑھا کرتی ہے اور نہ رات دن کا گزرنا اس کو فنا کرتا ہے۔ میں اسی پاک اور برتر کی حمد کرتا ہوں اور ہر شئے اس کے نزدیک مقدار کے ساتھ ہے اور غیب اور حاضر کا جاننے والا بزرگ اور برتر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے وحدہ لاشریک کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔ ایسی گواہی جو روحوں کو عالم برزخ میں ثابت قدم رکھے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ اس کا علم کل اس کی مردہ و زندہ مخلوقات کو گھیرے ہوئے ہے اسی نے موت اور رزق کو مقرر کیا ہے۔ وہ عالم ہے زمانہ گزشتہ و آئندہ کا اور زندہ کرنے والا ہے پرانی ریزہ ریزہ ہڈیوں کا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں آفتاب ہیں ملت کے اور بندوں کو نکالنے والے ہیں شرک و ضلالت سے جن کی دعوت کے ساتھ فلک توحید نے گردش کی اور حق کی حکمت کے آفتاب روشن اور منور ہو گئے اور جن کے دیکھنے سے گمراہی کے ستارے بے نور اور حق کی سعادت سے توحید کی صبح نمودار ہوئی۔ خدا تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر بہترین صلوات نازل فرمائے اور ان کے سچے اور محقق صحابہ سے راضی ہو۔ ایسی صلوات جس سے ان کے مرتبے بلند اور ان کے درجے اعلیٰ ہوں۔

---

[1] اس میں اس آیت کی طرف اشارہ ہے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ یعنے اللہ تعالیٰ نے اس بات کی گواہی دی کہ سوائے اس کے اور کوئی معبود نہیں ہے اور ملائکہ اور اہل علم نے ۱۲

اما بعد حق کے واسطے نشان ہیں اور حقیقت کے واسطے نظام ہے اور ارواح معارف الٰہیہ کے ساتھ مختص ہے اور وسیلہ (ایسی چیز ہے جو سب کو) مطلوب ہے۔ اور اس کے اقسام پر قدرت (خدا کی طرف سے) بخشی گئی ہے اور سعادت کمال کے روشن آفتاب سے متصل ہے اور غیر ابدی شریعت کے احکامات بجالانے سے بخشی گئی ہے، مقام علیین میں اعلیٰ درجہ اہل عمل کا ہے۔ اور یہاں سے بھی اعلیٰ درجہ ہدایت کنندہ محققین کا ہے۔ اور دین خدا میں اس عالم کی منزلت نہیں ہے جو کچھ فائدہ نہیں پہنچاتا گویا کہ حقیقتاً جو نفس فائدہ نہیں پہنچاتا وہ زندہ بھی نہیں ہے۔ اور بیشک سعادت سے دور وہی شخص ہے جس نے ملت اسلام کے احکام میں سستی کی اور محققین اہل قبلہ کی شروط میں خلل ڈالا۔ اور چونکہ میں نے بڑے بڑے مشہور بزرگوں کا کلام جن کی حکمت کا شہرہ دنیا میں پھیلا ہوا ہے جن کے فیض و برکت سے خلقت معمور ہے۔ تعریف اسماء و صفات اور اسرار حروف اور اذکار دعوات کے متعلق دیکھا ان کی تالیفیں بھی میری نظر سے گذریں اور میرے اہل محبت نے مجھ سے درخواست کی کہ ان تالیفات کی مشکلات کو واضح کیا جائے اور مدفون خزانہ کو باہر نکالا جائے تب میں نے ان کی درخواست کو قبول کیا۔ اور میں معترف ہوں کہ بزرگان سلف کے فہم کو میں نہیں پہنچ سکتا اور خدا سے میں نہایت عاجزانہ دعا کرتا ہوں کہ ان بزرگوں کے روحانی فیض سے میری امداد فرمائے۔ اور میری گویائی تحقیق کے موافق اور زبانی تصدیق سے بیان کرنے والی ہو۔ پس میں کہتا ہوں اور خدا ہی سے استمداد اور اسی پر بھروسہ ہے کہ اس کتاب کی فصلوں سے مقصود علم ہے اور شرف اسماء الٰہی کا اور جو کچھ کہ اس سمندر میں اللہ تعالیٰ نے حکمت کے جواہر اور لطائف الٰہیہ پوشیدہ رکھے ہیں اور اور یہ بیان ہے) کہ ان اسماء و دعوات کا کس طرح تصرف کرنا چاہیئے۔ اور انہیں کے متعلق حروف سور اور آیات کا بیان ہے۔ اس کتاب میں میں نے مختلف فصلیں دکھی ہیں تاکہ ہر فصل اپنے علوم و قیقہ پر جو اس کے اندر ہیں اور جو حضوری حق میں بے رنج و مشقت پہنچاتے ہیں۔ ان پر دلالت کرے اور ان علوم کو بھی بتائے جن سے دنیاوی فائدہ پہنچتا ہے۔

اور میں نے اس بے مثل چیدہ اور بلند مرتبہ کتاب کا نام شمس المعارف اور لطائف العوارف رکھا ہے کیونکہ اس کے اندر نہایت لطیف تصریفات اور عوارف تاثیرات ہیں۔ پس جس شخص کے ہاتھ میں یہ میری کتاب پہنچے اس پر حرام ہے کہ نااہل کے سامنے اس کی کوئی بات ظاہر کرے۔ اور بے دل اس کو کام میں لائے۔ اور اگر کوئی بھی ایسا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کتاب کے منافع سے اس کو محروم کردے گا اور اس کی برکتیں اور فوائد اس کو نصیب نہ ہوں گے۔ اس کتاب کو تم اس وقت ہاتھ لگاؤ جب تم پاک صاف ہو۔ اور جب اس کے قریب جاؤ تو ذکر کرتے ہوئے۔ تاکہ جو کچھ تمہارا مطلب ہے۔ اس میں تم کامیاب ہو۔ اور کوئی ایسا کام نہ کرو جو خدا کی ناراضامندی کا باعث ہو۔ کیونکہ یہ کتاب ہے اولیاء اصالحین اور اہل طاعت و ارادت اور اہل عمل و رغبت کی پس تم پر لازم ہے کہ نہایت طرح کے ساتھ حاصل کرو اور کچھ بھی تھوڑا یا بہت نہ چھوڑو۔ اپنے یقین کو بچا اور اپنے ایمان کو اس کے حقائق کے ساتھ مضبوط کرو کیونکہ اعمال کا نتیجہ نیت کے ساتھ ہے اور ہر شخص کو اس کی کوشش کا وہی صلہ ملے گا۔ جو اس کی نیت ہوگی۔ اور جب تمہاری نیت کسی عمل پر قائم ہو جائے تب تم کو اس پر یقین کرنا چاہیئے۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی تصدیق ضروری ہے کہ تم میں سے کوئی دعا نہ کرے مگر جب کہ وہ قبولیت کا یقین کرنے والا ہو۔ اور اپنے عمل کے درست ہونے پر بھی بھروسہ کرلے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ و

السلام کا فرمان ہے کہ جب تم میں کوئی دعا کرے تو اپنے عزم کے ساتھ کرے اور قبولیت کا یقینی رکھے اور نیز عمل میں بھی جلدی نہ کرنا چاہیئے کیونکہ حضور فرماتے ہیں کہ تم میں سے کسی کی دعا تب قبول ہوگی جب وہ جلدی نہ کرے کہ پھر کہے میں نے تو دعا کی تھی میری دعا قبول نہیں ہوئی۔ دعا کی قبولیت میں دیر ہونے سے تم کو گھبرانا نہ چاہیئے بلکہ ہر وقت اس کی قبولیت کے منتظر رہو اور یہ کتاب بھی (ایک ہے قانون قائم اور طریق مستقیم رہے) چالیس فصلوں پر مشتمل ہے اور ہر فصل میں بے انتہا معانی اور اشارات اور ظاہر اور پوشیدہ رموز ہیں اس کو اپنی عقل سے خوب سمجھو اور فکر سے تامل کرو اور فصلیں یہ ہیں۔

پہلی فصل۔ حروف معجم اور ان کے اسرار اعتبار کے بیان میں جو ان کے اندر مرتب ہیں۔ دوسری فصل۔ کسر اور بسط اور اوقات و ساعات میں اعمال کی ترتیب کا بیان تیسری فصل۔ اٹھائیس منازل قمر کے احکام کے بیان میں چوتھی فصل۔ بارہ برجوں اور ان کے اشارات اور ارتباطات کے بیان میں۔ پانچویں فصل۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اسرار اور اس کے خواص اور اس کی پوشیدہ برکتوں کے بیان میں چھٹی فصل خلوت اور ارباب اعتکاف کے بیان میں۔ ساتویں فصل۔ ان اسماء کے بیان میں جن سے عیسیٰ علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے۔ آٹھویں فصل۔ تواقیت اربعہ اور ان کی فصلوں اور اثمن کے بیان میں۔ نویں فصل خواص اوائل قرآن اور آیات بینات کے بیان میں دسویں فصل۔ سورۂ فاتحہ کے اسرار اور اس کی دعوتوں اور اس کے مشہور خواص کے بیان میں گیارھویں فصل۔ اختراعات اور انوار رحمانی کے بیان میں۔ بارھویں فصل۔ اسم اعظم اور اس کی تصریفات خفیات کے بیان میں۔ تیرھویں فصل۔ سواقط سورۂ فاتحہ اور اس کے اوفاق اور دعوات میں۔ چودھویں فصل۔ ریاضت اور اذکار اور قبول شدہ دعاؤں کے بیان میں۔ پندرھویں فصل۔ اسماء حسنیٰ اور ان کے نافع اور مجرب اوفاق کے بیان میں۔ سولھویں فصل۔ ان شرطوں کے بیان میں جو بعض بعض اعمال کے واسطے ابتداء سے انتہاء تک لازم ہیں۔ سترھویں فصل۔ خواص کہیعص اور اس کے طلسمات اور اقدس حروف کے بیان میں۔ اٹھارھویں فصل۔ خواص آیت الکرسی اور اس کی مخفی برکتوں کے بیان میں (انیسویں فصل) بعض اوفاق اور نافع طلسمات کے خواص میں بیسویں فصل۔ سورہ یٰسین اور اس کی دعوات مستجابات کے بیان میں (اکیسویں فصل) اسماء حسنیٰ اور ان کی انماط اور ہر ایک نمط کی دعوتوں اور تصریفوں کے بیان میں (بائیسویں فصل) نمط ثانی اور اسکے اسماء ذہنی کے بیان میں (تیئیسویں فصل) نمط ثالث اور ان اسماء کے بیان میں جو صفات ابدی پر دلالت کرتے ہیں (چوبیسویں فصل) نمط رابع اور اس میں جو اسرار باقی ہیں ان کے بیان میں (پچیسویں فصل) نمط خامس کا بیان اور اس میں جو چیدہ چیدہ خواص ہیں (چھبیسویں فصل) نمط سادس اور اس کے غرضی اسرار کا بیان (ستائیسویں فصل) نمط سابع اسماء الٰہی اور ان کی برکات کا بیان (اٹھائیسویں فصل) نمط ثامن اسماء حسنیٰ اور ان کے مخفی اسرار کا بیان۔ (انتیسویں فصل) نمط تاسع اسماء حسنیٰ اور ان کی تصریفات کا بیان (تیسویں فصل) نمط عاشر اسماء حسنیٰ اور ان کے نافع اسرار کا بیان (اکتیسویں فصل) حروف عربیہ اور ان کے کواکب اور خدام اور معاون اور ان کی طولوں کے بیان میں (بتیسویں فصل) کشف عروض معنویات کے بیان میں (تینتیسویں فصل) [illegible] سے جو تامیلات اور

تعریفات ظاہر ہوتی ہیں اس کے بیان میں (چونتیسویں فصل) علم لانچہ اور نسب حروف و مجموع اور موازین مشہورات کے بیان میں (پینتیسویں فصل) خافیہ حرفیہ کا بیان بقاعدہ جفر (چھتیسویں فصل) فیض لباقی اور نور شعشانی اور جمر مکرم اور خواص نبات کے بیان میں (سینتیسویں فصل) اعمال سیمیا کے بیان میں (اڑتیسویں فصل) استخدامات حروف اور ان کی خلوت کا بیان (انتالیسویں فصل) اسمار حسنیٰ کا بیان جیسا کہ وہ وارد ہوئے بطریق ایضاح و تفصیل کے (چالیسویں فصل) ان مفرد دعاؤں کا بیان جو رات دن میں ہر وقت پڑھی جا سکتی ہیں۔

اسرار حروف معجمہ

اور ان اسرار اور اعجاز کا بیان جو ان حروف میں مرتب ہیں۔ میں کہتا ہوں اللہ کے ساتھ توفیق اور ہدایت ہے کہ طالبوں کے مطالب دو قسم ہیں دینی اور دنیاوی۔ اور پھر ان میں سے ہر ایک کی بحسب مقاصد بہت قسمیں ہیں۔ اس فن کے علمار نے اوقات کے معلوم کرنے اور کواکب کے حالات دریافت کرنے اور ریاضت اور افعال طلسمات کے متعلق بہت گفتگو کی ہے اور یہ علم بہت وسیع ہے بہت لوگوں نے اس کی طرف توجہ کی ہے خاص کر جنہوں نے اس میں اثر پایا ہے مگر میں ان باتوں سے پرہیز کرتا ہوں جن میں حکمار متقدمین نے کلام کیا ہے اور بہت لوگ ان کے موافق ہیں۔ ان سے دنیا میں اگرچہ بہت کچھ نفع پہنچ سکتا ہے۔ مگر آخرت میں وہ بہت نقصان دہ ہیں اور یہ باتیں جو میں بیان کرتا ہوں دنیا اور آخرت دونوں میں تجھ کو نفع دیں گی۔

حروف معجمہ کیونکہ یہی کلام کی بنیاد ہیں اور ان ہی پر اس کی عمارت قائم ہوتی ہے۔ معلوم ہو کہ جیسے حروف کے آثار ہیں ایسے ہی اعداد میں اسرار ہیں اور یہ بھی معلوم ہو کہ عالم علوی سے عالم سفلی کو مدد پہنچتی ہے۔ عالم عرش عالم کرسی کو مدد دیتا ہے۔ اور عالم کرسی فلک زحل کو مدد دیتا ہے۔ اور فلک زحل فلک مشتری کو۔ اور فلک مشتری فلک مریخ کو۔ اور فلک مریخ فلک شمس کو اور فلک شمس فلک زہرہ کو اور فلک زہرہ فلک عطارد کو اور فلک عطارد فلک قمر کو۔ اور فلک قمر کرۂ نار کو۔ اور کرۂ نار کرہ ہوا کو۔ اور کرۂ ہوا کرۂ آب کو اور کرۂ آب کرۂ خاک کو مدد دیتا ہے۔ اور کرۂ خاک فلک زحل کو مدد دیتا ہے پس زحل کا علویات میں حرف جیم ہے اور اس کے عدد فی الجملہ ۵۳ اور علی التفصیل ۵۳ ہیں۔ اس طرح کہ میم کے چالیس اور یاد کے دس اور جیم کے تین۔ اور زحل کے بھی تین ہی حروف ہیں۔ اور سفلیات میں اس کا حرف صاد ہے جس کے عدد نوّے ہیں۔ اب یہ علویات میں پانچ حروف ہوئے۔ جن کا حرف صاد ہے اور وفق اس کا مخمس ہے اور فلک مشتری کے عدد چھ ہیں جن کا حرف واو ہے اور وفق اس کا مسدس ہے اور فلک زہرہ کی تعریف یہ ہے۔ کہ حرف اس کا واو ہے اور وفق اس کا مسبع ہے اور فلک عطارد کی تعریف یہ ہے کہ عدد اس کے آٹھ اور حرف حا ہے وفق اس کا مثمن ہے۔

اور زحل کا مثلث مشہور ہے۔

ذات انسانی کی [illegible] ... کا ج۔ اسی طرح قمر تک جیسا کہ

بیان ہوا۔ فصل حروف کئی قسم کے ہیں بعض ایسے ہیں جو دائیں جانب سے لکھے جاتے ہیں۔ جیسے عربی حروف اور بعض بائیں جانب سے لکھے جاتے ہیں جیسے رومی اور یونانی اقلیطی وغیرہ حروف۔ جن حروف کی کتابت دائیں جانب سے کی جاتی ہے ان کا نام متصلہ ہے۔ جن کی بائیں جانب سے کی جاتی ہے۔ وہ منفصلہ ہیں۔

تعداد حروف جملہ حروف اٹھائیس ہیں۔ بغیر لام الف کے یہ انتیسواں ہے اور اٹھائیس ہی منازل قمر ہیں۔ مگر چونکہ چودہ منزلیں زمین کے اوپر رہتی ہیں اور چودہ نیچے اسی سبب سے یہ چودہ حروف لام تعریف کے ساتھ ملائے جاتے ہیں۔ اظہار ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ن اور یہ چودہ اس کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں۔ ا ب ج ح خ ک ل م ع غ ف ق ہ و ی۔ سب سے پہلا حرف الف ہے۔

پھر اس کے بعد ط اور ی وغیرہ ہیں۔ اگر کوئی نظر کرنے والا حروف کی طرف نظر و غور کرے تو ان کو شکل میں موجود ہونے سے پہلے نفس میں منطبق پائے گا اس کو پھر حرف الف عدد میں ایک ہے۔ اور عدد میں روحانی لطیف قوۃ ہے۔ پس اسی بنا پر اعداد اقوال کے اسرار سے ہیں جیسا کہ حروف اسرار افعال سے ہیں اور عالم بشر میں اعداد سے بہت منافع اور اسرار ہیں جن کو خداوند کریم نے اپنی قدرت سے ان میں مرتب کیا ہے۔ جیسے کہ حروف میں دعا اور منتر وغیرہ کی تاثیریں ظاہر ہیں۔

معلوم ہو کہ حروف کے واسطے کسی خاص وقت کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کے اعمال محض ریاضت سے ہوتے ہیں۔ جن کو کرنی منظور ہو۔ اور طلسمات کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اور ان کا اتصال عالم علوی سے ہے۔

حرف دال کا عمل

اس کے چار عدد ہیں پس جو شخص ہم کو ہم میں ضرب دے کر اس کی نسبت عددی کو اس کے اندر لکھے پیر کے دن جو روز ولادت اور روز بعثت و روز وفات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے شرف قمر جبکہ چاند تیسرے درجہ پر برج ثور کے ہو اور نحوست سے سالم ہو اور ساعت بھی قمری ہو اور لکھنے والا پوری طہارت کے ساتھ ہو۔ اور لکھنے سے پہلے دو رکعتیں ادا کرے ہر رکعت میں ستر مرتبہ آیت الکرسی اور سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر پاکیزہ ہرن کی جھلی پر مربع مذکور کو لکھے۔ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو حفظ و فہم عنایت کرے گا۔ اور دونوں عالم میں اس کی قدر بلند ہوگی۔ اگر قیدی اس کو اپنے پاس رکھے قید سے خلاصی ہو۔ اور اگر اس کو نشان پر لگا دشمن سے مقابلہ کرے دشمن بھاگ جائے۔ اور اس نقش کو اپنے بازو پر باندھ کر جس سے لڑے۔ اس پر غالب ہو۔ دال کے عدد چار ہیں اور ہم در ہم کی ضرب سے اس کی شکل پیدا ہوتی ہے اور چار ہی عناصر ہیں۔ آگ ہوا۔ پانی۔ مٹی اور چار ہی اخلاط ہیں۔ صفرا۔ بلغم۔ خون۔ سودا۔ پس چار کے عدد میں طبائع اور ان کے اعتدال کی قوت ہے۔ حرف دال اسماء الٰہی میں سے اسم دائم میں ظاہر ہے اور اسم ودود میں بھی مگر اسم دائم میں سب حرفوں میں مقدم اور ان دونوں اسماء شریفہ محمود واحد میں سب حرف [illegible] اول اور اسم الٰہی دائم میں اس

واسطے دال مقدم ہے کہ دیمومیتہ اولاً و آخراً اسی کے لئے ہے۔ اور اس نے اپنے بندوں کو فنا کے بعد آخرت میں دوام بقا کے ساتھ شریک کیا ہے۔ یہ حرف دال عرش کا حرف ہے۔ کیونکہ عرش کا وجود بدلتا نہیں اور وہ عالم انقراعات میں اول بجز ہے اور وہی عالم ابد ہے۔ اور اسی کی طرف روحوں کا عروج ہوتا ہے اور اسی میں عقلوں کے مرتبے ہیں اور رحمت کے انوار بھی اسی میں ہیں۔ بعض عارفین کو اس عالم عرش کا مکاشفہ اسی طرح سے ہوا ہے جس طرح کہ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ کو ہوا تھا۔ جب کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ اے حارثہ تم نے کس حال میں صبح کی انہوں نے عرض کیا۔ حضور میں نے ایمان کے ساتھ صبح کی۔ (یعنی صبح کو جب میں اٹھا تو میں نے اپنے تئیں مومن دیکھا) حضور نے فرمایا اپنے ایمان کی حقیقت (اور کیفیت) کیا ہے عرض کیا کہ یا رسول اللہ جب میں صبح کو اٹھا۔ تو میں نے اپنے نفس کو دنیا کے سامنے پیش کیا تو میں نے دیکھا کہ) اس کے نزدیک سونا اور پتھر اور زندہ مردہ اور فقیر اور غنی سب برابر تھے۔ اور گویا کہ میں خدا کا عرش آنکھوں کے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ اور لوگ حساب کے واسطے لے جائے جا رہے ہیں۔ اور دوزخ و جنت بھی میرے سامنے ہیں۔ حضور نے فرمایا (اے حارثہ) تم نے پہچان لیا اس کو لازم پکڑے رہو۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب روح پاک حالت میں سوتی ہے تو وہ عرش کے نیچے رات گزارتی ہے۔ حرف دال میں دیمومیت اور بقا کے اسرار ہیں۔ اور اسکو وُدٌ وُدٌ سے ماخوذ ہے اور وُدٌّ مشترک ہے یعنی اگر ظاہر ہو تو وُدٌ کہیں گے اور اگر باطنی ہو تو حُبّ کہیں گے اور وِدٌ کی ابتدا بھی محبت ہی ہے اور نیز یوں ہی سمجھ لو کہ وُدّ کی دو قسمیں ہیں۔ ظاہر اور باطن۔ ظاہر کا نام وُدّ ہے اور باطن کا نام حُب ہے وُدّ کا مسکن قلب ہے اور مقامات قلب میں زیادہ کشف کا یہی مقام ہے۔ اور عشق ایک لطیفہ ہے حُب اور وُدّ کے درمیان۔ جس کا مسکن خاص شغف اور حُبّ باطن عشق ہے جس کا مسکن خاص فواد ہے۔ دل کی کیفیت قلب کے اندر تین جوف ہیں یعنی تین خلا ہیں۔ ایک اوپر کی طرف جہاں سے کہ وہ ملبط ہے اس جوف کے اندر ایک نور روشن ہے اور وہی جگہ اسلام کی ہے اور حرف کے معانی یہاں مشکل ہیں اور یہی انسان میں قوت ناطقہ کا محل ہے نفس میں ابھرنے والے ارادہ کی معانی کا (گویائی کے ساتھ) انتظام کرتی ہے۔ دوسرا جوف وسط قلب میں ایک نور روشنی فکر و ذکر کا مقام ہے۔ اور یہی اطمینان اور روح کے خیالات کا محل ہے۔ تیسرا جوف آخر قلب میں ہے اور یہ حصہ سارے قلب سے زیادہ نرم اور لطیف ہے اور اس کا نام فواد ہے۔ اور ایمان اور عقل اور نور اور تصرف اور اسرار کی جگہ بھی اسی میں ہے اور یہی عقل کی میزان اور حکمتوں کا منبع اور حیات طبعیہ جو حرارت لطیفہ سے پیدا ہوتی ہے اس کی محبت کا محل ہے اس فواد کی ایک نورانی آنکھ ہے جس سے یہ عالم ملکوت کے حقائق اور عالم علوی کے کل اور جزوی اسرار اور رموز ہر حقائق کو ادراک کرتا ہے۔ اور یہی فواد انوار وہبی اور اسرار علوی کا محل ہے اور اسی چشم بصیرت کی شان میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۔ یعنے بے شک آنکھیں نہیں اندھی ہوتی ہیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں اور وہ جوف جو قلب کے درمیان میں ہیں اور جو عشق کی جگہ ہے اس کی بھی ایک نورانی آنکھ ہے جس سے وہ طلب و تلاش کا ادراک کرتا ہے اور کسی شے کی جستجو اور تلاش میں کوشش کو روا نہ کرتا ہے اور

سبب لطافت کے اس حصہ کا تعلق اشخاص سے بہت جلد ہوتا ہے اور اسی حصہ پر عالم ملک اور اس کے متعلق عجائبات مخلوقات الٰہی کا انکشاف ہوتا ہے۔ اور جس کی خوبیاں حس پرستوں کو معلوم ہوتی ہیں۔ اور جوف اول کی بھی ایک چشم نورانی ہے جس سے وہ محسوسات کے اسرار اور مرکبات کے اطوار کا ادراک کرتا ہے۔ اور جوف کے حقائق ایمان کے اندر جو اعلیٰ اعلیٰ اسرار اسمائے خداوند تعالیٰ سے پوشیدہ رکھے ہیں ان کو ملاحظہ کرتا ہے اور اسی باعث سے خدا کے بندوں سے اس کو مودت ہوتی ہے۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ نے اس پر بڑا انعام کیا ہے۔ کہ اسرار محسوسات اس پر منکشف کر دیئے۔ یہ سب دلوں کی آنکھیں ہیں۔ مگر اختلاف امور میں یہ سب مختلف ہیں۔ ہماری کتاب) مواقیت البصائر و لطائف السرائر میں یہ بیان گزر چکا ہے۔

اقسام وحی کتاب اللہ میں وحی کی تین قسمیں ہیں۔ ایک روح الامین دوسری روح القدس تیسری روح الامر پس روح الامین کی روح قلب کے جوف اول پر دلالت کرتی ہے۔ کیونکہ یہ جوف ایک پردہ ہے نطق اور زبان کے درمیان میں اور کل اقسام وحی والہام میں اس وحی کا بڑا درجہ ہے۔ پھر اس کے بعد روح القدس ہے اور یہ وہ انوار ہیں جو لوح محفوظ سے قلب کے دوسرے جوف پر نازل ہو کر ایمان اور بصیرت فکری کو ثابت کرتے ہیں۔ اور انوار ربانی اور لطائف ایمانی اس پر جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ اور یہی جوف یعنی قلب کا دوسرا حصہ یا حصہ انوار قدس کا محل ہے۔ اور سماعت اور عقل بھی اسکے اندر ہیں اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہے۔ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ۔ بے شک تم (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) نہ مردہ کو (اپنی آواز) سنا سکتے ہو۔ اور نہ بہرے ہی کو اپنا پکارنا سنا سکتے ہو۔ یہاں موت سے حسی موت مراد نہیں ہے۔ بلکہ کفر و عصیاں کی موت مراد ہے۔ اور نہ بہرے پن سے کانوں کا بہرہ پن مراد ہے۔ کیونکہ کان تو وہاں موجود تھے۔ بلکہ اس سے وہی سننا مراد ہے جو فواد سے متعلق ہے۔ جو عقل کا مقام ہے۔ اور یہیں روح الامر نازل ہوتی ہے جس کا اشارہ تمکن اور حقیقت محمدی کی طرف ہے اور اس تنزل کے ساتھ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی مخصوص ہیں۔ اس مضمون کو ہم نے اپنی کتاب مواقف الغایات فی اسرار الریاضات میں نہایت شرح کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس میں دیکھو تمہاری تسلی ہو جائے گی۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اچھے عمل کئے ہیں عنقریب کر دے گا واسطے ان کے رحمٰن مودت یعنی مودت کو بالکلیۃ اللہ تعالےٰ ان کے دلوں میں پیدا کر دے گا پس وہ اللہ ہی سے محبت کریں گے۔ کیونکہ ان لوگوں نے اپنے دلوں میں ذکر الٰہی اور قرآن شریف کی کثرت اور مداومت سے خدا کی محبت پیدا کی اور اعمال قلب سے کسی عمل کو ترک نہ کیا اور اپنے نفسوں سے تعلقات اور خواہشات کو اس قدر دور کیا کہ خدا کی محبت ان کو حاصل ہو گئی۔ پس اس وقت ان کی ہر ایک بات حکمت کا کلمہ ہے۔ اور ان کی ہر ایک حرکت درجہ کا بلند ہونا اور ان کی روح حقائق ایمانیہ اور دقائق اسلامیہ اور انوار شرعیہ اور انوار دینیہ سے اس قدر محبت کرتی ہے کہ محبت کے آثار اس روح پر نمایاں ہوتے ہیں۔ اور عالم معاد کو وہ حالت کشف میں ملاحظہ کرتی ہے اور جو نعمتیں اولیاء کے واسطے اور جو عذاب کفار کے واسطے اللہ تعالےٰ نے تیار کئے ہیں سب اس روح کے پیش نظر ہو جاتے ہیں تب یہ اور زیادہ محبت الٰہی کی طرف

راغب ہوتی۔ اور شوق و ذوق اس کا بے حد بڑھ جاتا ہے۔ اور اس کی عقل مصنوعات الٰہی اور اسرار آیات میں زیادہ فکر کرتی ہے پھر جھل جوں بڑھ محبت بڑھتی جاتی ہے اس کے ماسوا جو جو تعلقات ہیں۔ وہ متروک ہوتے جاتے ہیں۔ اور اس محبت کے سبب سے اس کے ہر ایک حکم کو بجا لاتا ہے اور بہتر سمجھتا ہے۔ کہ جو کچھ اس نے حکم فرمایا ہے۔ وہ خیر اور نفع کا ہے۔ پھر طالب جب محبت کی طرف نظر کرتا ہے۔ تو عجائب ملکوت اس کے سامنے نظر آتے ہیں۔ اور وحی الہامی سے مطالب اور حقائق علوی سے مشرف ہوتا ہے۔

۲ مدیم بر سر مطلب۔ حرف دال کے فوائد کا بیان۔ جو شخص حرف دال کو ۵۲ مرتبہ جو اس کے عدد ہیں شکل مربع میں حریر سفید پر اس وقت لکھے۔ جب قمر اپنے خانہ میں مشتری سے محفوظ ہو۔ اور اردگرد مربع کے ۵۲ دفعہ حرف دال لکھے۔ اور اسی وقت اس کو انگوٹھی کے اندر رکھ کر با طہارت پہن لے اور چاہیئے کہ شخص روزہ دار بھی ہو اور صفا باطن بھی رکھتا ہو پس اس عمل کی ...ت سے اللہ تعالیٰ ابواب رزق اور خیرات کشادہ کریگا اور جو شخص اسم دائم کا ذکر جاری رکھے گا اسکو بھی یہ بات نصیب ہوگی اسم دائم اللہ جو اس کے بہت خواص ہم نے اپنی کتاب علم الہدیٰ و اسرار الاہتدا میں حمد کے اندر بیان کئے ہیں اگر چاہو تو اس میں تلاش کرو۔

جو شخص یہ نقش اس طور سے حریر زرد پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بہت کچھ اس کو حاصل ہو مگر لکھنا اس وقت چاہیئے جبکہ قمر خانہ عطارد یا خانہ مشتری میں مگر مشتری سے محفوظ ہو اور اس وقت کچھ خوشبو بھی روشن کرنی چاہیئے۔

نقش یہ ہے

[نقش]

شوق عبادت بعض بزرگان

یہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور احمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بعد نماز جمعہ ۳۵ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اسکو توفیق عبادت اور ہر کام میں برکت عنایت کرے گا۔ اور خطرات شیطانی سے اس کو محفوظ رکھے گا۔ اور اگر دونوں مبارک ناموں احمد اور محمد کو دیکھتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال پاک دل میں جماتے ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اور درود شریف کا ورد رکھے اللہ تعالیٰ اسباب طاعت و سعادت اس شخص کو نصیب فرمائے گا۔ مگر اس کا التزام نیت او...

معا باطن کے ساتھ ہے۔ اور یہ ایک نہایت لطیف اسرار ہے (دیکھنا چاہیئے) کہ یہ حرف دال کیسا مبارک حرف ہے جس سے یہ دونوں مبارک اور معظم اسم یعنی احمد اور محمد کامل ہوئے ہیں۔

دشمن سے حفاظت

اگر کوئی حرف دال کی شکل عددی کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالےٰ دشمنان ایذا رساں سے اس کو محفوظ رکھے۔ وہ دشمن چاہے انسان ہوں یا جنات وغیرہ اور اس کو لکھ کر پلانا بخار کو بہت نفع کرتا ہے اور بچھو وغیرہ زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے کو پلانا بھی مفید ہے صورت اس نقش کی یہ ہے۔ اور شکل حرفی اس کی یہ ہے اس نقش کی خاصیت یہ ہے۔ کہ یہ نسیان کو دور کرکے فہم اور عقل کو تیز کرتا ہے بشرطیکہ مینہ کے پانی سے دھو کر شہد خالص ملا کر پیتا رہے اور بلغم کی شکایت کو بھی دور کرتا ہے۔

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

د	ید	یه	ا
ط	ز	و	یب
ه	یا	ی	ح
یو	ب	ج	یج

اور اگر اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کرے جب کہ قمر عقرب میں ہو۔ اور مریخ اس کی طرف نظر عداوت رکھتا ہو پھر اس پترے کو آگ میں گرم کرکے پانی میں بجھا کر جس کو بچھو نے کاٹا ہو پلا دے تو بہت جلد آرام ہو۔

اسرار مربع

شکل مربع مجموعہ ہے چار الفوں کا اور چار اسرار ہیں یعنی عقل اور روح اور نفس اور قلب کے اور الف کا عدد ایک ہے پس جب چار کو چار میں ضرب دیا تو سولہ ہوئے۔ اور یہی انتہا عدد تفصیل ہے۔ کیونکہ عرش اور کرسی اور سات آسمان اور سات زمینیں سولہ ہوئے۔ اور یہی اس شکل کے خانہ ہیں۔ اور پھر اس عدد یعنے سولہ [۱۶] کے نیچے چودہ کا شفع (یعنی زوج) ہے اور ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں مل کر چودہ ہیں اور پھر اس کے نیچے بارہ [۱۲] کا شفع ہے اور برج بارہ ہیں پھر اسکے نیچے آٹھ کا شفع ہے اور حاملان عرش آٹھ ہیں اور پھر اس کے نیچے چھ کا شفع ہے اور جہات چھ ہیں۔ یعنے اوپر نیچے آگے پیچھے داہنے بائیں۔ پھر اس کے نیچے چار کا شفع ہے۔ اور انبیا اور صدیقین اور شہداء اور صالحین چار ہیں۔ پھر اس کے نیچے دو کا شفع ہے اور شہادتین دو ہیں۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ پس یہ سات شفع ہیں اور وتر (یعنی طاق) اس میں ایک پندرہ کا ہے۔ کرسی اور سات آسمان اور ساتوں زمینیں مل کر پندرہ ہیں۔ اور تیرہ کا وتر ہے اور لوح اور قلم اور صور اور روح القدس اور عرش اور کرسی اور ساتوں آسمان یہ سب تیرہ ہیں۔ اور گیارہ کا وتر ہے۔ اور پانچوں حواس انسانی یعنے سننا۔ دیکھنا اور سونگھنا اور چکھنا اور چھونا اور چھ جہات یعنے اوپر نیچے آگے پیچھے داہنے بائیں گیارہ ہیں۔ اور نو کا وتر ہے۔ اور ذات انسان آٹھوں طبیعتیں اس کی یعنی حرارت برودت رطوبت یبوست اور صفرا بلغم خون اور سودا یہ سب نو ہیں۔ صفرا گرم خشک ہے اور ہوا گرم تر ہے۔ اور یہی خون کی طبیعت ہے۔ اور بلغم کی طبیعت سرد تر ہے اور سودا سرد خشک ہے [illegible] دو یکہ دتر اس عدد

.ہیں سات کا ہے اور افلاک بھی سات ہیں. فلک زحل فلک مشتری فلک مریخ فلک شمس فلک زہرہ فلک عطارد فلک قمر اور دن بھی سات ہیں۔ اور زمینیں اور آسمان بھی سات ہیں ۔ غرضیکہ ہر ایک مسبع چیز اس کے اندر ہے۔ پھر اس کے بعد پانچ کا وتر ہے ۔ اور وہ پانچ نمازیں ہیں۔ پھر اس کے بعد تین کا وتر ہے۔ اور وہ تین دار ہیں۔ دار دنیا دار برزخ دار آخرت پھر اس کے بعد ایک کا وتر ہے۔ اور وہ عقل ہے۔ پس سولہ کے عدد میں آٹھ شفع اور آٹھ وتر ہیں۔ اور ہر شفع ہر وتر سے ملتا ہے۔ اور ہر وتر ہر شفع سے ملتا ہے۔ مثال اس کی ایک اور ایک دو ہوئے تین اور تین چھ ہوئے۔ تین وتر ہے اور چھ شفع ہے ۔ اور اسی طرح تمام شفع خیال کرو۔ اور اس حرف دال کی شکل عددی قلم طبیعی کے ساتھ جس کو ہندی بھی کہتے ہیں جس کا بیان آگے آتا ہے۔ اسرار عجیبہ رکھتی ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ نقش کے خانے بنا کر بجائے ہندسوں کے حساب ابجد سے ان کے حروف لکھے۔ اور جب اس کا عمل کرنا چاہے۔ تو دو ہفتہ روزہ رکھے اور سوائے روکھی روٹی کے کچھ نہ کھائے۔ اور رات دن ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔ کمال طہارت اور ریاضت کے ساتھ پھر جست کا ایک صاف اور چوکور ٹکڑا لے کر اس شکل ہندی کو اس پر نقش کرے اور نقش کرنے سے پہلے قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے جس میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیت الکرسی اور سو بار سورۂ اخلاص پڑھے جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں جبکہ قمر مشتری اور شمس سے محفوظ ہو۔ اور طالع وقت برج جوزا ہو۔ اور مصطگی اور صندل سفید ہر جمعرات کو روشن کرتا رہے۔ پھر جو شخص اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دینی اور دنیاوی کام آسان کرے گا۔ اور اعمال خیر ہی کی اس کو توفیق دے گا اور رزق کے اسباب اس کے واسطے مہیا کرے گا۔ اور ہر چیز میں اس کو برکت دے گا۔ اور جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنی دکان یا صندوق میں رکھے گا۔ اس کے مال اور رزق میں برکت ہوگی۔ برکت کے متعلق اس کے خواص کا بیان آگے بھی آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور اگر کوئی ہرن کی جھلی پر اس نقش کو جمعرات کے روز طلوع آفتاب کے وقت اپنے پاس رکھے چوروں اور قزاقوں کے شر و فساد اور ہر ایک طرح کی برائی سے محفوظ رہے۔

اسرار اعداد

اب میں عنقریب تم کو اعداد کے اسرار سے واقف کرتا ہوں۔ اور جو خواص اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر پیدا کئے ہیں۔ اور ان کے منافع اور نقصانات سب تم کو بتلاتا ہوں۔ اور ان کی تصریفوں سے بھی آگاہ کرتا ہوں اور ان حروف معجمہ کے اسرار جو کتاب اللہ کی پہلی اٹھائیس کے اول میں ہیں۔ وہ بھی بیان کروں گا جن کو بجز مخصوص اولیاء اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اسماء الٰہی اور اسم اعظم کے اسرار جیسے میں نے اس کتاب میں بیان کئے ہیں اور کسی کتاب میں تم کو دستیاب نہ ہوں گے جو شخص ان کو پڑھے گا اور سیکھے گا اس کو نفع حاصل ہوگا۔ صورت اس نقش کی یہ ہے ...

د	ید	یہ	ا
ط	د	و	یب
ہ	ط	ی	ح
یو	ب	ج	یج

اس شکل کے ان حروف سے اب ج د ہ و ز ح ط ی دسواں حرف ی زیادہ کر کے نہایت عظیم النفع دعا بتائی گئی ہے اور وہ یہ ہے ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَ مَا لَمْ اَعْلَمْ یَا حَیُّ یَا وَاحِدُ

یَا اَحَدُ یَا هَادِیُ یَا بَرُّ یَا بَارِیُ یَا بَصِیْرُ یَا بَدِیْعُ یَا بَاسِطُ یَا بَاقِیُ یَا جَلِیْلُ یَا دَائِمُ یَا وَارِثُ
یَا وَدُوْدُ یَا حَیُّ یَا حَکِیْمُ یَا حَقُّ یَا حَلِیْمُ یَا ظَاهِرُ یَا مُظْهِرُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

اور جیسا کہ پہلے یہ بیان گزر چکا ہے۔ کہ اٹھائیس حروف اٹھائیس منازل قمر کے اعداد کے موافق ہیں جن میں سے چودہ منزلیں زمین کے اوپر اور چودہ اسی کے نیچے رہتی ہیں۔ اور جب پہلی منزل زمین کے نیچے جاتی شروع ہوتی ہیں تو پندرھویں منزل اوپر آنی شروع ہوتی ہے اسی طرح ہمیشہ کرتا ہے پس اسی بات سے پندرہ حروف منقوطہ یعنی نقطہ والے اور چودہ غیر منقوطہ یعنی بغیر نقطہ کے ہیں ب ت ث ج خ ذ ز ش ض ظ غ ف ق ن ی اور ا ح د ر س ص ط ع ک ل م ہ و لا اور یہ بھی معلوم ہو کہ حروف منقوطہ منحوس منازل کے اور غیر منقوطہ سعد منازل کے ہیں۔ اور جس حرف پر ایک نقطہ ہے وہ سعادت سے زیادہ قریب ہے۔ اور جس پر دو نقطے ہیں وہ متوسط ہیں۔ جن پر تین نقطے ہیں وہ نحس اکبر ہے جیسے ش اور ث اور یہ بھی معلوم ہو کہ قمر منزل کی صورت جداگانہ ہے۔ ایک دوسرے سے جیسی ملتی۔ اور چاند اور سورج دونوں گول ہیں۔ اور اس میں ایک ایسا لطیف راز ہے جس کو ظاہر نہیں کر سکتے کیونکہ درایت کے راز کا ظاہر کرنا کفر ہے۔ جب قمر منزل نطح میں آتا ہے۔ تو اس سے عجیب اشارات ظاہر ہوتے ہیں جن کا بیان نہایت طویل ہے۔ مگر تھوڑا سا ہم آگے بیان کریں گے۔ دیواروں کے بھی کان ہیں۔ اس واسطے یہاں خاموشی ہی رہنا بہتر ہے پس جو جو اشارے میں نے یہاں نظر کئے ہیں۔ انہیں کو خوب سمجھ لو۔

۲۔ کسر اور بسط اور وقت اور ساعت میں اعمال کی ترکیب :

خدا ہم کو اور تم کو اپنی طاعت اور اپنے اسماء کے اسرار سمجھنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

تم کو معلوم ہو کہ شمس قمر کا ذکر خداوند تعالٰی نے اپنی بزرگ و محترم کتاب یعنے قرآن شریف میں جا بجا فرمایا ہے۔ چنانچہ ایک آیت میں وارد ہے۔ کُلٌّ فِیْ فَلَکٍ یَّسْبَحُوْنَ۝ یعنے چاند اور سورج دونوں آسمان میں چلتے ہیں: اس کی تفصیل یہ ہے۔ کہ جب قمر منزل نطح میں نزول کرتا ہے۔ تب حرف اس کا الف ہوتا ہے۔ اور الف کے اسرار اس سے ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ جس وقت اس نے منزل مذکورہ ظہور کیا اسی وقت وہاں سے الف کی روحانیت تجلی کرتی ہے۔ اور اجزا عالم میں غضب اور غصہ کا ظہور ہوتا ہے۔ خاص کر امراء اور بڑے بڑے لوگوں میں زیادہ ہر ایک اپنی حیثیت اور رتبہ کے موافق اپنے دل میں غصہ اور قہر کا اثر محسوس کرتا ہے۔ اگر تم اس کا خیال کر کے دیکھو گے تو تم کو معلوم ہو جائے گا۔ اس ساعت میں انسان کو لازم ہے

سلہ اے اللہ میں تجھ سے تیرے کل اسماء حسنٰے کی طفیل سے مانگتا ہوں جو مجھ کو معلوم ہیں اور جو مجھ کو معلوم نہیں ہیں اے ذات پاک اے وحدہ لا شریک اے ہدایت کرنے والے اے نیکی کی توفیق دینے والے اے پیدا کرنیوالے اے دیکھنے والے اے عجائبات کے بنانے والے اے رزق کے کشادہ کرنے والے اے باقی رہنے والے اے بزرگ ہمیشہ رہنے والے اے وارث اے مخلوق سے محبت کرنے والے اے زندہ اے حکمت والے اے ظاہر اے ظاہر کرنے والے۔ میری دعا کو قبول [illegible]

کہ سکون اور اطمینان اختیار کرے اور طہارت کے ساتھ ذکر الٰہی یا دعا وغیرہ میں اس کو گزار دے کیونکہ بعض اوقات اس ساعت میں طبیعت نہایت مکدر ہوتی ہے۔ اور انسان کو اس کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا بلکہ اس تکدر سے تعجب کرتا ہے اس کا باعث یہ ہے کہ الف اعداد اور حروف میں پہلا مرتبہ رکھتا ہے۔ اور کوئی حرف اس کے برابر نہیں ہے۔ پس اسی سبب سے عالم سفلی میں یہ بے چینی واقع ہوتی ہے۔

اسی ساعت میں جب تم کسی دنیادار ظالم یا متکبر کو بے چین کرنا چاہو تو کر سکتے ہو کیونکہ حرف الف گرم خشک ہے اور سرخ رنگ ہے اور سرخ رنگ گرم خشک ناری طبیعت رکھتا ہے۔ اور نار جلانے والی حبس کرنے والی ہے جب تم گرم و خشک اسماء کے ساتھ بددعا کرو گے جس وقت کہ قمر منزل نطح میں افق شرقی پر طالع ہوگا۔ تو عمل مذکورہ صحیح ہوگا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص حرف الف کو ایک سو گیارہ مرتبہ سرخ تانبہ یا لوہے کے پترے یا ٹھیکری پر اس شخص کے نام کے ساتھ جس کا بے چین کرنا مقصود ہے۔ لکھ کر اعداد اسی موافق دھونی دے کر اس کے گھر میں دفن کرے گا۔ اور ان اسماء کو ایک سو گیارہ مرتبہ الف کے اعداد کے موافق پڑھے گا۔ تو کام پورا ہو جائے گا۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ جس شخص پر عمل کرنا منظور ہے۔ اس کے نام کے حروف کو بسط کر کے دیکھے کہ ان میں کون سی طبیعت غالب ہے۔ یعنی حرارت یا یبوست یا رطوبت یا برودت۔ پھر جو حروف حار یابس اس میں سے دستیاب ہوں۔ ان کو الگ کر کے مریخ اور نطح اور قمر کے حروف ان میں اضافہ کرے۔ اور ان حروف سے اسم الٰہی بنا کر اس کے ساتھ اپنی پوری ہمت کو اس کے مقصود کرنے کی طرف متوجہ کر کے دعا بد کرے۔ کامیاب ہوگا بمثال اگر یہ ہے کہ زید چاہتا ہے۔ کہ عمر برباد ہو عمر کو اس طرح بسط کیا۔ ع م رم ر ری خ ن ط ا ح ق م (یہ سب چودہ حروف ہیں) چاروں قسم کے آتشی بادی۔ آبی۔ خاکی۔ آبی یہ تین حروف ہیں۔ ی ی ن۔ اور آتشی چار حرف ہیں۔ م م م ط اور بادی صرف ایک حرف ق ہے۔ اور خاکی چھ حروف ہیں۔ ر ع ع ا ا ا ح۔ اب غالب ان میں حرارت۔ یبوست کے حروف ہیں۔ (یعنی خاکی اور آتشی) پس ان کے اسماء الٰہی سے یہ عزیمت تیار ہوئی: اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ

يَا سَمْسَائِيلُ بِالَّذِي خَلَقَكَ نَسْرًا فِي وَجَعَلَكَ نُورًا فِي فَلَكِهِ إِلَّا مَا كُنْتَ عَدَّ فِي سَلْطَنَتِكَ عَلَى فُلَانٍ وَحَرِّ نَارِي فِيمَا أُرِيدُ مِنَ الْإِنْتِقَامِ مِنْ كَذَا وَكَذَا وَ فَسِّخْ حَوَاسِّهِ وَتَمَزِّجْ بِحَرَارَةِ الْمِرِّيخِ فِي حَرَارَةِ طَبِيعِهِ وَتُهَيِّجُ فِيهِ حَرَارَةً إِلَى رَبْتِهِ وَمَالِهِ وَتُقْبِضَ بِالْبُغْضِ وَتُلْبِسَهُ نَارًا وَعَقْلَهُ وَتَمَزِّقُ عَلَيْهِ مَلَائِكَةَ الْعَذَابِ وَنَارَ الْمِرِّيخِ وَتُحْرِقُ الْمُنِيرَاتِ وَالصُّدَاعِ وَسَائِرَ الْأَوْجَاعِ بِحَقِّ الْمِرِّيخِ وَمَا فِيهِ مِنْ نَحْسٍ وَنَارٍ بِحَقِّ مَنْزِلَتِكَ الْعَالِيَةِ الْمُقَدَّرَةِ السَّامِيَةِ الْقُوَّةِ الْمُسْتَقِيمَةِ مِنَ الظُّلْمَةِ الدَّاغِيْنَ وَالْبَاغِيْنَ وَارْسِلْ إِلَيْهِمْ رُوحَانِيَّةَ هٰذَا الْجَبَّارِ الطَّاغِي الْمُتَكَبِّرِ الْبَاقِي وَاسْكُنُوا فِي جِسْمِهِ مِنْ عَذَابِ الْانْتِقَامِ وَسَلِّطْكُمْ عَلَى بَاطِنِهِ الْقَهْرَ وَالْغَضَبَ وَالْإِنْتِقَامَ فَإِنِّي أَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالْقَوِيِّ الْمُحِيطِ الظَّاهِرِ الْحَيِّ الْقَيُّومِ النُّورِ الْعَزِيزِ الْمُقْتَدِرِ الْمُؤَخِّرِ مُفِيضِ الْأَنْوَارِ وَمُعْطِي الْأَسْرَارِ بِحَقِّ النَّارِ وَالشَّرَارِ وَالْكَوْكَبِ الْأَحْمَرِ وَبِحَقِّ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْمُتَفَرِّدِ أَجِيبُوا طَائِعِينَ لِأَمْرِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

منازل قمر اٹھائیس منازل قمری سے پہلی منزل شرطین ہے۔ اور حرف اس کا الف ہے۔ اور روفق اس کا ہوائی اور ستارہ مریخ ہے۔ خادم اس کے احمر نام ہے۔ بخور اس کا قوی القلل ہے۔ جب اس کا اس کے اندر قرب ہو۔ تو طلوع ہو جاتا ہے۔ اور یہ حرف (الف) نہایت آحاد ہے۔ اور تمام حروف کی تصریف میں یہ حرف بڑی قوت رکھتا ہے کہ گویا منزلہ ان کے باپ کے ہے۔

اکسیر برائے محبت اس کے خواص محبت کے واسطے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔ نیک ساعت میں اسکو لکھنا چاہیئے اگر اس شخص کا نام جس پر عمل کرنا چاہتے ہو اس کے وفق کے حروف میں ملا کر عمل کریگا تو بہت زود اثر ہوگا

عزیمت اس کی یہ ہے۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِاسْمِ وَنِيدُ وَخِدْمَتِهِ وَاَعْوَانِهِ مِنَ الْعَلَوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ وَخُدَّامِ حُرُوْفِ الْحَجِيْمِ اِلَّا مَا سَمِعْتُمْ وَاَطَعْتُمْ وَمَجِيْتُمْ كَذَا وَكَذَا وَبِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِهِ عَلَيْكُمْ وَبِحَقِّ حَرْفِ الْاَلِفِ وَمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ مِنَ الْاَسْرَارِ الَّتِيْ لَا يَطَّلِعُ عَلَيْهَا اَحَدٌ اِلَّا الْعَارِفُوْنَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَبِحَقِّ اَبْجَدَ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْخَوَاصِ اِلَّا مَا اَجَبْتُمْ بِالطَّاعَةِ كَمَا دَعَوْتُكُمْ اِلَيْهِ وَبِمَا اَقْسَمْتُ بِهِ عَلَيْكُمْ۔

الله
١١٠٨٨٨
١٠٩١١١٢
١٦٠-١١٥
كاف

اس کے نقش کی صورت یہ ہے:۔

(حواشی صفحہ نمبر ۳۸) ۱؎ اے سمائیل میں تجھ کو اس ذات پاک کی قسم دیتا ہوں جس نے تجھ کو پیدا کر کے قائم کیا ہے اور تجھ کو اپنے آسمان کا ایک نور بنایا ہے یہ کہ تو میرا حامی ہو جس میں تجھ کو فلاں شخص پر مسلط کرتا ہوں۔ تو میرا مددگار بن جس کام کا میں ارادہ کرتا ہوں۔ انتقام لینے سے اس طرح کہ تو اسکے حواس کو کم کر اور مریخ کی گرمی اسکی طبیعت میں ڈالدے اور آگ کا شعلہ اسکے اندر ڈال کر اسکے اوصال کو جوڑ سے اکھیڑدے اور اسکے پیٹ اور دل کو منقبض کر دے۔ اور اسکی عقل کو تلف کر دے اور عذاب کے فرشتے اور مریخ کی آگ اس پر چھوڑ دے اور شورش اور درد اور کل اقسام کے دکھ درد میں اسکو مبتلا کر کے مریخ اور اسکی نحوست اور آتش کی طفیل سے اور حرارت حالی گرم خشک کے صدقہ سے جو ظالموں اور سرکشوں اور باغیوں سے انتقام لیتی ہے اور اس جابر سرکش اور باغی کی روح کو بھیج (اے عذاب کے موکلات) اور اسکے جسم میں طرح طرح کے عذاب اور انتقام کو سامنے کرو۔ میں تم کو زبردست حافظہ کرنیوالے حی قیوم روشن کرنیوالے امن دینے والے آگے اور پیچھے کرنیوالے انوار کا فیض پہنچانیوالے۔ اور اسرار عنایت کرنیوالے کی قسم دیتا ہوں۔ اور نار اور شرار اور سرخ ستارہ کا واسطہ دیتا ہوں اور خدائے واحد قہار کا واسطہ دیتا ہوں کہ اسما رب العالمین کی اطاعت کرو۔ (حواشی صفحہ نمبر ۳۹) ۱؎ میں قسم دیتا ہوں تجھ کو اے سمائیل اور تیرے کل مددگاروں علوی اور سفلی کو اور حروف معجمہ کے سب خادموں کو کہ سنتے رہو اور اسکو سنو اور اطاعت کرو [illegible] اور حرف الف اور جو کچھ (باقی بر صفحہ آئندہ)

اور اسی قاعدہ سے ہر ایک طرح کا عمل تم بنا سکتے ہو۔ اور حرف الف کی دعوت یہ ہے۔ عدد مذکورسے ایک سو گیارہ مرتبہ اس کو پڑھنا چاہیئے۔ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ يَا اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعِ جَلَالُهٗ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ[1] اور اگر اعمال شر و فساد کا ارادہ ہے تو ترکیب مذکور کے موافق عمل کرے کامیاب ہو گا۔

۲۔ بطین دوسری منزل بطین ہے حرف اس کا با ہے جب قمر اس منزل میں نازل ہوتا ہے بحکم الٰہی سے ایک روحانی قوت اس سے نکل کر منصب و منصبی اصلاح کرتی ہے۔ بڑے لوگوں اور روساؤں اور بادشاہوں کے دلوں میں حرکت اور کشادگی پیدا ہوتی ہے کیونکہ یہ منزل برج حمل میں ہے۔ اسی برج کے انیسویں درجہ پر چوتھی اپریل کو جب آفتاب پہنچتا ہے۔ تو اس کو شرف ہوتا ہے اور آفتاب کا مزاج گرم خشک ہے۔ اسی سبب سے اس کے شرف میں قبول اور تسخیر بادشاہوں کے پاس جانے اور ان سے مقصد کے حاصل ہونے کے واسطے اعمال کئے جاتے ہیں۔ کیونکہ اس ساعت کے اعمال محبت و تسخیر اور اعمال کیمیا کے واسطے نہایت زود اثر ہوتے ہیں۔

۳۔ ثریا تیسری منزل ثریا ہے اور حرف اس کا جیم ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو اس میں ایک روحانیت حرارت اور برودت اور رطوبت کے ساتھ آمیختہ پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ روحانیت درمیانی درجہ کی سعد ہے۔ سفر کرنے اور شریفوں سے ملاقات کرنے اور حکام و اہل خلفا اور اہل قلم سے فائدہ حاصل کرنے کے واسطے اچھی ہے کیونکہ ثریا میں بہت ستاروں کا اجتماع ہے۔ اور اسی باعث سے ان کاموں کے واسطے یہ بہت مفید ہے۔ اس کے شرف میں ایک وفق عظیم المنفعت تیار کیا جاتا ہے۔ اور یہ وہی وفق ہے جس کی بدولت جعفر برمکی نے ہارون الرشید سے ایسا تقرب حاصل کیا تھا۔ کہ درجہ وزارت کو پہنچا تھا۔ جو شخص اس وفق کو اپنے پاس رکھے۔ اور پھر بادشاہوں کے پاس جائے تو جو کچھ مراد رکھتا ہو حاصل ہو گی۔ اور کوئی خلل انداز اس میں خلل نہ ڈال سکے گا۔

۴۔ دبران چوتھی منزل دبران ہے اور حرف اس کا دال ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو ایک روحانیت نہایت ردی اور خراب اس سے ظاہر ہوتی ہے۔ اسی کے مناسب فساد وغیرہ کے اعمال اس میں پڑھتے ہیں۔

۵۔ ہنعہ پانچویں منزل ہنعہ ہے۔ حرف اس کا ہا ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو متوسط درجہ کی روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے۔ اسی سبب سے خیر و شر دونوں کے اعمال اس میں مناسب ہیں۔

۶۔ ہنعہ چھٹی منزل ہنعہ ہے اور حرف اس کا واو ہے۔ یہ منزل نہایت سعید یعنی نیک ہے۔ محبت اور صلح اور

(حواشی صفحہ بقیہ صفحہ) اسرار اللہ نے اس کے اندر رکھے ہیں جس کو سوائے عارفوں کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اس کے واسطے اور ابجد اور اس کے خواص ہو اس میں ہیں۔ اس کے واسطے تم کو چاہیئے۔ کہ میری اطاعت کرو۔ جو کچھ میں تم سے کہوں اور کرو جو کچھ میں تم کو قسم دلا ۱۲

[1] پاک ہے تجھ کو تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے رب ہر چیز کے اور اس کے وارث اے بادشاہوں کے بادشاہ۔ بڑے جلال والے اے زندہ اور قائم رہنے والے آسمانوں اور زمین کو بے مثل پیدا کرنے والے

دور شدہ آدمیوں کے جمع کرنے کے واسطے بہت اچھی ہے۔ کیونکہ اس سے جو روحانیت نازل ہوتی ہے وہ امراض کے علاج اور نیکی اور صلاحیت کے کاموں میں بہت مدد کرتی ہے۔

۷۔ ذراع | ساتویں منزل ذراع ہے۔ اور حرف اس کا الف ہے جب قمر اس میں آتا ہے۔ تو اس سے روحانیت نازل ہو کر علاج امراض کی مدد کرتی ہے۔ اور جو شخص اس وقت ذکر الٰہی میں مشغول ہو تو عالم ملکوت کا اس پر انکشاف ہوتا ہے متکلمین اور طالبان حقیقت کے واسطے نہایت بکارآمد ہے۔ اور کل نیک کاموں کے واسطے عمدہ ہے۔

۸۔ نثرہ | آٹھویں منزل نثرہ ہے۔ اور حرف اس کا حا ہے۔ اس میں جب قمر نازل ہوتا ہے تو اس سے ایک روحانیت افساد کی مددگار پیدا ہوتی ہے

۹۔ طرفہ | نویں منزل طرفہ ہے جس کا حرف طا ہے۔ اس میں جب قمر حلول کرتا ہے تو اس میں سے ایک روحانیت نہایت ردی پیدا ہوتی ہے۔ نیک اعمال اس میں بہتر نہیں ہیں۔

۱۰۔ جبہہ | دسویں منزل جبہہ ہے اور حرف اس کا یا ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے متوسط درجہ کی خیر و شر کے درمیان میں روحانیت پیدا ہوتی ہے اور ویسے ہی اعمال کے واسطے یہ مفید ہے۔

۱۱۔ زبرہ | گیارھویں منزل زبرہ ہے اور حرف اس کا کاف ہے۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے پیداوار غلہ اور رزق اور طلب حاجات کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اسی کے موافق اعمال اس میں کرنے چاہئیں۔

۱۲۔ صرفہ | بارھویں منزل صرفہ ہے اور حرف اس کا لام ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو درمیانی درجہ کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ ایسے اعمال اس کے موافق ہیں۔

۱۳۔ عوا | تیرھویں منزل عوا ہے اور حرف اس کا میم ہے جب قمر اس میں نزول کرے تو سوائے سفر دریا کے اور کوئی کام نہ کرنا چاہیئے کیونکہ اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

۱۴۔ سماک | چودھویں منزل سماک ہے اور حرف اس کا نون ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو اس سے ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے جو بالکل اعمال خیر کی مدد نہیں کرتی۔ لہٰذا کوئی امر نیک اس میں نہ کرنا چاہیئے۔

۱۵۔ غفر | پندرھویں منزل غفر ہے اور حرف اس کا سین ہے۔ جب اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے بہت نیک روحانیت پیدا ہوتی ہے اس واسطے اس میں سب نیک اعمال دینی اور دنیوی کرنے بہتر ہیں۔

۱۶۔ زبانا | سولھویں منزل زبانا ہے اور حرف اس کا عین ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

۱۷۔ اکلیل | سترھویں منزل اکلیل ہے اور حرف اس کا فا ہے۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ جو نیک کاموں کے واسطے بہت [illegible] ہوگا۔

۱۸۔ قلب	اٹھارھویں منزل قلب ہے اور حرف اس کا صاد ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو نیک اعمال کی مددگار روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اس واسطے اس میں ہر ایک نیک کام کرنا بہتر ہے۔
۱۹۔ شولہ	انیسویں منزل شولہ ہے۔ اور حرف اس کا کاف ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو ممتزج روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا اس وقت میں کوئی نیک کام کرنا مناسب نہیں۔
۲۰۔ نعائم	بیسویں منزل نعائم ہے اور حرف اس کا لام ہے جب قمر اس میں آتا ہے تو فرح اور خوشی کی روحانیت اس سے ظاہر ہو کر دلوں کو پاک صاف کرتی ہے۔ اور دینی اور دنیاوی کام سب اس میں عمدہ ہیں۔
۲۱۔ بلدہ	اکیسویں منزل بلدہ ہے اور حرف اس کا شین ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے نہ کسی کام کو نفع پہنچاتی ہے نہ نقصان۔ اور دنیاوی کام کے واسطے بہتر نہیں ہے۔
۲۲۔ سعد	بائیسویں منزل سعد ذابح ہے اور حرف اس کا تاء ہے۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اور نحس و حرکت سے اس وقت میں نہ نفع ہے نہ نقصان۔
۲۳۔ بلع	تئیسویں منزل سعد بلع ہے اور حرف اس کا ثاء ہے۔ اس میں جب قمر نازل ہوتا ہے تو اس سے معتدل المزاج کی روحانیت نزول کرتی ہے کل نیک کام اس میں کرتے بہتر ہیں۔
۲۴۔ سعد السعود	چوبیسویں منزل سعد السعود ہے۔ اور حرف اس کا خاء ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو نہایت نیک اور معتدل طبع نیک اعمال کی معین و مددگار روحانیت نازل ہوتی ہے اس واسطے ہر ایک اچھا کام اس میں کرنا مناسب ہے۔
۲۵۔ سعد الاخبیہ	پچیسویں منزل سعد الاخبیہ ہے اور حرف اس کا ذال ہے اس میں بھی نیک روحانیت نازل ہوتی ہے اس لئے جو نیک اعمال چاہو کرو۔
۲۶۔ فرع المقدم	چھبیسویں منزل فرع المقدم ہے اور حرف اس کا ضاد ہے جب قمر اس میں آتا ہے تو اس سے بھی نیک اعمال کی مددگار روحانیت پیدا ہوتی۔ اس واسطے ہر ایک نیک کام اس میں بھی کر سکتے ہیں۔
۲۷۔ فرع المؤخر	ستائیسویں منزل فرع المؤخر ہے۔ اور حرف اس کا ظاء ہے۔ جب قمر اس میں آتا ہے تو ممتزج روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے۔ اس واسطے اس وقت میں خاموشی بہتر ہے۔
۲۸۔ اشا	اٹھائیسویں منزل اشا ہے۔ اور حرف اس کا غین ہے۔ جب قمر اس میں آتا ہے۔ تو اس سے بہت نیک اور پاکیزہ روحانیت طلب علم اور اجابت دعا کی مددگار نازل ہوتی ہے اور اس کے وقت بس ہر نیک کام پورا ہوتا ہے۔

اب آپ کو معلوم ہوگیا کہ حروف میں اللہ تعالیٰ نے کیا کیا خواص رکھے ہیں اور انہیں حروف سے کلام الٰہی مرکب ہے اور اسماء الٰہی کی ترکیب بھی انہیں سے ہے پس ان کے اندر جو معانی ہیں۔ وہی وہ روحانیت ہے جو منازل سے نازل ہوتی ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں جو آیات رحمت ہیں وہ مستحقین رحمت کے حق میں ملائکہ رحمت ہیں اور سعد ہیں۔ اور جو آیات عذاب ہیں وہ مستحقین عذاب کے حق میں ملائکہ عذاب ہیں اور نحس ہیں۔ اور جو آیات کہ وعدہ اور وعید پر مشتمل

ہیں۔ وہ گویا روحانیت ممتزج ہیں۔ مگر یہ سب باتیں انسان ہی کے حق میں ہیں۔ نہ فرشتوں وغیرہ کے حق میں۔ کیونکہ فرشتے خیر محض ہیں۔ یعنے ان میں کوئی برائی شر کا مادہ نہیں ہے۔ مگر یہ انسان کے بھی منافی نہیں ہے۔ یعنی بہت سے انسان بھی خیر محض ہیں۔ جیسے مومن اور بہت سے انسان شر محض بھی ہیں۔ جن میں خیر کا مادہ بالکل ہی نہیں ہے جیسے کافر اور بعض ممتزج وہ لوگ ہیں جو اچھے اور برے دونوں طرح کے کام کرتے ہیں جن کی شان میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللَّهُ أَنْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۔ یعنے اور دوسرے وہ لوگ ہیں جنہوں نے نیک اور برے کام ملا کر کئے۔ قریب ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرلے

الفاظ کی روحانی کیفیت

پس یہ حروف کے عمدہ اسرار ہیں کل گروہیں ایک نقطہ پر ہیں۔ (یعنے حروف نقطہ ہی سے بنتا ہے) مگر بناتے کی ترکیب مختلف ہے پس ہر منزل اور ہر روحانیت اور ہر حرف ایک نقطہ کے اندر ہیں۔ چالیس روز کے چلہ میں ان کے آثار اور خواص ظاہر ہوتے ہیں) آخر کی منزل تک پس آخری حروف روحانیت کے حرف ہیں۔ سعادت اور نحوست کے جامع۔

حروف اور دورہ فلک میں اگر یہ خواص کا فرق نہ ہوتا۔ تو انسان اسباب سعادت اور نحوست اور اسباب امتزاج کو معلوم نہ کرسکتا۔ اور یہ سب شاخیں بنی آدم ہی سے نکلی ہیں۔

بارہ برجوں کے حالات اور ان کا کلمہ طیبہ سے تعلق

اور چونکہ یہ منزلیں بارہ برجوں کی محتاج ہیں تاکہ حکمت الٰہی ان کے اندر ظاہر ہو۔ اسی سبب سے بارہ حروف بھی چھ تقطیعوں میں ہیں اور وہ حروف لا الٰہ الا اللہ کے ہیں۔ اس طرح ل ا ا ل ہ ا ل ا ا ل ل ہ ۔ اور یہ بارہ حروف ہیں۔ بارہ برجوں کے موافق یعنی برج بعض ثابت ہیں، بعض منقلب۔ ایسے ہی ان حروف میں سے جو صرف اثبات کے ہیں۔ وہ ثابت ہیں اور جو نفی کے ہیں وہ منقلب ہیں وجود سے عدم کی طرف اور عدم وہ چیز ہے۔ جس سے کہ وجود باہر آیا ہے۔ اور یہ حروف فلک قمر کے دائرہ سے علیحدہ ہیں کیونکہ قمر بمقابلہ اور ستاروں کے زمین سے زیادہ قریب ہے کہ یہ حروف قمر سے بھی ہم سے زیادہ قریب ہیں۔ کیونکہ یہ تو ہماری جبلت کے اندر رکھے گئے ہیں۔

قمر کی زیادتی کے ساتھ ہر چیز بڑھتی ہے اور اس کے نقصان کے ساتھ ہر چیز کم ہوتی ہے۔ یہ حکمت ہے جس کو اس نے اس کے اندر رکھا ہے۔ اور معرفت ہے جس کو اس نے مرتب کیا ہے۔ تم نہیں دیکھ سکتے ہو کہ ظلمت وغیرہ کس طرح بڑھتی ہے اور چونکہ ساتوں ستاروں میں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کا راز رکھا ہے اور اس کا قول ہے۔ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً ۔ یعنے بے شک میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں اور فرماتا ہے۔ جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا ۔ یعنے خدا فرشتوں کو پیغمبر بنانے والا ہے اور ساتوں ستاروں کی ترتیب [illegible] کی پس مقدس تقطیعین ان کو

مدد دیتی ہیں۔

مزاج حروف

اور یہ حروف گرم اور تر اور سرد اور خشک چار مزاج رکھتے ہیں اور گرم یہ سات ہیں ا ہ ط م ف ش ذ اور تر یہ حروف ہیں۔ ب و ی ن ص ت ض اور سرد یہ حروف ہیں ج ز ک س ق ث ظ۔ اور خشک یہ سات حروف ہیں۔ د ح ل ع ر خ غ۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ آتش حرارت اور یبوست کی جامع ہے اور ہوا حرارت اور رطوبت کی جامع ہے اور آب رطوبت اور برودت کا جامع ہے اور تراب یعنی خاک یبوست اور برودت کی جامع ہے اور اسی طرح چار ہی طبائع ہیں یعنی صفرا اور خون اور بلغم اور سودا۔ صفرا آتش کا مزاج رکھتا ہے اور خون ہوا کا۔ اور بلغم آب کا۔ اور سودا خاک کا چنانچہ یہ سب تاثیریں ظاہر ہیں جیسا کہ بعض اسماء لکھ کر یا پڑھنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ یہ اسماء سرد خشک مزاج رکھتے ہیں۔ جیسے اَلْعَدْلُ اور اَلشَّدِیْدُ ان کا مسبع نہ کر رکھنا چاہیئے۔ اور جن اسماء کا مزاج صفراوی ہے وہ سرد امراض کو فائدہ کرتے ہیں اس کے وفق مسبع کی یہ صورت ہے۔

د	ج	ل	ع	س	خ	ع
ح	ع	د	ح	ل	ع	س
ع	س	خ	ع	ذ	ح	ل
ح	ل	ع	ذ	خ	غ	د
غ	د	ح	ل	ع	س	خ
د	ح	ع	ل	ع	ل	ع
ل	ع	س	ح	ع	د	خ

سعد اور نحس ساعتیں

یعنی نیک اور بد ساعتوں کے بیان میں اور کس کام کے واسطے کون سی ساعت مناسب ہے۔

پہلی ساعت شمس کی ہے اعمال محبت اور قبول اور بادشاہوں کے پاس جانے اور نئے کپڑے پہننے کے واسطے اچھی ہے۔ دوسری ساعت زہرہ کی ہے اور یہ بری ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت عطارد کی ہے۔ سفر کے واسطے اور تعویذات محبت وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ چوتھی ساعت قمر کی ہے۔ اس میں نہ کچھ خریدنا چاہیئے نہ فروخت کرنا۔ اور نہ کوئی کام درست کرنا چاہیئے۔ پانچویں ساعت زحل کی ہے۔ اس میں فرقت اور بغض وغیرہ کے اعمال کرنے چاہئیں۔ چھٹی ساعت مشتری کی ہے۔ بادشاہوں، امیروں سے طلب حاجت کے واسطے اچھی ہے۔ ساتویں ساعت مریخ کی ہے۔ اور اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ آٹھویں ساعت شمس کی ہے۔ کل کام اس میں درست ہیں۔ نویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور جلب قلوب کے اعمال درست ہوتے ہیں۔ دسویں ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں جو چاہو سو کرو۔ یہ ساعت اچھی ہے۔ گیارھویں ساعت قمر کی ہے۔ یہ بہت نحس ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ ہاں کسی کو نقصان پہنچانا ہو تو پہنچائے۔ بارھویں ساعت زحل کی ہے۔ اس کے مناسب اعمال کرنے چاہئیں۔

دوشنبہ پہلی ساعت قمر کی ہے۔ محبت اور زبان بندی اور جلب قلوب کے واسطے عمدہ ہے۔ دوسری ساعت زحل کی ہے۔ [illegible] مشتری کی ہے نکل کرنے اور خط بھیجنے

اور فیصلہ کرانے کے واسطے بہتر ہے۔ چوتھی ساعت مریخ کی ہے۔ بڑے اعمال مثلاً نکسیر بہانے اور بیمار کرنے کے واسطے اچھی ہے۔ پانچویں ساعت شمس کی ہے۔ قضاء حاجت اور زبان بندی کے واسطے چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اعمال طلسمات کے واسطے۔ ساتویں ساعت عطارد کی ہے۔ قضاء حاجات اور زبان بندی اور جذب قلوب کے واسطے آٹھویں ساعت قمر کی ہے۔ شادی اور دو دشمنوں میں صلح کرانے کے واسطے۔ نویں ساعت زحل کی ہے۔ فرقت اور بغض اور کسی کو اس کی جگہ سے باہر کرنے کے واسطے مفید ہے۔ دسویں ساعت مشتری کی ہے۔ سب کاموں کے واسطے۔ گیارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ عداوت اور بغض اور خون بہانے کے واسطے۔ بارھویں ساعت شمس کی ہے۔ زبان بندی اور عطف قلوب کے واسطے۔

سہ شنبہ | پہلی ساعت مریخ کی ہے۔ یہ اعمال بغض و عداوت اور خون بہانے اور مریض کے واسطے ہے۔ دوسری ساعت شمس کی ہے۔ اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت زہرہ کی ہے۔ منگنی اور نکاح کے واسطے۔ چوتھی ساعت عطارد کی ہے۔ بیع و شرا اور تجارت کے واسطے۔ پانچویں ساعت قمر کی ہے۔ یہ بہت منحوس ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ چھٹی ساعت زحل کی۔ معاملات کے کاغذ لکھنے اور بندش چشم اور امراض کے واسطے۔ ساتویں ساعت مشتری کی ہے۔ محبت اور عطف کے جو اعمال چاہو اس میں کرو۔ آٹھویں ساعت مریخ کی ہے۔ اس میں خون بہانے اور دشمن ہلاک کرنے کے اعمال کرنے چاہئیں۔ نویں ساعت شمس کی ہے۔ نکاح اور محبت کے واسطے عمدہ ہے۔ دسویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ گیارھویں ساعت عطارد کی ہے۔ تعطیل اسفار کے واسطے اور طلاق کے واسطے۔ بارھویں ساعت قمر کی ہے۔ اعمال بغض اور عداوت اور طلاق و شرارت کے واسطے۔

چہار شنبہ | پہلی ساعت عطارد کی ہے۔ قبول اور محبت کے واسطے۔ دوسری ساعت قمر کی ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت زحل کی ہے۔ بیمار کرنے اور نکسیر بہانے کے واسطے۔ چوتھی ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں ہر نیک کام کرنا چاہیئے کیونکہ یہ ساعت بہت اچھی ہے۔ پانچویں ساعت مریخ کی ہے۔ اس میں لوگوں سے لڑنے جھگڑنے اور فساد کے کام کرنے چاہئیں۔ کیونکہ یہ بری ساعت ہے چھٹی ساعت شمس کی ہے خشکی اور تری کے سفر اور ہر کام کے واسطے بہتر ہے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں بھی جو چاہو سو کرو۔ یہ بھی بہت اچھی ہے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے۔ نظر بد کے تعویذ اور بچوں کے گنڈے وغیرہ لکھنے کے واسطے ہے۔ نویں ساعت قمر کی ہے۔ فرقت اور بغض کے واسطے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے۔ بادشاہوں سے ملنے کے واسطے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں ہر ایک کام اچھا ہوتا ہے۔ بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ شر اور نحس کے واسطے۔

پنجشنبہ | پہلی ساعت مشتری کی ہے طلب رزق اور قبولیت کے واسطے دوسری ساعت مریخ کی ہے۔

اس میں سفر کو نہ جاؤ۔ اور دشمن سے بدلہ لینے اور خون بہانے کے اعمال کرو۔ تیسری ساعت شمس کی ہے۔ اس میں بھی سفر نہ کرو۔ اور قبول اور محبت کے تعویذ لکھو۔ چوتھی ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور شادی کے اعمال کئے جاتے ہیں۔ پانچویں ساعت عطارد کی ہے عورت و مرد کے عقد کرنے اور ہر ایک کام کو اچھی ہے۔ چھٹی ساعت قمر کی ہے۔ خشکی اور تری کے سفر اور ہر ایک اعمال خیر کے واسطے عمدہ ہے۔ ساتویں ساعت زحل کی ہے۔ اس میں فیصلہ نہ کرانا چاہیئے اور اہل قلم سے مقابلہ کرنے کے واسطے بہتر ہے۔ آٹھویں ساعت مشتری کی ہے۔ اور ہر ایک نیک کام اس میں کر سکتے ہیں۔ نویں ساعت مریخ کی ہے۔ امراء و سلاطین اور حکام سے ملاقات کرنے کے واسطے بہتر ہے۔ دسویں ساعت شمس کی ہے۔ امراء اور اہل منصب سے حاجت روائی کے واسطے۔ گیارھویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں محبت کے تعویذ لکھو۔ بارھویں ساعت عطارد کی ہے اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔

روز جمعہ پہلی ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں شادی اور منگنی وغیرہ کے کام بہتر ہوتے ہیں۔ دوسری ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں طلسمات اور ہر ایک کام کے اعمال تیار کئے جاتے ہیں تیسری ساعت قمر کی ہے۔ اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ بہت بُری ساعت ہے۔ چوتھی ساعت زحل کی ہے۔ کوئیں کھدوانے اور چشمے بنوانے۔ اور ایسے ہی ایسے ہی کاموں کے واسطے یہ ساعت مخصوص ہے۔ پانچویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں عورتوں اور لڑکے لوگوں کو تسخیر کرو۔ چھٹی ساعت شمس کی ہے۔ قضاحاجات کے واسطے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے۔ عورتوں کو پیغام نکاح اور شادی کرنے کے واسطے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں جو کام کرو گے وہ بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ نویں ساعت قمر کی ہے۔ فرقت اور نقل و حرکت کے واسطے بہت زود اثر ہے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے اور بہت منحوس ہے۔ گیارھویں ساعت مشتری کی ہے۔ بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ سفر وغیرہ جو کام چاہو اس میں کرو۔

شنبہ پہلی ساعت زحل کی ہے۔ محبت وغیرہ کے جو اعمال چاہو۔ اس ساعت میں کرو۔ کیونکہ زحل کی یہی ایک نیک ساعت ہوتی ہے۔ معینہ کے پہلے ہفتہ میں۔ دوسری ساعت مشتری کی ہے۔ صلح کے واسطے بہتر ہے۔ تیسری ساعت مریخ کی ہے۔ بغض اور اعمال شر کے واسطے۔ چوتھی ساعت شمس کی ہے۔ بادشاہوں کے جانے اور ان سے حاجت روائی کے واسطے پانچویں ساعت زہرہ کی ہے چھٹی ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں شکار کے واسطے تعویذ لکھو۔ ساتویں ساعت مردہ ہے۔ اس میں کچھ نہ کرو۔ آٹھویں ساعت زحل کی ہے۔ کسی کو بیمار کرنے کے واسطے اس میں عمل کرو۔ نویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں جو چاہو نیک اعمال کرو۔ دسویں ساعت مریخ کی ہے۔ شر و فساد کے واسطے۔ گیارھویں ساعت شمس کی ہے۔ قبول و محبت اور میاں بیوی کی صلح کے واسطے۔ بارھویں ساعت زہرہ کی ہے۔ بادشاہوں اور وزیروں سے نفع حاصل کرنے کے واسطے ہے۔

معلوم ہوا کہ جو شخص ہر ایک عمل کو وقت پر کرے گا ... کیونکہ یہ علم کا ایک دروازہ ہے جس سے اسی فن کو عمل

پس ستر ہیں اور یہ میں نے تمہارے واسطے ان باتوں کو بیان کیا ہے جن کا حکماء نے اس علم کے متعلق ذکر کیا ہے تاکہ تم کو اس پر عمل کرنا آسان ہو جائے۔ اور تمہارے واسطے ایک جدول میں نے تیار کی ہے جس سے تم برجوں کو معلوم کر سکتے ہو۔ کہ یہ برج آتشی ہے۔ اور یہ بادی اور یہ آبی ہے اور یہ خاکی ہے۔

وہ جدول یہ ہے ←......

جس وقت کہ قمر جس برج میں ہو اس کے موافق عمل کرنا چاہیئے۔ جب تمہارے پاس کوئی صاحب مدد آئے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام اور جو کچھ اس کا مطلب ہے ان تینوں کے حروف جدا جدا لکھ کر دیکھو کہ ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ پس جو عنصر غالب ہو (مثلاً آتش) تو جب قمر اس برج میں یعنی آتشی میں آئے تب وہ عمل کرو۔ کامیابی ہو گی۔

آتشی	خاکی	بادی	آبی
حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
قوس	جدی	دلو	حوت

قمر کے برج معلوم کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ ماہ قمری کی جس قدر تاریخیں گزری ہوں۔ اس پر پانچ زیادہ کرو پھر جس برج میں شمس ہو۔ اس برج سے پانچ پانچ تقسیم کرو۔ جہاں عدد ختم ہوں۔ اسی برج میں قمر ہے۔

اضمار ملائکہ حروف

جن کے بغیر عمل تمام نہیں ہو سکتا۔ اور وہ یہ کہ جب تم نے کوئی عمل کرنا ہو۔ تب تم طالب اور مطلوب اور اس روز کے حروف میں نظر کرو۔ اور تین تین پر ان کو تقسیم کرو۔ پھر اگر تین سے کم باقی رہیں تو آخر حرف بعینہ اس حرف کا اضمار ہے اور اصحاب اسماء کو اس کے بغیر معلوم کئے چارہ نہیں۔ کیوں یہ اکثر اعمال میں کارآمد ہے۔ اور اضمار مؤکلات یہ ہیں۔ مؤکل حرف الف ططلطیائیل اور اضمار اس کا ھد میوب معطایاسخلق حرف با کا اضمار تسیخ ھلدیخ حرف جیم کے مؤکل کا اضمار ملیخ سلک بطلو۔ حرف دال کا اضمار حطمتیک حرف ہا کا اضمار مہطع حرف واو کا اضمار مطلوسلیمرخ مباخ حرف زا کا اضمار سعدیاہ ملطومطیط حرف حا کا اضمار لیلا طمنح طدیج حرف طا کا اضمار شمھطسلیسج طمہ حرف یا کا اضمار متمنہ ھکمف سویدح حرف کاف کا اضمار سیعودہ نفطامدیع حرف لام کا اضمار حفیلط طمش ملوم حرف نون کا اضمار بدیح کلیل حرف سین کا اضمار ھط مطلع مملطجسم حرف عین کا اضمار لعطیم عن فوادر حرف فا کا اضمار کیلطوورطش ھنیط حرف صاد کا اضمار سعود ھمیش حرف قاف کا اضمار سدحقیرطلیا شن حرف را کا اضمار سطیت لھیل ومیوم حرف شین کا اضمار علسطین ھمقا عل مہعط حرف تا کا اضمار میرمیلو ھفیط حرف ثا کا اضمار ہفدط حرف خا کا اضمار ھجیج ھمھیل حرف ذال کا اضمار [illegible] س صمہدع شہلط

حرف ظا کا اضمار نوح رزع اھوش اھموش اور معلوم ہو کہ حرف ضاد اور حرف طار موکلات فرد ہے، جس کا اضمار والحذ ہے اور حرف غین کے موکل کا اضمار ..مدہ، ظلکمت اہیو ذو نیغمت ——— ہے پس یہی کل اضمارات ہیں۔ واللہ اعلم۔

۳: اٹھائیس منازل قمر کے احکامات:

منزل قمر کے معلوم کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ ہر ماہ قمری عربی کے اول روز شمس و قمر ایک منزل میں ہوتے ہیں پھر جس روز کہ ہم کو قمر کی منزل معلوم کرنی ہو۔ اس کو خیال کرنا چاہیئے۔ کہ وہ دن ماہ رومی کی پہلی تہائی کے اندر ہے یا دوسری کے یا تیسری یا پہلے نصف کے اندر ہے یا دوسرے کے۔ پھر ماہ عربی میں سے جس قدر تاریخیں گزری ہوں۔ ان کو اس تہائی یا نصف کے نیچے داخل کرو۔ منزل قمر معلوم ہوگی۔ مثال اگر عربی کی چاندرات کو چاند ثرطین میں تھا۔ اور آج ساتویں تاریخ ہے۔ اور ہم نے چاہا کہ ہم معلوم کریں کہ قمر کس منزل میں ہے پس ہم نے اس پہلے روز سے منازل کا شمار کیا۔ تو ذراع پر سات منازل پوری ہوئیں۔ معلوم ہوا کہ آج قمر منزل ذراع میں ہے (کیوں کہ قمر ہر منزل میں ایک شبانہ روز رہتا ہے)

اور اس دائرہ سے منازل کے اور بروج کے کل حالات معلوم ہوتے ہیں۔

دائرہ بروج اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

منازلِ قمر کی صورتیں اور اُن کے احکامات

منزل شرطین صورت اس کی یہ ہے ہ اور حرف اس کا الف ہے اور مزاج ناری نحس جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو دنیا میں فساد اور خونوں کی ترقی ہوتی ہے۔ حکماء اس وقت میں کچھ حرکت نہ کرتے تھے بلکہ لیٹ جاتے تھے۔ اور بعض لوگوں نے اس وقت میں خواب ہائے پریشان بھی دیکھے ہیں۔ اس لئے اس وقت سونا بھی بہتر نہیں۔ اگر تم کوئی عمل کرنا چاہو تو کسی دشمن کے مقہور کرنے کے واسطے کرو۔ اور جو بچہ اس وقت پیدا ہوتا ہے بڑا فسادی اور شریر ہوتا ہے۔ بخور اس کا سیاہ مرچ اور سیاہ دانہ ہے

۲۔ منزل بطین صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ اور حرف اس کا با ہے۔ مزاج گرم تر جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو عالم میں خدا کے حکم سے نہایت نیک روحانیت مردوں کے کام درست کرنے والی نازل ہوتی ہے۔ عورتوں کے متعلق کام اس میں درست نہیں ہوتے۔ طلسمات اور کیمیا کے اعمال اس میں بہت مناسب ہیں۔ اور ہر ایک عمدہ صنعت درست ہوتی ہے۔ اور ہر کام کا اس میں شروع کرنا بھی اچھا ہے اور انگوٹھیاں اور نقش وغیرہ کا کندہ کرنا اور مرضوں کا علاج اور منتر بھی اس میں پُر اثر ہوتا ہے۔ اس وقت میں جو بچہ پیدا ہو۔ سعادت اور نیک بختی کے ساتھ زندگانی بسر کرے اور محبوب خلائق ہو۔ بخور اس کا عود۔ زعفران مصطگی ہے۔

۳۔ منزل ثریا صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥٥٥٥ اور حرف اس کا جیم ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الٰہی سے عالم میں گرم سرد روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اور اس میں اعمال طلسمات اور عورات کے واسطے عملیات اور دعاؤں کی تدبیر بہتر ہے۔ مسافروں کے واسطے بھی یہ وقت بہت اچھا ہے۔ سوداگروں کو اس میں نفع کثیر ہوتا ہے۔ اور بادشاہوں کے واسطے بھی نیک ہے۔ شادی کرنا اور لونڈی غلام خریدنا اس میں سب بہتر ہے۔ کیونکہ یہ وقت اعتدال قمر کا ہے۔ اور جو کام اس میں کروگے اس کا انجام اچھا ہوگا۔ اور جو بچہ اس میں پیدا ہوگا خوب زندگانی بسر کرے گا۔ یہ وقت فسق و فجور کا دشمن اور صلاحیت اور تقویٰ کا دوست ہے۔ بخور اس کا تخم کتان اور کلونجی ہے۔

۴۔ منزل دبران صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥٥ اور حرف اس کا دال ہے۔ اور یہ منزل ارضی ہے۔ جب قمر اس میں اترتا ہے۔ تو عالم میں حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو عداوت و بغض اور فساد زمین میں پھیلا دیتی ہے۔ اس وقت میں اعمال شروع کرنے اور حاجات طلبی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور اعمال طلسم و صنعت تو بالکل ہی نہ کرنے چاہئیں۔ غرضکہ اس وقت میں کوئی کام بہتر نہیں ہے۔ ہاں البتہ مردہ دفن کرنے اور مال گاڑنے اور اسرار پوشیدہ کرنے اور کنوئیں کھودنے نہریں نکالنے کے واسطے بہتر ہے۔ ان کے سوا کسی کام کے واسطے بہتر نہیں۔ جو شخص اس وقت میں پیدا ہوگا۔ بہت بڑی زندگانی بسر کرے گا۔ بخور اس کا پوست انار شیریں اور لوبان ذکر ہے۔

۵۔ منزل ہقعہ صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ اور حرف اس کا ہا ہے۔ یہ منزل سعادت اور نحوست سے ملی ہوئی ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہو۔ تو زہروں کے تریاق بنانے اور ملانے کے کام کرنے چاہئیں۔ کیمیا کے اعمال نہ کرنے چاہئیں۔ اور نہ درخت لگانے اور نئے کپڑے پہننے چاہئیں نہ شادی کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اس ساعت میں کام کا انجام اچھا نہیں ہوتا۔ بخور اس کا عود اور صندل سود اور لبان اور جاوی اور مصطگی ہے۔

۶۔ منزل ہنعہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥٥ ٥ اور حرف اس کا واو ہے۔ یہ منزل سعیدہ ہے جب قمر اس میں نزول کرے تو اعمال محبت کرنے چاہئیں۔ اور اچھی خوشبو روشن کرے۔ اور بادشاہوں اور رئیسوں کے پاس جائے اور ہر ایک حاجت میں کوشش کرے اور بھائی بندوں سے ملے جلے۔ اور جو اعمال چاہے کرے۔ شادی کرے دولہے

لونڈی غلام خریدے گھوڑے لے۔ باغ لگائے۔ مکان بنائے۔ سفر کرے۔ خرید و فروخت کرے۔ غرضکہ سب کام اس میں اچھے ہیں۔ اور جو بچہ اس وقت پیدا ہو۔ اچھا رہے گا اور شہید ہو کر مرے گا۔ بخور اس کا قطربؔ اور زرلہ بیخ ہے۔

۷۔ منزل ذراع صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا زا ہے۔ یہ منزل ہوائی ہے۔ جب قمر اس میں آتا ہے تو عالم میں حکم الٰہی سے نہایت نیک روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اس وقت میں علوم شروع کرنا۔ علماء سے ملنا۔ عابدوں سے فیض لینا۔ طلسمات بنانا۔ نیز تجارت کرنا۔ بادشاہوں اور دوستوں سے ملاقات کرنا اور ہر ایک نیک کام اس میں بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو خوش بخت رہے۔ بخور اس کا دانہ کرفس اور تخم کتان ہے۔

۸۔ منزل نثرہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا حا ہے۔ مزاج سرد ممتزج سعد جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو حکم الٰہی سے روحانیت نازل ہو کر عداوت اور بغض اور قطیعت پیدا کرتی ہے یہ وقت دشمنوں اور سرکشوں کے واسطے طلسمات بنانے اور بددعا کرنے اور آلات حرب بنانے کے واسطے مناسب ہے۔ کیونکہ یہ منزل خراب ہے اور اعمال بُرے ہی کے مناسب ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا جو بچہ اس میں پیدا ہو بہت منحوس ہو گا۔ بخور اس کا قسط اور پوست انار ہے۔

۹۔ منزل طرفہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ اور حرف اس کا طا ہے۔ یہ منزل منحوس ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو عالم میں ویسی ہی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہوا اس میں کوئی طلسم یا صنعت بنانی نہ چاہیئے۔ اور نہ بادشاہوں سے ملاقات کرے۔ نہ کسی سے محبت کرے نہ کوئی عمل پڑھے۔ اس وقت میں سب سے علیحدہ رہنا بہتر ہے۔ یہ منزل نہایت ردی ہے کل اعمال کے واسطے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو گا۔ بخور اس کا ندّ اسود اور زعفران ہے۔

۱۰۔ منزل جبہہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا یا ہے۔ مزاج اس کا سرد اور نحس ہے مگر صلاحیت سے زیادہ قریب ہے۔ اعمال محبت و قربت و رضامندی کی ابتدا اور نقل مکان اس میں کر سکتے ہے مگر نئے کپڑے کا بیونتنا اور پہننا برا ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو گا۔ تجربہ کار اور نیک بخت ہو گا مگر مکار فریبی بھی ہو گا۔ بخور اس کا حبّ الآس اور زعفران ہے۔

۱۱۔ منزل خرثان صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا کاف ہے۔ مزاج گرم خشک ہے۔ جب قمر اس میں آئے۔ تو معالجات روحانیات اور اعمال طلسمات اور علاج امراض اور خرید و فروخت اور بادشاہوں کے پاس آنا جانا اور سفر کرنا اور مقیم رہنا اور ہر ایک بڑا کام کرنا۔ نیا کپڑا پہننا بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو محبوب خلائق ہو۔ مگر بغض و مکر اور سفر وں میں مترددہو گا۔ بخور اس کا پوست انار شیریں اور کچھ نہیں۔

سلہ قطربؔ ایک روشنی ہے جس کے سبّے رات کو مثل چراغ کے چمکتے ہیں [illegible] ۱۲ سید مترجم

۱۲۔ منزل صرفہ

صورت اس کی یہ ہے ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا لام ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو جو بچہ پیدا ہو گا منحوس ہو گا۔ مزاج اس کا آبی ہے۔ اور منحوس ہے۔ بخور اس کا نذ اور زعفران ہے۔

۱۳۔ منزل عوا

صورت اس کی یہ ہے ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا میم ہے۔ مزاج خشک ممتزج منحوس جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو شہوت کو ہیجان میں لاتی ہے۔ اور مردوں کو عورتوں کی طرف راغب کرتی ہے اور خواہ مخواہ ان کے پاس جانے کو جی چاہتا ہے۔ تعلیم علوم کے واسطے یہ وقت مناسب ہے۔ مگر صنعت کیمیا اور دشمنوں سے مقابلہ کرنے اور مقدمہ لڑنے یا بادشاہوں سے ملنے کے لئے مناسب نہیں نیا کپڑا پہننا۔ کپڑا بونتا اس میں اچھا ہے جو بچہ اس میں پیدا ہو صاحب شہرت ہو گا۔ مرد ہو یا عورت بخور اس کا لبان ذکر ہے۔

۱۴۔ منزل سماوے

صورت اس کی یہ ہے ٭ ٭ اور حرف اس کا نون ہے۔ مزاج خاکی اور خشک ہے۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو حکم الٰہی سے عالم میں ایک روحانیت نازل ہو کر عداوت اور فساد پیدا کرتی ہے اس وقت زہر تیار کرنا اور ہر ایک فساد کا کام بہتر ہے اور اعمال جلیلہ بہتر نہیں۔ خرید و فروخت بھی بُری ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو گا جھوٹا۔ چغل خور اور بد انجام ہو گا۔ بخور اس کا لبان ذکر اور کالا دانہ ہے۔

۱۵۔ منزل غفر

صورت اس کی یہ ہے۔ ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا سین ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو حکم الٰہی سے صحت اور راحت کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ بادشاہوں سے فائدہ ہوتا ہے۔ دوائیں درست ہوتی ہیں سم قاتل کا تریاق تیار ہوتا ہے۔ اور اس کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔ کیمیا بھی خوب بنتی ہے۔ روحانیت کا معالجہ ہوتا ہے۔ طلسمات بنتے ہیں۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو منحوس مکار اور فریبی ہو گا۔ بخور اس کا لبان ذکر ہے اور کچھ نہیں۔

۱۶۔ منزل زبانا

صورت اس کی یہ ہے ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا عین ہے۔ مزاج اس کا بادی سعید ممتزج ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو کتے کے کاٹے ہوئے کے واسطے تعویذ کیا جاتا ہے۔ اور جس کے بدن میں ایسی بیماری ہو جس کے علاج سے لاچار ہو۔ اور جس کے واسطے دشمن بُری بُری صلاحیں کرتے ہوں ان کے واسطے نقش لکھے جاتے ہیں۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو اس کی سب حرکتیں نیک ہوں گی۔ بخور اس کا شیخ ہے اور کچھ نہیں ہے۔

۱۷۔ منزل اکلیل

صورت اس کی یہ ہے ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا فا ہے۔ مزاج سعادت اور نحوست سے ممتزج۔ اس وقت میں بغض و عداوت اور شرارت کے اعمال کرنے چاہئیں۔ سفر اور شادی اور غلاموں کا خریدنا اور باغ لگانا بہتر نہیں۔ کیونکہ انجام اچھا نہیں ہوتا۔ اور حاجت طلبی اور مخاصمت اور نیا کپڑا پہننا بھی اچھا نہیں ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو گا۔ شوم اور ردی ہو گا۔ بخور اس کا مرچ سیاہ زعفران اور عود ہے۔

۱۸۔ منزل قلب

صورت اس کی یہ ہے۔ ٭ ٭ ٭ اور حرف اس کا صاد ہے۔ مزاج آبی۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو کل فسادوں کی اصلاح کر دیتی ہے۔

آلات حرب اور جانور خریدنے اور جانوروں کا علاج کرنے اور درخت کاٹنے اور کھیتی کرنے خزانے نکالنے مسہل پینے، فصد کھلوانے پچھنے لگوانے کے واسطے یہ وقت اچھا ہے۔ اور جو بچہ اس میں پیدا ہو منحوس اور کچھ مکار ہوگا۔ مرد ہو یا عورت۔ بخور اس کا بنگ بلیلہ ہے۔

۱۹۔ منزل شولہ

صورت اس کی یہ ہے ⁝ اور حرف اس کا قاف ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الہیٰ سے روحانیت ممتزج نازل ہو کر شر کے کام کرتی ہے۔ اور یہ منزل سعید ہے۔ متوسط درجہ کے کام اس میں کرنے چاہئیں۔ نیا کپڑا اس میں نہ پہنے نہ طلسم بنائے، نہ علاج کرے خلوت اس وقت میں بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہوگا منحوس اور جھوٹا اور چغل خور ہوگا۔ بخور اس کا پوست انار اور مصطگی ہے۔

۲۰۔ منزل نعائم

صورت اس کی یہ ہے ۰۰۰۰۰۰۰۰ اور حرف اس کا راء ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو عالم میں صفا قلب کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ مزاج اس کا آتشی سعید ہے۔ محبت اور سعادت اور نیک انجامی اس وقت میں ہوتی ہے۔ اور کیمیا کے اعمال اس میں تیار ہوتے ہیں۔ وعظ حکمت اور علوم فقہیہ کی ابتدا کی جاتی ہے۔ اور طلسمات بنتے ہیں۔ اور مکان بنانے اور باغ لگانے اور نیا کپڑا پہننے کے واسطے بھی یہ وقت مناسب ہے۔ جب تک وہ کپڑا پہنے رہے گا۔ خوش و خرم رہے گا۔ یہاں تک کہ وہ کپڑا پرانا ہو جائے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہوگا۔ مبارک اور سعید اور کل کاموں میں کامیاب ہوگا۔ بخور اس کا لبان ذکر ہے۔

۲۱۔ منزل بلدہ

صورت اس کی یہ ہے۔ ۰ ۰ ۰ اور حرف اس کا شین ہے۔ مزاج آتشی نحس۔ اس وقت میں بغض و عداوت کی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اس واسطے عداوت ہی کے اعمال اس میں کئے جاتے ہیں۔ اور کیمیا بنتی ہے۔ مگر علاج روحانیت اور زراعت اور سفر اور بادشاہوں کی ملاقات اور شادی اور خرید و فروخت غلاماں اور نیا کپڑا پہننا اور عمل پڑھنا اس وقت میں اچھا نہیں جو بچہ اس وقت میں پیدا ہو منحوس اور حیلہ باز ہوگا۔ بخور اس کا سنبل اور عود ہے۔

۲۲۔ منزل سعد ذابح

صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰ اور حرف اس کا تا ہے۔ مزاج خاکی نحس ممتزج اس سے بغض و عداوت کی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اور جو کام اس میں کیا جائے۔ اس کا انجام درست نہیں ہوتا۔ بادشاہ کو اس وقت میں غصہ ہوتا ہے۔ خرید و فروخت اور زراعت اور کنواں کھودنا اس وقت کے مناسب ہے اور دفینہ نکالنا اور اسرار پوشیدہ کرنا بھی اس کے مناسب ہے جو بچہ اس میں پیدا ہوگا۔ خوبصورت مبارک و نیا کا حریص اور حیلہ باز ہوگا۔ بخور اس کا کسنب ہے۔

۲۳۔ منزل سعد بلع

صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰ اور حرف اس کا تا ہے۔ مزاج اس کا ممتزج ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو حکم الہیٰ سے شر کی روحانیت عالم میں نازل ہو کر فساد برپا کرتی ہے یہ منزل عمدہ بھی ہے اور خراب بھی۔ غلاموں اور جانوروں کا خریدنا اور شادی کے گنگوا... نہر اور کنواں کھودانا۔

کھانے پکانے کے کام کرنا اس میں مناسب ہیں جو بچہ اس میں پیدا ہوگا مبارک اور نیک بخت ہوگا۔ بخور اس کا بالونہ ہے۔

۲۴۔ منزل سعد سعود صورت اس کی یہ ہے ۰ ۰ اور حرف اس کا طا ہے۔ مزاج خاکی اور ہوائی ممتزج ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو اس سے پہلے کل اثر مٹ جاتے ہیں۔ اور کل اعمال اس میں درست ہوتے ہیں محبت اور اصلاح قلوب کے اعمال کرنے چاہئیں۔ بادشاہوں، رئیسوں، منصب داروں سے ملاقات کرے۔ غرض کہ محبت کے جو اعمال کریگا۔ کامیاب ہوگا۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا صالحین سے محبت رکھے گا۔ بخور اس کا عود اور مصطگی ہے۔

۲۵۔ منزل سعد اخبیہ صورت اس کی یہ ہے ۰ ۰ ۰ اور حرف اس کا قاف ہے۔ مزاج ہوائی جب قمر اس میں آئے۔ تو فتنوں، فسادوں کی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اعمال اس میں تمام نہیں ہوتے۔ اگر تمام ہو بھی جائیں۔ تو اچھے نہیں ہوتے۔ مریضوں کا علاج اور روحانیت کا اور اعمال طلسمات اور کیمیا و سیمیا کریں نہ کرنے چاہئیں۔ جو بچہ اس وقت میں پیدا ہوگا۔ فاجر و کافر ہوگا۔ بخور اس کا لبان ہے۔

۲۶۔ منزل فرع مقدم صورت اس کی یہ ہے۔ ۰ اور حرف اس کا ضاد ہے۔ اس میں اعمال محبت و شہوت اور کشادگی قلب کے لیے کیے جاتے ہیں۔ اور ہر ایک تدبیر اور معالجہ امراض و روحانیت کے واسطے مناسب ہے طلسم بنانے اور دوا تیار کرے اور بادشاہوں سے ملاقات کرے کامیاب ہوگا۔ بخور اس کا لبان ذکر اور کلونجی اور زعفران ہے۔

۲۷۔ منزل فرع مؤخر صورت اس کی یہ ہے۔ ۰ اور حرف اس کا ظا ہے۔ مزاج آبی سعید ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو حکم الٰہی سے بدلگامی اور فساد کی روحانیت نازل ہوتی ہے اس وقت میں دشمن سے مقابلہ کرنا اور لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ فصد اور پچھنے اور تکبیر کے عمل اور مردے باندھنے کے عمل کے واسطے مفید ہے اور حمام میں جانے اور خط بنوانے وہ پہننے کے واسطے بھی اچھی ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو۔ فاجر اور غدار ہوگا۔ بخور اس کا مرچ سیاہ اور دار چینی ہے۔

۲۸۔ منزل رشا صورت اس کی یہ ہے۔ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ اور حرف اس کا غین ہے۔ مزاج آبی اس وقت میں حکم الٰہی سے نیک انجام روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اس میں طلسمات اور کل نیک اعمال اور صنعت کیمیا اور علاج روحانیت عمدہ ہوتے ہیں۔ سفر اور شادی اور نیا کپڑا پہننا اور ایک مکان سے دوسرے مکان جانا۔ اور حکما اور رؤسا سے ملاقات کرنا بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو مبارک ہوگا۔ بخور اس کا کلونجی ہے۔ واللہ اعلم۔

منزلوں کی برجوں پر تقسیم

برج حمل میں مؤخر اور رشا اور ایک تہائی شرطین کی ہے۔ برج ثور میں دو تہائیاں شرطین کی اور بطین اور ثریا تمام اور

ثریا کی ہیں۔ برج جوزا میں ایک تہائی ثریا کی اور دبران اور ہقعہ ہیں برج سرطان میں ہنعہ اور ذراع اور دو تہائیاں نثرہ کی ہیں۔ برج اسد میں ایک تہائی نثرہ کی اور طرفہ اور جبہہ کی ہیں۔ برج سنبلہ میں ایک تہائی جبہہ کی اور زبرہ اور صرفہ ہیں۔ برج میزان میں عوا اور سماک اور ایک تہائی غفر کی ہے۔ برج عقرب میں دو تہائیاں غفر کی اور زبانا اور دو تہائیاں اکلیل کی ہے۔ برج قوس میں ایک تہائی اکلیل کی اور قلب اور شولہ ہیں۔ برج جدی میں نعائم اور بلدہ اور ایک تہائی ذراع کی ہے۔ برج دلو میں دو تہائیاں ذراع کی اور بلع اور ایک تہائی سعود کی ہے۔ برج حوت میں ایک تہائی سعود کی اور اخبیہ اور فرع مقدم ہیں۔

اصول منازل کی معرفت

۱۔ منزل شرطین اس میں دو جدا جدا ستارے ہیں۔ ایک جنوب کے کنارے میں اور دوسرا شمال کے کنارے ہیں اور یہ دونوں ستارے حمل کے سینگ ہیں۔ ان دونوں میں جو زیادہ روشن ستارہ ہے اس کا نام ناطح ہے، جب یہ آسمان کے درمیان میں آتے ہیں۔ تو نظر کے انداز میں ان دونوں میں دس ہاتھ کا فاصلہ معلوم ہوتا ہے اور ان دونوں کے علاوہ ایک چھوٹا سا ستارہ ہے۔ جو کبھی کبھی ان کے آگے ہو جاتا ہے۔ ان کی صورت یہ ہے۔ ‎٥ ٥ ٥

۲۔ منزل بطین اس میں تین تارے ہیں۔ بہت چھوٹے چھوٹے کم روشنی کے۔ اور یہ برج حمل کا پیٹ ہے اور ثریا اس کی ثری ہیں۔ اور شرطین اس کے سینگ ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ‎٥ ๕

۳۔ منزل ثریا اس میں سات تارے ہیں چھ روشن اور ایک بہت باریک۔ لوگ اس کے دیکھنے میں آنکھوں کی تیزی کا امتحان کیا کرتے ہیں۔ اور اس کا نام ثریا ثروت سے ہے۔ یعنی سیرابی و خوشحالی اور اس کے سوا اور بھی نام ہیں۔ چنانچہ نجم بھی اسی کو کہتے ہیں۔ بعض علما کا قول ہے کہ خداوند تعالیٰ کے (والنجم اذا ھوی) سے یہی منزل ثریا مراد ہے کیونکہ عرب اکثر ثریا کو نجم ہی کہتے ہیں اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اس کا نام نجم رکھا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے کہ جب نجم طلوع ہوتی ہے۔ تو پھلوں وغیرہ سے آفتیں دور ہو جاتی ہیں اور نجم سے مراد ثریا ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ‎٥ ٥ ٥ ๕ اور ایک ستارہ کف الخضیب بھی ثریا ہی کے پاس اور ایک دوسرا جزما نام اس کے قریب شرطین سے پیچھے واقع ہے اور ایک سرخ تارہ ہے۔ عیوق نام بڑا چمکدار جس کے پیچھے تین تارے ہیں ان کو اعلام کہتے ہیں۔ یہ توابع منازل قمر ہیں۔ اور چونکہ ثریا سے قریب ہیں اس لئے ہم نے ان کو بیان کیا۔

۴۔ منزل دبران یہ برج حمل کی سری ہے۔ اور دبران اس کو اسی سبب سے کہتے ہیں۔ کہ ثریا کی طرف یہ پیٹھ پھیرے ہوئے ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ کہ یہ پانچ ستارے ہیں۔ برج ثور میں جن کو شامہ کہتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ‎٥ ٥ ๕ اور بعض کہتے ہیں یہ ایک سرخ تارہ [illegible] فنیق بھی نام ہے کیونکہ یہ

عظیم الشان پہاڑ کی مثل ہے۔ اور اس کے آگے چند چھوٹے چھوٹے ستارے ہیں جن کو قلامس کہتے ہیں۔ اور یہ سب اکٹھے ہو کر گانٹھ کا سر معلوم ہوتے ہیں۔ یہ منزل ثریا کے پیچھے ہے۔

۵۔ منزل ہقعہ | اس میں تین تارے بہت پاس پاس ہیں۔ جیسے تینوں انگلیاں ملی ہیں۔ یہ منزل برج جوزا کا سر ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ۰۰۰ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کسی نے کہا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو آسمان کے تاروں کی گنتی کے برابر طلاق دے تو کیا حکم ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اس کو ہقعہ الجوزا کافی ہے یعنی تین طلاقیں ہو گئیں۔

۶۔ منزل ہنعہ | اس میں پانچ تارے ہیں۔ دو بڑے۔ اور ان کے بیچ میں تین چھوٹے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۰۰۰ اور ہنعہ اس کو اس سبب سے کہتے ہیں کہ اس میں تاثیر محبت ہے جب یہ طلوع ہوتی ہے تو ہر شخص اپنے دوست پر مائل ہوتا ہے۔

۷۔ منزل ذراع | بعض کا قول ہے کہ یہ برج اسد کا بازو ہے۔ اور یہ دو چمکتے ہوئے تارے ہیں جن کے بیچ میں اور بہت سے چھوٹے چھوٹے تارے ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے شیر کے پنجے۔ اندازِ نظر میں ان دونوں تاروں کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ معلوم ہوتا ہے۔ برج اسد کے دو بازو ہیں۔ ایک پھیلا ہوا دوسرا سمٹا ہوا۔ جو بازو کہ سمٹا ہوا ہے وہ منزل ذراع ہے۔ اور جو بازو پھیلا ہوا ہے وہ منزل سماک کے سر پر ہے۔ اور اس کو شعرے الغمیصا بھی کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ساتھی یعنی دوسرے بازو سے ملنے کے واسطے اس قدر رویا کہ چندھا ہو گیا۔ مگر پھر بھی اس سے نہ مل سکا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ستارہ سہیل سے ملنے کے واسطے رویا تھا۔

۸۔ منزل نثرہ | ان دونوں کے درمیان میں تھوڑا ہی فاصلہ ہے۔ مثل ابر کے ٹکڑے کے یہ منزل برج اسد کی ناک ہے اور اس میں تین تارے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۰ اور اس کو نخثۃ الاسد بھی کہتے ہیں۔

۹۔ منزل طرفہ | میں دو تارے ہیں۔ برج اسد کی دونوں آنکھیں اور کل اس میں چار تارے ہیں جن میں سے ایک براق ہے۔ اندازِ نظر میں انکے مابین کا فاصلہ ایک ہاتھ کا ہے۔ اس منزل کو ایزار الاسد بھی کہتے ہیں۔ صورت اسکی یہ ہے ۰۰۔

۱۰۔ منزل جبہہ | میں دو تارے ہیں جیسے کہ شیر کے مونڈھوں پر بال ہوتے ہیں۔ اور ان کے درمیان میں ایک کوڑی کا فاصلہ ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۔

۱۱۔ منزل سماک | میں دو تارے ہیں۔ ایک کا نام سماک الاعزل اور دوسرے کا نام سماک رامح ہے۔ ان دونوں کو بعض برج اسد کے پیر اور بعض اس کی پنڈلیاں کہتے ہیں۔ سماک رامح کے آگے ایک تارہ ہے جو اس کا نیزہ ہے اور سماک اعزل کے آگے کوئی تارہ نہیں ہے۔ اسی سبب سے اس کو اعزل کہتے ہیں۔ اعزل کی صورت یہ ہے ۰۔ اور رامح کی یہ ۰۰ اس منزل کو سماک اس واسطے کہتے ہیں کہ یہ آسمان میں مثل مچھلی کے ہے۔ رامح کے پیچھے ایک تارہ ہے۔ جس کو عجز الاسد کہتے ہیں۔

۱۲۔ منزل غفرہ۔ میں تین تارے ہیں چھوٹے چھوٹے۔ یہ منزل برج میزان میں ہے اور بعض کہتے ہیں برج اسد کی دم

ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ۰۰۰۔

۱۳۔ منزل زبانا میں دو تارے ہیں۔ چمک دار۔ اور یہ دونوں برج عقرب کے دونوں گھمرٹے ہیں صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰

۱۴۔ منزل اکلیل میں چار تارے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۰۰ اور بعض کہتے ہیں۔ تین تارے ہیں۔ عقرب کے سر پر جیسے تاج ہوتا ہے۔

۱۵۔ منزل قلب عقرب میں ہے۔ اور اس کی کروٹ میں ایک چمک دار تارا ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۰۔

۱۶۔ منزل شولہ میں الگ الگ دو تارے ہیں ان کو حمّۃ العقرب کہتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ عقرب کی دم ہے شولہ شول سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی بلندی یعنی جیسے کہ بچھو کی دم اونچی ہوتی ہے۔ ایسے ہی یہ تارے اونچے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ان کی بلندی ایسی ہے جیسے کنوئیں کے دہن پر لکڑیاں کھڑی ہوتی ہیں اور اسکو نعائم بھی کہتے ہیں۔

۱۷۔ منزل بلدہ میں چھ تارے ہیں۔ اور منزل برج قوس میں ہے جب سال بھر میں سب سے چھوٹا دن آتا ہے تو سورج اسی منزل میں ہوتا ہے صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۔

۱۸۔ منزل ذابح میں دو تارے ہیں ایک ہاتھ کے فاصلہ پر اور دونوں کے پاس ایک چھوٹا تارہ ہے جیسے کہ یہ اس کو ذبح کرتا ہے۔ اور اسی سبب سے اسکو ذابح کہتے ہیں۔ اور صورت اس کی یہ ہے ۰۰ ۰۔

۱۹۔ منزل سعد السعود ایک تارہ ہے اور گویا اس کا منہ کشادہ ہے۔ کسی چیز کو نگلنا چاہتا ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ ۔

۲۰۔ منزل سعد اخبیہ میں تین تارے ہیں۔ مگر ایک ہی تارہ معلوم ہوتے ہیں۔ اور ان کے نیچے ایک چوتھا تارہ ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ۰ ۰ ۰ اور بعض اس میں دو ہی تارے شمار کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں پہلا تارہ سعد السعود ہے۔ دوسرا سعد ذابح۔ تیسرا سعد الاخبیہ۔ چوتھا سعد بلع۔ اس میں چار تارے ہیں اور چاند اس میں۔ دسویں دن آتا ہے۔ اور منازل قمری میں سعد قاعرہ اور سعد ملک اور سعد ہمام اور سعد بارع اور سعد نظیر ہیں۔ ان میں سے ایک میں دو تارے ہیں۔ ایک ایک ہاتھ کے فاصلے پر ہے۔

۲۱۔ منزل فرغ الدالی مقدم اور مؤخر ان میں سے ہر ایک میں دو دو تارے ہیں۔ پانچ پانچ ہاتھ کے فاصلہ سے گویا کہ یہ دونوں ڈول ڈال رہے ہیں۔ (لفظ فرغ کے معنی ڈول میں پانی ڈالنے کے ہیں) اس لئے ان دونوں تاروں کو فرغ کہتے ہیں۔

۲۲۔ منزل رشاء ۔ ایک چھوٹا سا تارہ ہے جس میں [illegible] ان سب میں

دورہ کر لیتا ہے۔ اور ایک رات دن ان میں سے ایک میں رہتا ہے یعنے ایک طلوع سے دوسرے طلوع تک۔ اور ٹھیک فجر کی نماز کے وقت آدھا آدھا دو منزلوں میں ہوتا ہے۔ اور اسی طرح سورج بھی ایک سال میں ان منازل کا دورہ کرتا ہے۔ معلوم ہو کہ عرب منازل کو اَنْوَاء بھی کہتے ہیں۔ اسی واسطے کہ جب ایک منزل غروب ہوتی ہے۔ تو اس کے ساتھ ہی دوسری منزل طلوع ہوتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ نَوْء کے معنے ستارے کے ساقط ہونے کے ہیں اور اس کے مقابل دوسرے طلوع ہونے کے ایک ہی ساعت میں ہر رات کے اندر سوائے تیرھویں رات کے اسی طرح ہر منزل سال بھر تک رہتی ہے۔ سوائے جبہہ کے کہ اس کے سال میں چودہ روز ہیں ہم نے نَوْء کے معنی سقوط کے سوا اس موقع کے اور کہیں نہیں دیکھے۔ عرب زمانہ جاہلیت میں ان منازل کی طرف بارش ہوا سردی اور حرکت کو منسوب کرتے تھے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا تھا۔ مُطِرْنَا بِنَوْءِ کَذَا۔ یعنے فلاں ستارے کے سبب سے ہم پر مینہ برسا (اسلام میں ایسے کلام کہنے ممنوع ہیں)

طلوع منازل کے احکام

دسویں نیسان کو شرطین طلوع ہوتی ہے۔ اور آفتاب اکلیل میں جاتا ہے۔ اور بطین نیسان کی آخری رات میں طلوع ہوتی ہے۔ اور ثریا تیرھویں آیار کو مغرب کے وقت غروب ہو کر پچاس شب غائب رہتی ہے۔ پھر مشرق سے صبح کے وقت طلوع ہوتی ہے۔ اور جب وسط آسمان میں پہنچتی ہے تب سخت سردی ہوتی ہے اور پھلوں کی آفات جاتی رہتی ہیں چنانچہ حضور علیہ السلام کا فرمان گزر چکا ہے کہ جب نجم طلوع ہوتا ہے پھلوں سے آفات زائل ہوتے ہیں اور دبران چھبیسویں آیار کو طلوع ہوتی ہے اور ہقعہ آٹھویں حزیران کو اور ہنعہ اکیسویں کو اور ذراع چوتھی تموز کو اور نثرہ سترھویں کو۔ اور اس کے ساتھ ہی ایک ستارہ شعری العبور نام طلوع ہوتا ہے۔ اور طرفہ پہلی آب کو اور جبہہ چودھویں کو اور زبرہ ستائیسویں کو۔ اور صرفہ آٹھویں ایلول اور عوا تیسویں کو اور سماک جب کہ ایلول کی دو راتیں باقی رہتی ہیں اور سماک بارھویں تشرین ثانی کو اور قلب پندرھویں کو اور شولہ اٹھارھویں کانون اول کو اور نعائم اکیسویں کو اور بلدہ تیسری کانون ثانی کو اور ذابح سولہویں کو اور سعد و سعود ستائیسویں کو اور سعد اخبیہ گیارھویں شباط کو اور سعد بلع چھبیسویں کو۔ اور فرغ مقدم اذار کی دو راتیں گزرنے کے بعد اور فرغ مؤخر چوبیسویں اور رشا چوتھی نیسان کو واللہ اعلم۔

چاروں فصلوں پر منازل کی تقسیم

فصل ربیع کے یہ منازل ہیں۔ شرطین۔ بطین۔ ثریا۔ دبران۔ ہقعہ۔ ہنعہ۔ ذراع اور فصل گرما کی یہ ہیں۔ نثرہ۔ طرفہ۔ جبہہ۔ زبرہ۔ صرفہ۔ سماک۔ عوا۔ اور فصل خریف کی یہ ہیں۔ غفر۔ زبانا۔ اکلیل۔ قلب۔ شولہ۔ نعائم۔ بلدہ۔ اور فصل سرما کی

یہ ہیں۔ سعد سعود۔ سعد فابح۔ سعد الخبیہ۔ سعد بلع فرغ مقدم۔ فرغ مؤخر۔ رشا۔ غرض کہ ہر فصل کی سات منزلیں ہیں۔

بارہ برجوں کے ارتباطات و اشارات

معلوم ہو کہ بارہ برج اور اٹھائیس منزلیں ہیں جن کا ذکر اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ یعنے ہم نے آسمانوں میں برج بنائے ہیں۔ اور دیکھنے والوں کے واسطے اس کو زینت دی ہے۔ اور فرماتا ہے وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ یعنے ہم نے چاند کے واسطے منزلیں مقرر کی ہیں۔ بروج لفظ جمع ہے۔ جس کا واحد برج ہے۔ اور برج قصر کو اور کبھی قلعہ کو بھی کہتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ یعنے اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہو۔ (جب بھی تم کو موت پہنچ کر رہے گی) حسن بصری فرماتے ہیں۔ برج آسمان میں محل ہیں۔ جیسے کہ زمین میں محل ہوتے ہیں۔ اور بعض علماء نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا کہ برج ساتوں ستاروں کے مقام ہیں۔ اور وہ بارہ برج ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔ حمل اور عقرب مریخ کے گھر۔ اور ثور زہرہ کا گھر ہے۔ اور جوزا اور سنبلہ عطارد کے گھر ہیں۔ اور سرطان قمر کا گھر ہے اور اسد شمس کا اور حوت مشتری کا اور جدی اور دلو زحل کے گھر ہیں۔ اور یہ بارہ برج تین تین چاروں طبائع پر منقسم ہیں۔ جن میں سے ہر ایک کو مثلثہ کہتے ہیں۔ حمل۔ اسد۔ قوس مثلثہ آتشی ہے۔ اور ثور۔ سنبلہ۔ جدی۔ مثلثہ خاکی ہیں۔ اور جوزا۔ میزان۔ دلو مثلثہ بادی ہیں۔ اور سرطان۔ عقرب۔ حوت مثلثہ آبی ہیں۔ یہ جدول ہے۔ جس میں برج اور منازل اور رومی مہینوں کو مفصل ظاہر کیا گیا ہے۔

آدار	نیسان	ایار	حزیران	تموز	آب	ایلول	تشرین ۱	تشرین ۲	کانون ۱	کانون ۲	شباط
حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
بطین	ثریا	ہقعہ	ذراع	جبہہ	صرفہ	سماک	اکلیل	شولہ	بلدہ	سعود	مقدم
رشا	مؤخر	ربلیس	دبران	ہنعہ	طرفہ	غفر ثانی	عوا	زبانا	قلب	نعائم	بلع

اہل تفسیر نے برج کے معانی میں اختلاف کیا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ آسمان میں محل ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ اور بعض کہتے ہیں وہ ستارے ہیں اور بعض کہتے ہیں چراغ ہیں اور بعض کا قول ہے کہ وہ آسمان کے دروازے ہیں جن کو برج کہتے ہیں

میں کہتا ہوں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نص صریح ہے کہ وہ برج جن کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔ بارہ ہیں۔ اور ان کو اللہ تعالیٰ نے تربیع اور تثلیث کے ساتھ تقسیم کیا ہے۔ اور [illegible]

برج حمل :- اس میں پانچ ستارے ہیں رُخ اس کا مغرب کی طرف اور پچھلا مشرق کی طرف اور پیچھے کی طرف یہ منہ کئے ہوئے ہے۔ یہاں تک کہ قوتتی اس کی پیٹھ پر ہے۔

برج ثور :- میں ایک تارہ ہے۔ مگر اس کے باہر گیارہ تارے ہیں جیسا کہ بیان ہو چکا۔ اور ناف کے پاس ہیں۔ اس کے دو ٹکڑے ہوئے ہیں۔ اگلا مشرق کی طرف پچھلا مغرب کی طرف اور ثریا اور دبران بھی اسی کے ستارے ہیں۔

برج جوزاء :- میں اٹھارہ ستارے ہیں۔ اور سات ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اس برج کی صورت کھڑے جڑواں بچوں کی سی ہے۔ جن میں سے ہر ایک نے اپنے دونوں ہاتھ دوسروں کے کندھوں پر رکھ چھوڑے ہیں۔ اس برج کا سر اور تمام ستارے شمال کی طرف ہیں۔ اور پنڈلیاں مشرق کی طرف اور پیر مغرب کی طرف۔

برج سرطان :- میں چھ ستارے اندر اور چار باہر ہیں۔ اس کی صورت بالکل کیکڑے کی سی ہے۔ اگلا اس کا مشرق کی طرف اور پچھلا مغرب وجنوب کی طرف جوزاء سے متصل گویا وہ اس کو اٹھائے ہوئے ہیں اور اس کے ستاروں میں سے ایک ستارہ قلب اسد ہے۔

برج سنبلہ :- جس کو عذرا بھی کہتے ہیں۔ اس میں چھبیس ستارے ہیں۔ اور سات ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں صورت اس کی ایک پردار لڑکی کی سی ہے۔ جس نے اپنا سر منزل صرفہ پر جھکا دیا ہے۔ اور اسی کے ستاروں میں سے ایک ستارہ سماک اعزل ہے۔

برج میزان :- آٹھ ستارے اس کی صورت کے اندر اور نو باہر ہیں اور صورت اس کی قائمہ ہے۔

برج عقرب :- اس کی صورت کے اندر اکیس اور باہر تین ستارے ہیں۔ صورت اس کی قائمہ ہے۔ اور اسی کے ستاروں میں سے ایک چمکدار ستارہ قلب عقرب ہے۔

برج قوس :- جس کا نام رامی بھی ہے۔ یہ اکتیس ستارے عقرب کے پس پشت واقع ہیں اور صورت اس کی انسان اور گھوڑے کی صورت سے مرکب ہے۔ گردن تک گھوڑے کا جسم۔ اور گردن سے اوپر نصف جسم انسان کا جس کے ہاتھ میں تیر و کمان ہے۔ اور زمین کی طرف جھکا ہوا ہے۔

برج جدی :- اس میں اٹھائیس ستارے ہیں۔ نصف جسم اس کا بکری کا اور نصف نیچے کا جسم مچھلی کا دم تک ہے۔

برج دلو :- جس کو دالی بھی کہتے ہیں۔ اس میں بیالیس ستارے ہیں۔ اور تین ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں صورت اس کی ایک مرد کی ہے۔ جس کے ہاتھ میں ایک چھاگل ہے۔ اور اپنے پیروں پر پانی ڈال رہا ہے۔ اور پانی اس کے پیروں کے نیچے سے جنوب کی طرف بہہ رہا ہے۔

بارہواں برج حوت ہے اس میں چونتیس ستارے ہیں۔ اور چار تارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اور صورت اس کی دو مچھلیوں کی سی ہے۔ جن کی دمیں ملی ہوئی ہیں یہ سب ستارے تین سو چھتالیس ہیں۔ حمل ان برجوں میں پہلا برج تھا

ہے۔ اور ثور بھی آسمان کا ایک برج ہے۔ اور جوزا کو کہتے ہیں کہ یہ بیچ آسمان میں ہے۔ اور جوزا کے معنی وسط کے ہیں۔ اور سب برج آسمان میں ہیں۔ اور جدی ایک ستارہ کا نام ہے جس سے قبلہ معلوم ہوتا ہے۔

برج سے متعلقہ شہر

برج حمل سے یہ شہر متعلق ہیں: بابل، فارس، آذربائیجان۔ ثور سے ہمدان۔ کردستان۔ جوزا سے جرجان، گیلان۔ سوقان۔ سرطان سے زمین چین۔ مشرق۔ خراسان۔ اسد سے ترکستان۔ تاتار۔ ماوراء النہر۔ میزان سے ارض روم۔ امریکہ۔ مصر۔ حبشہ۔ عقرب سے حجاز، یمن۔ قوس سے بغداد، اصفہان۔ جدی سے کرمان۔ عمان۔ بحرین، ہندوستان۔ دلو سے کوفہ سے لے کر حجاز تک۔ حوت سے طبرستان۔ موصل، اسکندریہ۔ ہم نے یہ مختصر بیان کیا ہے۔

تقسیم زمان

زمانہ کے چار حصے ہیں۔ پہلا ربیع اور بعض کے نزدیک گرمی پہلا حصہ ہے۔ اور بعض کے نزدیک خریف اس کی ابتدا اس وقت ہوتی ہے۔ جب سورج راس میزان میں جاتا ہے اور موسم سرما کی ابتدا جب سورج راس جدی میں جاتا ہے۔ اور موسم گرما کی ابتدا جب سورج راس حمل میں جاتا ہے اور موسم خریف کی ابتدا اس وقت ہے۔ جب سورج برج سرطان میں جاتا ہے۔ اور بعض کے نزدیک بجائے ربیع کے خریف اور بجائے خریف کے موسم گرما ہے۔

ہواؤں کا بیان

پہلی ہوا شمالی ہے جو قطب کی طرف سے چلتی ہے۔ دوسری صَبا جو مشرق سے آتی ہے۔ جب رات دن برابر ہوتا ہے۔ اور اس کے نیچے ایک ہوا دبور ہے۔ عرب کا خیال ہے کہ دبور ہی بادلوں کو اُبھار کر لاتی ہے۔ پھر صَبا اس کو مرتب کرکے موٹا اور بھاری بنا دیتی ہے۔ اور ایک ہوا جنوبی ہے۔ جو بادلوں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ملا کر ان کو پھیلا دیتی ہے۔ اور شمال کی ہوا بادلوں کو پھاڑتی ہے۔ غرض کہ شمال کی طرف سے اور جنوب کی طرف سے۔ اور صَبا شرق سے اور دبور غرب سے چلتی ہے۔

آسمانوں کے فاصلے اور آبر

افلاک کی صورتوں کے متعلق ہم حکماء متقدمین کے مذاہب بیان کر چکے ہیں۔ اب اہل شرع کے موافق بیان کرتے ہیں۔ حدیث میں ابن عباس سے مروی [illegible] حضور صلی اللہ علیہ وسلم

کے ساتھ بیٹھا ہی تھے۔ ایک ابر کا ٹکڑا ہمارے سامنے سے گزرا حضور نے فرمایا۔ تم جانتے ہو یہ کیا ہے۔ ہم نے کہا سحاب ہے فرمایا۔ اور مزن بھی اسی کا نام ہے۔ ہم نے کہا اور مزن ہے۔ فرمایا اور عنان (بھی ہی) ہے۔ ہم نے کہا۔ اور عنان ہے۔ پھر فرمایا تم جانتے ہو کہ آسمان وزمین کے درمیان میں کس قدر فاصلہ ہے۔ ہم نے کہا۔ خدا اور رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ فرمایا پانچ سو برس کا فاصلہ ہے۔ اور ہر آسمان کا دل بھی اسی قدر ہے۔ پھر ساتویں آسمان پر ایک دریا ہے جس کی گہرائی بھی اتنی ہی ہے۔ پھر اس کے اوپر ایک اتنا ہی بڑا عالم ہے پھر اس کے اوپر اللہ ہے۔ اور اللہ سے اوپر کچھ نہیں ہے۔ اور بنی آدم کا کوئی کام اس پر پوشیدہ نہیں ہے اس بات کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ پس بنی آدم کی رفتار سے ان کا درمیانی فاصلہ پانچسو برس کا ہے۔ مگر فرشتے اور شیطان اس قدر مسافت کو ایک آن میں طے کر لیتے ہیں۔ ابو داؤد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے۔ کہ آپ سے کسی نے دریافت کیا۔ کہ آسمان اور زمین کے درمیان کس قدر فاصلہ ہے آپ نے فرمایا۔ ایک دعائے مستجاب کا۔ پھر کسی نے پوچھا۔ کہ مشرق و مغرب میں کس قدر فاصلہ ہے۔ فرمایا ایک دن کی راہ کا۔

میں کہتا ہوں سورج میں بہت سی منفعتیں اور دلیلیں ہیں۔ ایک دلیل یہ ہے۔ کہ سورج ایک ہے اور اس کی روشنی تمام دنیا کو منور کرتی ہے۔ ایسے ہی خداوند تعالیٰ ایک ہے۔ اور تمام عالم کی تدبیر کرتا ہے۔ دوسری دلیل یہ کہ سورج ہم سے بہت دور ہے۔ مگر روشنی اس کی قریب ہے۔ ایسے ہی خداوند تعالیٰ بالذات بندوں سے دور ہے مگر بالاجابت نزدیک ہے۔ تیسری دلیل یہ ہے۔ کہ سورج کی روشنی سے کوئی محروم نہیں ہے۔ ایسے ہی رزق خدا کسی سے ممنوع نہیں۔ چوتھی یہ کہ کسوف شمس قیامت کی دلیل ہے۔ اور اس کا غروب ہونا ظلمت ہے۔ پانچویں یہ کہ بادل سورج کو چھپا دیتا ہے ایسے ہی معرفت الٰہی بھی پوشیدہ کی گئی ہے

منافع سورج کے بہت ہیں چنانچہ ایک تو یہ کہ تمام دنیا کا چراغ ہے۔ دوسرے پھلوں کو پختہ کرتا ہے تیسرے مشرق سے مغرب کو لوگوں کی اصلاح کے واسطے جاتا ہے۔ چوتھے یہ کہ کسی جگہ نہیں ٹھہرتا۔ تاکہ کسی کو نقصان نہ پہنچے۔ پانچویں یہ کہ جاڑے میں نیچے کے برجوں میں ہوتا ہے۔ اور گرمی اوپر کے برجوں میں۔ چھٹے یہ کہ چاند کے ساتھ اکٹھا نہیں ہوتا۔ تاکہ ایک سے دوسرے کی روشنی کو نقصان پہنچے

اگر کوئی کہے کہ سورج تو چوتھے آسمان پر ہے۔ پھر کیا وجہ کہ آسمانوں سے اس کی روشنی نہیں رکتی اور بادل سے رک جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ آسمان پر جواہر لطیفہ اور شفاف ہیں۔ ان میں سے روشنی پار ہو جاتی ہے اور بادل ایک کثیف چیز ہے اس میں سے روشنی پار نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ زمین سے بلند ہوتا ہے۔ اور زمین کے اجزاء اس میں آمیز ہوتے ہیں۔

ملہ یہ سب عربی میں بادلوں کے نام ہیں [illegible] ۱۲

قمر کا بیان

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا جس وقت بادل نہ ہو تم چاند کو دیکھتے ہو لوگوں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا پس کیا جس وقت ابر نہ ہو تو سورج کو دیکھتے ہو سب نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا پس اسی طرح تم اس کو (یعنے خدا کو) دیکھو گے۔ اگر تم کہو کہ چاند کی مثال حضورؐ نے کس واسطے دی ہے حالانکہ سورج زیادہ روشن ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس کی دو وجہیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ چاند کو آنکھ اچھی طرح دیکھتی ہے اور سورج پر قائم نہیں ہو سکتی۔ دوسرے یہ کہ خدا کے واسطے چاند پھٹ گیا۔ تب اللہ تعالےٰ نے اس کے بدلے میں اس کو دو باتیں عنایت کیں۔ اس کا واقعہ یہ ہے کہ جب جبرئیل نے چاند پر اپنا پیر ملا تو اس کی روشنی جاتی رہی جس کے صدمہ سے اس کا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلے چاند کو دو باتیں عنایت کیں۔ ایک تو یہ کہ ہر ماہ میں لوگ اس کی طرف آنکھیں لگائے رہتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ چاند سے آپ ایسی بڑی بھاری مثال بیان کریں۔

اگر تم یہ کہو کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ یعنی خدا کو آنکھ نہیں دیکھ سکتی پھر کیسے حضورؐ نے فرمایا کہ تم خدا کو دیکھو گے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ آنکھیں خدا کو اس طرح دیکھیں گی کہ اس کا احاطہ کر سکیں گی کیونکہ خداوند تعالیٰ کے وجود کا ہمارے سامنے آنا محال ہے۔ چاند میں بہت سے فوائد ہیں۔ منجملہ ان کے ایک یہ کہ وہ رات کو خلقت کے لئے چراغ ہے اور دوسرے یہ کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ اس پر ظاہر ہوا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ یعنے قریب ہوئی قیامت اور پھٹ گیا چاند۔ اور اللہ تعالےٰ نے اس کے واسطے منزلیں مقرر کیں تاکہ وقت معلوم ہو۔ اور اس کے نور سے ننانوے حصے کم کر دیئے جیسا کہ فرماتا ہے۔ فَمَحَوْنَا اٰيَةَ الَّيْلِ یعنے رات کی نشانی ہم نے مٹا دی کیونکہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو رات کو بھی لوگ اپنے کاروبار میں لگے رہتے اور رات و دن میں تمیز نہ رہتی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔ چاندنی میں رات برہنہ بیٹھنا برص پیدا کرتا ہے اور کپڑا جب دھو کر چاندنی میں پھیلایا جائے تو رنگ اس کا تبدیل ہو جاتا ہے اور جن منازل میں چاند ایک شبانہ روز رہتا ہے۔ ان کی تفصیل گزر چکی۔

نجوم اربعہ اور ان کے ارشادات اور تدبیرات

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اور فرمایا ہے وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ علم نجوم بڑا بزرگ علم ہے۔ اور اکثر لوگ اس سے قاصر ہیں اس کلام میں اشارہ معرفت نجوم کی طرف ہے۔ نہ ان احکامات کی طرف جن پر حرمت ہے۔

اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ چاند کی روشنی سورج ... ان میں اختلاف ہے۔

ان ہی میں ایک ستارہ جدی ہے جو قبلہ بتاتا ہے۔ یہ ستارہ قطب شمالی کی طرف ہے۔ اور گرد اس کے بہت سے ستارے حلقہ کئے ہوئے ہیں۔ چکی کی گرنڈ کی طرح اور ایک جانب اس کے ستارۂ فرقدان ہیں۔ اور دوسری طرف ایک چمکدار ستارہ ہے اور اس اور ان کے درمیان میں تین چھوٹے ستارے اوپر اور نیچے ہیں۔ جو قطب کے گرد گردش کیا کرتے ہیں۔ اور قطب اور جدی اپنی اپنی جگہ سے نہیں ہلتے۔ بلکہ قطب سے جدی کا پتہ چل جاتا ہے اور بعض کہتے ہیں جدی سے قطب معلوم ہوتا ہے۔ جب چاند نہیں ہوتا کیونکہ چاند کی روشنی میں سوائے تیز نگاہ آدمی کے اور کسی کو یہ ستارے معلوم نہیں ہوتے۔ اور ان کی گردش میں ایک بہت باریک ستارہ سُہا نام کا ہے۔ اس پر لوگ نظروں کا امتحان کیا کرتے ہیں۔ اور یہ جدی ستارہ جس سے کہ قبلہ معلوم ہوتا ہے یہ نبات النعش میں سے ہے۔ یعنے نبات النعش کے چاروں ستاروں میں سے دو تو فرقدان ہیں جن کا ذکر گزر چکا اور ایک جدی اور ایک سُہا ہے۔

ستارہ جدی سے قبلہ معلوم کرنے کی ترکیب ملک شام اور عراق میں یہ ہے۔ کہ اس ستارہ کو اپنی پشت کے پیچھے داہنے کان کے مقابل کرکے کھڑا ہو جائے۔ اور مصر میں بائیں کان کے پس پشت کرکے کھڑا ہو۔ خاص بیت اللہ کے دروازہ کی طرف منہ ہو جائے گا۔ اور جب تو فرقدین یا بنات النعش کی طرف پیٹھ کرکے کھڑا ہوگا۔ تو خاص کعبہ کی طرف منہ ہو جائے گا۔ فرقدان دو روشن ستارے قطب کے پاس ہیں اور بنات النعش سات ستارے ہیں جن میں سے تین نبات اور چار نعش ہیں۔ اور اسی طرح بنات النعش صغرے اور قطب شمالی اور جنوبی ہیں۔ سورج یا چاند ان کے پاس نہیں پہنچ سکتا۔ اور قطب جنوبی ہی کے پاس سہیل ستارہ طلوع ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ ستارہ سوائے جزیرۂ عرب کے اور کہیں ظاہر نہیں ہوتا۔ اور جنوب سے چلتا ہوا مغرب کی طرف غروب ہو جاتا ہے۔ اور یہ ایک سرخ ستارہ ہے۔ سب ستاروں سے الگ قبلہ سے بائیں جانب طلوع ہوتا ہے۔ اور تمام ملک عرب اور بلاد شام و عراق میں نظر آتا ہے۔ مگر آرمینیہ میں نظر نہیں آتا۔ اور جس وقت کہ عرب میں یہ طلوع ہوتا ہے تو اس کے کچھ اوپر دس راتیں بعد عراق میں دکھائی دیتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ سہیل فقط عرب ہی کا تارہ ہے۔

معلوم ہو کہ کواکب ایک ہزار بائیس ہیں جن میں سے تین سو بارہ ستارے بارہ صورتوں میں ہیں۔ اور سورج کے راستے میں پڑتے ہیں (جن کو بروج کہتے ہیں) اور تین سو ساٹھ ستارے اکیس صورتوں میں سورج کے راستہ سے علیحدہ شمال کی طرف ہیں۔ جن میں دب اکبر اور اصغر اور تنین وغیرہ ہیں اور تین سو سولہ ستارے پندرہ صورتوں میں سورج کے راستہ سے علیحدہ جنوب کی طرف ہیں ان ستاروں کا بیان اور کسی اہل فن نے نہیں کیا۔ ابو عبدالجبار نے اپنی کتاب بصرۃ الکواکب میں لکھا ہے کہتے ہیں کہ جو کواکب ثابتہ شمال کی جانب ہیں ان میں سے ایک دب اصغر ہے۔ صورت اس کی مثل گوہ کے ہے۔ جو ہاتھوں کو پھیلائے ہوئے بیٹھی ہے۔ اس میں سات ستارے ہیں۔ اور عرب اس کو بنات النعش کہتے ہیں۔ چار ستاروں کا نام نعش ہے۔ اور تین ستارے اس کی قوم ہیں۔ پھر اس صورت کے باہر آٹھ ستارے ہیں۔ میں کہتا ہوں اور ان میں سے ایک دب اکبر ہے۔ جس میں ستائیس ستارے ہیں اور ان کی صورت سے باہر آٹھ ستارے ہیں جن میں سے سات کو عرب بنات النعش کہتے ہیں۔ چار نعش کے پائے اور تین دم

کے ہیں۔ اور ابھی میں وہ ستارہ ہے جس کو سہا کہتے ہیں۔ اور ایک تنین ہے۔ اس میں اکتیس ستارے ہیں۔ صورت اس کی اژدہے کی سی ہے۔ چاروں ستاروں سے اس کی صورت شروع ہوتی ہے۔ مربع کی طرح اور اس کے سر پر عقرب کا نشان ہے۔ ایک ان میں سے فلک ہے جس کو اکلیل شمالی بھی کہتے ہیں۔ یہ ستارے سماک رامح کے نیچے واقع ہیں۔ اور ایک ان میں سے جاثی ہے۔ یعنی گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا ہے۔ اس میں ستائیس ستارے ہیں۔ اور ایک ان میں سلیاق ہے جس کو نوراور صنج رومی بھی کہتے ہیں۔ اور ایک سلقاقہ ہے جس میں دس ستارے ہیں۔ اور ایک بہت روشن ستارہ نسر واقع نام کا ہے۔ اور ایک ان میں سے دجاجہ ہے۔ یعنی مرغی کی شکل۔ اس میں انیس ستارے ہیں اور دو ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اور ایک ان میں سے مثلث ہے۔ اس میں چار ستارے ہیں۔ کوکب سمکہ اور ترسہ کے درمیان میں جو راس الغول کے اوپر ہے۔ پس یہ سب شمالی صورتوں کے ستارے تین سو ساٹھ ہیں۔ اور جنوبی صورتوں کے تین سو بارہ ستارے ہیں۔ جن میں سے ایک قطیعت ہے۔ اس میں بارہ ستارے ہیں۔ صورت اس کی ایک جانور کی سی ہے۔ جس کے دو پیر اور ایک دم مثل مچھلی کی دم کے ہے اور ایک ان میں سے جبار ہے اور اس میں اڑتیس ستارے ہیں۔ اس کی صورت ایک مرد کی سی ہے جو راستہ چل رہا ہے۔ اور ہاتھ میں اس کے لکڑی ہے اور کمر بند بندھا ہوا ہے۔ اور تلوار کمر سے بندھی ہوئی ہے۔ اس کے ستاروں میں سے ایک سرخ ستارہ جوزا ہے۔ اور ان میں سے ایک بارہ ستاروں کا مجمع کا ہے۔ رجل الجبار سے نیچے کی طرف۔ صورت اس کی خرگوش کی ہے۔ منہ اس کا مغرب کی طرف اور پیر مشرق کی طرف اور ان ہی میں سے ایک کلب اکبر ہے۔ اس میں اٹھائیس ستارے ہیں ایک سنبلہ ہے۔ جس کو بان المرزبان کہتے ہیں۔ اور ان میں سے شعرۃ الغمیصا ہے۔ یہ وہ ستارے ہیں جو جوزا کے بعد طلوع ہوتے ہیں۔ جو سرطان کہ جوزا میں ہے۔ اور شعرۃ الغمیصا جو ذراع میں ہے۔ ان کو اہل عرب سہیل کی بہنیں کہتے ہیں۔ اور انہیں میں سے اکلیل جنوبی ہے۔ اس میں تیرہ ستارے ہیں۔ اور اس کی صورت کے باہر پانچ ستارے ہیں۔ صورت اس کی بڑی مچھلی کی سی ہے۔ اور اس کے ستارے برج دلو کے جنوب پر واقع ہیں۔ سر مشرق کی طرف اور دم مغرب کی طرف۔ اور انہیں سے ایک مجمرہ ہے۔ یہ ستارہ جزیرات العفر سے جنوب کی جانب ہے۔ جس میں کل شمال اور جنوبی ستارے ہیں۔ اور اکثر لوگوں نے ان کا ذکر کیا ہے۔ مگر جو ستارے غیر مشہور ہیں ان کا ذکر ہم بعد میں کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اجرام کواکب

معلوم ہو کہ سورج کا جسم دنیا سے ایک سو ساٹھ مرتبہ زیادہ ہے اور چاند کا جسم انتالیس مرتبہ زیادہ اور ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں۔ کہ سورج کا جرم پندرہ درجہ آگے سے اور اسی قدر پیچھے سے اور چاند کا جرم بارہ درجہ آگے سے اور اسی قدر پیچھے سے۔ اور مریخ کا جسم آٹھ درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے۔ اور زہرہ کا جسم سات درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے۔ اور عطارد کا جرم بھی اسی قدر ہے۔

ستاروں کا ساتوں آسمانوں کا دورہ کرنا

معلوم ہو کہ چاند اٹھائیس دن اور ایک دن کی تہائی میں آسمان کا دورہ کرتا ہے۔ اور عطارد اٹھاسی روز میں اور زہرہ دو سو چوبیس روز میں۔ اور ایک دن کی چوتھائی میں۔ اور سورج تین سو پینسٹھ روز میں فلک کو طے کرتا ہے۔ اور مریخ چھ سو تیس روز میں۔ اور مشتری گیارہ برس میں اور زحل انتیس برس میں طے کرتا ہے

مقامات بروج

معلوم ہو کہ قمر کا ہر برج میں دو دن تین شب کا مقام ہے۔ اور عطارد کا ہر برج میں پندرہ دن اور زہرہ کا مقام ہر برج میں پچیس روز کا ہے۔ اور مشتری کا ہر برج میں مقام ایک سال کا ہے اور زحل کا تیس مہینے کا۔

شرف کواکب

قمر کا شرف برج ثور میں ہوتا ہے۔ اور عطارد کا سنبلہ میں۔ اور زہرہ کا حوت میں۔ اور شمس کا حمل میں۔ اور مریخ کا جدی میں۔ اور مشتری کا سرطان میں۔ اور زحل کا میزان میں۔

منزل ثریا آسمان میں چراغ عالم ہے۔ کیونکہ آسمان میں اس سے زیادہ کسی جگہ ستارے نہیں ہیں۔ اسی سبب سے اس کو نجوم کہتے ہیں۔ اور باب اسماء بھی یہی ہے۔

ستاروں کے دن

یکشنبہ شمس کا ہے۔ دوشنبہ قمر کا۔ سہ شنبہ مریخ کا۔ چہارشنبہ عطارد کا پنجشنبہ مشتری کا جمعہ زہرہ کا شنبہ زحل کا۔

ستاروں کا اقتران

اقتران کے معنے یہ ہیں کہ جب ایک ستارہ ایک برج میں ہو۔ تو دوسرا ستارہ اس کی نظر میں ہو اور اجتماع یہ ہے۔ کہ دو ستارے ایک برج میں اکٹھے ہوں۔ اس وقت حکم الٰہی سے ان کے آثار نمایاں ہوتے ہیں جب زحل مشتری کے قریب ہوتا ہے تو جنگ و جدل عالم میں بکثرت ہوتی ہے۔ اور بادشاہان روئے زمین مرتے ہیں۔ اور جب مریخ زحل کے قریب ہوتا ہے تب بھی یہی اثر پیدا ہوتا ہے۔ اور جب زحل شمس سے قریب ہوتا ہے۔ تب بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ اور جب زحل کا زہرہ سے قران ہو۔ تو قحط سالی اور گرانی نمایاں ہو اور جب زحل عطارد سے قران کرے۔ تو کانیوں کا حال بہتر ہو۔ اور جب قمر سے قران کرے۔ تو حکام سے ظلم سرزد ہوں۔ اور جب مشتری مریخ سے قران کرے۔ تو عالم میں حد درجہ کی سختیاں ظاہر ہوں۔

طبائع کواکب

قمر بارد و مؤنث بلغمی ہے اور حرارت اس کی عارضی ہے۔ کیونکہ اس کی روشنی شمس کی روشنی سے ہے ہنسی اور زینت کا یہ بادشاہ ہے۔ عطارد کبھی مؤنث اور کبھی مذکر اور کبھی سعد اور کبھی نحس ہے۔ حرارت اس کی معتدل ہے۔ اور یہ گفتگو اور لکھنے پڑھنے کا بادشاہ ہے۔ زہرہ مؤنث ہے سرد تر مزاج بلغمی۔ شادی اور خوشی کا یہ بادشاہ اور شہوت اور زینت اور تالیف قلوب اور حسن اور لہو و لعب سب اس کی خاصیتیں ہیں۔ شمس مذکر گرم خشک ہے مزاج صفراوی اور یہ سعد بالنظر اور نحس با[illegible] سرور کا یہ بادشاہ ہے۔ مریخ

گرم خشک ہے۔ مزاج صفراوی جو ہر اس کا تو نبا اور مزہ کڑوا ہے اور اعضا میں سے سر اور معدہ اور قتل و غارت اور خونریزی وغیرہ سے اس کا تعلق ہے۔ مشتری مذکر معتدل و صاف ہوائی مزاج ہے۔ اور سعد ہے خون سے اس کا تعلق ہے اور جو ہر اس کا جست اور مزہ میٹھا اور رنگ سپید ہے اور ساکن ہوا جو دلوں میں ہوتی ہے۔ اس کا یہ بادشاہ ہے۔ اور عیش و عشرت اور ریاست اسی سے متعلق ہے۔ زحل سرد خشک اور اندھیرا ہے۔ مزاج سوداوی جو ہر اس کا سیسہ اور مزہ اس کا کڑوا اور رنگ سیاہ ہے حرارت اور نفرت اور ظلم و قہر اسی سے متعلق ہیں۔ اور ذکر یعنے عضو تناسل کا یہ بادشاہ ہے۔

میں کہتا ہوں کہ ایک قوم کا یہ خیال ہے کہ عالم میں جو کچھ ہوتا ہے۔ اسی کو یہی ستارے اور افلاک کرتے ہیں۔ اور یہی مدبر عالم ہیں۔ اور حجت اس کی خداوند تعالے کا یہ فرمان لیتے ہیں۔ فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا وغیرہ۔ اور ہم یہ کہتے ہیں۔ کہ یہ بات نہیں ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب معراج میں تشریف لے گئے اور کل چیزوں کی آپ نے سیر کی اور بروج و کواکب کے حالات سے آپ نے ہم کو مطلع کیا۔ بس اسی قدر مقبول ہے اور باقی مردود ہے۔ جس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ بلکہ دلائل و براہین اس بات پر قائم ہیں کہ خداوند تعالے نے ان کو پیدا کیا ہے اور فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا۔ سے یہ مطلب ہے جس کو حضرت ابن عباس رضی نے بیان کیا ہے کہ خداوند تعالے نے بعض ملائکہ کو رزق پر۔ اور بعض کو ہوا پر بعض کو بارش پر موکل کیا ہے۔ اور جو کام وہ کرتے ہیں۔ خداوند تعالیٰ ہی کے حکم سے کرتے ہیں۔ کیونکہ وہی قادر اور علیم اور حکیم ہے۔

۵۔ بسم اللہ شریف کے خواص و برکات

معلوم ہو کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ میں جو اسرار اللہ تعالے نے ودیعت کر رکھے ہیں۔ ان کو جو شخص معلوم کرے وہ آگ میں نہیں جل سکتا۔ اور جو اس کے وفق کو لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ بھی نہیں جل سکتا۔ کل علماء کا اتفاق ہے کہ ہر بڑے کام کو بسم اللہ کے ساتھ شروع کرنا چاہیئے۔ قرآن شریف کے اتباع کے واسطے۔ کیونکہ ابو ہریرہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ کہ آپ نے فرمایا ہے کہ جو بڑا کام بغیر بسم اللہ کے شروع کیا جائے گا۔ وہ ناتمام ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ مقطوع ہوگا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اَبتر ہوگا۔ یعنے اس میں برکت نہ ہوگی۔ روایت ہے کہ خداوند تعالے کی طرف سے جو کتابیں نازل ہوئی ہیں وہ ایک سو چار صحیفے ہیں جن میں سے ساٹھ صحیفے شیث علیہ السلام پر نازل ہوئے۔ اور تیس حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور دس صحیفے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توراۃ کے نازل ہونے سے پہلے نازل ہوئے تھے۔ اور توراۃ اور زبور اور انجیل اور قرآن شریف اور سب کتابوں کے معانی کا مجموعہ قرآن شریف ہے۔ اور قرآن مجید کے معانی کا مجموعہ سورۂ فاتحہ ہے اور سورہ فاتحہ کا مجموعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے۔ اور بسم اللہ کا مجموعہ حرف ب ہے جس کے معنے یہ ہیں کہ خداوند تعالے فرماتا ہے بِیْ کَانَ مَا کَانَ وَبِیْ مَا یَکُوْنُ یعنے میرے ہی ساتھ تھا وہ جو تھا۔ اور میرے ہی ساتھ وہ ہے جو ہوگا۔

روایت ہے کہ بسم اللہ جب نازل ہوئی ہے۔ تو اس کے نازل ہونے سے عرش ہلا تھا اور ملائکہ دوزخ سے یہ کہا تھا کہ جس نے اس کو پڑھا وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ اور اس میں انیس حرف ہیں۔ اور ملائکہ محافظین دوزخ بھی انیس ہیں اللہ تعالے ہم کو عافیت میں رکھے۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا جب بسم اللہ نازل ہوئی تو ابر مشرق کی طرف بھاگا تھا۔ اور ہوا ٹھہر گئی تھی۔ اور سمندر چڑھ آیا تھا اور چوپاؤں نے گردن جھکا کر خاموش ہو گئے تھے۔ اور شیطانوں کو آسمان سے شہابے مارے گئے تھے۔ اور خداوند تعالےٰ نے قسم کھائی تھی۔ کہ جب میرا نام کسی مریض پر دم کیا جائے گا۔ تو شفا ہوگی۔ اور جس چیز یا کام پر لیا جائے گا اس میں برکت دی جائے گی۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جس کو منظور ہو کہ موکلین دوزخ سے نجات حاصل کرے اس کو بسم اللہ کثرت سے پڑھنی چاہیئے۔ کیونکہ اس کے انیس حرف ہیں۔ ہر حرف کے بدلے میں ایک فرشتہ سے نجات ہوگی۔ اور جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے گا۔ اس کو عالم علوی اور سفلی میں ہیبت نصیب ہوگی۔ اور اسی بسم اللہ کی طفیل سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی سلطنت قائم ہوئی تھی۔ اور جو کوئی سو مرتبہ اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت ہوگی۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ اس کو چاہیئے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے پھر جمعہ کو غسل کر کے جامع مسجد میں جائے۔ اور کچھ صدقہ مساکین کو تقسیم کرے۔ پھر جمعہ کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیت تک پھر یہ آیت پڑھے اَلَّذِیْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِهٖ اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّیْ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ[1] اور اپنی حاجت کا نام لے۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ دعا تم جاہلوں کو نہ سکھاتا۔ ورنہ ایک دوسرے پر بددعا کریں گے۔ اور مقبول ہوگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے۔ جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں۔ اور فرمایا ہے کہ آدمی کی شیطان سے حفاظت بسم اللہ ہی سے ہے۔ بسم اللہ میں لفظ اسم اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کے بعد جو اسم ہے وہی اسم اعظم ہے یعنے اللہ کیونکہ اسم اعظم ہی اسم جلال ہے اور وہی قطب الاسماء ہے اور اسی طرف رجوع کی جاتی ہے۔ اور وہی علم یعنی مشہور نام ہے۔ جب کوئی تم سے پوچھے کہ رحمٰن کون ہے تو کہو گے کہ اللہ ہے۔ ایسے ہی کل اسماء کی اضافت اسی کی طرف کی جاتی ہے۔ اور اسی سے جلالت کی معرفت ہوتی ہے اور اس کا بلند مرتبہ معلوم ہوتا ہے۔ اس اسم کو اور اسماء پر بڑا شرف ہے۔ اور وہ یہ کہ جب تم اس میں سے الف دور کروگے تو لله رہ جائے گا۔ اور جب

---

[1] اے اللہ میں تیرے نام رحمٰن ورحیم کے ساتھ تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اللہ جس کے سوا معبود نہیں ہے زندہ اور قائم ہے۔ جس کے سامنے سرکشوں کے منہ جھک گئے اور آوازیں اس کے سامنے نرم ہو گئیں اور دل خوف زدہ ہو گئے۔ اس کے ڈر سے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حضرت ہمارے سردار محمد پر درود وسلام نازل کر اور ان کے آل اور اصحاب پر اور میری یہ حاجت پوری کر دے ۱۲ سید یٰسین علی نظامی خواہرزادہ حضرت خواجہ حسن نظامی اولیاء رح

ایک لام کو بھی دور کر دو تو لاھ رہ جائے گا۔ اور جب اس لام کو بھی دور کر دو تو ھو رہ جائے گا پس اس کے سب حرف بالذات قائم ہیں۔ یہ بات کسی اور اسم میں نہیں ہے۔ جب تم ان میں سے ایک یا دو حرف کم کرو گے تو اس کے معنی باطل ہو جائیں گے۔ پس اسی سبب سے کہ اس کے حرفوں میں خلل نہیں پڑتا اس اسم کو بڑا شرف ہے۔ اور دلیل اس بات کی کہ یہ ذات بزرگ ثابت العزوا لبقا ہے اور اس کے علاوہ اس اسم کو اور شرف ہے وہ یہ کہ یہ اسم ذات واجب الوجود الٰہیہ پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ پہلا حرف اس اسم کا الف ہے۔ اور الف پہلا حرف اور پہلا عدد اور پہلی اکائی ہے پس ذات باری بھی اپنی صفت میں فرد اور اپنے عدد میں احد ہے اور یہ الف اس احدیت کی طرف اشارہ کرتا ہے جس کے سامنے کل موجودات سر تسلیم خم کئے ہوئے ہیں اور آخر میں اس اسم کی ہا ہے اور یہ بھی توحید الوہیت کی طرف اشارہ کرتا ہے اور سوائے اس اسم کے اور کسی اسم میں پایا نہیں جاتا اور یہی زبان حال سے کہتا ہے کہ میں ہی اول ہوں۔ میں ہی آخر ہوں۔ میں ہی ظاہر ہوں۔ میں ہی باطن ہوں۔ پھر بسم اللہ میں بعد اسم ذات کے صفت رحمانیت ہے۔ فرماتا ہے۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا یعنی کہہ دو اے رسول کریم چاہے اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو جس کو چاہو پکارو۔ پس اس نے تم کو اختیار دیا ہے کہ اللہ کہو یا رحمٰن کہو۔ کیونکہ اللہ الوہیت اور رحمانیت کی دونوں صفتوں کا جامع ہے اور خدا کا ہر ایک نام بزرگ ہے۔ اگر تم کو خدا کی رحمت درکار ہے۔ تو یا رحمٰن پڑھا کرو۔ اور اسم اللہ اخص الاسماء اور اعظم ترین اسما بالاتفاق ہے۔ اور یہ سریانی اسم ہے۔ معنے اس کے عدم سے اشیاء کو وجود میں لانے والا اور اس کے اور بھی معانی ہیں جن کو جاہلوں سے پوشیدہ رکھنا بہتر ہے۔ تاکہ وہ اس کے سبب سے برے فعل نہ کریں۔ بلعم بن باعور کی طرح سے۔ خدا ہم کو اپنے غضب سے محفوظ رکھے اے اللہ تو ہم کو ان میں سے نہ کیجیو۔ جو تیرے اسماء سے گناہوں پر امداد طلب کرتے ہیں۔ اس اسم میں چار حرف ہیں۔ ایک الف اور دو لام اور ایک ہا۔ اور طبائع بھی چار ہیں۔ اور سمتیں بھی چار ہیں۔ شرق و غرب۔ شمال و جنوب۔ اور ملائکہ تسبیح بھی چار ہیں۔ جبرئیل۔ میکائیل۔ اسرافیل۔ عزرائیل۔ جبریل وہ ہیں جنہوں نے پیغمبروں کو رسالت پہنچائی۔ اور صاحب غلبہ و قہر ہیں جن سے خداوند تعالے نے کفاروں کو ہلاک کروایا۔ اور اسرافیل صاحب صور ہیں۔ جو اس میں تین بار پھونک ماریں گے۔ ایک پھونک گھبراہٹ کی ہوگی۔ جس کو خداوند تعالے فرماتا ہے۔ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ۔ یعنے اور پھونکا جاوے گا صور میں پس گھبرا جائیں گے وہ جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں۔ مگر جس کو چاہے اللہ (وہ نہیں گھبرائے گا) اور ایک پھونک صعقہ کی ہوگی جس کو خداوند تع فرماتا ہے فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ یعنے پس کڑک میں آجائیں گے وہ جو آسمان و زمین میں ہیں۔ اور تیسری پھونک بعث اور قیام کی ہوگی جس کو وہ فرماتا ہے ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ۔ یعنے پھر جب اس میں دوبارہ پھونکا جائے گا۔ تو سب کھڑے ہوئے دیکھتے ہوں گے۔ پس ہر ایک پھونک کے ساتھ نرالی شانیں ہیں جو اسی کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور حضرت عزرائیل علیہ السلام قبض ارواح پر موکل ہیں اور ظالموں کا قلع قمع اور کافروں کا استیصال انہیں سے متعلق ہیں۔ مگر مومن کے واسطے قبض روح میں راحت و رحمت ہے کیونکہ موت ہی کے

واسطے سے وہ ان مقامات میں پہنچتا ہے۔ جو خداوند تعالےٰ اپنے کرم و عنایت سے اس کے واسطے مہیا کئے ہیں۔ اور میکائیل علیہ السلام رزق پر مؤکل ہیں۔ زمین میں ایک دانی کا دانہ بھی ایسا نہیں ہے کہ جس پر فرشتہ مؤکل نہ ہو۔ اور ان چاروں فرشتوں کے ماتحت بہت فرشتے ہیں چنانچہ جبرائیل علیہ السلام کے اس قدر ماتحت فرشتے ہیں جن کا شمار ممکن نہیں پھر ان چاروں فرشتوں میں سے ہر ایک کے افکار و اعمال علیحدہ ہیں۔ اور ہر ایک کا روز بھی علیحدہ ہے۔ چنانچہ جبرائیل کا روز دوشنبہ اور مزاج سرد تر ہے۔ اور اسرافیل کا روز پنج شنبہ اور مزاج گرم تر ہے۔ اور عزرائیل کا روز شنبہ اور مزاج سرد تر اور طبیعت خاکی اور موت اور فنا۔ اور میکائیل کا روز چہارشنبہ اور مزاج چار مزاجوں سے ممتزج۔

ان چاروں مؤکلات کے چار اوفاق الگ الگ ہیں۔ چنانچہ جبرائیل کا مسبع اور اسرافیل کا مربع اور عزرائیل کا مثلث اور میکائیل کا مثمن ہے۔ صورت ان کی یہ ہے۔

مسبع جبرائیل

۱	۲۷	۹	۲۴	۶۱	۳۳	۲۲
۲۱	۱۰	۲۵	۷۴	۲۳	۲۲	۲۰
۲۱	۵۶	۲۶	۳۴	۲۲	۳	۱۴
۲۱	۵۶	۲۶	۳۴	۲۳	۴	۱۴
۷	۴	۵	۲۸	۱۲	۳۰	۳۶
۵۸	۷	۲	۶	۹	۱۴	۲۷
۱۴	۹	۸	۱۸	۷	۲۶	۱۵

مربع اسرافیل

۱	۵	۱۳	۷
۱۲	۶	۷	۹
۸	۱۰	۱۱	۵
۳	۳	۶	۱۴

مثلث عزرائیل

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

مثمن میکائیل

۱	۱۲	۵۴	۵	۵	۸	۶	۲۷
۶	۲	۵۲	۷	۶	۸۰	۲۰	۳۰
۲۰	۲	۴۳	۹	۲	۳۵	۲	۵
۸	۲	۱۰	۸	۲	۱۷	۱۸	۱۱
۸	۷	۲۶	۹	۲۲	۳۲	۱۲	۱۹
۱۰	۲۱	۸	۷۵	۶۱	۹	۱	۹
۲	۹	۵۲	۸	۷	۲۲	۵	۸
۷۲	۷۲	۴	۷	۶	۱۶	۷	۴

معلوم ہو کہ ان اوفاق میں بہت بڑی تاثیر ہے جو شخص ترکیب سے کرے گا۔ ان کو صحیح پائے گا اور ان سے جو چاہے گا کام لے سکتا ہے۔ مگر خدا سے ڈرنا ہے کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔

ترکیب ان کے لکھنے کی یہ ہے کہ جو وفق لکھنا چاہے اس کے اعداد میں عدد مطلوب زیادہ کرکے نہایت صحت کے ساتھ لکھے مطلب پورا ہوگا۔ اور مسبع کو اس طرح لکھے کہ پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت قمر کی ساعت میں خالص چاندی یا سپید کاغذ کے ٹکڑے پر نقش کرے۔ اگر بھلائی کے واسطے لکھنا ہے۔ تو عروج ماہ یا شرف قمر میں جب کہ وہ نحوست سے سالم ہو لکھے۔ مگر چاہیئے کہ جہاں تک ممکن ہو۔ درگزر کرے۔ کسی کو ستانا اچھا نہیں۔ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے

فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ ط یعنے جس نے معاف کیا اور صلح کر لی۔ اس کا اجر خدا پر ہے۔ اور جب بھلائی کے

واسطے کے تو شمع عنبر شمعو روشن کرے۔ اور جب بادی کے واسطے کے تو بید لود روشن کرے۔ اور اگر اس وقت برج ہوائی میں ہو تو اس نقش کو ہوا میں لٹکائے۔ اور اگر برج آتشی میں ہو تو آگ میں دفن کرے۔ اور اگر برج خاکی میں ہو تو خاک میں۔ اس کے دروازے سے یا چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

کسی کو بلانے کا عمل اگر اس کو بلانا چاہے تو اپنے دروازہ میں دفن کرے۔ کیسا ہی بڑا شخص ہو آ جائے گا۔ اور اگر برج آبی میں ہو تو گزرگاہ آب میں دفن کرے۔ اور اگر بہانا چاہے تو ایک ترسل کی نلکی میں بند کرکے موم لگا کر پانی بہا دے۔ اور اس دعا کو پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ دعا یہ ہے[1]۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا الْحَسِیْبَةِ الَّتِیْ اِذَا وُضِعَتْ عَلٰی شَیْءٍ ذَلَّ وَخَضَعَ وَاِذَا طَلَبْتُ بِھِنَّ الْحَسَنَاتِ حَصَلَتْ وَاِذَا صُرِفَتْ بِھِنَّ السَّیِّئَاتُ صُرِفَتْ وَکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ یَا کَافِیْ یَا وَافِیْ یَا رَءُوْفُ یَا لَطِیْفُ یَا رَزَّاقُ یَا وَدُوْدُ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیْمُ یَا وَاسِعُ یَا کَرِیْمُ یَا وَهَّابُ یَا بَاسِطُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا غَنِیُّ یَا مُغِیْثُ یَا حَنَّانُ یَا جَوَادُ یَا مُحْسِنُ یَا مُنْتَقِمُ اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَاَسْأَلُكَ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْجَلِیْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اللَّطِیْفُ الْعَظِیْمُ الرَّزَّاقُ الْغَفُوْرُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْمُمِیْتُ الْمُجِیْبُ الْقَرِیْبُ السَّمِیْعُ السَّرِیْعُ الْکَرِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذُوالطَّوْلِ الْمَنَّانُ۔

عمدہ اخلاق اور باطنی درستگی کی دعا ان اسماء کو جو شخص پڑھے یا اپنے پاس رکھے۔ اس کے اخلاق عمدہ ہو جائیں گے۔ اور لوگ اس پر مہربان ہوں گے۔ اور کثرت سے نذر دیں گے۔ اور عجیب و غریب معانی کا اس پر انکشاف ہوگا۔ اور ظاہر و باطن اس کا درست ہو جائے گا۔ کیونکہ اس دعا میں وہ اسم اعظم ہے جس کے ساتھ جو کچھ دعا کی جائے مقبول ہو۔ اور جو کچھ مانگا جائے۔ وہ مل جائے۔ اور بہت بڑا بزرگ وظیفہ ہے جو شخص آدھی رات کو ان اسماء کا ورد کرے۔ اپنی ہمت کے موافق عجائبات ملاحظہ کرے۔ اس ذکر کی مداومت پوشیدہ اسرار کو

---

[1] اے اللہ میں تجھ سے اسماء حسنیٰ کے طفیل سے سوال کرتا ہوں وہ اسماء جو ایسے ہیں جس چیز پر رکھے جائیں وہ ذلیل اور مطیع ہو جائے۔ جب نیکیاں ان کے سبب سے طلب کی جائیں تو حاصل ہوں گی اور برائیاں روکی جائیں تو دور ہو جائیں گی اور اللہ کے ان کلمات کے سبب سے جن کے لئے اگر زمین کے کل درخت قلمیں بن جائیں اور کل سمندر کی سیاہی بنا کر خدا کے کلمے لکھیں۔ تب بھی کلمے ختم نہ ہوں۔ اور سمندر ختم ہو جائیں۔ یقیناً حالانکہ خدا غالب حکمت والا ہے اے کافی اے ولی اے مہربان اے باریک بین اے رزق دینے والے اے محبت کرنے والے اے علم والے اے وسعت والے اے بزرگی دینے والے اے کشادہ کرنے والے اے بخشش کرنے والے اے عطا کرنے والے اے بے پروا اے رحم کرنے والے اے مہربان اے غنی

کھول دیتی ہے۔ جوان کو پڑھتا ہے۔ عالم علوی کے معاملات اس پر منکشف ہو جائیں اور ملائکہ اس کے مسخر ہوں اور جو شخص اسم کافی کے ساتھ ان اسماء کا ذکر کرے۔ اور کسی چیز کی تمنا رکھتا ہو تو اس کو اس طرح وہ چیز حاصل ہوگی کہ اس کو خیال تک بھی نہ ہوگا۔ اور جو کوئی ادنےٰ درجہ کا آدمی ہو۔ اور ترقی کرنا چاہے۔ تو اللہ تعالےٰ بلا مشقت اس کو ترقی نصیب کرے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہے۔ اور وہ اسم کافی اور جامع کا ورد کرے وہ چیز اس کو واپس آجائے گی اور یا عفوُّ کا ورد دلِ بڑے الم و رنج کو دفع کرتا ہے۔ اور یا رؤف پڑھنے سے خوف دور ہو کر اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اس اسم کو جو خلوت اور روزہ کے ساتھ اس قدر ورد کرے۔ کہ اس کا حال اس پر طاری ہو جائے تب اگر وہ شخص آگ کو ہاتھ میں لے لے گا۔ تو کچھ ضرر نہ پہنچائے گی۔ اور اگر پکتی ہوئی ہنڈیا پر پھونک مارے گا۔ تب اس کا جوش جاتا رہے گا۔ اور اگر اس کے ساتھ یا حلیم یا رب یا منان اور ملائے تو بہتر ہے۔ اس طرح پڑھے یا حلیم یا رب یا رؤف یا منان۔ اگر ان اسماء کو ساعت قمر میں لکھ کر دشمن سے مقابلہ کرے تو فتح مند ہو۔

شہوت دور دشمن مغلوب | جس کو شہوت بہت ستاتی ہو۔ وہ ان کو پڑھے تو شہوت اس کی زائل ہو جائے۔

اب ہم اپنے مقصد یعنے فوائد بسم اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی۔ تو اہل آسمان از حد خوش ہوئے۔ اور عرش عظیم ہلنے لگا اور بے انتہا فرشتے جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ نازل ہوئے۔ اور ملائکہ کا ایمان بڑھ گیا۔ اور افلاک نے حرکت کی۔ اور اس کی عظمت کے آگے سلاطین ذلیل ہوتے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آدم علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ ان کی پیدائش سے بھی پانسو برس پہلے۔ اور جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ کو گلزار بنانے آئے تھے۔ اور آگ سے انہوں نے کہا بسم اللہ اے آگ تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی۔ کیونکہ اگر بسم اللہ نہ ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر لکھی ہوئی تھی۔ جب کہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا۔ اور مردہ پر پڑھتے تھے۔ تو زندہ ہو جاتا تھا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور بسم اللہ کے ہی ساتھ مخصوص ہے۔ کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ جو شخص اس کے عدد حروف کے موافق

(بقیہ صفحہ سابقہ) اے فریاد رس اے مہربان اے بخشش کرنیوالے اے سخی اے احسان کرنیوالے اے بدلہ کرنے والے اے اللہ اپنے حلال کے ساتھ مجھ کو اپنے حرام سے بے پروا کردے اور اپنی طاعت کے ساتھ اپنی معصیت سے اور اپنے فضل کے ساتھ اپنے سوا سے بے پروا کردے اے بڑے مہربان اے اللہ میں تجھ سے تیرے اس نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ بزرگ۔ بزرگ ہے رحمٰن اور رحیم ہے لطیف ہے عظمت والا ہے اور رزق رساں ہے بخشنے والا امن دینے والا حفاظت دینے والا۔ مارنے والا۔ قبول کرنے والا۔ قریب سننے والا۔ جلد کام کرنے والا۔ کرامت والا۔ جلال والا۔ بزرگی والا بخشش والا احسان والا احترجم۔

اس کو سات سو چھیاسی مرتبہ سات روز لگاتار پڑھے۔ جو کوئی نیت رکھتا ہو وہ پوری ہوگی بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفع کرنے یا کسی تجارت کے چلنے وغیرہ کی اور جو شخص سوتے وقت اس کو اکیس بار پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے۔ اور چوری اور ناگہانی موت اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے۔ اور جب کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ کو پڑھے۔ اس ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہو۔ اور اس کے شر سے محفوظ رہے۔

ایک سال میں امیر ہونے کا عمل اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے مقابل ہو کر تیس سو مرتبہ بسم اللہ اور اسی قدر درود شریف پڑھے۔ خدا اس کو ایسی جگہ سے رزق دے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور ایک سال گزرنے نہ پائے کہ امیر کبیر ہو جائے۔

اکسیر محبت - محبت کے واسطے جس شخص کو سات سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے وہ دوست ہو جائے۔

ذہن کی تیزی کا عمل اور اسی پانی کو اگر کند ذہن نہار منہ پیوے۔ تو ذہن اس کا بہت تیز ہو جائے۔ اور جو بات سنے یاد رہے۔ اگر باران طلبی کی نیت سے اکتالیس مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تعالےٰ بارش نازل کرے جو شخص صبح کے وقت دل اور ہاتھ کی نیت سے ڈھائی ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے اللہ تعالےٰ اس پر عجائب اور اسرار منکشف کرے اور عالم میں جو کچھ بات ہونے والی ہو۔ وہ اس کو خواب میں پہلے ہی معلوم ہو جایا کرے۔ مگر اس کے واسطے ریاضت اور دینداری شرط ہے تاکہ کامیابی نصیب ہو۔ اگر کسی کو حاکم یا بادشاہ کے پاس جانا ہو تو جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے۔ اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ گن کر بسم اللہ پڑھے۔ پھر بے گنتی پڑھتا جائے۔ یہاں تک کہ اس کو نیند آ جائے۔ پھر جمعہ کو صبح کے وقت اٹھ کر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے اور مشک و زعفران و گلاب سے ریک کا غذ پر ایک سو اکیس بار لکھے اور عود و عنبر کی خوشبو روشن کرے۔ پس قسم ہے خدا کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں کی نگاہوں میں ایسا ہوگا جیسے چودھویں رات کا چاند۔ ہر ایک اس کی عزت و اطاعت کرے گا۔ اور اس کی ہیبت میں آ جائے گا۔ اور جس کی اس پر نگاہ پڑے گی۔ وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی صورت یہ ہے۔ ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م۔

تنگی دور کرنے کا عمل اور اگر تنگ معاش آدمی اس کو ایک سو اکیس بار ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور قسط مبعہ سائلہ۔ لبان جاوی کی دھونی روشن کرے تو اللہ تعالےٰ رزق اس پر کشادہ کرے۔

قرض سے نجات کا عمل اگر قرض دار اس کو اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالےٰ اس کا قرض ادا کرے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہے۔ اور اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر آب زمزم یا میٹھے کوئیں کے پانی سے دھو کر جس مریض کو پلائیں اس کو شفا ہوگی۔

بچہ کی پیدائش میں سہولت اور اگر عورت درد زہ میں مبتلا ہو اس کو پلائیں فوراً بچہ پیدا ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر چھتیس ۳۵

مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو شیطان کا گزر نہ ہو۔ اور برکت کی زیادتی ہو۔ اور اگر اس کاغذ کو دکان پر لٹکائیں تو نفع بہت ہو۔ اور خریداروں کی نگاہیں اندھی ہو جائیں گی۔ اور جو شخص پہلی محرم کو ایک سو تیس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام عمر اس کو یا اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچے۔ اور جس عورت کے بچے نہ جیتے ہوں یا اس کو حمل نہ رہتا ہو تو لازم ہے کہ ایک سو اکسٹھ مرتبہ بسم اللہ لکھ کر حیض کے پاک ہونے کے تین روز بعد اس کی کمر سے باندھے اور صحبت کرے۔ حکم الٰہی سے ضرور حاملہ ہوگی۔ اور نیک بخت صاحب عمر بچہ پیدا ہوگا۔ اور حمل کا کچھ دکھ درد اس کو معلوم نہ ہوگا۔ اور پھر وہ دو مہینے کے بعد اس تعویذ کو کھول کر رکھ دے اور جس کی اولاد نہ جیتی ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اولاد اس کی زندہ رہے گی۔ اس کا تجربہ کیا اور درست پایا۔ اور اگر اس کو ایک سو مرتبہ لکھ کر کھیت میں دفن کریں۔ تو کھیتی خوب پھولے پھلے اور کل آفات سے محفوظ رہے۔ اور اگر ستر مرتبہ لکھ کر مردے کے ساتھ کفن میں رکھ دیں۔ تو منکر نکیر کی تکلیف سے محفوظ رہے۔

قیامت میں نجات کا عمل اور قیامت میں اس کے لئے نور ہے۔ اور اگر سیسے پر لکھ کر کانٹے میں باندھیں اور مچھلی کا شکار کریں۔ شکار بہت آئے۔ اگر ایک بار لکھ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے رکھ دیں۔ اور پھر اس انگوٹھی کو دودھ میں دھو کر جس زہریلے جانور نے کاٹا ہو اس کو پلائیں۔ تو سب زہر خارج ہو جائے۔ اور اگر اس کے حروف جدا جدا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بڑی بزرگی نصیب ہو۔

بسم اللہ کے معانی و اسرار کیونکہ ب سے خدا کی بہار اور س سے اس کی ثنا اور م سے مجد اور ملکوت اور الف سے الوہیت اور لام سے لطف اور ہا سے ہدایت اور الف سے اسرار اور لام سے ملک اور را سے رحمت اور حا سے حکمت اور میم سے ملک اور نون سے نعمت مراد ہے۔ اگر بسم اللہ کی ب کو اکیس بار لکھ کر اس آیت کے حروف اور پڑھائے اس طرح س ل ام ع ل ی ن و ح ف ی آ ل ع ال ع ی ن اور زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے کو پلائے۔ فوراً اچھا ہو۔ اور جو کوئی بسم اللہ کو لکھ کر ہر روز چالیس بار اس کے میم کو دیکھتا رہے۔ قل اللھم مالک الملک آخر تک پڑھتا جائے۔ اس خیال سے باہر اس کو خیر و برکت نصیب ہو۔ اور جو کچھ دشمن کے پاس ہو اس میں بڑھوتری ہو۔ اگر الرحمٰن الرحیم کو پچاس مرتبہ لکھ کر اور ڈیڑھ سو مرتبہ بسم اللہ اس پر دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور بادشاہ یا کسی ظالم کے پاس جائے اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور بسم اللہ کو ہر روز بہ نیت اور روزہ و ریاضت کے ساتھ جو وہ روز تک ایک ہزار بار پڑھے اور ایک روایت میں ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار بار پڑھے تو ملائکہ اس کو نظر آویں۔ اور ان سے گفتگو کرے۔

حاجت پوری ہونے کا عمل اور جو شخص اس کے حروف کو اس طرح لکھے۔ م ی ح ال ر اور جس شخص سے کچھ حاجت ہو۔ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے پھر اس کے پاس جائے تو جو کام ہو پورا ہو جائے۔

بھاگے کو واپس لاتا ہے اور جس کا غلام بھاگ گیا ہو ہ ال ر ن ی کو سات مرتبہ مع نام اس غلام کے لکھ کر اپنے گھر میں

دفن کرے اللہ پاک سے ایک پتھر رکھ دے غلام آجائے گا۔ اور یہ دعا بھی پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ اِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ اَنْ تُمْسِکَ ھٰذَا الْعَبْدَ مِنَ الْاِبَاقِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۰
پھر وہ غلام کبھی نہ بھاگے گا۔

مرغ کے ذریعے علاج اور جو شخص فولادی چھری پر جس کا دستہ بھی فولادی ہو۔ بسم اللہ کے اعداد سو اکتیس بار دم کرے پھر اس سے ایک مرغ کو ذبح کرے۔ اور سر کاٹ کر مرغ کو چھوڑ دے جب مرغ بے سر کا راستہ چلے اس وقت سر کو اٹھا کر جس مکان کے دروازے میں دفن کرے گا تمام حشرات اور جنات اس میں سے بھاگ جائیں گے اور اگر اس مرغ کے سر کو روغن زیتون میں خوطہ دے کر اور بیماری والا اس کو اپنے بدن پہ ملے بیماری اس کی دور ہو گی اور جس عورت کا خون بہتا ہو۔ اس کو بھی نفع کرے گا۔ اور جو شخص الرحیم کو ایک سو تیس مرتبہ جھنڈے میں لکھ کر معرکہ حرب میں جائے تو ہتھیار اس پر اثر نہ کرے۔ اور کوئی مرض اس کو نہ ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر اکیس بار لکھ کر سر پر باندھے۔ تو درد کو آرام ہوگا۔ اور اگر چینی کی سوئی سے سات بادام پر اس اسم کو لکھ کر کسی شخص کو کھلائے۔ تو وہ اس سے بہت محبت کرے۔ مگر جمعے کے روز زہرہ کی ساعت میں لکھنا چاہیئے۔ اور موافق اس کے اعداد کے اس اسم کو پڑھ کر بادام پر دم کرے۔

علاج لقوہ اور اگر پیر کے روز طلوع کے وقت اس طرح مدی رح نئے آئینے پر لکھ کر اکثر دیکھتا رہے۔ تو لقوے سے آرام ہو۔ اور اگر چاندی کی انگوٹھی پر جس کا وزن دو درہم ہو اس طرح لکھ کر ال رح ی م اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت اور طاعت عنایت کرے۔

ہلاکت ظالم اور اگر کسی ظالم کا ہلاک کرنا ہو تو وفق بسم اللہ کو ایک سیسے کی تختی پر نقش کرے اور اس کا نام بھی اس میں نقش کرے۔ اور شرخ لمس اور رہینگ کی دھونی دے کر ایسی جگہ دفن کرے۔ جہاں ہمیشہ آگ جلتی ہو۔ مگر اس تختی کو آگ کے اس قدر قریب دفن نہ کرے کہ یہ پگھل جائے۔ کیونکہ اس کے پگھلتے ہی وہ شخص ہلاک ہو جائے گا۔ اور خدا کے ہاں تجھ سے مطالبہ ہوگا اور وہ وفق یہ ہے۔ اور اس دعا کو پڑھ کر اس پر دم کرے۔

۳	۵	۱۱	۷	۹
۹	۱۱	۷	۵	۳
۳	۷	۵	۱۱	۹
۹	۵	۷	۹	۱۱
۳	۱۱	۵	۷	۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِسْمِ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ فُلَانٍ اَللّٰھُمَّ تَعْلَمُ اِنَّہٗ اِنْ کَانَ یَرْجِعُ عَمَّا ھُوَ فِیْہِ فَاھْدِہٖ وَذَکِّرْہُ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّہٗ لَا یَرْجِعُ فَاَنْزِلْ عَلَیْہِ بَلَائَکَ وَسَخَطَکَ وَغَضَبَکَ وَنَکَالَکَ یَا قَاھِرُ یَا قَہَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰہُ

علامہ شرجی تحریر کے طفیل بسم اللہ الرحمن الرحیم اور طفیل تمہ سلام جن کے سوال کرتا ہوں ... العالمین ۱۲-

سات بار۔ اور اس دعا کو سات سو بار پڑھے پھر یا تو وہ ظالم اپنے ظلم سے باز آجائے گا۔ اور یا ہلاک ہو جائے گا۔ جو شخص بسم اللہ کو آٹھ بار دائرہ کے اندر لکھے اور محمد رسول اللہ والذین آمنو معہ آخر سورہ فتح تک کو اس کے گرد لکھے۔ اور خوشبو روشنی کرے نیک وقت میں ہیبت والا اور معظم ہو گا۔ اور جو اس کو دیکھے گا۔ خود بخود محبت کرے گا۔ اور کل مقصد حکم الہیٰ سے پورے ہوں گے۔

اچھی زندگی بسر کرنا جو شخص پوری بسم اللہ کو جب کہ قمر برج حوت میں ہو۔ اور طالع نیک ہو۔ ہرن کی کھال پر موافق اس کے اعداد کے لکھ کر اپنے سر پر باندھے تو اچھی زندگی بسر کرے۔ اور شہادت نصیب ہو۔ اور اپنے جان و مال و متعلقین میں کوئی برائی نہ دیکھے۔

اسرار بسم اللہ و اسم اعظم معلوم ہو کہ بسم اللہ اسم مضمر ہے۔ اور اللہ اسم اعظم ہے۔ اور رحمٰن و رحیم اس کی صفت ہیں۔ پس وہ دین کا رحیم اور دنیا کا رحمٰن ہے۔ اور الحمد للہ رب العالمین پیچھے بسم اللہ کے ہے۔ پس بسم اللہ تو الحمد کے آگے اور الرحمٰن الرحیم رب العالمین کے آگے ہے۔ معلوم ہو کہ خدا کی پوری تعریف مالک یوم الدین میں ہے۔ ایک تو ظہور ربوبیت۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سب سے بڑا بادشاہ ہے اور قیامت کے دن مطالبہ کرنے والا ہے۔ اور بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ نفوس پر قہر و غلبہ کی تجلی کرنے والا اور سب کو اپنی ملک ٹھہرانے والا۔ چنانچہ اس کا فرمان ہے۔ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ اور یہ کل اسرار بسم اللہ ہی میں ہیں۔ اور بسم اللہ صعود ہے اور طلوع ہے۔ مبدأ اول کی طرف اور الرحمٰن الرحیم ہبوط ہے۔ مبدأ ثانی کی طرف۔ پس بسم اللہ میں ابتدا اور انتہا اور انتہا کے اسرار ہیں۔ اور اسی میں مراتب توحید ہیں۔ یوں سمجھو کہ آیت شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ..... میں جو لفظ شہد ہے بسم کی اس جگہ ہے اور نہ لا الٰہ الا ہو۔ اللہ کی جگہ ہے۔ اور اسی میں مراتب ملائکہ بھی ہیں۔ یعنی رحمٰن کی جگہ آیت میں والملائکۃ ہے اور رحیم کی جگہ اولوا العلم ہے۔ اور ایسے ہی عالم ترتیبی۔ یعنے اللہ تعالےٰ کے اس قول سے اس کی مناسبت ہے۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ..... رحیمیت سے رحمانیت کی طرف۔ پس یہ درجہ بدرجہ بسم اللہ کی طرف ترقی کرتا ہے۔ اور اول و آخرہ بسم اللہ کا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص قیامت میں آئے گا۔ اور اس کے نامۂ اعمال میں لکھی سو مرتبہ بسم اللہ لکھی ہو گی۔ جو اس نے یقین کے ساتھ پڑھی ہو گی۔ دوزخ سے اللہ اس کو رہائی دے گا۔ اور جنت میں داخل کرے گا۔ انجیل شریف میں اللہ تعالےٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرماتا

(حاشیہ صفحہ سابقہ) ساتھ نام اللہ کے جو زندہ اور قائم ہے۔ جس کے واسطے گردنیں جھک گئیں اور آوازیں نرم ہو گئیں اور دل اسکے خوف سے ڈر گئے۔

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ اور ان کی اولاد پر درود اور سلام نازل کر۔ اور فلاں شخص کی نسبت میری حاجت پوری کر دے اے اللہ تو اگر جانتا ہے کہ وہ اپنی برائی سے باز آجائے گا۔ تو اس کو ہدایت کر اور توفیق دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ وہ باز نہ آئے گا۔ پس تو اس پر اپنی بلا اور غصہ نازل کر۔ اور اس کو ہلاک کر دے۔ اے قہر والے اے قدرت والے اے اللہ۔

ہے کہ تم نماز اور قرات میں پہلے بسم اللہ پڑھا کرو۔ کیونکہ جو شخص اس کو پڑھے گا۔ منکر اور نکیر کے ہول سے محفوظ رہے گا۔ اور جب مرے گا تو سکرات موت اس پر آسان کرے گا۔ اور قبر اس کی کشادہ ہوگی۔ اور جب قبر سے اٹھے گا۔ تو جسم اس کا گورا سپید اور منہ نور سے چمکدار ہوگا۔ اور حساب بھی اللہ تعالیٰ بہت تھوڑا اور آسان لے گا۔ اور اعمال بھاری ہوں گے۔ اور صراط پر اس کے واسطے نور ہوگا۔ یہاں تک کہ جنت میں داخل ہو۔ اور میدان قیامت میں مغفرت کے ساتھ پکارا جائے گا۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے عرض کیا۔ کہ خداوندا یہ فضائل کس کے واسطے ہیں۔ فرمایا تمہارے واسطے اور جو تمہاری پیروی کرے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی امت کے واسطے ہوں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بسم اللہ اپنے اصحاب کو تعلیم کی۔ مگر جب حضرت عیسےٰ آسمان پر تشریف لے گئے تو ان کے بعد جو لوگ ہوئے انہوں نے گمراہی میں پڑ کر اس کو ضائع کر دیا۔

بسم اللہ لکھنے کا رواج

یہاں تک کہ جب ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے مبعوث کیا۔ تب سے یہ قرآن شریف کی سورتوں اور دفتروں اور کل کتابوں اور رسالوں میں لکھی جانے لگی۔ اور خداوند تعالےٰ نے قسم کھائی ہے کہ جس چیز پر مومن بندہ بسم اللہ کہے گا۔ اس میں برکت ہوگی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے صدق دل سے بسم اللہ کہی۔ اس کے واسطے پہاڑ مغفرت مانگتے ہیں۔ مگر ان کی مغفرت مانگنے کو یہ سنتا نہیں ہے۔

برکات بسم اللہ شریف

اور حضورؐ نے فرمایا ہے۔ کہ جب بندہ بسم اللہ کہتا ہے تو جنت کہتی ہے لبیک وسعدیک۔ یعنی میں حاضر ہوں اے اللہ تیرے اس بندے نے بسم اللہ کہی ہے۔ تو اس کی نیکیوں کو برائیوں سے بھاری کر۔ قیامت میں اور امتیں اس امت کی یہ بزرگیاں دیکھ کر کہیں گی۔ کہ سبحان اللہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ کی امت کے اعمال بڑے بھاری کر دیئے۔ ان کے پیغمبر ان کو جواب دیں گے۔ کہ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ یہ لوگ ہر کام کی ابتداء بسم اللہ کے ساتھ کرتے ہیں۔ اور بسم اللہ میں تین اسم ایسے ہیں کہ اگر ان کو میزان کے ایک پلے میں رکھا جائے۔ اور کل آسمان و زمین کو ایک پلے میں رکھا جائے تو بھی تین اسموں والا پلہ جھک جائے۔ اور بسم اللہ کو اللہ تعالےٰ نے ہر ایک بلا اور بیماری اور شیطان سے حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے۔ اور اسی کی برکت سے یہ امت خسف اور مسخ اور قذف سے محفوظ ہے۔ پس اس سے خدا کا تقرب حاصل کرنا چاہیئے صورت اس کے دائرہ کی اگلے صفحہ پر دیکھئے :۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آیت[1]

وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا کے معنے بسم اللہ ہیں۔ اور اس آیت میں وَاَلْزَمَهُمْ[2] كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا سے بھی بسم اللہ ہی مراد ہے۔

بسم اللہ کے کرشمے

جو کوئی بسم اللہ کو اس کی عظمت کا خیال کر کے لکھے تو خدا کے ہاں مقربین میں لکھا جائے۔ عکرمہ رضؓ سے روایت ہے کہ سب چیزوں سے پہلے خدا تھا۔ اور کوئی چیز اس کے ساتھ نہ تھی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ

---

[1] اور جب تو اپنے رب کا اکیلے کا قرآن میں ذکر کرتا ہے [illegible]

نے نور کو پیدا کیا۔ اور نور کے بعد لوح و قلم کو اور پھر قلم کو ارشاد کیا۔ کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب لوح پر لکھ پس پہلے جو کچھ قلم نے لوح پر لکھا وہ بسم اللہ تھی۔ اس لئے اللہ نے اسے امن والی قرار دیا ہے۔ اور فرشتے اور کل اہل آسمان اس کو پڑھتے ہیں۔ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی

اور اس وقت انہوں نے فرمایا تھا کہ اب میری اولاد عذاب سے محفوظ رہے گی۔ اگر اس کو پڑھتی رہے گی۔ پھر اس کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جس وقت کہ منجنیق میں تھے نازل ہوئی۔ اور اس کی برکت سے آگ گلزار ہوئی پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اس وقت فرشتوں نے کہا۔ کہ اب سلیمان کا ملک پورا ہو گیا۔ اور اللہ تعالےٰ نے حکم دیا کہ تمام عباد و زہاد میں ندا کرو۔ کہ جس کو آیت ایمان سننی ہو وہ سلیمان کے پاس جائے۔ چنانچہ سب حضرت سلیمان کے پاس حاضر ہوئے۔ حضرت منبر پر چڑھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سنایا۔ سب لوگ خوش ہوئے اور عرض کیا کہ ہم گواہی دیتے ہیں اے سلیمان بن داؤد بے شک تم خدا کے رسول ہو۔ پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ اور پھر حضرت موسےٰ پر نازل ہوئی۔ اور اسی کی برکت سے انہوں نے فرعون اور قارون کو مقہور و مغلوب کیا۔ پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی پھر حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی اور اللہ تعالےٰ نے ان کی طرف وحی کی۔ کہ اے مریم کے فرزند تم جانتے ہو۔ کہ یہ کیا آیت ہے۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے عرض کی۔ ہاں اے پروردگار جانتا ہوں۔ فرمایا یہ آیت ایمان ہے۔ یعنے بسم اللہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے کھاتے پیتے۔ غرض کہ ہر حال میں مداومت کرو۔ کیونکہ قیامت کے روز جس کے نامۂ اعمال

سلہ اور لازم کیا۔ ان کو دیکھ [illegible]

میں ہو گی۔ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخشے جائیں گے۔ حکایت۔ ہے کہ ایک بزرگ دوسرے بزرگ سے ملاقات کرنے اور فیض لینے تشریف لے چلے۔ جب ان کے دروازے پر پہنچے تو بہت لوگوں کو بیٹھا ہوا پایا۔ جو ان کے باہر آنے کا انتظار کر رہے تھے۔ پھر وہ شیخ باہر آئے۔ اس وقت قوس و قزح نکلی ہوئی تھی۔ شیخ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر اپنا پاؤں قوس و قزح پر رکھا۔ اور چڑھ گئے۔ یہ بزرگ جو زیارت کو گئے تھے ان کا نام ملیح تھا۔ انہوں نے ایک چیخ ماری۔ پھر ان شیخ کا دامن خوب مضبوط پکڑا۔ یہاں تک کہ مرتبہ افراد کو پہنچ گئے۔ اور یہ بزرگ شیخ ابو عبداللہ زجاجی تھے۔ اب خیال کرو کہ بسم اللہ میں کیا کیا فضائل ہیں اور خوب کان لگا کر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو سنو فرماتا ہے۔ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

حروف بسم اللہ کے خواص اس میں کل انیس حروف ہیں۔ ان میں سے دس غیر مکرر ہیں۔ یعنے ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م۔ ان میں میم نے تین بار تکرار کی ہے۔ اور لام نے چار بار۔ اور الف نے دو بار چنانچہ مکرر یہ نو حروف ہیں ال رح م۔ حروف غیر مکرر میں سے ایک حرف ہا ہے۔ اور یہ غیر پہچان کے واسطے ہے۔ مزاج اس کا سرد ہے۔ اسی واسطے اس حرف ہا اجتماع کی گئی۔ اور حرف ہا حروف باقیہ میں سے ہے۔ جو قیامت تک باقی رہیں گے۔ اور یہ حرف جوہری ہے چنانچہ اسی واسطے یہ بات ہے کہ وہ ترمی حیث الذات اسرار میں سے ہے۔ کیونکہ اس نے حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور یہ اسی میں سے اور اسی کی طرف ہے۔ معلوم ہو کہ اول صحیفے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہیں۔ جن کی خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی وحی میں دی گئی ہے۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اقرأ کے بعد باء ہے۔ اور اس سے اللہ تعالیٰ نے اکانوے فرشتے پیدا کئے ہیں۔ جو اس کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ مگر اس بسم اللہ میں حضور سے وارد ہے۔ کہ جو شخص صبح ہی اٹھ کر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پڑھے وہ دوسری صبح تک ناگہانی بلا سے محفوظ رہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ فالج سے محفوظ رہے۔ روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو ایک شخص نے زہر قاتل کا پیالہ دیا اور کہا کہ اگر ان کلمات کی تاثیر ٹھیک ہے تو اس کو پی لو۔ اس وقت بہت صحابہ رضی اللہ عنہم وہاں موجود تھے۔ آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر اس کو پی لیا۔ اور آپ کو کچھ نقصان نہ پہنچا۔ اور ایک روایت میں ہے۔ کہ آپ نے یہ کلمات کہے بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پھر اس کو پی لیا۔ اور صحیح و سالم وہاں سے کھڑے ہوئے۔ پسینہ آن کر سب زہر بہہ گیا۔ اب دیکھو کہ اس اسم بزرگ نے کس طرح زہر کی تاثیر کو روک دیا۔ اور یہی اسم بزرگ ہے جس کی برکت سے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی چلی تھی۔ اور اسی سے حضرت ابراہیم نے آگ سے نجات پائی پس اگر تو بھی نجات چاہتا ہے۔ تو جب

؎ ساتھ نام اللہ بزرگ کے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں کر سکتی۔ اور وہ سننے والا علم والا ہے ۱۲ منہ۔

گھر میں جائے۔ بسم اللہ کہہ کر گھر میں جا۔ اور جب گھر سے باہر آئے۔ تو بسم اللہ کہہ کر باہر آ۔ کیونکہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ جب تو گھر میں جائے اور جب گھر سے نکلے تو کہہ بِسْمِ اللّٰہِ اِنْ تَحَلَّلْنَا وَخَرَجْنَا وَعَلَیْہِ تَوَکَّلْنَا اور دروازہ بند کرتے وقت بھی بسم اللہ کہو۔ کیونکہ پھر شیطان اس گھر میں نہیں جا سکتا اور جب تم بچھونے پر لیٹنے کو جاؤ تو یہ کلمات کہو اس کی برکت سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جس نے وضو کے وقت بسم اللہ نہ کہی۔ اس کا وضو نہیں ہوا اور فرمایا ہے۔ جس نے جذامی کے ساتھ یہ کہہ کر کھانا کھایا ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ اس کو کچھ ضرر نہ پہنچے گا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا یعنی ایک دفعہ آپ کے پاس ایک جذامی معیقیب دوسی تمام بیٹھا ہوا تھا آپ کا کھانا آیا۔ آپ نے اس کو بلا کر کھانے میں شریک کیا۔ اور یہ کلمات کہے بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ اَذْھِبْ مَرْحَاذَ دَمْنَھَا اور جب سفر کا ارادہ کرے اور رکاب میں پیر رکھے۔ اس وقت بھی اس کو پڑھے۔ سفر میں کوئی برائی اس کو نہ پہنچے گی۔ اور جب بندہ مومن بسم اللہ کہتا ہے تو شیطان اتنا سا چھوٹا ہو جاتا ہے جیسے مکھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر شخص کو جو سفر کو جانا فرماتے تھے۔ کہ یہ پڑھو بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اور فرماتے تھے۔ کہ اس کو پڑھ کر سفر کرنا چاہیئے۔ اور یہ بھی کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ... آخر تک۔ اور حضور نے طلحہ بن عبیداللہ سے فرمایا۔ جب کہ ان کے ہاتھ کو بہت تکلیف پہنچی تھی۔ کہ اگر تم بسم اللہ کہہ لیتے تو ملائکہ تم کو اوپر اٹھا لیتے۔ اور لوگ تم کو دیکھتے۔ اب دیکھو کہ اس اسم میں کیا برکت ہے جس کے کہنے والے کو فرشتے اٹھا لیں۔ اور شیطان اس کے پاس سے بھاگ جائیں۔ اور زہر قاتل کچھ اثر نہ کرے یہ سب ہمارے حضور نے ہم کو بتلایا ہے۔ اور تو رب العزت کے فضل اور اس کے اسرار سے تعجب کرتا ہے۔ بغیر اس کے حکم کے نہ کوئی حرکت کر سکے۔ اور نہ ساکن رہے۔ اس میں تم کو شک نہ کرنا چاہیئے۔ یہ اسرار بسم اللہ میں ہیں۔ حضرت عیسٰے علیہ السلام بسم اللہ سے تمام دردوں اور دکھوں کو دور کرتے تھے۔

سینہ کی فراخی

جو شخص جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے۔ پھر شکل یا لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ اللہ تعالےٰ اس کا سینہ کھول دے گا۔ اور سہل اس سے جاتی رہے گی۔ ہر کام میں برکت ہوگی۔ اور شکل بؔ کو قائم دیکھے گا۔ اور فرشتوں کے انوار بھی نظر آئیں گے۔ عالم علوی اور سفلی میں اس کی ہیبت ہوگی۔ اور ایک پوری شکل قائم عمدہ خوشبو والی اس کے آگے آئے گی۔ اور بؔ کے ساتھ کلام کرے گی۔ نور اس کا زائل نہ ہوگا۔ جو شخص حرف بؔ کا ذکر کرے گا۔ اس پر نور طاری ہوگا۔ کیونکہ یہ اسماء محزونہ میں سے ہے۔

حرف ب والے اسماء الٰہی کے خواص

اور یہ حرف جو اسماء کے اول میں ہے وہ ہر ایک خشک بیماری اور سخت کلام کے واسطے مفید ہیں۔ جیسے بَارِئُ اور بَاقِیُ اور بَاعِثُ۔

سلہ پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی ... شیطان ...

اور یہ سب خواص بسم اللہ کے ہیں۔ وجہ اس کی یہ کہ الف اس الباء سے ہے۔ اور یہی ذات باء کا بسط ہے۔ اور ان اسماء میں بھی باء ظاہر ہے۔ (بکشیرٌ بصیرٌ۔ باطنٌ) اور یہ اسم بہ خاص معنے ہیں سالم تمام اہل صلاح کے واسطے ہے۔ اور نیک کاموں پسند کرتا ہے جو کام کے واسطے اس کو دو سو تینتیس ۲۳۳ بار پڑھے۔ اس شخص کے نام کے ساتھ ملا کر جس سے کام ہو۔ تو کام ہو جائے مثلاً اس کی یہ ہے ع م ر و۔ پھر اسی طرح پہلے اسم البدیع کے حروف لکھ کر ایک سطر علیحدہ پھر ایک ایک حرف اس اسم کا اور ایک حرف حرف لکھے۔ اس طرح ع ا ل م ب ر د و پھر اس کو کسر و بسط کرے۔ یہاں تک کہ سطر اول آخر میں ظاہر ہو۔ پھر آخر کو اول کرکے حرف اول کو ساقط کرے۔ یہ حروف رہ جائیں گے ع ل م ب و ر و پھر اول کو آخر کرے اور حرف آخر ساقط کرے۔ چار سطریں مکسر پھر رہ جائیں گی۔ و ا د ع ر ل ب م اس کو جس پر چاہو لکھو۔ اور اپنی جیب میں رکھ لو۔ اور یہ کلمات پڑھ کر اس پر دم کرو۔ یاذب فوب ال ورم الْاَرْبَاب مَرَّ لِي الْكُلِّ بِلَطِيْفِ رَبُوْبِيَّتِكَ اَسْرِعْ لِيْ مِنْ بَابِ تَلَطُّفِكَ ع م د ۃ ب ل اَمْتِنْهَا بِحَلَاوَةِ ذٰلِكَ الْبَحْرِ حَلَاوَةٍ تَعْرِفُ اَبَدًا بِفَهْمِ اَسْرَارِكَ وَالْمَخْفِيْ اِشْتَاقِيْ اَسْمَاءَ قُدْرَتِكَ الَّتِيْ مَنْ تَضَرَّعَ بِهٖ وَقِيَ شَرُّ مَا ذَرَأَ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا اِنَّكَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ۔

اسم البارئ بیماری اور ورم دور کرنے کے واسطے بہت مفید ہیں۔ اور اسم الباعث ان دونوں کے خواص ان کے موقع پر بیان کئے جائیں گے۔

حرف سین کی اولیت (حرف سین) جب اللہ تعالیٰ نے اس حرف کو عالم امر سے پیدا کیا تو نو ہزار آٹھ سو اسی ۹۸۸۰ فرشتے نازل ہوئے۔ ظاہر اسم اعظم کا یہ پہلا حرف ہے۔ اسم اعظم کا ایک ظاہر ہے۔ اور ایک باطن ہے۔ اس کے ظاہر سے تو آسمان و زمین قائم ہیں۔ اور باطن میں علویات کرسی و عرش وغیرہ قائم ہیں۔ اسی واسطے سین لفظ سمٰوات کے اول واقع ہے۔ اور اسی کے بیچ میں کرسی کا مرتبہ ہے۔ اور چونکہ حرف سین کا تعلق قدرت سے ہے۔ اور وہ پوشیدہ چیزوں کو پوشیدہ کرنے والی ہے۔ کیونکہ حرف سین کا مطلب یہ ہے کہ تجھ سے طرف تیرے۔ پھر تو کہتا ہے ہو ہو یعنی وہ وہ اور وہ کہتا ہے۔ مجھ ہی سے ہے۔ میرے ہی ساتھ ہے۔

فوائد سورۂ یٰسین (سورۂ یٰسین) میں ایک اسم ہے۔ اسماء حکمت سے۔ جو شخص اس سے واقف ہو اس کو لکھ کر اور بارش کے پانی سے دھو کر قبلہ کی طرف منہ کرکے اتنے ہی دن جتنے کہ اس کے عدد ہیں پیوے خداوند تعالیٰ اس کو حکمت کے ساتھ گویا کرے۔ اور وہ اسم سورۂ مذکورہ کے درمیان میں ہے۔ اور اس کے حروف کے سولہ اعداد ہیں۔

لے اے ربوں کے پرورش کرنے والے کل کے ساتھ لطیف ربوبیت اپنی کے میرے واسطے جلد اپنا لطف جاری کر جو اس سمندر کی مٹھاس سے آمیختہ ہو جو روحوں کو تیرے اسرار کی سمجھ بتاتی ہے اور مجھ کو اپنے اسماء قدرت میں سے ایک ایسا اسم عنایت کر جس سے جو شخص تضرع کے ساتھ دعا کرتے تو زمین سے ہونے والی چیز کے شر سے اور زمین سے نکلنے والی اور آسمان سے اترنے والی اور آسمان میں جانے والی چیز کے شر سے محفوظ رہے۔

اعداد میں سے دو حرفوں کے اوپر نقطے ہیں۔ اور دو حرفوں کے نیچے ہیں۔ اور پانچ سے اس کے اندر ہیں سمی کا پہلا حرف سین ہے۔ اور آخر حرف میم ہے۔ اور اسم سلام میں بھی حرف سین ظاہر ہے۔ اور سمیع اور سریع میں بھی اور یہ اسم ان لوگوں کے واسطے مخصوص ہے جو دعا میں بہت الحاح کرتے ہیں۔ اسم سریع کی یہ خاصیت ہے۔ کہ جو شخص چند روز اس کے اعداد کے موافق اس کا ذکر کرے اور خدا سے کوئی چیز مانگے تو اس کو عنایت ہوگی۔ اور نیز جس کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ وہ اس کو اپنی ہتھیلی پر لکھے۔ پھر اسمار کو ایام میں ضرب دے کر ان کے اعداد کے موافق ذکر کرے۔ حاجت پوری ہوگی۔ ضرب ایام کے عدد چار ہزار دو سو ستر ہیں۔ اور اس اسم کی برکت سے روحوں میں ملاقات ہو سکتی ہے اور ان سے سوال جواب بھی کر سکتا ہے۔ اور اس اسم میں بہت سے مخفی اسرار ہیں۔ کوشش کرو۔ کامیاب ہوگے۔ اور اسم سمیع کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ اسم بصیر ملا کر نیک وقت میں لکھے۔ اس طرح (یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ) پھر جو بیہوش ہو گیا ہو۔ اس پر باندھے۔ تو فوراً ہوش میں آجائے۔ ایک لڑکے تھے ابراہیم بن جاروپ کو بے ہوش دیکھا۔ اسی وقت انہوں نے اس اسم کے وفق کو لکھ کر اس کو باندھا۔ اور سات سو مرتبہ یہ اسم پڑھ کر اس پر دم کیا۔ ہوش میں آگیا۔

کشفِ ارواح اگر سوتے پر لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے تو جنات سے کھلے سنے۔ اور ارواح کو جو چاہے حکم دے۔ اور اگر اس اسم کی مداومت کرے۔ تو اسرار خلق اس پر منکشف ہوں۔ اور دلوں کی باتیں معلوم ہونے لگیں۔ اور اسرار کا مشاہدہ کرے اور احوال عباد اس پر ظاہر ہوں۔

اسرار اسم سلام (اسم سلام) سلامتی اور ایمان کے واسطے ہے۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت کے روز یہی ذکر ہوگا جب آپ کی امت صراط پر سے گزرے گی چنانچہ آپ فرماتے ہوں گے۔ یعنی اسے سلام سلامت رکھ۔ اور حرف میم انقطاع حروف میں سے ایک قطرہ ہے۔ اور جس حرف کے اول آخر ایک حرف ہو۔ جیسے واؤ اور نون اور میم وہ اپنے اندرونی اتحاد اور سکون کی طرف اشارہ کرتا ہے بسبب اس ہیئت کے جو اس کے اندر ہے۔ اور یہ حرف حروف لوح میں سے ہے۔

حرف میم کے اسرار جب اللہ تعالیٰ نے اس حرف کو پیدا کیا۔ تو ایک نور روشن پیدا کیا۔ اور یہ حرف عقل میں سے بھی ہے۔ بسبب اپنے احاطہ کے اور اسی سے چڑھتے آسمان میں سورج مدد لیتا ہے۔ اور اسی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ملک و ملکوت قائم کیا ہے۔ اور کل عالم کا اظہار بھی اسی میم کے ساتھ ہے۔ اور اس میم کے ہی کی برکت سے اعمال میں مدد ہوتی ہے اور بسم اللہ کا یہ آخری مرتبہ ہے۔ اور اکثر میم میں اشدّیعنے کمال کو پہنچتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً —— یعنے جب وہ اپنے کمال کو پہنچا۔ اور پہنچا چالیس برس کو۔ پس میم کے اعداد بھی چالیس ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس حرف کے ساتھ نوے فرشتے فرشتگی روح میں سے موکل کئے ہیں۔ اور یہی وہ راز ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک محمد

کے اول میں رکھا ہے۔ اور عدد میان ما ذکر سے ہے پس ملک اور ملکوت دونوں اس میں مجتمع ہیں۔ جو شخص شکل میم کو ہر روز چالیس بار دیکھے اور یہ آیت پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ .. آخر تک اللہ تعالیٰ اسباب خیر و برکت اس کو روزی کرے۔ اور وہ نہ جانے کہ کہاں سے رزق اس کے پاس آتا ہے۔ اس کی شکل کا بیان آگے آئے گا۔ اور تعلق اس کا عطارد سے ہے۔ اور دن اس کا چہار شنبہ ہے۔

انوار قدسی کا حصول

جو کوئی اس کے سرعددی کو چالیس روز روزہ رکھ کر لکھے۔ مع شروط طہارت و خلوت وغیرہ اور قمر عروج میں ہو۔ اور شمس کی ساعت ہو۔ اور پھر اس کو اپنے پاس رکھے۔ کوئی برا خطرہ اس کے دل میں نہ گزرے اور حقائق ربانی اور انوار قدسی اس پر جلوہ گر ہوں۔ اور ہر ایک مضرت سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص جمعہ کے روز روزہ رکھ کر اس کا ذکر کرے۔ پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ اور جو پیشہ والا اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس کو رزق کثیر حاصل ہو۔ اور تالیف قلوب اور عطف و محبت کی بھی اس میں خاصیت ہے۔ صورت اس کی مع اشکال سبعہ کے آئے گی معلوم ہو کہ جس شخص پر اسرار اسم منکشف ہوئے۔ وہ عجائبات عالم کا مشاہدہ کرتا ہے جس شخص کو حافظہ تیز ہونے کی ضرورت ہو اس کو چاہیئے کہ پنج شنبہ کے روز قبلہ رو با طہارت بیٹھ کر اس حرف کا سرعددی چالیس روز تک مع اسم پاک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چالیس بار لکھے پھر اس کو دھو کر شہد ملا کر پی لے۔ اور کہے کہ اے اللہ اس کی برکت سے جو میں نے پیا ہے حفظ و فہم میرے اوپر آسان کر۔ اس کی برکت سے اس کا ظاہر و باطن کھل جائے گا۔ یہ اس شخص کے واسطے ہے۔ جو اس کے اسرار کو سمجھ گیا ہو کیونکہ یہ اس قوت کو دیکھتا ہے جو اس کے اندر ہے۔ ہر ایک عالم کے اسرار سے جس کے ساتھ یہ حرف میم قائم ہے۔ حرف میم کی شکل حرفی بھی اسرار مکنونہ میں سے ہے۔ جو چاہے کہ اپنا انجام کار معلوم کرے۔ اس روز روزہ رکھے۔ خالص اللہ کے واسطے۔ اور جو چیز میسر ہو اس سے روزہ افطار کرے۔ اور سورۂ ملک پڑھ کر باوضو داہنی کروٹ سے سو رہے اور اس شکل کو سر کے نیچے رکھ لے اور کسی سے بات نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو جو وہ چاہتا ہے بتا دے گا۔ مگر یہ انہیں لوگوں کو زیبا ہے۔ جن کے دل پاک اور اہل ریاضت ہیں۔ جو شخص شیشے کے گلاس میں اس کو لکھ کر پیوے اس کا فہم ترقی کرے۔ اور جو اس کو لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔ حکمت کی گفتگو کرے۔ اور جو شخص اس کو اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ... کو اسی مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کپڑے پر لکھ کر اس کو پہن لے ہیبت اور بزرگی اس کو نصیب ہو۔

جنات سے دوستی کا طریقہ

جب تم کو جنات سے دوستی کرنی ہو تاکہ وہ تمہاری حاجتیں پوری کرے پس تم کو لازم ہے کہ چہار شنبہ سے شنبہ تک روزے رکھو۔ اور غسل کرکے بدن اور کپڑوں کو خوب پاک صاف کرو۔ اور ہر روز ایک ہزار بار سورۂ اخلاص اور ایک بار سورۂ یٰسین اور سورۂ دخان اور تنزیل السجدہ اور ملک پڑھو۔ پھر جب شنبہ کے روز عصر کا وقت ہو یعنے دسویں ساعت ہو تب لوگوں سے علیحدہ کسی خالی نہایت پاک مقام

میں چلے جاؤ۔ اور کاغذ کے سات ٹکڑے لے کر ایک پر یہ آیت لکھو۔ فَاِذَا قَضٰىٓ اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ[1] اور دوسری پر یہ آیت۔ وَهُوَ الَّذِىْ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ[2] اور تیسرے پر فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ[3] وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور چوتھے پر ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝[4] اور پانچویں پر فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝[5] اور چھٹے پر وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ سے يَنْظُرُوْنَ تک اور ساتویں پر يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا[6] فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اور ان کے لکھنے سے پہلے چار رکعت نماز پڑھو۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ یٰسین دوسری میں دخان تیسری میں سجدہ چوتھی میں سورۂ ملک۔ اور ہر سجدہ کے آخر میں یہ دعا پڑھو سُبْحَانَ مَنْ لَّبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ سُبْحَانَ ذِى الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِى الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِى الْعَرْشِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَاَخِيْرًا اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر یہ دعا پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِىْ عَوْنًا مِّنْ صُلَحَاءِ الْجِنِّ يُعِيْنُنِىْ عَلٰى مَآ اُرِيْدُ مِنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا...... پس اس وقت سات شخص جنات المسلمین میں سے تمہارے سامنے آئیں گے اور تم کو سلام کریں گے۔ اور اس نماز سے پہلے تم کو لازم ہے۔ کہ تم ساتوں کاغذوں کو ایک تاگے میں باندھ

---

[1] وہی ذات پاک ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ اور اسی کے واسطے ہے۔ اختلاف رات اور دن کا ۱۲ [2] جب کسی کام کا حکم کرتا ہے تو اس سے کہتا ہے۔ ہو جا۔ پس وہ ہو جاتا ہے ۱۲ [3] پس عنقریب تجھ کو ان سے خدا کافی ہوگا۔ اور وہ سننے والا علم والا ہے ۱۲ [4] جب تم کو یکبارگی زمین سے بلائے گا فوراً تم نکل پڑو گے ۱۲ [5] پس اچانک وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے ۱۲ [6] جس دن قبروں سے بھاگتے ہوئے نکلیں گے [7] پس عنقریب کفایت کرے گا۔ تم کو اللہ ان سے اور وہ سمیع و علیم ہے ۱۲ [8] پاکی ہے اس کو جس نے عزت کا لباس پہنا اور اسی کے ساتھ فرمایا پاکی ہے اس کو جو حمد کے ساتھ مہربانی کرتا ہے اور بزرگ ہے ساتھ اس کے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو اپنے علم کے ساتھ شمار کیا ہے پاک ہے وہ جس کے سوا تسبیح لائق نہیں پاک ہے وہ جب ارادہ کرتا ہے کسی چیز کا تو اس سے فرماتا ہے کہ ہو جا پس ہو جاتی ہے۔ پاک ہے وہ کہ جس چیز کا ارادہ کرتا ہے وہ ہو جاتی ہے۔ اور جس کا ارادہ نہیں کرتا ہے وہ نہیں ہوتی پاک ہے احسان اور فضل اور نعمتوں والا۔ پاک ہے علم و حلم والا۔ پاک ہے بخشش اور فضل والا۔ پاک ہے عرش لوح قلم اور رلو ... والا ۱۲ [9] اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل معاقد عزت کے تیرے عرش سے اور انتہا رحمت کے ——— - - تیری کتاب سے اور تیرے اسم اعظم اور ذات کریم و کرم کے ساتھ مانگتا ہوں اور تیرے کلمات تامہ کے

[10] نیک بخت جناتوں ... جو ...

کو اپنے سرہانے رکھ لو۔ پھر نماز شروع کرو۔ اور تھوڑا سا موم بھی اپنے ساتھ رکھنا۔ پھر جب وہ جنات حاضر ہوں تب تم ان کاغذوں میں سے ایک کاغذ لے کر پڑھو۔ اور ان جنات سے کہو کہ تم میں سے کس کا یہ کاغذ ہے۔ ان میں سے ایک کہے گا کہ میرا ہے۔ تم اس سے اس کا نام پوچھ کر کاغذ کے اوپر کی طرف لکھو۔ اور اس سے کہو کہ اپنی مہر لاؤ۔ جب وہ اپنی مہر دے۔ تو اس کو موم لگا کر کاغذ کے نیچے کرو جیسا کہ خطوں پر مہر لگاتے ہیں۔ اور اسی طرح سب سے کاغذ پر ایک ایک مہر لگوا لو۔ پھر ان کو رخصت کرو۔ اور ان رقعوں کو اپنے ساتھ اور کسی پاکیزہ جگہ رکھ دو۔

جنات سے کام لینے کا عمل

جب ضرورت ہو جنات کو بلاؤ۔ فوراً حاضر ہوں گے۔ اور جو کام کہو کریں گے۔ خزانے نکال لیں گے۔ چیزیں لائیں گے۔ اور ہر ایک چیز لا دیں گے۔ مگر اس کام کے واسطے قوی دل اور مضبوط شخص چاہیئے۔ اگر زیادہ کمزور ہوگا۔ تو خود اپنے آپ کو نقصان پہنچائے گا۔ کیوں کہ ان جنات کے دیکھنے سے دل کا زہرہ پھٹ جاتا ہے۔ اور اگر خاتم مثمن پر ہی تم کفایت کرو۔ تو کل کاموں کے واسطے وہی کافی ہے اور یہ وہ خاتم ہے۔ جس کا ذکر گزر چکا ہے جو شخص اس کو ہرن کی کھال پر لکھ کر بخار والے کو باندھے۔ بخار اتر جائے۔ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ اعداد میں قوت عقلی ہے۔ جو عالم روحانی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اور حروف کی قوت عالم جسمانی کی طرف۔ اور اسی کے ضمن میں حرفوں کی روحانیت جسمانی لطائف کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ اور اعداد روحانی لطائف کے ساتھ۔ جو شخص میم کے اسرار کو سمجھ گیا۔ اس کو اس آواز جرس کا راز معلوم ہو گیا۔ جو وحی کے نزول سے ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ کہ وحی آپ کو کس طریق سے آتی ہے۔ فرمایا کبھی تو مثل آواز جرس کے آتی ہے۔ اور کبھی فرشتہ شکل ہو کر میرے سامنے آتا ہے اور بات کرتا ہے۔ اور جو وہ کہتا ہے۔ میں یاد کر لیتا ہوں۔ جرس گھنٹے یا گھونگرو کو کہتے ہیں۔ تم دیکھتے ہو کہ جب اونٹ یا گھوڑے کے گلے میں گھنگرو ہوتے ہیں۔ اور وہ راستہ چلتے ہیں تو کس طرح سے بولتے ہیں۔ اور بہت دور دور سے ان کی آواز آتی ہے۔ پس یہی صفت وحی کی ہے۔ اور حضور نے فرمایا ہے کہ وحی کی آواز اس سے زیادہ تیز مجھ کو معلوم ہوتی ہے اور جرس میم سے گولائی اور انطباق اور شدت اور ہول میں مشابہ ہے۔ کیا تم نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان نہیں سنا۔ جو آپ نے اسرافیل علیہ السلام کے حکم اور بزرگی کی نسبت فرمایا ہے۔ کہ باوجود اس قدر عظیم الخلقت ہونے کے عرش کے پائے کو انہوں نے اپنے کندھے پر رکھ چھوڑا ہے۔ اور لوح کی طرف آنکھیں لگائے ہیں۔ اور صور جس کی لمبائی پانسو برس کی راہ کے برابر ہے اس کو انہوں نے منہ میں رکھ چھوڑا ہے۔ اور دونوں پیر ان کے ساتوں زمین سے بھی نیچے نکلے ہوئے ہیں۔ اور عرش کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ کہ کس وقت حکم ہو تو میں صور پھونکوں۔ اور میم سب سے آخر مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ صور فزع اور صعق اور بعث کے واسطے ہے۔ اور نفخ یعنی پھونکنا اس کا بغیر ہونٹوں کے ملائے ممکن نہیں۔ پس اسی طرح میم بھی ہونٹوں کے ملانے سے ہی نکلتا ہے۔ بغیر ملائے نہیں نکل سکتا۔ اور اسی سبب سے گھونگرو کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ کیونکہ آواز جرس قوت صوت سے ہے۔ اور اس میں تم کو وہ فرق معلوم ہو جائے گا جو گھنگرو کی آواز اور زنجیر کے پتھر پر کھینچنے

کی آواز میں ہے جس کی تشبیہ وحی موسوی میں دی گئی ہے۔ اس سبب سے کہ گھونگھرو کی آواز حرکتِ روحانی ہے اور زنجیر کی آواز حرکت جسمانی ہے۔

حرف میم کا وحی سے تعلق (حرف میم) کی دو جہات ہیں۔ ایک علوی دوسری سفلی جس کو میم ثانیہ بھی کہتے ہیں۔ اور چونکہ میم میں اسرار روحانیات۔ علویات اور اسرار جسمانیات سفلیات ہیں اس لئے اس کے امداد کی نسبت علویات سے ہے۔ اور حروف کی نسبت سفلیات سے ہے۔ اور یہ حرف جیم خارج من الجملہ ہے اور اس میں دو حرارتوں کے بیچ میں ایک رطوبت ہے۔ اس طرح میم پہلا میم۔ دوسرا یا تیسرا میم دونوں میم گرم ہیں یا سرد اور انہیں دونوں حرارتوں سے ان کا انطباق اور امتزاج ہے۔ اگر ان دونوں کے بیچ میں یا تر رطوبت نہ ہوتی تو یہ انطباق نہ ہوتا۔ اس کو سمجھو اور تحقیق کرو۔ اور حرف میم ہی سے اسم بزرگ بسم اللہ کامل ہوا ہے اور حرف میم ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک میں مشار الیہ ہے۔

خواص دا آخر میم:- جو شخص حرف میم کی اس شکل کو جو سامنے ہے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اور پھر حکام و رؤسا کے پاس جاوے گا ان کے پاس مقبول ہوگا اور لوگ محبوب رکھیں گے اور دشمنوں پر غالب ہوگا اور جو اسکو دیکھے گا اسکی طرف مائل ہوگا اور اسکے بہت فوائد ہیں جو تھوڑا سا یہ ہے۔

قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب
قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم
قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم
قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدس	قریب	قیوم	قائم	قدیر
قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر
قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار
قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر
قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی
قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم
قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس

بسم اللہ الرحمن الرحیم وہو القاہر فوق عبادہ ویرسل علیکم حفظۃ

حتی اذا جاء احدکم الموت توفتہ رسلنا وہم لا یفرطون

کشف حاصل کرنے کا طریقہ

بعض ائمہ نے بیان فرمایا ہے۔ کہ جو شخص شہرت و طلب سے خالی ہو کر مجاہدہ اور ریاضت کے ساتھ خلوت نشین کرے۔ اور زبان قلب سے اللہ اللہ کہے۔ اور کل حواس کو گم کر کے عالم ملکوت سے دل متوجہ کرے۔ یہاں تک کہ اس کے نفس کا وجود باقی نہ رہے اور سوائے خدا کے کسی کو نہ دیکھے۔ اس وقت اس کے آگے ایک دریچہ کھل جائے گا اور اس میں سے یہ وہ باتیں دیکھے گا جو خواب میں دکھائی دیتی ہیں۔ اور ارواح انبیاء و ملائکہ اور عمدہ عمدہ صورتیں اس کے سامنے آئیں گی۔ اور ملک آسمان و زمین منکشف ہو گا حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے سامنے زمین سمیٹی گئی۔ اور اس کے مشارق و مغارب کو میں نے دیکھا اور اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول کو فرمایا ہے وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلاً۔ یعنے خدا ہی کی طرف ٹوٹ رہو تبتیل کے معنی انقطاع کے ہیں اور کل چیزوں سے دل کے پاک کرنے اور بالکل اسی کی طرف متوجہ ہو جانے کے۔ یہ طریقہ ہمارے زمانے کے صوفیائے کرام کا ہے۔

معلوم ہو کہ عوام ربوبیت سے علم اسماء حسنےٰ اور صفات علیا ہے خاص کہ اسم اعظم کا علم جس کو اس نے محض اپنے لئے مخصوص کیا ہے وہ یکتا ہے نہ اس کا باپ ہے نہ بیٹا وہ ایک معبود ہے۔

ایک ولی نے ایک مولوی صاحب سے فرمایا کہ میں تم کو ایک بہت بڑے فائدے کی بات بتلاتا ہوں۔ یقین ہے وہ تم سے ہو جائے گی۔ مولوی صاحب نے کہا فرمائیے۔ انہوں نے فرمایا کہ ذکر الٰہی کی مداومت کرو۔ اور دن کو روزہ رکھو۔ اور رات کو نماز پڑھو۔ اور لوگوں سے خلوت اختیار کرو۔ اگر سات روز ایسا کرو گے تو عجائبات روئے زمین تم پر ظاہر ہوں گے۔ اور اگر چودہ روز کرو گے تو عجائبات ملکوت اعلےٰ منکشف ہوں گے اور اگر پورے چالیس روز کرو گے تو کرامات تم سے ظاہر ہوں گے اور موجودات میں تصرف کرو گے۔

کنہ ذات باری تعالےٰ میں لوگوں نے بہت کلام کیا ہے کہ آیا یہ بشر کو معلوم ہے یا نہیں۔ جو کہتے ہیں۔ کہ معلوم نہیں ہے ان کا یہ قول کہ ہر چیز عیاں یعنے سامنے ہونے سے معلوم ہوتی ہے۔ اگر موجود ہے اگر غائب ہے تو مثال سے معلوم ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ایسا ہے کہ اس کی مثل ہی نہیں اور نہ وہ عیاں ہے۔ فرماتا ہے کہ اس کی آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو دیکھتا ہے۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ جب کہ خداوند تعالےٰ کا قدم بلا ابتدا اور بقا بلا انقضا اور وحدانیت بلا عدد اور صفات خارج صفات خلق سے ثابت ہیں۔ تو پھر یہ بات ضرور واجب ہے کہ وصف کرنے والے اس کی کنہ صفت کو نہیں پہنچ سکتے۔ کیونکہ اگر اس کی کنہ صفت کو پہنچ جائیں تو اس کے لئے حد و اور مثال لازم آئیں جو فنا کی طرف پہنچاتی ہیں اور خدا کی شان محال ہے۔

حضرت محاسبی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جب جبرائیل علیہ السلام اسم اعظم کو لے کر ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو ایک جنت کے [illegible] کی مہر لگی ہوئی تھی اور

ابتداء اس کے یہ عبارت ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاِسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْقُدُّوْسِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ[1].... انس کہتے ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ مجھ کو سکھا دیجئے۔ فرمایا ہم عورتوں اور بچوں کے تئیں اس کو نہیں سکھاتے۔

نازک وقت میں کام آنے والی دعا

ایک عالم نے ایک امام سے درخواست کی کہ مجھ کو کوئی ایسی دعا دیجئے کہ کسی وقت سختی میں کام آئے۔ انہوں نے یہ دعا لکھ دی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاِسْمِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ فِیْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِیْصِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ حَالٍ مِّنْ اَحْوَالِ الْحَدِّ وَالتَّعْدِیْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُتَقَدِّسُ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِیَّةِ وَالصَّمَدِیَّةِ وَالنِّدِّ وَالنَّقِیْضِ وَالنَّظِیْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِیَ حَوَائِجِیْ كُلَّهَا قَضَاءً یَّكُوْنُ فِیْهِ خَیْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَایَةِ مِنَ الْاٰفَاتِ مَلْحُوْظًا بِخَصَائِصِ الْعِنَایَاتِ یَا عَوَّادُ بِالْخَیْرَاتِ یَا مَنْ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ وَاَهْلُ الْحَسَنَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنَّمَا مَسْئَلَةُ خَادِمٍ بِعِزِّ رُبُوْبِیَّتِكَ بِاِظْهَارِ مَسْئَلَةٍ اِنَّكَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَشَاهِدُ حَقَائِقِ الْمَطَالِبِ قَبْلَ مُبَاشَرَتِهَا لِلْقُلُوْبِ فَتَمِّمْهَا لِجَمِیْلِ الْخَاتِمِ یَا خَیْرَ الْمَطْلُوْبِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ الْقُلُوْبِ[2]... اس دعا میں اسم اعظم ہے جیسا کہ بسم اللہ کی نسبت وارد ہے کہ اس میں اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں ہے۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

---

[1] اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام مخزون پوشیدہ پاک پاکیزہ قدوس حی وقیوم رحمٰن ورحیم ذوالجلال والاکرام کے ساتھ سوال کرتا ہوں ۱۲

[2] اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں بے شک تو مقدس خدا ہے حقائق محض تخصیص میں اور بے شک تو ہر حال میں حدو تعدیل میں خدا ہے اور بے شک تو خدا ہے پاک ذات اور بے شک تو وہی خدا ہے جس کی مثل کوئی نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یہ کہ حضرت محمد پر درود و سلام بھیج اور میری کل حاجتیں پوری کر جن میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہو۔ رعایت کے ساتھ آفات سے محفوظ ہو اور خاص عنایات کے ساتھ ملحوظ ہو۔ اے نیکیوں کے لانے والے اور اے وہ ذات جو تقوے اور مغفرت والی ہے اور حسنات والی ہے اے اللہ یہ سوال ہے تیری عزت اور حرمت کے خادم کا جو اپنے سوال کو ظاہر کرتا ہے۔ بے شک تو غیب جاننے والا اور مطالب کی حقیقت کا دل میں آنے سے پہلے واقف ہے۔ پس میرے مطلب کو اچھے انجام کے ساتھ پورا کر اے خیر مطلوب اور اللہ تعالےٰ ہمارے سردار و دل دوست حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

خلوت اور لوازم اعتکاف

معلوم ہو کہ یہ فصل نہایت عظیم الشان ہے اور اسی سے خدا تک پہنچنے کا راستہ ملتا ہے۔ بہت سے بزرگان نے بیت المقدس کے اندر یعنی جامع حلب میں سے اعتکاف کیا ہے اور یہ ایک ایسی کوٹھڑی ہے کہ سوائے دروازہ کے روشنی جانے کا راستہ نہیں ہے۔ جب دروازہ کو بند کر دو تو بالکل قبر کی صورت ہو جاتی ہے۔ جب نماز کا وقت ہوتا تو اس کوٹھڑی میں سے نکل آتے اور جب امام سلام پھیرتا تو فوراً چلے جاتے۔ اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے رہتے۔

لوح نور کا نقش اور اسرار

ایک بزرگ نے اسی کوٹھڑی میں چلہ کھینچا اور اکثر یہ دعا مانگتے تھے کہ اسم اعظم ان کو معلوم ہو جائے۔ پس ایک روز کا ذکر ہے کہ وہ موافق اپنی عادت کے ذکر و دعا میں مشغول تھے۔ ناگہاں ایک لوح نور کی ان کے سامنے آئی جس میں چند شکلیں بنی ہوئی تھیں۔ انہوں نے اس خیال سے کہ میرا دھیان خدا کی طرف سے غافل نہ ہو جائے۔ اس لوح سے اپنی نگاہ ہٹالی۔ پھر وہ لوح ان کے سامنے آگئی۔ اور کسی کہنے والے نے ان سے کہا کہ اس کو خوب غور سے یاد کر لے۔ یہی وہ چیز ہے جو تجھ کو نفع دے گی۔ تب انہوں نے اپنی آنکھ کھول دی۔ اور اس کو دیکھا تو اس میں چار سطریں تھیں۔ ایک اوپر ایک نیچے۔ ایک دائیں اور ایک بائیں۔ اور ان کے درمیان میں ایک دائرہ تھا۔ اور پھر اس میں ایک اور دائرہ تھا۔ اور اندر کے دائرہ میں ایک خط تھا۔ جس نے اس کے دو حصے کر دیئے تھے۔ اور پھر اوپر کے نصف دائرہ میں دو خط دونوں جانب اور تھے۔ جنہوں نے اس کو مثلث کر دیا تھا۔ اور اس خط کے بیچ میں لکھا ہوا تھا۔ كَلَّا بَلْ هُوَ اللّٰهُ اور دونوں خطوں کے زاویہ میں ایک جیم تھا۔ اور دائیں خط کی طرف جو قطر دائرہ سے متصل حرف دال لکھا ہوا تھا۔ اور قطر خط پر اسم صَمَدٌ لکھا ہوا تھا۔ ابتداء اس کی خط مثلث سے اور انتہا قریب دائرہ کے اور قطر دائرہ پر حرف دال تھا اور نیچے دائرہ کے الف اور اسم صَمَدٌ سے پہلے اسم وَاحِدٌ تھا۔ اور اسی خط میں واحد کے آگے اسم قہار تھا۔ اور دوسرے خط پر اسم رحمٰن۔ رحیم اور اسم غفور تھے۔ اور مثلث کے اندر قطر پر حرف ط تھا اور نیچے کے آدھے دائرے میں خطوط تھے جو چوتھائی دائرہ کے برابر۔ اور ایک اور خط نصف دائرہ تک منتہی ہوتا ہے۔ اس خط کے اندر لکھا ہوا تھا۔ سجل اور اس کے اندر دائرہ کے مقابل طرف حرف ذ لکھا ہوا تھا۔ اور دائرہ کی دوسری چوتھائی کے اندر حرف هـ اور باہر عبن لنا لکھا تھا۔ اور چھوٹے دائرہ میں جو نصف دائرہ کے چوتھائی ہے مختار لکھا تھا اور زاویہ کے پاس جہاں دونوں خط ملے ہیں تلك عشرة كاملة اور حرف : لکھا تھا۔ اور دائرے کے اوپر الم اللّٰه لا اله الا هو الحي القيوم جدا جدا حروف لکھے تھے۔ اس جیم کے مقابل سے جو مثلث کے اندر ہے اور حی کی ی اس داؤ کے مقابل جو اسفل دائرہ میں ہے اور قیوم کا میم الم کے مقابل اور دائرہ کی باہر کی ایک طرف لکھا تھا واللّٰه من ورائهم محيط اور دوسری طرف بل [illegible] بالکل غائب ہو گئی۔ اور

میں نے اٹھ کر نماز پڑھی۔ پھر اپنا وظیفہ پڑھنے لگا۔ تو مجھ کو نیند آگئی۔ اور خواب میں میں نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھا۔ کہ آپ فرماتے ہیں کہاں ہے وہ لوح میں نے اس کو پیش کیا گویا وہ میرے پاس موجود تھی۔ آپ نے اس کو لیا۔ اور کچھ اس کی تفسیر بیان کرنے لگے جس کو میں بالکل نہیں سمجھا۔ فقط اتنا سمجھ میں آیا کہ آپ نے اس دائرہ کے حرف میم پر انگلی رکھ کر فرمایا کہ یہیں سے جلال پیدا ہوتا ہے۔ تب میں نے جانا کہ یہی اسم اعظم ہے۔ اور میں نے عرض کیا کہ حضور میں تو نہیں سمجھا۔ کہ آپ نے کیا فرمایا۔ ارشاد کیا محمد بن طلحہ تم کو سمجھا دیں گے میں جاگتے ہی وظیفہ پورا کرکے محمد بن طلحہ کے پاس پہنچا اور یہ میرے دینی بھائی تھے۔ اور سارا قصہ ان سے بیان کیا۔ انہوں نے اس کی شرح مجھ کو سمجھانی شروع کی اور اس شرح کا نام انہوں نے العقد المنظم فی شرح الاسم الاعظم رکھا ہے اور ایک روایت میں ہے فی سر الاعظم ہے۔

کہتے ہیں پھر اس کے بعد میں نے حضور علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ کہ آپ محراب میں جلوہ افروز ہیں اور حضرت علی بھی تشریف رکھتے ہیں۔ اور اسم اعظم کا ورد کر رہے ہیں۔ اور مجھے آپ نے یہ کلمہ فرمایا۔ لم یتوقف الاسم المقدس علی غیرہ فی الدلالۃ اور حضور نے فرمایا قسم ہے حق کی اسی طرح جبرئیل نے مجھ کو تعلیم کیا ہے۔ پھر جب میں خواب سے بیدار ہوا تو شیخ کی خدمت میں آن کر سارا قصہ بیان کیا۔ انہوں نے ذرا دیر تامل کرکے اپنے پیچھے ہاتھ ڈال کر ایک پرچہ نکالا جس میں بعینہ وہ لفظ لکھے تھے یعنی الاسم المقدس لم یتوقف علی غیرہ فی الدلالۃ۔ میں نے اس کو دیکھتے ہی کہا کہ اس کو آپ شرح کے ساتھ کیوں نہیں لکھتے۔ کہا میرا خیال تھا کہ اس کو سوائے میرے اور کوئی نہ جانے پھر انہوں نے استغفار پڑھی اور لکھ دیا۔ اور یہ وہ چیز ہے جس کو سوائے اہل صدق وصفا کے اور کوئی نہیں جانتا ہے کیونکہ یہ اسم اعظم اور سرِ کریم ہے۔ اگر تو اس کو کھیعص الم ال ل ہ ل ال ہ ال اوٓ کھیعص

جان سے تو جن وانس تیری اطاعت کریں گے۔ نا اہل سے اس کو محفوظ رکھ اور پوشیدہ و ظاہر خدا سے تقویٰ کر کل کام تیرے پورے ہوں گے۔ صورت اس دائرہ کی یہ ہے:-

مثلث کے زاویوں کے حروف معلوم ہو کہ مثلث کے زاویوں میں جو حرف ہیں وہ انتہا اعداد تسعہ ابجد کے پہلے حرف ہیں اس طرح اب ج د ہ و ز ح ط ی اور یا دسواں حرف ہے جو خدا کے واسطے آتا ہے تم کہتے ہو یا اللہ یا باعث یا جلیل یا واحد یا زکی یا حافظ یا طاھر۔ یہ سات اسماء ہیں۔ اس شکل عظیم کی یہ دعا ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ فِيْ حَقَائِقِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ وَاَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَسْأَلُكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَمَا يَكُوْنُ فِيْهِ خَيْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَايَةِ مَحْفُوْظًا مِّنَ الْاٰفَاتِ بِخَصَائِصِ الْعِنَايَاتِ يَا عَوَّادُ بِالْخَيْرَاتِ وَيَا مَنْ هُوَ فِي الْحَقِيْقَةِ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ۔

اس سے پہلی فصل میں بھی یہ گزر چکا ہے۔ اور یہ اس کا آخری بیان ہے۔ اس کو خوب حاصل کرو۔ ہر ایک مطلب پورا ہوگا۔

اسرار خلوت فرمایا ہے کہ میں جو خلوت میں تھا تو میں نے ایک شکل دیکھی۔ جس میں دائرہ کے اندر دائرہ تھا اور اس کے اندر اسم اعظم لکھا تھا۔ اور اس میں سے ہر ایک قسم کی شاخیں نکلی ہیں اور اسی میں سے اسم جلال۔ پھر جب وہ نورانی شکل میرے ذہن میں آگئی اور وہ مجھ سے جاتا رہا تو وہ شکل غائب ہوگئی اس وقت میں نے اس کو ایک کاغذ پر لکھ لیا پھر اپنے فکر کو میں نے اس طرف متوجہ کیا کہ اس میں سے ننانوے نام نکالوں مگر مجھ کو اجازت نہ ہوئی۔ اس لئے میں اس خیال سے باز آیا۔ اور یہ انیس[1] نام اسم جلال سے نکلے ہیں۔ اور بیسواں خود اسم جلال ہے۔ اس کے منافع غیر مشکوک ہیں ان کے طریق استعمال سے واقف ہے وہ ہر ایک کام کر سکتا ہے جو شخص کسی دینی یا دنیوی کام کا ارادہ کرے اس کو چاہیئے کہ غسل کرکے کسی خالی مقام میں جاکر دو رکعت نماز حضور قلب اور عجز و زاری کے ساتھ ادا کرے۔ نصف شب میں پھر اس کے بیسوں اسموں کو ایک ہزار چھ سو مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ قبول ہوگی۔ خاص کر اگر کسی علم کے حاصل کرنے کی دعا مانگے۔ تو بہت جلد قبول ہو۔ اور اسم علیم کا تماشا دیکھے۔ کہ کیا کیا عجائب اس پر منکشف ہوتے ہیں۔

فوائد لوح نور اس نقش کے بعض فوائد ایسے ہیں۔ جو بیان کئے جاسکتے ہیں۔ اور بعض ایسے ہیں جو بیان کئے نہیں جاسکتے۔ ایک فائدہ یہ ہے کہ جو کوئی اس دائرہ کو لکھ کر اسباب میں رکھے گا سفر و حضر میں محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ پھر دشمنوں میں جائے۔ ان کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن اس پر مہربان ہو کر مطیع ہوگا۔ اور کل مطلب اس کے حاصل ہوں گے جو شخص اس کو گلاب و مشک و زعفران

---

[1] اس دعا کا ترجمہ صفحہ ۶۲ میں ذرا کمی بیشی سے گزر چکا ہے ۱۲

وکافور سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے جسم و روح میں بہت بڑی قوت ہو اور اسمار کی برکت سے لوگ اس سے ہیبت کریں اور خود آپ اس کو ایسی طاقت معلوم ہو اور جو ان اسمار کا صبح کی نماز کے بعد نشر مرتبہ ورد کرے تو اس کو اس قدر فائدہ ہو جو بیان سے باہر ہے اور جس پر کسی ظالم نے ظلم کیا ہو اور وہ اس سے انتقام لینا چاہے تو چاہیئے کہ پہلی ساعت کمال کے ساتھ ان اسمار کا ذکر کرے ایک ہفتہ کے اندر خدا اس سے انتقام لے لے گا۔ وہ اسمار یہ ہیں۔ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ یَا بَاعِثُ یَا بَدِیْعُ یَا عَدْلُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ اور جو شخص دو دشمنوں میں صلح کرانی چاہے تو یہ اسمار ان کو لکھ کر پلائے۔ دونوں آپس میں دوست ہو جائیں گے اور جو تم کو کسی سے دوستی کرنی ہو تو اس کو لکھ کر پلاؤ۔ تمہارا دوست ہو جائے گا۔ اور اس کا عمل اتوار کے روز شمس کی ساعت میں یا عطارد کی ساعت میں ہوتا ہے۔ اور عنبر و مشک اور عود و مصطگی روشن کرنی چاہیئے اور خواص اس کے بہت ہیں۔ اختصار کے واسطے ہم نے تھوڑے ہی بیان کئے ہیں۔ اور وہ بیسوں اسم یہ ہیں۔ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا وَاسِعُ یَا عَدْلُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا مُتَعَالُ یَا عَزِیْزُ یَا عَفُوُّ یَا بَاعِثُ یَا فَتَّاحُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَفِیْعُ یَا مَعْبُوْدُ یَا نَافِعُ یَا مَانِعُ یَا بَدِیْعُ یَا کَافِیْ یَا رَءُوْفُ۔ اور اس دائرہ کی صورت یہ ہے۔

الم اللہ لا الہ الا هو الحی القیوم
علیم عدل حلیم
اللہ
سمیع
متعال
الصبور
جامع معید باعث
وعنت الوجوه للحی القیوم

اور یہ اس کی دعا ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْخَلْقِ وَالْاَمْرِ بِالتَّجَلِّیْ لِلْحَقِّ الظَّاهِرِ بِسَبَبِ التَّنْزِیْلِ الْمُتَعَالِیْ اَمْرًا وَّوُجُوْدًا وَّبُطُوْنًا مَعْقُوْلًا ذٰلِكَ بِمَا لِمَنْ شِئْتَ وَمَا شَاءَ بِهٖ مِنْهُ كَثْرَةً لَا تَقْدِرُ فِیْ وَحْدَةِ مَا اَحْكَمْتَ مِنْ حُكْمِهٖ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰهُ یَا رَبِّ وَاَسْاَلُكَ اللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا عَدْلُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ۔

لہ اے اللہ میں تیرے اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم خلق و امر کو کھولا ہے ساتھ تجلی کے واسطے حق کے جو ظاہر کرنے والی شے ہے سبب تنزیل کو اور بلند ہے امر اور وجود اور بطون میں معقول ہے از روئے جس کے اس کو جس کی تو نے تائید کی بلکہ معلوم ہے۔ اس کو جس کو تو نے بتلایا اور مجہول ہے اور اس پر جس کو تو نے بتلانا نہ چاہا۔ اس کے متشابہات سے جو تو نے اس میں محکم کیا ہے اس میں قدرت نہیں ہو سکتی اے علم والے اے کھولنے والے اے اللہ اے رب اور مانگتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ اے سننے والے اے جاننے والے رغبت والے اے وسعت والے اے عدل والے اے بلند اے بزرگ اے برتر اے غالب معاف کرنے والے قبروں سے اٹھانے والے

يَا مُتَعَالُ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ يَا بَاعِثُ يَا شَهِيْدُ يَا رَحِيْمُ يَا مَعْبُوْدُ يَا مَانِعُ يَا مُعِيْدُ يَا نَافِعُ أَسْأَلُكَ بِسِرِّ الْاِضَافَةِ الرَّابِطَةِ بَيْنَ حَضْرَتَي الْوُجُوْبِ أَسْأَلُكَ بِمَا بَسَطْتَهُ فِيْ مَلَكُوْتِ جَبَرُوْتِكَ وَبِمَا بَيَّنْتَهُ فِيْ جَبَرُوْتِ مَلَكُوْتِكَ وَبِمَا اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِيْ عَوَالِمِ الْهَيْبَةِ وَبِمَا غَيَّبْتَهُ عَنْ إِدْرَاكِ الْعُقُوْلِ فِيْ سِرِّ نُعُوْتِ رَحْمَتِكَ وَبِمَا أَدْرَجْتَ فِيْ سِرِّ سِتْرِكَ بِخَفِيَّةِ الْكَيْنُوْنِيَّةِ الْمَرْمُوْزَةِ وَبِمَا فَصَّلْتَ مِنَ الرُّمُوْزِ وَالْاِيْمَانِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَيْفِيَّةِ الْمَخْزُوْنَةِ فِيْ بَاطِنِ بُطُوْنِ الْبَرَكَةِ أَنْ تَحْفَظَنِيْ بِحِفْظِكَ الْمَنِيْعِ مِنْ أَصْوَاتِ الشَّيْطَانِ وَنَغَمَاتِهِ وَهَمَزَاتِهِ وَلَمَزَاتِهِ الَّذِيْ يَجْعَلُ الْخَيْرَ شَرًّا وَالْبَحْرَ بَرًّا وَالنَّفْعَ ضَرًّا وَمِنْ سُوْءِ مَكْرِهٖ وَأَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ أَنْ تَرْزُقَنِيْ بِنِعْمَتِكَ الْعَمِيْمِ وَكَرَمِكَ الْجَسِيْمِ النِّسْبَةَ مَلَكِيَّةً نُوْرَانِيَّةً فِي الْعَوَارِفِ فِيْ مَمْلَكَتِهِ الْاَفْعَالِ وَاكْرِمْنِيْ بِكَلِمَاتِكَ فِي الْحَيَاةِ وَالْمَمَاتِ لِاَنَالَ مَنَاهِجَ الْعَوَارِفِ وَارْزُقْنِيْ مِنْكَ الْعِرْفَانَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

حضرت عیسیٰؑ کا مُردے زندہ کرنا

اس بیان میں کہ عیسیٰ علیہ السلام اسی اسم سے مردہ کو زندہ کرتے تھے اور یہی اسم اعظم ہے کہ جس کی برابری اور اسماء نہیں کر سکتے جیسا کہ مجھ سے اسد بن موسےٰ نے طبی سے اور انہوں نے ابوصالح سے روایت کی ہے کہ اس اسم مکنون کو جو شخص روزہ پاکیزگی کے ساتھ اتوار کے روز طلوع آفتاب کے وقت ہرن کی جھلی پر لکھے اور عود ہندی اور صندل سرخ کی دھونی دے اور اپنی کلائی پر باندھے ہر طرف سے خیرات و برکات اس کو حاصل ہوں۔ اس قدر کہ یہ تعجب کرے۔ اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ یہی وہ اسم ہے جو موسےٰ علیہ السلام کو تعلیم ہوا تھا۔ اور اسی اسم سے زبیدہ نے ہارون رشید کو قبضے میں رکھا تھا۔ یہاں تک کہ وہ بغیر زبیدہ کی اجازت کے کوئی کام نہ کرتا تھا۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر ایسی جگہ لٹکائے کہ ہر وقت اس پر دھوپ رہے صبح سے شام تک

(بقیہ صفحہ سابقہ) اے گواہ اے بلند مرتبہ کرنے والے اے معبود اے دینے والے اے لوٹانے والے اے نفع دینے والے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سر اضافت کے ساتھ جو رابطہ ہے درمیان حضرت وجوب کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے ساتھ اس کے جس کو جو عالم جبروت میں تو نے پھیلائی ہے اور جو تم نے جبروت ملکوت میں ظاہر کی ہے اور جس سے تو نے اپنی عوام الہیبت میں اختیار کیا ہے اور جس کو تو نے ادراک عقول سے اپنی رحمت کے راز مخفی میں پوشیدہ کیا ہے اور جس کو تو نے اپنے پردے کے راز میں کینونیت کی پیچیدگی میں مندرج کیا ہے اور جو رموز ایمان اس نے ظاہر کی ہیں انواع کیفیت سے جو مخزون ہے باطن بطون برکت میں یہ اپنی حفظ کامل کے ساتھ میری حفاظت کر شیطان کی آوازوں اور نغموں اور وسوسوں اور نزاکتوں سے وہ شیطان جو خیر کو شر اور خشکی کو تر اور نفع کو ضرر بنا دیتا ہے۔ اور اس کے مکر کی برائی سے مجھ کو بچا۔ اور اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ کو اپنے فضل عمیم اور کرم جسیم سے نسبت ملکی نورانی معرفت والی عنایت فرما۔ اور تصریف مملکت افعال میں اور اپنے کلاموں کے ساتھ موت اور زندگی میں مجھ کو بزرگی عنایت فرما تاکہ میں معرفت کے زینہ پر چڑھوں۔ اور اپنا عرفان مجھ کو نصیب کر اے حنان اے منان اے رب العالمین ۱۲۔

تو یہ اس کے لئے لوگوں میں مقبول عظیم ہوگا اور وہ اسم یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا قَاہِرُ یَا قَیُّوْمُ یَا قَائِمُ یَا
قَرِیْبُ یَا قَدِیْرُ یَا قُدُّوْسُ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْمُ یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ عَزَّزْتَ اَوْلِیَائَکَ بِاَنْبِیَائِکَ وَحَمَلْتَ
اَنْبِیَائَکَ بِاحْتِمَالِ بَلَائِکَ وَقَمَعْتَ الْاَعْدَاءَ بِشِدَّۃِ سَطْوَتِہٖ وَسُلْطَانِ قُوَّتِکَ وَاسْتِیْلَائِکَ وَاَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ
الْمَنِیْعِ الْخَطِیْرِ وَبِجُوْدِکَ الْعَظِیْمِ الْقَدِیْرِ وَبِحَقِّکَ عَلٰی خَلْقِکَ مِنَ الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ
عَزِیْزًا بَیْنَ الْخَلَائِقِ بِالْاِسْتِغْنَاءِ عَنْھُمْ وَالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ وَاَکْرِمْنِیْ بِحَیَاتِکَ الْمُثْبَتَۃِ فِیْ
اَسْرَارِ سَتَرَہٗ اَثَرِھِمْ حَتّٰی اَنْجُوَ بِھَا وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ وَارْزُقْنِیْ عِزَّۃً مِّنْ اِعْزَازِکَ لِاَوْلِیَائِکَ فِی
الْحَالِ وَالْمَآلِ عِنْدَ جَذْبِھِمْ اِلَیْکَ وَاجْعَلْنِیْ عَزِیْزًا عَلٰی بَابِ الْحَقِّ بِالثَّبَاتِ وَالشُّھُوْدِ وَلَاکُوْنَ اٰتِیًا
اِلَیْکَ وَابْسُطْ عِزِّیْ فِیْ قُلُوْبِ اَھْلِ الْاِیْمَانِ لِاَنَالَ سِرًّا زَاتِکَ عِنْدَ ظُھُوْرِ الْحُجَّۃِ وَالْبُرْھَانِ یَا حَنَّانُ
یَا مَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ تَسْمَعُ السِّرَّ وَالنَّجْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ تَعْلَمُ الْحُکْمَ وَالتَّقْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ
تُظْھِرُ فِیْ قُلُوْبِ اَحِبَّائِکَ سِرَّ الْفَتْحِ وَالتَّجَلِّیْ وَتَسْمَعُ مَا ھُوَ اَدَقُّ وَاَخْفٰی وَتَرٰی بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَاتَنَامُ
وَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ دَبِیْبُ النَّمْلَۃِ السَّوْدَاءِ عَلَی الصَّخْرَۃِ الصَّمَّاءِ تَحْتَ طِبَاقِ الْغَبْرَاءِ فِی اللَّیْلَۃِ
الظَّلْمَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِلَطَائِفَ مَا اَدْرَجْتَ فِی السَّمِیْعِ وَالْبَصِیْرِ وَبِدَقَائِقِ مَا وَضَعْتَ فِی الْبَصَرِ
وَحَقَائِقِ مَا جَمَعْتَ بَیْنَ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَبِدَقَائِقِ مَا کَمَنْتَ فِی الْبَصَرِ لِیَقَعَ مَوْقِعَ السَّمْعِ وَبِسَوَابِقِ مَا نَفَیْتَ فِی السَّمْعِ

---

[1] اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے قاہر اے قیوم اے قائم اے قریب اے قدیر اے قدوس اے قادر اے قدیم تو ہے وہ ذات پاک جس نے نبیوں کے ساتھ اپنے ولیوں کو عزت دی اور اپنے نبیوں کو بلا کر آزمائش کے ساتھ آزمایا ہے اور تو نے اپنے دشمنوں کو اپنی قوت اور غلبہ اور سلطنت سے ہلاک کیا ہے تجھ سے میں مانگتا ہوں تیری عزت کے ساتھ جو بہت بڑی ہے اور تیری بخشش عظیم کے ساتھ اور تیرے حق کے ساتھ جو ہر مخلوق چھوٹی اور بڑی پر تیرا ہے یہ کہ تو مجھ کو خلائق میں ان سے استغناء کے ساتھ عزت والا اور اپنا محتاج بنا اور اپنی زندگانی کے ساتھ جو ان کے سینوں کے اسرار میں پوشیدہ ہے۔ مجھ کو بزرگی دے تاکہ میں تیری طرف التجا کروں اور متوجہ ہوں اور مجھ کو اپنے اولیاؤں کی عزت میں سے عزت دے حال اور مال میں جب کہ تو ان کو اپنی طرف جذب کرتا ہے اور مجھ کو حق کے دروازے پر ثابت قدمی اور حاضر باشی کے ساتھ عزت والا کر تاکہ میں تیری طرف آنے والا ہوں اور میری عزت کو اہل ایمان کے دلوں میں کھول دے تاکہ میں ظہور حجت اور برہان کے وقت تیری ذات کا راز حاصل کرلوں اے حنان اے منان تو پوشیدہ اور ظاہر بات کو سنتا ہے اور تو حکم اور تقویٰ کو جانتا ہے اور تو ہی اپنے دوستوں کے دلوں میں فتح اور تجلی کے اسرار ظاہر کرتا ہے تو اس کو سنتا ہے جو بہت باریک اور دقیق ہے اور تو اپنی آنکھ سے دیکھتا ہے جو سوتی نہیں ہے اور ایک کالی چیونٹی کی آواز کو جو ایک سخت پتھر کے غباروں کے اندر ہو۔ اندھیری رات میں تو سنتا ہے اے اللہ میں تجھ سے ان لطائف کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے سننے اور دیکھنے میں رکھے ہیں۔ اور ان دقائق کے ساتھ جو تو نے دیکھنے میں رکھے ہیں اور وہ حقائق جو سننے اور دیکھنے میں جمع کئے ہیں اور وہ [illegible] اور وہ سوابق جو تو نے سماعت میں پوشیدہ

بِقَوْمِ مَقَامِ الْبَصِيْرَاتِ تُرْزُقُنِيْ اَسْرَارًا مُنْدَرِجَةً فِيْ اِحَاطَةِ الْبَصَرِ وَمُشَاهَدَةَ اَنْوَارٍ مُكَرَّرَةٍ عِنْدَ الْخَيْرَاتِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَارْزُقْنِيْ سُمُوًّا بِنُوْرِ نَبِيِّكَ وَدَوَامِ الْمُرَاقَبَةِ يَا بُرْدِ مِنْ قُدْسِكَ الْاَعْلٰى وَاَيِّدْنِيْ عَلٰى نَفْسِيْ مُطَالَبَةَ النَّفْسِ بِدَقَائِقِ الْمُحَاسَبَةِ اِنَّكَ جَامِعُ كُلِّ خَيْرٍ وَدَافِعُ كُلِّ ضَيْرٍ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ يَا قَهَّارُ يَا كَرِيْمُ يَا قُدُّوْسُ يَا قَائِمُ يَا قَيُّوْمُ يَا قَرِيْبُ اَسْاَلُكَ بِذَاتِكَ الْاَحَدِيَّةِ وَصِفَاتِكَ الصَّمَدِيَّةِ يَا قَيُّوْمُ لَا يَنَامُ وَمُلْكُكَ لَا يَتَنَاهٰى اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِيَ جَمِيْعَ حَوَائِجِيْ وَمَا لَا اُرِيْدُ مِثْلَهَا فِيْهِ بِرِضَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

وہ اسماء جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے

خدا ہم کو اور تم کو اپنے اسرار کے سمجھنے اور اپنی اطاعت کی توفیق دے۔ معلوم ہو کہ یہ فصل نہایت عظیم الشان اور بڑی جلیل القدر ہے۔ خوارزمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں اس اسم کو برسوں سے تلاش کر رہا تھا۔ آخر ایک شخص کے پاس اہل علیین میں سے میں نے اس کو پایا۔ اور بہت سے اسماء اسی قسم کے اس کے اپنے پاس خط حمیری میں لکھے رکھے تھے تاکہ غیر شخص نہ پڑھ سکے۔ خوارزمی فرماتے ہیں جو شخص سات روز روزہ رکھے اور ساتویں روز ان اسماء کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے لکھے۔ پھر ثاقوفہ[1] کے ملائکہ یعنی وہ فصل جس روز اس نے عمل کیا ہے اس کے موکلات کو پکارے اور موکلات ہوا کا نام لے۔ اور جو حاجت ہو اس کا ذکر کرے پوری ہوگی۔ اور اگر یہ عمل جاری پانی کے کنارے پر کرے اور دھوپ میں لٹکائے اور ملائکہ ثاقوفا اور اس کے اعوان اور ملائکہ ریاح اور کواکب کے نام لے تو افضل ہے خوارزمی فرماتے ہیں جب میں ان شخص سے ملا جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے تو میں نے ان سے اسم اعظم کا سوال کیا انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک نام اسم اعظم ہے میں نے کہا

(بقیہ صفحہ سابقہ) کئے ہیں تاکہ قائم مقام بصر کے ہو۔ یہ کہ مجھ کو وہ اسرار عنایت کر جو احاطہ بصر میں مندرج ہیں۔ اور ان انوار کا مشاہدہ نصیب کر جو سمع اور بصر کے ساتھ مقرر ہیں اور مجھ کو اپنی نورانیت کے ساتھ اور دوام مراقبہ کے ساتھ عنایت کر جو قدس اعلیٰ سے وارد ہوتا ہے اور نفس سے حساب کا مطالبہ کرنے پر میری مدد کر بے شک تو ہر چیز کا جامع اور ہر برائی کا دافع ہے۔ اے رب العالمین اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں، تیری ذات وحدانیت اور تیری صفات صمدانیہ کے ساتھ۔ اے قیوم جو نہیں سوتا ہے اور تیرا ملک ختم نہیں ہوتا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود نازل کر اور میری تمام حاجتیں جو میں چاہتا ہوں یا میں نہیں چاہتا ان میں سے تو راضی ہو سب کو پورا کر۔ اے ارحم الراحمین ۱۲۔

[1] ثاقوفہ سال کی چوتھائی ۱۲۔

بیشک میں بھی ان میں سے بہت اسماء جانتا ہوں۔ جب شیخ نے مجھ سے تاقوفریلیم باعور اور تاقوفر یوسف علیہ السلام کا سوال کیا میں نے ان کو بتلا دیئے۔ اور شیخ کا یہ خیال تھا کہ میں ان سے ناواقف ہوں۔ مگر جب میں نے ان کو بتلا دیئے تو شیخ نے فرمایا کہ میرے پاس آؤ۔ تم جیسا کوئی میرے پاس کوئی نہیں آیا۔ پھر وہ اسم سے اسماء کا ذکر کرتے رہے میں نے ان سے ان اسماء کو دریافت کیا۔ جو حضرت موسے علیہ السلام کے عصا پر تھے۔ انہوں نے فرمایا اے فرزند سب اسماء سے زیادہ بزرگ یہ اسماء ہیں۔ اور کچھ یہ عجمی اور کچھ عبرانی خط میں لکھے تھے۔ تاکہ کوئی ان کو معلوم نہ کر سکے۔ اور فضائل و خواص ان کے زیاد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بیان کئے ہیں کہ ان اسماء کی فضیلت اور اسماء پر ایسی ہے جیسے لیلۃ القدر کی فضیلت اور ماہ شوال پر اور روز جمعہ کی فضیلت اور دنوں پر۔ خوارزمی فرماتے ہیں کہ میں نے ان اسماء کو خط حمیری میں لکھا ہوا ایک شخص کے پاس شہر قزوین میں دیکھا تھا۔ جو شخص ان کے فضائل سے واقف ہے۔ اس کو چاہیئے کہ نا اہل سے محفوظ رکھے اور خدا سے ڈرتا ہے۔

دل کی گھبراہٹ کا علاج

خفقان اور گھبراہٹ والے کو اس سے بہت نفع ہوتا ہے

علاج بدنظر۔ زیاد بن عبداللہ کہتے ہیں جو شخص تین روزے رکھے اور اس آیت کو ہرن کی جھلی پر جو سفید ہو زعفران سے لکھ کر نظر والے کے گلے میں لٹکائے تو نظر بد کا اثر جاتا رہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ہفتہ کے روز طہارت اور روزہ کے ساتھ جب کہ قمر اپنے خانہ میں ہو لکھے بہت جلد مطلب حاصل ہو۔ اور انہیں سے عیسے علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے اور کوڑھی اور اپاہجوں کو تندرست کرتے تھے اور یہی اسماء آسمان دنیا پر لکھے ہوئے ہیں۔ اور اہل علم نے اس کے ساتھ تفسیر پر اتفاق کیا ہے اور یہ وہی ہے جو حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے جو شخص ان کے ذکر پر مداومت کرے اللہ تعالیٰ خرق عادات اس کو نصیب کرے تم کو لازم ہے کہ اپنی نیت کو اس کی طرف مصروف کر کے رات دن ان کا ورد کرو اولیاء اللہ کے مراتب میں ترقی کرو گے۔

دائرہ کی صفت یہ۔ اور دائرہ کی صفت یہ ہے

ابی ہذیل سے روایت ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام جب مردہ زندہ کرتے تھے۔ تو دو رکعت نماز پڑھ کر سجدہ میں دعا کرتے تھے یَاقَدِیْمُ یَادَائِمُ یَااَحَدُ یَاوَاحِدُ یَا صَمَدُ اور مقاتل بن سلیمان کہتے ہیں میں ان اسماء کو جن سے عیسٰی علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے چالیس برس سے تلاش کرتا تھا۔ یہاں تک کہ ایک شخص صاحب علم کے پاس میں نے اس کو پایا۔ اور فرماتے تھے کہ جو شخص صبح کی نماز میں ان کو سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ اور جس شخص نے تئیں کسی ظالم کا ہلاک کرنا منظور ہو تو صبح کی نماز پڑھتے ہی کسی سے بات نہ کرے اور ان اسماء کو اسی جگہ بیٹھ کر پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَاقَدِيْمُ يَادَائِمُ يَافَرْدُ يَاوِتْرُ يَااَحَدُ يَا صَمَدُ يَاحَيُّ يَاكَرِيْمُ يَارَحِيْمُ يَا سَنَدَ مَنْ لَاسَنَدَ لَهٗ يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمُسْتَنَدُ يَامَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ سو مرتبہ پڑھ کر جو حاجت خدا سے مانگے پوری ہوگی خصوصاً جب کہ کسی ظالم پر بددعا کرے تو فوراً اثر ہوگا۔ اور اگر ان اسماء کی تصریف کا ارادہ ہو تو ایک دائرہ طلسم بناؤ اور اسماء کو اندر لکھ کر خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھو مطلب حاصل ہوگا۔ اور دعا اس دائرہ کی یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِجِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِيْنَ صَعِدَ عَرْشَكَ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ اللّٰهِ اللّٰهِ اللّٰهِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِكَتَكَ الْمَلَكَ كَسْفَائِيْلَ وَدَرْدَ يَائِيْلَ وَسَمْخِيَائِيْلَ وَدُوْبِيَائِيْلَ وَسَمْكَائِيْلَ وَطِهْرِيَائِيْلَ وَكُرْمِيَائِيْلَ اَجِيْبُوْا اَيَّتُهَا الْمَلٰئِكَةُ الْكِرَامُ وَالْاَدَامُ الطَّيِّبُوْنَ الْمُقَرَّبِيْنَ لِلّٰهِ بِالْوُحْدَانِيَّةِ بِحَقِّ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْعَزِيْزِ الْمُقَدَّسِ الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَسْمَآءِ كُلِّهَا عَزِيْزِهٖ وَكَبِيْرِهَا تُسَخِّرَ لِیْ هٰؤُلَآءِ الْمَلٰئِكَةِ الْكِرَامِ يَقْضُوْ حَاجَتِیْ وَهِیَ كَذَا وَكَذَا مِمَّا لِلّٰهِ فِيْهِ رِضًا[۱] اور اپنی حاجت کا نام لے اور حسد سے پرہیز کرے۔

بلعم باعور کی دعا

بلعم باعور اس اسم کے ساتھ جو دعا مانگتا تھا۔ قبول ہوتی تھی۔ مگر جب موسیٰ علیہ السلام نے اس پر بددعا کی تو اللہ تعالےٰ نے یہ دعا اس سے سلب کر لی۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے اس آیت میں اس کا بیان فرمایا ہے وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا آخر تک اور بہت علماء نے

---

[۱] نہیں ہے نیکی و بدی کی قوت مگر اللہ بلند و بزرگ سے جو قدیم ہے اسے سند اس کی جس کی سند نہیں ہے اور اسے وہ ذات کہ اسی کی طرف سہارا ہے اسے وہ کہ نہ پیدا ہوا نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔ اور نہ ایسی کے کوئی مقابلہ ہے اسے ذوالجلال والاکرام ۱۲ ۔ اسے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ساتھ جبرئیل کے جب عرش پر چڑھے اور تیرے نام کے ساتھ جو اللہ اللہ ہے۔ یہ کہ تو اپنے ملائکہ میں سے کسفائیل دردیائیل وغیرہ موکلات کو میرا مسخر کر دے۔ اسے ملائکہ کرام اور اسے پاک اور جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے مقرّ ہیں۔ میری بات کو قبول کرو اسے اللہ تو اپنے اسم اعظم کی طفیل سے جس کو تو نے اپنے کل بزرگ سے بزرگ ناموں پر فضیلت دی ہے یہ کہ تو میرے لئے ان ملائکہ کو مسخر کر دے تاکہ میری فلاں فلاں حاجت پوری کریں۔ جس میں اللہ کی رضامندی ہو ۱۲

اس دعا کی برکت سے بڑے بڑے مدارج حاصل کئے ہیں اور معلوم ہو کہ جو شخص اس نقش کو باطہارت لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہری و باطنی امور کو درست کرے اور طاعت کی توفیق عنایت فرمائے یہ شخص اپنے دشمنوں پر غالب رہے۔ جو ظالم اس کو دیکھے رعب میں آجائے۔ اور جو شخص اس کو اپنے سر پر باندھے۔ ہر ایک سرکش اس کے آگے ذلیل ہو۔ اور اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو ظاہری و باطنی قوت عنایت کرے۔ جو شخص اس نقش کو باندھ کر اپنے دشمن سے لڑا اس پر غالب ہوا اور میدان جنگ میں منصور رہا۔ اور کوئی برائی اس کو نہ پہنچی۔ اگر کوئی بادشاہ اس کو اپنے پاس رکھے تو لشکر اور کل امراء اور رؤسا اس کی اطاعت کریں۔ اور آئندہ مؤید و منصور رہے۔ اور جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے۔ ایسی جگہ سے اس کو رزق ملے جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔ اور اس نقش میں تالیف قلوب اور محبت کا بھی اثر ہے۔ جو اس کو تامل کے ساتھ سمجھے وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور اس کی عمل اشکال ایام سبع کے ساتھ آئے گی۔

معلوم ہو کہ جس پر حرف میم کے اسرار اور احاطہ اور انطباق میں سے ایک بھی منکشف ہو گیا۔ وہ عالم کے عجائبات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور جس کو حافظہ کے بڑھانے کی ضرورت ہو تو اس کو ہر عددی کو پنجشنبہ کے روز وضو کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کر کے لکھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک بھی چالیس بار لکھے اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس روز پیوے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ اس کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی کر۔ اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر و باطن کو کھول دے گا۔ یہ اس کے واسطے ہے جو اس رمز کو سمجھ گیا ہو۔ کیونکہ وہ ان اسرار کا مشاہدہ کرتا ہے جن کے ساتھ صورت میم قائم ہے اور اسی سبب سے یہ کشادگی اس کو حاصل ہوتی ہے۔ اور جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور دشمنوں میں چلا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے۔ اور دشمنوں کو ذلیل کرے۔ اور جو شخص کسی دشمن سے ڈرتا ہے تو وہ بھی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ بلکہ اس کے آگے ذلیل ہو جائے گا۔ اور کل مرادیں اس کی پوری ہوں گی۔ جو شخص اس نقش کو لکھ کر دھوپ میں لٹکائے۔ اس طرح کہ صبح سے شام تک اس پر دھوپ رہے تو پھر اس کے لئے تمام خلائق میں قبول عظیم ہو گا صورت اس نقش کی یہ ہے۔

۷۷	۱۰۴	۱۱۷	۱۰۴	۱۰۳	۱۰۲	۹۲	۵
۱۰۳	۸۱	۸۱	۷۹	۹۰	۷۶	۱۰۴	۵
۱۱۸	۵۱	۴	۱۰۱	۴	۶۸	۷۲	۹۱
۸۲	۲۱	۵۹	۱۲	۱۲	۷۱	۷۸	۲۷
۱۸۶	۶۰	۷۶	۴۱	۵۷	۸۱	۸۷	۵۹
۶۶	۱۳	۱۲۱	۲۵	۸۸	لعا	۶۹	۵۹
۶۶	۷۱	۲۵	۸۸	صہا	۷۱	۱۴	۱۱۱
۱۹	۱۷	۸۰	۲۲	۹۴	۱۱۷	۷۰	۱۲۰

۸: توابع وارابع کے مخصوص دائرے

معلوم ہو کہ اسی فصل پر اس کتاب کا مدار ہے اس میں اسرار عظیمہ ہیں۔ جب تم کو یہ منظور ہو کہ ان اسماء مبارکہ اور توفیق جلیلہ اور اسماء ملائکہ کا جو زمانہ کا انتظام کرتے ہیں۔ اور اسماء رباح و کواکب کا عمل کرو۔ تو پہلے تم کو جاننا چاہیئے کہ سال کے بارہ مہینے ہیں۔ اور ان کے تین تین ماہ کی

چار قسمیں ہیں فصل گرما۔ فصل سرما۔ فصل ربیع۔ فصل خریف۔ اور ان میں سے ہر ایک فصل کو ثاقوذ کہتے ہیں۔ پہلا ثاقوذ فصل ربیع ہے جو بیسویں مارچ سے شروع ہوتا ہے۔ دوسرا ثاقوذ فصل گرما ہے۔ جو بیسویں جون سے شروع ہوتا ہے۔ تیسرا ثاقوذ فصل خریف ہے جو بیسویں ستمبر سے شروع ہوتا ہے۔ چوتھا ثاقوذ فصل سرما ہے۔ جو بیسویں دسمبر سے شروع ہوتا ہے۔

فصل اسمار ملوک کے بیان میں جو انتظام زمانہ کرتے ہیں۔ شرق کے موکل کا نام رنیائیل ہے اور صاحب غرب کا دردبائیل ہے۔ اور جنوب کا خرقیائیل اور صاحب شمال کا اسیائیل اور موکل شرق صاحب گرما سے تعلق رکھتا ہے۔ اور موکل غرب فصل سرما سے اور موکل شمال فصل ربیع سے اور موکل جنوب فصل خریف سے ہے۔

فصل قسمۃ اعوان کے بیان میں۔ اقطار اربعہ پر موکل شرق کے یہ (موکل) اعوان (یعنے وکار پرداز تحت) ہیں۔ وجبائیل حرزئیل۔ سمعائیل۔ اور موکل غرب کے یہ اعوان ہیں۔ جبرقیل۔ معصائیل۔ سرمائیل اور موکل شمال کے یہ ہیں۔ قرعربائیل۔ طائیل۔ اور موکل جنوب کے یہ ہیں۔ سبائیل مرحبائیل۔ حمریکائیل۔

اسمائے حاجت دعوات

جب تم فصل ربیع میں ہو اور ثاقوذ کی دعا پڑھنی چاہو تو یوں پڑھو۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا تَبَايِئِيْلُ وَاَعْوَانَكَ فَرْحَوْبِيْلُ وَطَاحُوْلُ وَالرِّيَامُ وَمَاسُوْلُ وَمَيْسُوْرُ وَسَمَاوَطَشُ وَعَلَى الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ مَا خَفَتْ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاسْمِهِ الشَّدِيْدِ رَبِّ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى لَا غَايَةَ لَهٗ وَلَا مُنْتَهٰى لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى اَللّٰهُ عَظِيْمٌ قَاهِرُ الْاَعْدَاءِ دَائِمُ النَّعْمَاءِ رَحِيْمُ الرُّحَمَاءِ قَادِرٌ غَيْرُ مَقْدُوْرٍ وَقَاهِرٌ غَيْرُ مَقْهُوْرٍ وَعَادِلٌ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالنُّشُوْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اِلٰى اٰخِرِهَا اِنِّىْ اَسْاَلُكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ بِاسْمِكَ التَّامِّ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ اَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ شَيْءٍ دُوْنَ اللّٰهِ بَاطِلٌ۔ اٰمَنْتُ بِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَا رَبَّ سِوَاكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ

---

[1] قسم دیتا ہوں میں تجھ کو اے تبائیل اور تیرے اعوان فرحوبیل وغیرہ کو ساتھ نام اللہ کے اور ساتھ نام اس کے جو زبردست ہے رب آخرت اور اولی کا۔ نہ اس کی غایت ہے نہ انتہا۔ اسی کے واسطے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے۔ اور جو تحت الثریٰ میں ہے۔ اللہ عظیم ہے دشمنوں پر قاہر ہے۔ ہمیشہ نعمت رکھتا ہے مہربانوں کا مہربان ہے وہ سب پر قادر ہے۔ اس پر کوئی قادر نہیں وہ قاہر ہے اس پر کوئی قاہر نہیں۔ حشر کے روز عدل کرنے والا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ علیم حکیم اور رحمٰن و رحیم ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے رب العالمین تیرے پورے نام کے ساتھ اے حی قیوم میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ کل چیز سوائے خدا کے باطل ہے۔ ایمان لایا ہوں میں تیرے ساتھ تو ہی معبود ہے تیرے سوا کوئی رب نہیں تیرے نام کے ساتھ جو بزرگ ہے اور جس کو تو نے اپنے

اَلَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰی جَمِیْعِ اَسْمَآئِكَ كُلِّهَا اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ صَاحِبَ الدَّعْوَةِ وَصَاحِبَ الشَّاقُوْفَةِ وَالنَّوَاحِی الْاَرْبَعَةَ یَكُوْنُوْنَ عَوْنًا لِّیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ بِاِذْنِكَ یَا اللّٰهُ اِلٰهِیْ اِنَّكَ اَنْتَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ اَجِیْبُوْا یَا مَعَاشِرَ الْاَرْوَاحِ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ بِحَقِّ مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَبَرُوْتُ وَبِحَقِّ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ الْقَآئِمِ الَّذِیْ اِسْمُهٗ لَا یُنْسٰی وَنُوْرُهٗ لَا یُطْفٰی وَعَرْشُهٗ لَا یَزُوْلُ وَكُرْسِیُّهٗ لَا یَتَحَرَّكُ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ اَسْاَلُكَ یَا اَللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَالِكُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَسْاَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّةَ خُدَّامِ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور اگر فصل خریف ہے تو اس طرح ناؤکرو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ یَا دُنْیَائِیْلُ وَعَلٰی اَعْوَانِكَ یَا حَمْیَائِیْلُ وَكَرْمَائِیْلُ وَسَمْعَائِیْلُ وَعَلَی الرِّیَاحِ الْقَدِیْمِ وَنَعْمَهُوْنَ وَمَرْدُوْدٌ وَعَارُوْدٌ وَعَلَی الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ مَاخُوْذٌ مُسَاكِدِیْنَ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ حَیٌّ لَّا تَمُوْتُ وَغَالِبٌ لَّا تُغْلَبُ وَخَالِقٌ لَّا تُخْلَقُ وَبَصِیْرٌ لَّا تَرْتَابُ وَسَمِیْعٌ لَّا تُتَّهَمُ وَقَهَّارٌ لَّا تُقْهَرُ وَصَمَدٌ لَّا تُطْعَمُ وَقَیُّوْمٌ لَّا تَنَامُ وَوَفِیٌّ لَّا تُخْلِفُ وَعَدْلٌ وَحَكَمٌ لَّا تَجُوْرُ وَغَنِیٌّ لَّا تَفْتَقِرُ وَكَنْزٌ لَّا یُعْدَمُ وَحَلِیْمٌ لَّا تَعْجَلُ وَمَعْرُوْفٌ لَّا تُنْكَرُ وَنُوْرٌ لَّا تُشْتَبَهُ وَوَهَّابٌ لَّا تُرَدُّ وَسَرِیْعٌ لَّا تَذْهَلُ وَلَا تَضِلُّ وَدَآئِمٌ لَّا تَبْلٰی وَمُجِیْبٌ لَّا تَسْاَمُ وَبَاقٍ لَّا تَفْنٰی وَفَرْدٌ لَّا شَبِیْهَ لَكَ وَمُقْتَدِرٌ لَّا تُنَازَعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ یَا حَیُّ لَّا یَمُوْتُ وَخَالِقٌ لَّا یُخْلَقُ"

تمام ناموں پر فضیلت دی۔ یہ کہ تو صاحب دعوت اور صاحب شاقوفہ اور نواحی اربعہ کو میرا مسخر کردے جو قضائے حاجت میں میرے مددگار ہوں تیرے حکم سے اے اللہ بے شک تو حکم کرتا ہے اور تیرے اوپر حکم نہیں کیا جاتا۔ قبول کرو اے گروہ ارواحوں کے اور میری حاجت کو پورا کرو اس ذات کی طفیل سے جس کی عظمت وجبروت ہے۔ اس ذات کی طفیل جو زندہ اور قائم ہے۔ مرتا نہیں نہیں ہے مثل اس کے کوئی چیز۔ ایسا قائم ہے کہ اس کا نام بھولا نہیں جاتا۔ اور اس کا نام نہیں بجھتا۔ اور عرش اس کا زائل نہیں ہوتا۔ اور کرسی اس کی حرکت نہیں کرتی اپنے بندے پر اس نے اپنی کتاب نازل کی ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو مالک ہے دنیا و آخرت کا مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ میری حاجت پوری کر اور ان اسماء کے نام کی روحانیت میری مسخر کردے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

ملک میں تجھ سے قسم دیتا ہوں اے دیائیل اور تیرے اعوان کو اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہی زندہ ہے نہیں مرتا اور غالب ہے مغلوب نہیں ہوتا۔ اور خالق ہے پیدا نہیں کیا گیا۔ تو بینا ہے شک نہیں کرتا۔ تو سنتا ہے بہرہ نہیں ہے اور تو قہر کرنے والا ہے۔ مقہور نہیں ہے۔ اور تو پاک ہے کھاتا نہیں۔ اور قیوم ہے سوتا نہیں۔ اور وفادار ہے وعدہ خلاف نہیں کرتا۔ اور حاکم ہے ظلم نہیں کرتا۔ اور تو غنی ہے فقیر نہیں ہوتا۔ اور حلیم ہے جلدی نہیں کرتا۔ اور خزانہ ہے معدوم نہیں ہوتا۔ اور مشہور ہے ان پہچان نہیں۔ اور یکتا ہے ثانی نہیں رکھتا۔ اور بخشنے والا ہے رد نہیں کیا جاتا۔ اور جلد کرنیوالا ہے سست نہیں ہوتا نہ بھولتا ہے اور ہمیشہ رہتا ہے پرانا نہیں ہوتا اور دعا کا قبول کرنے والا ہے اور باقی ہے فنا نہیں ہوتا اور فرد ہے کوئی مشابہ نہیں رکھتا۔ اور مقتدر ہے جلدی نہیں کرتا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ تو زندہ ہے مرتا نہیں۔ اور خالق ہے پیدا نہیں کیا جاتا۔

وَقَيُّوْمٌ لَّا تَنَامُ وَصَادِقٌ لَّا تُخْلِفُ وَعْدَكَ وَعَدْلٌ لَّا تَظْلِمُ وَمُحْتَجِبٌ لَّا تُرٰى وَسَمِيْعٌ لَّا تُصَمُّ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ
يَا اَللّٰهُ يَا عَظِيْمُ بِاسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ وَبِحَقِّ جَلَالِكَ وَكَرَمِ وَجْهِكَ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ
اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ اَسْمَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى الْعِظَامِ هَيَا الْعَجَلَ الْوَحَا السَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ ۔ اور اگر
شخص غائب ہے اور صاحبِ جنب کو بلانا ہے تو یہ دُعا پڑھے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ
يَا عَنْيَائِيْلُ وَكَزْمِيَائِيْلُ وَسَرْغِمَائِيْلُ وَعَلَى الرِّيْحِ الشَّدِيْدِ وَعَلَى الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ اَسْاَلُكُمْ اَنْ
تَنْزِلُوْا اِلٰى مَكَانِيْ وَتَفْعَلُوْا جَمِيْعَ مَا اٰمُرُكُمْ بِهٖ وَمَآ اَطْلُبُهٗ مِنْكُمْ اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ يَا نُوْرَ النُّوْرِ وَيَا
مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ وَيَا عَالِمَ الْاَسْرَارِ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْقَهَّارُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاكَ يَا اَللّٰهُ ۳
بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ اَللّٰهُ ۳ بار اَلْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ
وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَاسْتِوَائِكَ عَلٰى عَرْشِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ صَاحِبَ
الْيَوْمِ وَالسَّاعَةِ وَالتَّاوُنَةِ وَالْاَقْوَامِ الْاَرْبَعَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ يَا اَللّٰهُ ۳
اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمُحْتَجِبُ فَلَا تُرٰى وَلَا يُدْرَكُ نُوْرُكَ اٰمَنْتُ بِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ اَنْتَ
اللّٰهُ الَّذِيْ يَذِلُّ لَكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ وَيَخْضَعُ لَكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْقَاهِرُ الرَّفِيْعُ جَلَالُكَ تَعَالَيْتَ فَوْقَ عَرْشِكَ فَلَا يَصِفُ عَظَمَتَكَ

اور قیوم ہے سست نہیں ہوتا۔ اور سچا ہے خلاف نہیں کرتا وعدہ کا۔ اور عدل ہے ظلم نہیں کرتا۔ اور حجاب والا ہے اور سننے والا ہے۔ بہرہ نہیں ہے۔ تیرے
سوا کوئی معبود نہیں ہے اے رب العالمین۔ تجھ سے تیری عزت کی طفیل سوال کرتا ہوں کہ میری حاجت پوری کر اور تمام روحانیت کو میرا مسخر کر۔ اے اللہ
اے بزرگ ساتھ تیرے اسم مکنون کے اور تیرے جلال کے اور نور ذات کے بے شک یہ تیرے اوپر آسان ہے قسم دیتا ہوں تم کو ذات بزرگ کی۔ اور
اسماء الہیٰ کی بہت جلد اشتم کو برکت دے۔ اللہ میں تم کو قسم دیتا ہوں۔ اے عینائیل و کزمیائیل وغیرہ میں تم سے سوال کرتا ہوں کہ تم میرے مکان میں
نازل ہو۔ اور جو میں کہتا ہوں اس کو بجا لاؤ۔ اور جو میں تم سے طلب کروں وہ مجھ کو دو۔ مانگتا ہوں تجھ سے اے اللہ اے نور النور اور اے مدبر الامور
اور اے اسرار کے جاننے والے۔ تو اللہ ہے بادشاہ قاہر۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ بطفیل ان اسماء بزرگ کے اللہ برتر بزرگ
حکمت والا۔ بزرگ زندہ قائم یکتا۔ پاک وہ اللہ جو نہیں پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی قبیلہ ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیری عزت اور تیرے عرش
پر قائم ہونے کے ساتھ کہ میری حاجت پوری کر دے اور صاحب یوم و ساعت اور صاحب تابوفہ اور چاروں جہت والوں کو میرا مسخر کر دے
بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ پس بے شک تو ہی حکم لگاتا ہے اور تیرے اوپر حکم نہیں لگایا جاتا اے اللہ تو ہی اللہ ہے نہیں ہے کوئی معبود
مگر تو حجاب میں ہے تو پس نہیں دکھائی دیتا ہے اور نہ تیرا نور ادراک کیا جاتا ہے۔ میں تیرے ساتھ ایمان لایا ہوں۔ اور تجھ پر
توکل کیا ہے تو ہی اللہ ہے اور تمام مخلوق تیرے سامنے ذلیل ہے اور مطیع ہے تو ہی اللہ قاہر ہے بلند ہے مرتبہ تیرا بلند ہے تو
اپنے عرش پر تیری عظمت کی کوئی [illegible] اہل آسمان زمین تیرے نور

شَيْءٌ وَّلَا اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ قَدِ اسْتَنَارَ مِنْ نُّوْرِكَ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا اَللّٰهُ تَعَالَيْتَ
اَنْ يَّكُوْنَ لَكَ شَرِيْكٌ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يُحْمَدُ بِنُوْرِكَ كُلُّ نُوْرٍ وَّيَا مَالِكَ كُلِّ شَيْءٍ وَّاَنْتَ الْبَاقِيْ لَا تَحُوْلُ وَلَا تَزُوْلُ
يَا اَللّٰهُ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ بِرَحْمَتِكَ تُطْفِيْ اَعْنِيْ غَضَبَكَ وَسَخَطَكَ وَتَرْزُقُنِيْ بِهَا سَعَادَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَ
اَنْ تُسْكِنَنِيْ جَنَّتَكَ الَّتِيْ اَسْكَنْتَهَا الْخِيَرَةَ مِنْ خَلْقِكَ يَا اَللّٰهُ ۔ اور اگر فصل سرما ہے تو صاحبِ غرب کو اس طرح بلائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا دَرْدِيَائِيْلَ وَعَلٰى اَعْوَانِكَ تُوْرِيَائِيْلَ وَمُصْحِيَائِيْلَ
وَصَرْفِيَائِيْلَ وَعَلَى الرِّيَاحِ مَعْقُوْدٍ وَّعَائِمٍ وَّمَحْكُوْمٍ وَّالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ خَادِمٍ وَّكَاسِدٍ وَّسَبِّنِيْ اَسْاَلُكُمْ اَنْ
تَقْضُوْا حَاجَتِيْ بِحَقِّ مَا بِهٖ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ وَعَالِمَ الْاَسْرَارِ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ
الْجَبَّارُ الْعَزِيْزُ الْقَهَّارُ لَكَ الْحَمْدُ وَالثَّنَاءُ وَالْفَخْرُ وَالنَّعْمَاءُ اٰمَنْتُ بِكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ
يَا رَبِّ اَسْاَلُكَ يَا مُحِيْطُ يَا عَلِيْمُ يَا قَدِيْرُ يَا بَصِيْرُ يَا وَاسِعُ يَا بَدِيْعُ يَا سَمِيْعُ يَا كَافِيْ يَا رَزَّاقُ ۔

يَا شَاكِرُ يَا اَللّٰهُ يَا وَاحِدُ يَا غَفُوْرُ يَا حَلِيْمُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا
وَهَّابُ يَا قَائِمُ يَا سَرِيْعُ يَا رَقِيْبُ يَا خَبِيْرُ يَا مُحْيِيْ يَا مُمِيْتُ يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ يَا حَفِيْظُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا
قَوِيُّ يَا مَتِيْنُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا مَنَّانُ يَا خَلَّاقُ يَا صَادِقُ يَا بَاعِثُ يَا كَرِيْمُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ
يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ يَا فَتَّاحُ يَا غَفَّارُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا ذَا الْجَلَالِ يَا ذَا الطَّوْلِ يَا رَزَّاقُ يَا بَاطِنُ يَا قُدُّوْسُ

سے روشن ہیں اے اللہ بلند ہے تو اس بات سے کہ تیرا شریک ہو اے نور کے نور تیرے نور کی ہر نور تعریف کرتا ہے۔ ہر چیز فنا ہو جائے گی
مگر تو باقی ہے نہ ڈگمگاتا ہے نہ ہلتا ہے اے تو ہی رحمٰن و رحیم ہے تیری رحمت سے تیرا غضب و غصہ مجھ سے خاموش ہوگا اور تو اپنی رحمت
سے مجھ کو اپنے پاس سے سعادت نصیب کر اور اپنی جنت میں جگہ دے جس میں تو اپنے نیک بندوں کو جگہ دیتا ہے اے اللہ۔ اے اللہ قسم دیتا
ہوں میں تجھ کو اے دردیائیل اور اعوان کو اور تم سے یہ چاہتا ہوں۔ کہ میری حاجت پوری کرو بطفیل اس کے جس سے تم کو قسم دی اے
اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے نوروں کے نور اور بھیدوں کے جاننے والے تو ہی اللہ بادشاہ زبردست ہے غالب ہے قہر والا ہے
تیرے واسطے حمد و ثنا ہے اور فخر و نعمت ہے میں تیرے ساتھ ایمان لایا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے
اللہ اے رحمٰن اے رحیم اے رب تجھ سے سوال کرتا ہوں اے احاطہ کرنے والے اے علم والے اے قدرت والے اے دیکھنے والے اے
عجیب و غریب پیدا کرنے والے اے سننے والے اے کافی اے رزق دینے والے اے شکر کرنے والے اے اللہ اے واحد اے غفور اے حلیم اے
قبض کرنے والے اے کھولنے والے اے زندہ اے قائم اے بلند اے بزرگ اے دوست اے تعریف کے لائق اے بخشنے والے اے قائم اے سریع
اے نگہبان اے باخبر اے زندہ کرنے والے اے مارنے والے اے اچھے مولا اور اچھے مددگار اے حفاظت کرنے والے اے قریب اے قبول کرنے والے اے قوت
والے اے زبردست اے جو چاہے کرنے والے اے بڑے اے بلند اے احسان کرنے والے اے پیدا اے مردے کو اٹھانے والے اے بزرگ اے حق اے ظاہر کرنے والے
نور اے ہادی اے کھولنے والے اے مغفرت والے اے سخت پکڑنے والے اے جلال و بزرگی والے اے بخشش والے اے روزی رساں اے باطن اے پاک

یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَیْمِنُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا مُبْدِئُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ
یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ عِنْدَکَ وَسِرِّهَا
لَدَیْکَ وَمَا تَحْتَوِیْ عَلَیْهِ مِنْ رُّوْحَانِیَّةِ هٰذَا الْیَوْمِ وَهٰذِهِ السَّاعَةِ وَهٰذِهِ الثَّانِیَةِ وَالثَّوَانِی الْاَرْبَعَةِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ اَنْ تَکُوْنُوْا عَوْنًا لِّیْ فِیْمَا اَطْلُبُ اَجِیْبُوْا یَا مَطْلُوْبُ وَافْعَلِ الَّذِیْ
بِحَقِّ وَبَیْنَکَ بِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْهًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ۔ توافق اربعہ تمام ہوئے صورت اس کی یہ ہے

۵۱	۱۴	۴۷	۵۴	۶۱	۷۶	۲۴	۲۵	۲۶	۳
۳	۴۶	۵۴	۷۲	۱۲	۲۰	۵	۷ع	۶۴	۲۸
۴۱	۷۷	۸۷	۹۲	۲۷	۱۶	۱۴	۷۸	۲۰	۸۴
۸۶	۷۵	۱۴	۲۸	۲۱	۶۵	۴۵	۳۸	۸۸	۶۴
۸۰	۹۵	۹۴	۴۵	۵۲	۷۱	۷۰	۲۷	۲۷	۹۴
۷	۷۸	۱۷	۱۲	۴۹	۵۶	۲۳	۴۳	۹۸	۵۹
۳۸	۹۵	۷۴	۱۲	۵۰	۵۲	۹۷	۶۷	۸۲	۹
۴۰	۳۴	۴۵	۶۱	۵۷	۷۱	۶۱۱	۷۰	۵۸	۶۲
۲۱	۲۵	۶۷	۸۸	۱۰	۱۱	۹۸	۷۷	۵۹	۲۰
۱۹	۳۲	۳۴	۲۴	۴۷	۷۳	۹	۸۱	۵۷	۳۷۷

بعض اسمائے حسنیٰ کے خواص

الرحمٰن الرحیم ۔ یہ دونوں اسم بڑے عظیم الشان ہیں اور الٰہی دعا مضطر کو قطع کرتی ہے اور خوف والے کو امن دیتی ہے اور جو کوئی جمعہ کی آخری ساعت میں چاندی کی انگشتری پر کندہ کر کے پہنے تو پھر کوئی برائی نہ دیکھے اور جو ان دونوں ناموں کا ذکر کرتا رہے کل کام اس کے آسان ہوں کیونکہ رحم میں وہ چیز ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ جو تجھ کو ملائے گا اس سے ملوں گا ۔ اور جو تجھ کو قطع کرے گا میں اس سے قطع کروں گا ۔ اور اگر تو غور کرے تو محمدا اور الرحمٰن کو مجتمع دیکھے سر اور نجومی اور جو اقلیم سبعہ میں جو شخص اسم الرحمٰن کو ایک برتن میں لکھ کر دھوئے اور ایسے شخص کو پلائے جس کے دل میں سختی ہو تو اللہ تعالےٰ اس کی سختی نرمی سے بدل دے گا ۔ مگر شرف قمر میں لکھنا اور مینہ کے پانی سے دھونا چاہیئے ۔ صورت اس کی یہ ہے ......

ر	ح	م	ن
۴۴	۴۹	۲۰۱	۷
۴۸	۳۹	۱۰	۲۰۲
۹	۳۳	۴۷	۴۰

اے سلام اے امن دینے والے اے نگہبان اے غالب اے حاکم زبردست تکبر والے اے خالق اے باری اے مصور اے شروع کرنے والے اے یکتا اے پاک اے وہ ذات جس نے نہ جنا نہ جنا گیا اور نہ اس کا کوئی مقابلہ ہے اے اللہ اے بادشاہ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو تجھ سے ان اسماء کی عزت سے جو تیرے پاس ہے اور ان کے بھید سے تیرے پاس ہے اور ان کے بھید سے تیرے پاس ہے سوال کرتا ہوں کہ اس روز اور ساعت اور ثانیہ اور چاروں کی روحانیت میرے کام کو ضرور کر دے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے ہم تم کو قسم دیتا ہوں اس بات پر کہ تم میرے مددگار ہو جس واسطے میں تم کو طلب کرتا ہوں قبول کرو اور میرے کام کو پورا کرو اور دونوں جہان میں جو ہے جو اسی کی برطلب اس ذات کے کہ جس نے آسمانوں اور زمین سے کہا کہ تم دونوں حاضر ہو خوشی سے یا جبر سے تو جواب دیا کہ ہم خوشی سے آئے

ھ	ی	ح	ر
۶۴	۲۱	۳۰	۱۱
۲۰۲	۱۰	۸	۳۸
۹	۳۷	۲۳	۵

اسم رحیم کو جو شخص شرف قمر میں لکھ کر اپنے پاس رکھے کل آفات وبلیات سے محفوظ رہے اور سخت دل اس کے سامنے نرم ہوں اور شہوت نفسانی اس کی جاتی رہے۔ صورت اس کے نقش کی یہ ہے۔

اسم مَلِکُ جو شخص ذکر کرتا رہے۔ سرکش اس کے مطیع ہوں اور فرمانبرداری کریں۔

اسم سَلَامٌ کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے کل آفات سے خدا اس کو سلامت رکھے۔ اور جس پر اس کا حال غالب ہو جائے اور پھر وہ سانپ یا بچھو کو ہاتھ میں لے لے تو کچھ ضرر نہ ہو۔ اور اس کا ایک نقش مربع ہے۔ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ظالم کے پاس جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور کوئی ہتھیار اس پر اثر نہ کرے۔ صورت اس کے نقش کی یہ ہے۔ . . . .

ھ	ا	ل	س
۷۱	۳۹	۲	۲۹
۳	۴۳	۵۸	۲۸
۴۱	۲۹	۴۱	۴

اسم مُؤمِنُ جو شخص اس کو ہر روز ایک ہزار ایک سو تینتیس ۱۱۳۳ مرتبہ پڑھے اللہ تعالےٰ اس کو طعن وطاعون سے امن دے۔

اسم مُھَیْمِنُ جو شخص شرف قمر میں اس کو نقش کرے۔ اور پہنے۔ شر جن وانس سے محفوظ رہے

اسم عَزِیْزٌ جو شخص اکثر اس کا ذکر کرتا رہے اللہ تعالےٰ اور لوگوں کے نزدیک عزیز ہو۔ اسم جَبَّارٌ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے سب لوگوں میں ہیبت والا ہو۔ اسم مُتَکَبِّرُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کا حکم جاری ہو۔ اسم خَالِقُ۔ جو شخص اس کو طالع برج آتشی میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرے اور پہن کر اپنی بیوی سے صحبت کرے حکم الٰہی سے حاملہ ہوگی۔ اسم بَارِئُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرتا رہے۔ اللہ تعالےٰ اس کو آثار بدیعہ واسرار دقیقہ سے واقف کرے۔ اسم مُصَوِّرُ۔ جو اس کا ذکر کرتا رہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر صورت جسمانی میں روحیں نازل کرے۔ اسم یَا غَفَّارُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے گناہ معاف ہوں۔ اسم قَہَّارُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرے اس کی نفسانی شہوات مغلوب ہوں۔ اسم وَھَّابُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پھر جو خدا سے مانگے عنایت ہو۔ اسم رَزَّاقُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرے اسباب رزق اس پر مفتوح ہوں۔ یَا فَتَّاحُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ظاہری و باطنی خیر کے اسباب مفتوح ہوتے ہیں۔ اسم قَابِضُ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک طرح کی قبض اور بندش دور ہوتی ہے۔ اسم بَاسِطُ۔ اس کے ذکر کرنے سے دل کشادہ ہوتا ہے۔ اسم یَا خَافِضُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پھر کسی دشمن پر بددعا کرے فوراً دشمن ہلاک ہو۔ اسم رَافِعُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کی قدر ومنزلت زیادہ ہو۔ اسم مُعِزُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے دینی ودنیاوی عزت حاصل ہوتی ہے۔ اسم یَا مُذِلُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک جبار سرکش ذلیل ہوتا ہے۔ اسم سَمِیْعُ۔ جو اس کا ذکر کرے اس کی ہر ایک دعا قبول ہو۔ اسم بَصِیْرُ۔ اگر اس کو لکھ کر آئینہ کے پیچھے رکھ کر دیکھے اور شمار پورے تو ذہن کشادہ ہو۔ اور

دل مضبوط ہو۔ اسم یا حَکَمُ۔ حکم جاری ہونے کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے۔ اسم یا عَدْلُ۔ جو اس کا ذکر کرے ہر ایک بات میں انصاف اس کو نصیب ہو۔ اسم یا لَطِیْفُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر بیماری اور سختی دور ہوتی ہے۔ اسم یا خَبِیْرُ۔ جو شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں انگوٹھی کے نگینہ پر اس کو نقش کرے اور منہ میں رکھے تو پیاس جاتی رہے۔ اور اگر پانی میں اس انگوٹھی کو دھو کر پیوے تو پھر کبھی پیاس نہ لگے۔ اسم یا حَلِیْمُ۔ اس کا ذکر بے چینی اور پریشانی کو دور کرتا ہے۔ اسم یا عَظِیْمُ۔ جو اس کا ذکر کرے ہر ایک خوف کی بات سے خدا اس کو محفوظ رکھے۔ اسم یا شَکُوْرُ۔ اس کے ذکر کرنے سے قدر و منزلت بلند ہوتی ہے۔ اسم یا عَلِیُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اسم کَبِیْرُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے لوگوں کی آنکھوں میں بہت بڑا معلوم ہو۔ اور جو دیکھے اس کی تعظیم کرے۔ اسم یا حَفِیْظُ۔ یہ اسم ذکر کرنے سے ہر ایک بُری بات سے خدا محفوظ رکھتا ہے۔ اسم یا مُقِیْتُ۔ جو اس کا ذکر کرے بھوک کی سختی معلوم نہ ہو۔ اسم یا حَسِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک حاجت پوری ہو۔ اسم یا جَلِیْلُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے تمام عالم میں جلیل القدر ہو۔ اسم یا کَرِیْمُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے ہر کام میں خدا اس کی حفاظت کرے۔ اسم یا رَقِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے انجام کار کی بھلائی معلوم ہوتی ہے۔ اسم مُجِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔ اسم یا وَاسِعُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے دل سے حکمت کی نہریں اس کی زبان سے جاری ہوں۔ اسم یا وَدُوْدُ۔ اس کے ذکر سے تمام ارواحیں محکوم ہوتی ہیں۔ اسم یا مَجِیْدُ۔ اگر اس کا ذکر کوئی بادشاہ کرے تو اللہ تعالےٰ اس کے ملک کو ترقی دے۔ اسم یا بَاعِثُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک طرح کی بھلائی آتی ہے۔ اسم یا شَهِیْدُ۔ اس کے ذکر کرنے سے مراقبہ میں مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔ اسم یا حَقُّ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کا کلمہ بلند ہو۔ اسم یا وَکِیْلُ۔ اس کے مربع کو تابع عقرب میں جو شخص سنگِ رخام پر نقش کر کے اپنے گھر میں رکھے تو تمام سانپ اور بچھو اور حشرات الارض اس میں سے نکل جائیں گے۔ اسم یا قَوِیُّ۔ اس کے ذکر سے دل قوی اور محبت دائم ہوتی ہے۔ اسم یا مَتِیْنُ۔ اس کے ذکر سے ضعف قوت سے نجات ملتی ہے۔ اسم یا وَلِیُّ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اس کو اپنا دوست بنائے۔ اسم یا حَمِیْدُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اور اس کے اعداد کے موافق ایک انگوٹھی پر نقش کرے اور دھو کر بیمار کو پلائے اللہ اس کو تندرست کرے۔ اسم مُحْصِیْ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک برائی سے محفوظ ہے۔ اسم یا مُبْدِئُ۔ جو اس کا ذکر کرے اور کوئی کام کرے درست ہوگا۔ اسم یا مُعِیْدُ۔ جو شخص اس کے مربع کو برج منقلب کے طالع پر لکھ کر ہوا میں لٹکائے اور رات دن برابر اسم کو پڑھتا رہے بھاگے ہوئے یا غائب کا نام لے کر وہ فوراً آوے۔ اسم مُحْیِیْ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے نور معرفت سے اس کا دل زندہ ہو۔ اسم یا مُمِیْتُ۔ اس کے ذکر سے ظلمانی شہوتیں دور ہوتی ہیں۔ اسم یا حَیُّ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اور زہرہ شرف میں ایک سو بیس مرتبہ لکھ کر اپنے گھر کے دروازے میں دفن کرے اس گھر کے رہنے والے کل برائیوں سے محفوظ رہیں۔ اسم یا قَیُّوْمُ۔ اس کا ذکر کرنے سے علوم و

معارف اپنے دل میں پاتا ہے اسم یَا وَاجِدُ۔ اس کے ذکر سے ایمان وتقویٰ حاصل ہوتا ہے۔ اسم یَا مَاجِدُ۔ اور اس کے ذکر کرنے والے کا ذکر اور مرتبہ بلند ہوتا ہے۔ اسم یَا وَاحِدُ۔ اس کے ذکر کرنے سے لوگوں سے وحشت ہوتی ہے اور خلوت کو پسند کرتا ہے۔ اسم یَا اَحَدُ۔ جو اس کا ذکر کرے سب سے بے پرواہ ہو۔ اسم یَا صَمَدُ۔ اس کے ذکر سے قوت روحانی اور عرفانی عنایت ہو۔ اسم یَا مُقْتَدِرُ۔ اس کے ذکر سے کل روحیں مسخر ہوتی ہیں۔ اسم یَا مُقَدِّمُ۔ اس کے ذکر سے اللہ تعالےٰ اسباب میں نصرت نصیب کرتا ہے۔ اسم یَا مُؤَخِّرُ۔ جس پر پردہ پڑا ہوا ہو اور دروازہ اس کا بند ہو۔ اس کے واسطے ذکر اس کا مفید ہے۔ اسم یَا اَوَّلُ۔ اس کا ذکر کرنے والا ہر ایک نیکی میں آگے رہتا ہے۔ اسم یَا اٰخِرُ۔ اس کے ذکر سے ہر ایک بھلائی حاصل ہوتی ہے۔ اور ایک پوشیدہ علم ہے۔ اسم ظَاهِرُ۔ اس کے ذکر سے پوشیدہ اسرار معلوم ہوتے ہیں۔ اسم یَا بَاطِنُ اس کا ذکر کرنے والا جس چیز کو چاہے حاصل ہوگی۔ اور حاجت پوری ہوگی۔ اسم یَا وَالِی۔ اس کے ذکر سے لوگوں میں ہیبت ہوتی ہے۔ اسم یَا مُتَعَالِی۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اس کو روحانیت عظیمہ عنایت کرے۔ اسم یَا بَرُّ۔ اس کے ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہوتی ہے۔ اسم یَا تَوَّابُ اس کو لکھ کر اور مینہ کے پانی سے دھو کر شرابی کو پلائے اور اس اسم کو کثرت کے ساتھ پڑھے تو شرابی شراب سے توبہ کرے۔ اسم یَا مُنْتَقِمُ۔ اس کے ذکر کرنے سے اللہ تعالےٰ دشمنوں سے انتقام لیتا ہے اسم یَا عَفُوُّ۔ اگر عورت والا اس کا ذکر کرے تو امن نصیب ہو۔ اسم یَا رَؤُفُ۔ اس کے ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ مہربان ہوتا ہے۔ اسم یَا مَالِكَ الْمُلْكِ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اور ملک کا طالب ہو۔ اللہ تعالےٰ اس کو عنایت کرے۔ اسم یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ اس کا ذکر کرے جو چیز خدا سے مانگے عنایت ہو۔ اسم یَا مُقْسِطُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر ایک کام میں انصاف کرے۔ اسم یَا جَامِعُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر گم شدہ چیز اس کی پائی جائے۔ اسم۔ یَا غَنِیُّ۔ جو اس کا ذکر کرے۔ اسباب غنی و رزق اس کے واسطے مہیا ہوں۔ اسم یَا مُغْنِیُ۔ اس کا ذکر کرنے والا تمام مخلوق سے بے پرواہ ہو۔ اسم یَا مَانِعُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر ایک ضرر سے خدا اس کو محفوظ رکھے۔ اگر ساعت زہرہ میں شہر کی فصیل پر ایک سو اکسٹھ مرتبہ لکھے تو حق تعالےٰ اس شہر کو محفوظ رکھے۔ حکماء نے اس کو قلعہ ماردین کی فصیل پر لکھا تھا پس اس کو بادشاہ فتح نہ کر سکا۔ اور قدرت الٰہی سے ہر ایک شر سے محفوظ رہا۔ اسم یَا ضَارُّ اس کے ذکر سے جس ظالم کو ضرر پہنچانا چاہے پہنچا سکتا ہے۔ اسم یَا نَافِعُ۔ اگر بیمار اس کا ذکر کرے فوراً آرام ہو۔ اور جو شخص اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو پھر وہ جس مریض پر ہاتھ پھیرے گا۔ فوراً اس کو آرام ہوگا۔ اور اگر اس کے مربع کو شرف قمر میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرے۔ اور مریض اس کو پہنے آرام ہو۔ اس اسم میں اسم معانی کی طرف اشارہ ہے اور اس کے حروف دونوں اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو آلہ شفا ہیں۔ اسم یَا نُوْرُ۔ اس کے ذکر سے قلب روشن ہوتا ہے۔ اور اگر اس کے ساتھ یَا نَا[illegible] [illegible] ہو گیا ہو۔ اس کو لکھ کر پلانا چاہئے

اور اس اسم کا ایک مربع ہے جس کی صورت یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

نو	د	تا	نم
مطلع	۶۶	۵۷	مجید
۷۱	۵۱	۵۴	۵۸
موجبد	۵۹	۶۰	عاصم

اسم یَا ھَادِیُ ۔ اس کے ذکر کی کثرت سے دل میں نور اور ہدایت پیدا ہوتی ہے اور معرفت کے اسرار منکشف ہوتے ہیں اور دین و دنیا کا جو ظاہری و باطنی کام مشکل ہو اس کے واسطے دو رکعتیں سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی کے ساتھ پڑھ کر اس اسم کا ورد کرے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سانس تھک جائے مطلب حاصل ہوگا۔ اسم یَابَدِیۡعُ جو شخص اس کا ورد کرے۔ اس پر عجائب علوم الٰہیہ اور اسرار لدنی منکشف ہوتے ہیں۔ اسم یَابَاقِیُ ۔ اس کے ذکر کرنے والے کے ہر ایک کام میں برکت ہوتی ہے۔ اسم یَاوَارِثُ ۔ اس کا ذکر کرنے والا چاہے اگر کسی عزیز و اقارب کا وارث بنے تو اللہ تعالیٰ اس کا وارث کر دے گا۔ اسم یَارَشِیۡدُ ۔ جو اس کا ذکر کرے۔ اس کے انجام کار اچھے ہوں گے۔ اسم یَاصَبُوۡرُ ۔ اس کے ذکر کرنے والے کو اللہ تعالےٰ سختیوں اور مہمات میں ثابت قدم رکھے گا۔

۹ - خواص حروف مقطعات و آیات محکمات

معلوم ہو کہ قرآن شریف میں جو بعض سورتوں کے اول میں حروف مقطعات ہیں ان کی علماء نے بہت تفسیریں بیان کی ہیں چنانچہ الٓمٓصٓ معنے اس کے یہ ہیں کہ میں خدا ہوں حق فرماتے ہیں الف ازل سے ہے اور لام ابد سے اور میم اور صاد اتصال کے لئے ہیں جو اتصال چاہے اور انفصال کے لئے ہیں۔ جو انفصال چاہے اور در حقیقت نہ اتصال ہے نہ انفصال۔ علماء کے یہ بیان عادت کے موافق ہیں۔ مگر جس کو خدا محفوظ رکھتا ہے وہ بیان نہیں کرتا اور اسماء الٰہی میں سے ہر ایک تم کو ایک مرتبہ میں پہنچا سکتا ہے۔ کیونکہ یہ ایسی ذات کا اسم ہے جو صفات مقدسہ کے ساتھ موصوف ہے۔ اور تمام اسماء اسی کی طرف راجع ہیں۔ اور جو شخص اس کے معنوں سے واقف ہوگیا۔ اور وہ اسماء باطنہ کے معانی سے بھی واقف ہوگیا۔ جو حروف مفردہ ہیں۔ ان اشاروں کو خوب سمجھ لو۔ تم یقین والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ اور بیانوں کی طرف خیال نہ کرو۔ اور چونکہ مراتب اسرار کو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے اندر رکھا تھا۔ اور ملائکہ کو اس سے خالی رکھا تھا۔ اسی سبب سے آدم علیہ السلام کی زبان فنون حرکات اور انواع لغات میں حروف ظاہر ہوئے جن کی صورتیں اللہ تعالےٰ نے دل میں رکھی ہیں۔ اور وہ صورت ہی وہ روحانیت ہے جو نطق انسانی اور خط جسمانی میں ظاہر ہوتی ہیں اور یہی اللہ تعالیٰ کے اس کلام کے معنی ہیں۔ صٓ وَالۡقُرۡاٰنِ ذِی الذِّکۡرِ ۔ قٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۔ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ۔ اور حروف ہی آیات کتاب اللہ پر دلالت کرتے ہیں۔ جس میں اہل عقل کے واسطے نصیحت ہے۔ اور ہر حرف میں بحسب حرکات ثلٰثہ تین مقامات ہیں۔ پیش اور زبر اور زیر اور ان میں [illegible] جسمانی اور روحانی

اور نفسانی ہے۔ پس یہ نو ہوئے اور اعداد بھی نو ہیں۔ اور افلاک بھی نو ہیں اور طبائع اور حواس بھی نو ہیں یہ مناسبت ظاہر ہو گئی ہے، اب تمام اسرار عدد و حروف سے بحث کرو۔ ان کے اجتماع و افتراق میں عمدہ عمدہ اسرار تم کو مقتضائے رحمانیہ اور ربیعیت میں معلوم ہوں گے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ میں جو بسم اللہ ہے اس سے تمام عالم کو کھاتا پیتا ہے سر قرآن میں تأمل کرو۔ چھ کے نو میں ضرب سے پاؤ گے۔ اور قرآن کی سورتیں بھی اسی طرح چھ اور اعداد کے اندر چھ کا عدد تام یعنے پورا ہے۔ کیونکہ چھ ہی روز میں اللہ تعالےٰ نے آسمان و زمین اور ان کی اندرونی اشیاء کو پیدا کیا ہے۔ پھر سات آسمان اور عرش و کرسی اور زمین دس اور نو پہلے سب مل کر انیس ہوئے۔ اوائل سُوَر میں جو حروف ہیں ان کے پانچ مرتبے ہیں۔ سوا ثنائی اور رباعی کے جن کا مجموعہ اکثر ہوئے۔

اقسام حروف ایک وہ جن پر دو نقطے ہیں، ایک وہ جن پر تین نقطے ہیں۔ اور وہ یہ دو حروف ہیں شین اور ثا شین جمع متفرق پر دلالت کرتا ہے۔ اور ثا جمع مجتمع پر۔ اور دو نقطے والے یہ تین حروف ہیں تا یا قاف تا سے ظہور فی الملک مراد ہے اور یا سے ظہور فی القدرۃ اور قاف سے ظہور فی المنت اور ہر چیز جس سے مظہر القائم والقادر اور ہر چیز جو ظاہر اور محیط ہے مثل روشنی سورج اور ستاروں کے سب مراد ہیں اور صرف یا دونوں نسبتوں میں تمیز ہے۔

حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ ہر چیز کا علم قرآن شریف میں ہے۔ اور قرآن شریف کا علم ان حروف میں ہے جو سورتوں کے اول میں ہیں۔ معلوم ہو کہ کل حرف لام الف میں ہیں۔ اور لام الف کا علم الف میں۔ اور الف کا علم نقطہ میں۔ اور نقطہ کا علم معرفت اصلی میں جو ازل اور مشیت میں ہے۔ اور مشیت کا علم غیب ہوی میں اور غیب ہوی کا علم لیس کمثلہ شیئ۔۔ میں بعض کہتے ہیں کہ اسماء الہیٰ میں سے شین بھی ایک اسم ہے اور تمام حروف نورانی جو اوائل سور میں ہیں چودہ ہیں بلا تکرار کے اور وہ یہ ہے۔ ا ح ر ط ك ل م ن س ع ق ص ه ی ۔ ابن عباسؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔ کہ اوائل سور اسماء الہیٰ سے ماخوذ ہیں۔ ابو العالیہ کہتے ہیں۔ ان حروف میں سے جو حرف ہیں۔ وہ اسماء الہیٰ میں سے ایک اسم کی کنجی ہے۔ الف اللہ سے اور لام لطیف سے اور م مالک سے اور صاد صادق سے۔ اور را رب سے اور کاف کریم سے اور طا طیب سے اور سین سمیع سے اور حا حمید سے اور قاف قدیر سے اور نون نور سے ماخوذ ہیں۔ اور ابو العالیہ نے ان کی ترکیب اس طرح کی ہے۔ ال م ص ال ر ك ه ی ع ص ط س ح ق ن حرف اشارہ یعنے حرف ھا۔ اور حرف ہا کو بیچ ہی رکھا ہے۔ اور باقی حروف المص اور المر اور کھیعص اور طس اور سا اور حوا میم سے اور ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ سے اور ن وَالْقَلَمِ سے ابن عباس کہتے ہیں۔ الٓمّٓ کے معنی یہ ہیں۔ میں اللہ ہوں میں جانتا ہوں اور المر کے معنے یہ ہیں۔ میں اللہ ہوں جانتا ہوں اور دیکھتا ہوں۔ الف کے معنی ہیں۔ اور لام سے مراد اسم اللہ اور میم سے مراد علم [illegible] المص، المر، کھیعص، طہ

طٰس طٰسم یٰس حٰم حٰمعسق ق ن۔ ان میں سے بلا تکرار کل چودہ حروف ہیں۔ اور ابو العالیہ نے ابن عباس کے قول کی طرف اشارہ کیا ہے۔ کہ حروف اوائل سور ہی اسم اعظم ہیں۔

فوائد اسمائے حسنیٰ

اسمائے حسنیٰ اعداد درجات جنت کے موافق ہیں۔ اور انہیں اسماء میں سے علم نکلا ہے۔ اور انہیں کی طرف واپس ہوگا۔ اور انہیں سے موجودات ظاہر ہوئی ہے۔ اور موجودات اسماء حسنیٰ پر ایک روشن نشانی ہے۔ پھر یہ اسماء ارواح و اجساد میں سرایت کر گئے۔ یہاں تک کہ موجودات میں سے کوئی فرد ایسا نہیں ہے جس کے ساتھ آنکھ ناک وغیرہ میں اسماء نے احاطہ نہ کیا ہو۔ اور اسم ذات یعنی اللہ تمام اسماء کے معانی کا جامع ہے۔ الف حرف قائم ہے۔ اور اسی سے کل حروف نکلے ہیں۔ پس یہ مثال عقل اور علم اور عرش اور لوح کی ہے۔ حرف لام ادنیٰ اور اعلیٰ کو ملانے والا ہے۔ اور اس کی مثال لوح و کرسی اور نفس ہیں۔ لام کے بعد حرف میم ہے۔ اور یہ حرف تمام پر دلالت کرتا ہے۔ مثال اس کی جسم ہے۔ پس عقل پہلی مخلوق ہے۔ اور مخلوقات کا جسم ہوتا ہے۔ حروف کے تمام حروف الف میں داخل ہیں اور دلالت مبنیٰ جمع و اجمال ہے جیسے کہ حروف علم پر مجملہ ہیں۔ ان کو سمجھو تاکہ معانی اسرار تم پر منکشف ہوں۔ معلوم ہو کہ اولیاء اللہ نے علم حروف و اسماء میں نہایت نادر طریق سے گفتگو کی ہے۔ اور ان اسماء کے ساتھ تین باتوں میں وہ اوروں سے مخصوص تھے۔ ایک تو یہ کہ ان نودونہ ناموں کے معانی ان کو تائید غیبی اور الہام سے معلوم ہوئے تھے جس کو دوسرا کوئی نظر و برہان سے نہیں جان سکتا۔ دوسرے یہ وہ ان نودونہ اسماء کے علاوہ باطنی اسماء کو بھی جانتے تھے۔ تیسری بات یہ وہ اسم اعظم سے بھی واقف تھے۔ اور انبیاء علیہم السلام کو یہ نودونہ نام نزول وحی سے معلوم ہوئے جو اولیاء کو الہام سے معلوم نہیں ہو سکتے تھے۔ اور اسماء باطنہ کا علم اسم اعظم کے علم سے ہوتا ہے۔ مگر ہر اسم کے پورے خواص سوائے خداوند تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اور وہ اپنے ہی علم میں سے جس قدر چاہتا ہے۔ اپنے انبیاء و اولیاء کو عنایت کرتا ہے۔ جس کے آثار اس نے عالم غیب میں رکھے ہیں۔ اور جن پر مخلوق میں سے کسی کو مطلع نہیں کیا گیا۔ نہ نبی مرسل کو نہ مقرب فرشتے کو۔ اور جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو اس علم کے ساتھ عزت دینی چاہتا ہے تو پہلے اسے علم لدنی سکھاتا ہے جس سے وہ ولایت کے مقام میں پہنچتا ہے۔ اور ان نودونہ ناموں میں سے کسی علم کے علوم اس پر کھول دیتا ہے۔ جو عالم کو نظر و برہان سے معلوم نہیں ہو سکتے۔ پھر اسماء باطنہ کی طرف اس کو متوجہ کرتا ہے۔ پھر ان کے معلوم کرنے کے بعد اشیاء باطنہ کی تعلیم کرتا ہے۔ جن سے حروف مفردہ مراد ہیں جو چودہ حروف ہیں۔ اور قرآن شریف کی سورتوں کے اول میں ہیں۔ پھر ان کے سیکھنے کے بعد اسم اعظم بتلاتا ہے۔ جس کے ساتھ جو دعا کی جائے قبول ہو۔ اور جو مانگا جاوے دیا جائے۔ اور اسم اعظم حضرت خضر علیہ السلام سے تعلیم ہوتا ہے۔ اور بعض وقت بطریق الہام بھی ولی کو اسم اعظم معلوم ہو جاتا ہے۔ اور اولیاء اللہ میں اس کے حاصل ہونے کے مختلف طریقے ہیں۔ اور کمال اسم اعظم کا یہ ہے کہ اس کے جاننے والے [illegible] دن میں ایک سال کا

راستہ طے کر سکتا ہے اور ہوا میں اُڑ سکتا ہے۔ اور بہت سی کرامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ علم کتابوں میں نہیں ہے۔ بلکہ خدا داد ہے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے۔ کل وجود پہلے اسمار باطنہ پر پھر اسمار ظاہرہ کے ساتھ قائم ہے۔ اور اسمار باطنیہ ہر چیز کی اصل ہیں۔ امور دنیا اور آخرت سے۔ اور انہیں سے کل اسماد نکلے ہیں۔ اور انہیں سے کل امور فیصل ہوتے ہیں۔ اور ام الکتاب میں شامل ہیں۔ ابن عطیہؒ سے کسی شخص نے کھیعص کے معانی دریافت کئے فرمایا اگر میں تجھ کو بتلادوں۔ پس تو پانی پر راستہ چلے۔ اور تیرے پیر تر نہ ہوں۔ سہل بن عبداللہ کہتے ہیں۔ حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم بلخی شیخ الصوفیہ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ یٰسین کی نسبت آپ کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا اس میں ایک ایسا اسم ہے کہ جو شخص نیک یا فاسق اس کے ساتھ دعا کرے قبول ہو۔

حروف مقطعات میں سے اسم اعظم حروف مقطعات میں سے ہر ایک حرف کے معنے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ان پر کسی بندے کو مطلع کرے تو کرامتیں اس سے ظاہر ہوں۔ حدیث صحیح میں وارد ہے۔ کہ حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ جب کل تم دشمن سے ملاقات کرو۔ تو یہ کہو حٰمٓ لا ینصرون۔ حٰمٓ اسماد باطنہ میں سے ایک اسم ہے اس کو جان لو۔ سہل بن عبداللہ تستری فرماتے ہیں۔ کل حروف معجمہ میں اشرف حروف یہ نو ہیں۔ اور انہیں کے نور سے کل حروف روشن ہیں اور وہ یہ حروف ہیں۔ ا ل ر ح ق م ک ل ص اجسام ظاہرہ ان پر اور ان کے شرف پر دلالت کرتے ہیں اور وہ اجسام ساتوں آسمان اور کرسی اور عرش ہیں اور یہی وہ ساتوں مجسمات ہیں جن سے خداوند تعالیٰ نے اپنے کلام میں مراد لیا ہے المص۔ الرحم۔ کھیعص اور طس اور یہی وہ چودہ حروف ہیں جن کو ظاہر و باطن اسم اعظم کہا گیا ہے۔ اور مشائخ اہل تحقیق اور ائمہ دین اور علمائے شریعت فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اسماء ظاہرہ میں سے ہے اور قریب قریب اس پر اجماع ہے۔ اور تفسیر اس اسم کی یہ ہے کہ یہ اشیاء کو عدم سے وجود میں لاتا ہے۔ الف ذات کریمہ کی طرف اشارہ کرتا ہے اور قبول تر کے واسطے حرف حا ہے اور یہ حرف اسماء اعظم میں سے ہے۔ کیونکہ سینہ جملۃً وتفصیلاً علم کی جگہ ہے۔ اور اسی کا بیان اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ .... پس یہ سینہ کو کھولتا ہے۔ اور چونکہ الف کی جبلت میں یہ بات ہے کہ حرکت یا سکون کے ساتھ وصف کیا جائے۔ بسبب انفصال اس کے کے اولیت میں اور اسی کی طرف انتہائے غایات ہے۔ پس یہ آخرت میں حرکت کے ساتھ ہے اور حرکت کی چار قسمیں ہیں۔ پیش زبر زیر سکون اور اسم اللہ میں سے پہلا لام ساکن ہے۔ اسی کی نسبت سے پھر حرکت والا ہوا اس کی نسبت سے جو فتح ثابتہ اس کے ساتھ متصل ہے۔ پھر حا اپنے سرا حاط کے ساتھ۔ اس میں شامل ہوئی۔ پس اس سے سر حرکت میں ہوا۔ اور سکون بھی اسرار حرکت میں سے ہے۔ اور اسی سبب سے یہ باطن الباطن ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ هُوَ الْحَيُّ پس یہ سینہ کو کھولتا ہے۔ اور یہ اشارہ ذات کا ہے الم اور اللہ دنیا لے عہد میثاق ایمانی کے واسطے ہے قبول تلقی شرعی

لے پر سبب اس سے ہوا کہ اس میں وا سطے ہے الف کے راز کا پھر تھا قیامت میں تمام امر کے واسطے ہے۔ کیونکہ قیامت میں کل اولین وآخرین جمع ہوں گے۔ پس اسی حکمت رباع کے ساتھ یہ چودہ حروف گردش کرتے ہیں۔ اور الف ہی کو تم اس اسم کے اوّل اور آخر میں پاؤ گے۔ اس طرح بسط کے ساتھ (ال ف ل ا م ال ف ہ ا) حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ وہی ظاہر ہے جس کے اوپر کچھ نہیں اور وہی باطن ہے جس کے نیچے کچھ نہیں۔ اور چونکہ مجموعہ چودہ حروف سے ہے۔ اسی سبب سے ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اور جو ملک اور ملکوت ان کے درمیان ہے سب سرِّ الٰہی سے قائم ہے۔ پس عالم کے ہر ایک ذرہ میں اسم الٰہی کا راز ہے۔ اور اسی کے سبب سے وہ ذرہ اس کی توحید کی گواہی دے رہا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا یعنی کیا پاتا ہے تو اس کا ہم نام۔ اور فرماتا ہے قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ (یعنے کفاروں سے کہہ کہ رب تمہارا اللہ ہے پھر ان کو چھوڑ دے) اور شیخ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے سلطنہ روم مکہ کے اندر فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اس کے حال کے موافق اپنا اسم بتلایا وہی اسم اعظم اس کے واسطے ہے جیسے کہ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ایوب کے واسطے مخصوص تھا۔ جو ان کی اس دعا میں مذکور ہے رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اور اسم وہاب سلیمان کے واسطے جب کہ انہوں نے یہ دعا کی رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اور خیر الوارثین حضرت زکریا کے واسطے اس دعا میں رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے ان کی دعا قبول کی۔ اور حضرت یحییٰ پیدا ہوئے۔ اور حضرت سلیمان کو ملک عنایت ہوا۔ اور حضرت ایوب کو صحت بیماری سے صحت ہوئی پس جو شخص اسماء الٰہی میں اپنی حاجت کے مطابق اسم کے ساتھ دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ بعض مشائخ کا قاعدہ تھا کہ جب مریدان کی خدمت میں حاضر ہوتا تو وہ لوگ نام اس کے سامنے پڑھتے۔ اور اس کے چہرہ کو غور کر جاتے۔ پھر اس اسم کے ساتھ اس کے تعلق کو دیکھتے وہی اسم اس مرید کو تعلیم کرتے۔ پس اسی اسم سے اس کا کشود کار ہوتا۔ اسم اعظم کا یہی علم ہے۔ اور اسم اعظم کی ایک لولؤ مکنون اور سر مخزون ہے۔ اور اس کتاب کے نفائس میں سے ہے۔ عزت کے پردے اور ہیبت کے حجاب اس پر پڑے ہوتے ہیں۔ اور اس اسم کا تثنیہ اور جمع نہیں آتی۔ بخلاف اس کے کل اسماء کا تثنیہ و جمع آتی ہے۔ اور یہی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ یہ اسم اعظم ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (یعنے اللہ ہی کے واسطے اسماء حسنےٰ ہیں پس اسماء حسنےٰ کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ اسموں سے بڑا ہے۔ اور یہی اسم ذات ہے۔ اور باقی اسماء صفات ہیں اور اسم ذات اسماء صفات سے افضل ہے۔ اور دلیل اس اسم کی صحت کی یہ ہے کہ بغیر اس اسم کے ایمان پورا نہیں ہوتا حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے میں لوگوں سے قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہوں یہاں تک کہ وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہیں پس جب وہ یہ کہیں گے تو اپنے مال و جان کو مجھ سے محفوظ رکھیں گے۔ یہ دوسرا اسم اس کے بدلہ کا نہیں ہے۔

اور یہی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ یہ اسم اعظم ہے۔ اور یہی دوزخ سے نجات دلانے والا ہے۔ اور حضور ہی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو شخص مرا اور وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی خلوص دل سے گواہی دیتا تھا خدا اس کو دوزخ پر حرام کرے گا۔ یہی اسم بزرگ جنت کی کنجی ہے۔ اور اسی سے جنت میں داخل ہوتا اور دوزخ سے محفوظ رہتا ہے۔ اور اسی کے ساتھ ایمان و اسلام و دعا ہے۔ جس کے مطابق پہلے حدیث گزر چکی ہے اور نماز کی کنجی اذان ہے جو بغیر اس اسم کے نہیں ہو سکتی۔ اور جتنے اذکار اور دعائیں اور بیماریوں کے رقیے ہیں کوئی اس اسم اعظم سے خالی نہیں ہیں۔ اَللّٰھُمَّ میں میم زیادہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ بالا حاطہ کل اسماء کی جمع ہے۔ غرض کہ کوئی ایسا نہیں ہے کہ جس میں یہ اسم نہ ہو۔ چنانچہ نماز جو دین کا ستون ہے اس کی خاص تکبیر احرام میں بھی یہی اسم ہے جس کے بغیر بالاجماع نماز نہیں ہو سکتی ایسے ہی اذان اور اقامت اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ مطلب یہ کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر نماز شروع ہوتی ہے اور رَحْمَۃُ اللّٰہِ پر ختم ہوتی ہے۔ تو اول و آخر نماز کے یہی اسم ہیں۔

اسم اعظم کا مسمیٰ و مقتضا اور یہ اسم ان اسماء میں سے ہے جن سے اللہ نے اپنے علم میں اثر لیا ہے۔ میں اس کی مثال بیان کرتا ہوں جس سے تم کو معلوم ہو جائے گا۔ اور وہ یہ کہ انسان بعض دفعہ ایک دوا کا نام جانتا ہے اور اس کی قوت اور منافع سے بھی واقف ہوتا ہے۔ پھر اس کا استعمال کرتا ہے پس یہ ہر چیز علم کا مرتبہ ہے۔ کہ اس کو اس کے موقع پر استعمال کرے۔ پس اسی طرح جب انسان نے ایک لفظ کو معلوم کیا۔ اور اس کی پوری تحقیق کر لی تو یہی حقیقت ہے۔ پھر اس کو استعمال کرے۔ تو ضرور اس کا پھل حاصل ہوگا۔ اور لفظ کی دو حالتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو انسان کی زبان پر جاری کرے اور اس کو معلوم نہ ہو کہ یہی اسم اعظم ہے۔ اور دوسرے یہ کہ وہ شخص واقف ہو۔ یہ بڑا مرتبہ ہے اور اس سے خدا کی رحمت میں زیادہ طمع ہوتی ہے۔ اور وہ بات کہ جس سے بندہ کو کمال حاصل ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس اسم کی حقیقت سے واقف ہو۔ اور اگر واقف نہیں ہے۔ تب بھی اس میں خیر و برکت ضروری ہے۔ اور واقفیت کے اندر بھی درجے ہیں جتنے جس کو نصیب ہوں اس کو سمجھ لو۔ ایک تو وہ شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے واقف کیا۔ اور وہ دعا کرتا ہے۔ اور ایک وہ ہے جو واقف نہیں ہے۔ اور وہ یوں دعا کرتا ہے تو دونوں کیسے برابر ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح سب درجوں کو خیال کر لو۔ اور واقف ہونے کی بابت یہ صورت ہے کہ یہ اسم اعظم ہے۔ جیسے کہ یہ اسماء خیر و برکت کے واسطے مشہور ہیں۔ یَا جَدِیْدُ یَا جَوَادُ یَا مَجِیْدُ یَا مَاجِدُ یَا جَا مِعُ حرف خا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فِیْھِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ اسماء الٰہی میں سے ایک اسم خَبِیْرٌ ہے۔ فرماتا ہے وَاللّٰہُ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اور حرف زاء زینت اور زہرہ پر دلالت کرتا ہے۔ اور فرماتا ہے۔ وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ اور فرماتا ہے زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰتِ اور زہرہ کے معنے درختوں کے پھلوں کے ساتھ زینت حاصل کرنے کے ہیں جس سے شہد اور مشابہ ہو معاشہ ہے۔ دلالت کرتا ہے

فرماتا ہے۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ اور شہداء کے شان میں فرماتا ہے اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ اور شربہ پر دلالت کرتا ہے وَيُسْقَوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا پھر فرماتا ہے عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا اور شفا پر فرماتا ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے شِفَاءُ اُمَّتِيْ فِيْ ثَلٰثٍ اٰيَةٍ مِّنْ كِتٰبِ اللّٰهِ اَوْ لَعْقَةٍ مِّنْ عَسَلٍ اَوْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ۔ حرف ظآء ظل مَمْدُوْدٍ پر دلالت کرتا ہے اور ظل ممدود ہی ظہور ہے۔ فرماتا ہے عَلَيْنَا بِظَاهِرِيْنَ اور فرماتا ہے فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ اور اسماء الٰہی میں سے اسم ظَاهِرُ پر دلالت کرتا ہے۔ حرف فآء فطرت اور فاکہہ اور فطور پر دلالت کرتا ہے۔ فرماتا ہے فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا اور فرماتا ہے فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور فرماتا ہے هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ اور فرماتا ہے فٰكِهُوْنَ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ اور فرماتا ہے وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ اور ثآء اور راء اور جیم۔ یہ حروف بارہ ہیں اور مزاج پانی کا رکھتے ہیں اور قمر کا مزاج ظل ممدود اور جنت خلد کا مزاج ہے۔ اور حرف ضاد اور شین سرد خشک خاکی اور آبی مزاج رکھتے ہیں اور حرف (صاد) تر ہے اور حرف فاء گرم خشک ناری مزاج رکھتا ہے اور اس کے ستارے شمس و قمر ہیں اور ان کے یہ سات نام ہیں۔ پہلا ثَابِتٌ جو بندوں کو ثابت رکھتا ہے اور جَبَّارٌ اور خَبِيْرٌ اور دَرِّيٌّ اور ظَاهِرٌ فَرْدٌ اور شَهِيْدٌ اور حرف ثآء فقط اسم بَاعِثٌ اور وَارِثٌ میں ظاہر ہوتی ہے۔ آخر مرتبہ عالم والمعنی ہیں اور حروف معجمہ میں سوائے ان دو حرفوں ثآء اور شین کے تین نقطے والا اور کوئی حرف نہیں ہے کیونکہ شین تو اپنے ماسوا سب کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور ثآء سب میں سرایت کئے ہوئے ہے اور خاصیت اس کی محض عالم اجسام سفلیہ ہی پر منحصر ہے اور یہ حرف سرد خشک زمین اور پہاڑ کا مزاج رکھتا ہے۔ اور حرف فاء خشک ہے۔ حرف حرارت اس میں تصرف کرتا ہے اور یہ حرارت کے پانچویں درجہ میں ہے اسماء اس کے فَاطِرٌ اور فَالِقٌ ہیں۔ حرف شین سرد ہے اور حروف معجمہ میں کوئی حرف ایسا نہیں ہے جس میں تین علامتیں اور تین شکلیں ہوں۔ سوائے شین کے اور شین ہی ذات رتبہ احاد اور عشرات کی جمع ہے۔ اور شین ہی شَهِدَ اللّٰهُ میں رکھا گیا ہے جس میں تین شہادتیں نکلی ہیں۔ شہادت ملائکہ اور شہادت اولی العلم اور شہادت من سوائے اولی العلم۔

گراں قدر انوار کل انوار توحید عرش میں مجتمع ہیں۔ جس کا بیان حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ کہ جب کوئی شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتا ہے تو یہ کلمہ عرش پر جاتا ہے اور عرش اس سے ہلتا ہے۔ اللہ تعالے عرش سے فرماتا ہے کہ ٹھہر جا وہ عرض کرتا ہے کہ اس کلمہ کے کہنے والے کو بخش دے اور وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ چونکہ خدا وند تعالیٰ جانتا تھا کہ وہ بندوں کے تصور میں نہیں آ سکتا۔ اور نہ ان کی عقلوں میں مثبت ہو سکتا ہے۔ اس واسطے اس نے بندوں کے لئے ایک مخلوق (یعنے عرش) پیدا کی اور اپنی ذات کی طرف اسکو منسوب کیا ... پس عرش ایسا ہے

جیسے کہ بادشاہوں کے ہاں دربان ہوتے ہیں جو بادشاہ تک پہنچنے کے مانع مگر وجود بادشاہ اور اس کی عزت اور سلطنت کی دلیل ہوتے ہیں۔ کیا تم کو معلوم نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ایک کتاب لکھ کر عرش پر رکھ لی ہے جس میں یہ لکھا تھا کہ میری رحمت میرے عذاب پر سبقت کر گئی ہے۔ اور حضورؐ نے فرمایا ہے کہ سعد بن معاذ انصاری کی موت سے عرش ہل گیا۔ پس یہ فرد واحد (یعنے اللہ تعالیٰ) کے عرش پر استقامت کی ظاہر دلیل ہے تاکہ معلوم ہو جائے۔ کہ عرش پر آثار قدرت عدم سے ظاہر ہوتے ہیں اور یہی سبب ہے کہ شین عرش کا آخری حرف ہے۔ اور یہ توحید عالم مفرد سے ہے اور چونکہ عرش کی ترتیب ہر عرش کے واسطے مرتب ہے۔ اسی سبب سے شین عرش الحروف ہے اور یہ اس کی بلندی مرتبہ کا سبب ہے۔ حروف میں کوئی حروف ایسا نہیں جو ان کے عروج کو کامل کر دے۔ سواء حرف الف کے کیونکہ یہی درخت حروف کی جڑ ہے۔ اور شین کی طرف سب حروف کی انتہا ہے۔ اب جو حرف شین کے بعد ہیں۔ وہ اسی کے باطن سے نکلے ہیں۔ ایسے ہی الف سے پہلے جو ہو گا وہ اسی میں سے ہو گا۔

اسرار حرف شین

شکل شین مثل الف کے ہے اس لئے ان میں بہت عمدہ مناسبت شکل ہے شین میں بھی تین حرف ہیں۔ ش ی ن۔ اور الف میں بھی تین حرف ہیں۔ ا۔ ل ف۔ اور اگرچہ شین کے علاوہ اور حرف بھی تین حرف سے مرکب ہیں۔ مگر ان کا عرش شین کے عرش جیسا نہیں ہے کیونکہ کوئی حرف ایسی پوری مناسبت نہیں رکھتا۔ اور قول شَهِدَ اللّٰهُ میں اشارہ ہے رسوخ توحید اور عدم وجود داوین اور عالمین کی طرف۔ حرف شین عرش الف کی کرسی ہے۔ کیونکہ ہر لطیف عرش ہے اور ہر کثیف کرسی ہے۔ اور کرسی عرش کی حامل ہوتی ہے۔ کیونکہ تم دیکھتے ہو کہ حرف میم عرش شین کی کرسی ہے۔ اور درحقیقت بات یہ ہے کہ ہر لطیف کثیف کے ساتھ قائم ہوتا ہے۔ اور یہی سبب ہے۔ کہ حرف الف سب سے زیادہ ہلکا اور لطیف ہے۔ بسبب عدم تشبیہ کے اور احاد حرفیہ میں اس کی تشبیہ ہے اور نہ اس کے بغیر سے انتہا اس کی معلوم ہو سکتی ہے۔ پس یہ اولیت اور آخریت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کیونکہ عالم کرسی عالم عرش سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے تم جانتے ہو کہ کرسی محل صور ہے اور عرش انوار ہے جو تمام عالم میں پہنچے ہیں۔ جو شخص حرف شین میں تامل کرے گا۔ وہ اس کے حقائق و عجائب سے واقف ہو گا۔ اور تصریف حروف کے اسرار مشاہدہ کرے گا۔ اور چونکہ حرف شین آخر مرتبہ عرش علی الجملہ ہے۔ اس لئے علی التفصیل بھی آخر مرتبہ ہے۔ اس طرح شین آخر حرف اس کا نون ہے اور وہ مچھلی ہے جس کی پشت پر دنیا قائم ہے۔ نون شین سے مدد لیتی ہے۔ اور تمام عالم نون سے مدد لیتا ہے اور ایسے ہی عمر ذرع بھی نون سے مدد لیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ پس قلم باطن نون سے مدد لیتا ہے۔ جو اس امر کا ظاہر ہے۔ جس کا کاف باطن ہے (یعنی لفظ کن) اور جو سر مکتوم پر دلالت کرتا ہے اور وہی شین کا راز ہے۔ حرف شین کو جو شخص ایک مرتبہ اپنی حاجت کے مناسب روز میں بیٹھ کر [illegible] ٹوٹرے روز کی پہلی ساعت میں

کے مطلب پورا ہوگا۔ بعض ایام شر کے واسطے ہیں۔ جیسے ہفتہ اور منگل۔ اور بعض خیر کے واسطے ہیں۔ جیسے جمعرات اور جمعہ۔

حروف شین کے اسرار عالم جسمانی میں گنتی سے باہر ہیں جس کے اعضا میں درد ہو یا عورت کو درد زہ ہو۔ تو اس کو لکھ کر باندھیں آرام ہوگا۔ اور کسی کو منزہ پہچانتے کی اس میں بہت بڑی خاصیت ہے۔ دیکھو اسم یا شدید میں یہ حرف واقع ہے۔ اور یہ اسم کیا خاصیت رکھتا ہے۔ جو شخص اس حرف کے رتبہ اور اس کی طبع سے مجملاً یعنی شین اور تفصیلاً یعنی ش ی ن۔ اور ان کے طبائع اور نسبت عددی سے واقف ہوا اور وہ اسرار کا مشاہدہ کرے گا۔ اور حال انفعال و تصریف سے واقف ہوگا۔ عرش کا ع علاء سے مدد لیتا ہے۔ جس کے اوپر بلندی نہیں ہے۔ اور را آمد رحمت سے جس کے اوپر نہ کوئی رحمت ہے۔ نہ اس کے سوا مرحوم ہے اور شین شہادت سے جس کے اوپر نہ شہادت ہے نہ اس کے سوا مشہود ہے۔ پس دیکھو کس طرح تم شہادت کو شاہد اور مشہود پاتے ہو اور رحمت کو مرحوم اور اکرم اور عزت اللہ و رسول اور مومنوں ہی کے واسطے ہے۔ خدا کی عزت اس کا دوام بقا اور قدم ہے اور انبیاء کی عزت وجود رسالت ہے اور مومنوں کی عزت وجود ایمان ہے۔ پس یہ مراتب حرف شین کے ہیں۔ اسم شہید۔

قبولیت دعا بذریعہ اسم شہید

قول اول کے موافق یہ ساتوں حرف عذاب کے ہیں۔ اور عذاب ہی کے واسطے ان کو لکھنا چاہیئے۔ حرف شین سے شروع کرو۔ ایام کی ترتیب سے اور ان کے حروف کی اور اس کے برعکس کرنے سے برعکس مطلب ہوتا ہے اور اس طرح دعا کرو۔ الاما انتم من فلاں۔

اور جو عذاب اس کو کرنا چاہتے ہو۔ اس کا نام لو حروف لکھنے کے بعد اور دن اور حاجت کے بعد یہ الفاظ کہو۔ بحق ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ یَا شَدِیْدُ یَا عَزِیْزُ یَا وَاحِدُ یَا ظَاھِرُ یَا وَارِثُ یَا جَبَّارُ یَا وَارِثُ یَا نَاصِرُ اَللّٰھُمَّ یَا شَدِیْدُ یَا اَحَدُ بَعْدَ فَنَآءِ خَلْقِہٖ عَلَی الْاَمْرِ الَّذِیْ اَرَدْتَ وَالْقُدْرَۃِ الَّتِیْ قَدَّرْتَ لَا اِتِّصَالَ بِوُجُوْدِہٖ وَلَا انْتِھَآءَ لَہٗ یَا مَنْ لَّا یُدَانِیْہِ اِلَّا ثُبُتُہٗ وَلَا انْقِطَاعَ لَہٗ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ اِنَّ الْخِزْیَ الْیَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ وَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَھُمْ فِیْھَا زَفِیْرٌ وَّشَھِیْقٌ اِنَّ شَجَرَۃَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِیْمِ کَالْمُھْلِ یَغْلِیْ فِی الْبُطُوْنِ کَغَلْیِ الْحَمِیْمِ یَا عَزِیْزُ یَا غَالِبُ یَا مَنْ لَّا

---

[1] اے اللہ اے قوت والے اے تنہا رہنے والے بعد فنا مخلوق اپنی کے اوپر اس امر کے جو ارادہ کیا۔ اور اس قدرت کے جو مقدر کی۔ اے وہ ذات جس کے وجود کے واسطے نہ اتصال ہے نہ انتہا ہے وہ ذات جس کے لائق اسی کا مرتبہ ہے۔ اور نہیں ہے انقطاع اس کے واسطے جس کو ذلیل کریگا۔ اللہ نبی کو اور ان لوگوں کو جو نبی کے ساتھ ایمان لائے۔ بیشک ذات اس دن کی اور برائی کافروں پر ہوگی اے سخت عذاب والے۔ بیشک تیرے رب کا پکڑنا بہت سخت ہے۔ بیشک کہ جو لوگ بدبخت ہوئے پس جہنم میں ہوں گے۔ اور ان کے لئے بھیانک آوازیں ہوں گی۔ بیشک زقوم کا درخت گناہ گار کا کھانا ہے ... [illegible] ... غالب اے وہ جس کی

مثل له والحوائج كلها لديه انت العزيز المطلق الازلي لا يوازنك في عزك يا ظاهر القدرة يا من قال وهو
اصدق القائلين كلا انها لظى نزاعة للشوى لا ظليل ولا يغني من اللهب يا وارث انت الذي يرجع اليك
الامر كله يا من يفني الاكوان ومن فيها وينادي لمن الملك اليوم لله الواحد القهار كل من له دعوة ومن
امر ظاهر او باطن قل او كثر يرجع اليك اللهم انزل بفلان الثبور والويل والعذاب والانتقام لا
تدعوا اليوم ثبورا واحدا وادعوا ثبورا كثيرا يا جبار انت الذي حكمك ماض على طريق الجبر
وعلى لا يدفعه حذر حاذر انت الذي ربطت القوى النفسانية والقوى القلبية في كثائف الاجسام
ويجب ذلك الا على الذي نزهت في خلقك وجعلتهم بصبغة هويتك وظهور فرديتك وصفة ازليتك فانك انت
ذو القدرة والجبروت والعزة والرهبة وبحق ملكوتك الذي اخترته بعين تقديرك واحكام الهيتك وانوار
مخترعاتك لا يعلم غيرك تعالى شانك وعظم سلطانك فكل حركة في عالم الملك
والملكوت والجبروت وقد اعان بها معنى اسمك الجبار بحق ما اخترت بخير التدبير
الازلي الجليل المتعال يا من خير العالم الآت اني بحركة تماديه ومن سر الحيات...
المخلوطة بالروح بازمة المقادير وظهور الحكمة اظهر في فلان من شدة...
جبروتك وقهرك ما تسكن به حواسه عند مصادمتي وتخمد نعايته

مثل نہیں ہے۔ اور کل حاجتیں اس کے پاس ہیں تو وہی غالب مطلق ازلی ہے تیری عزت کے سوائے تیرے کوئی موازنہ نہیں ہو سکتا۔ اے ظاہر قدرت کے اے وہ جس نے فرمایا ہے۔ اور بڑا سچا ہے بیشک جہنم البتہ شعلہ مارنے والی ہے اور سر کی کھال کھینچنے والی ہے نہ سایہ دار ہے۔ اور مشعلوں سے بچا سکتی ہے اے وارث تو ہی وہ ذات ہے کہ کل کام تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اے وہ جو تمام عالم کو فنا کر کے کہے گا کہ آج کے دن کس کی سلطنت ہے پھر آپ ہی فرمائے گا۔ اللہ کی جو یکتا اور زبردست ہے جو کوئی کسی ظاہری یا باطنی کام کی تھوڑی یا بہت حاجت رکھتا ہے تیری طرف رجوع کرتا ہے اے اللہ فلاں شخص پر ہلاکت اور ویل اور عذاب نازل کر اور انتقام لے آج کے دن ایک ہلاکت کو نہ پکارو۔ بلکہ بہت سی ہلاکتوں کو پکارو اے جبار تو ہی وہ ذات ہے کہ تیرا حکم جبر کے طریق چلنے والا ہے۔ اور کسی حذر کرنے والے کا حذر اس کو دفع نہیں کر سکتا۔ تو ہی وہ ذات ہے جس نے جسم کی کثافتوں میں قوائے نفسانی اور قوت قلبی کو ملایا ہے۔ نہیں واجب ہے۔ یہ مگر اس پر جس سے تیری تنزیہ کی اور تو نے ان کو اپنی ہویت کے واسطے بصبغہ اور اپنی فردیت کے واسطے مظہر اور اپنی ازلیت کی صفت بنایا ہے بیشک تو قدرت اور جبروت اور رہبت والا ہے۔ بطفیل اپنے اس ملکوت کے جس کو تو نے اختیار کیا ہے ساتھ عین تقدیر اپنی کے اور احکام الہیت اپنے کے اور انوار مخترعات اپنے کے نہیں جانتا ہے سوا تیرے نشان تیری اور نہ عظمت بادشاہی تیری کی۔ پس عالم ملک و ملکوت اور جبروت میں جو حرکت ہے اس کی امداد تیرے اسم جبار کے معنے سے کی۔ بطفیل اس کے جو تو نے خیر تدبیر سے اختیار کیا فلاں شخص میں اپنی شدت جبروت [illegible] مقابلے کے وقت خاموش ہو جائیں

(باقی بر صفحہ آئندہ)

مِنْكَ وَجُنُوْدِيْ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْاَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَّرْتَ بِهَا الْاَكْوَانَ الْعُلْوِيَّةَ وَالسُّفْلِيَّةَ وَبِحَقِّ الْكَلِمَةِ الْاُوْلٰى الَّتِيْ فَطَرْتَ بِهَا الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ بِقَوْلِكَ الْحَقِّ ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ اِفْعَلْ بِيْ كَذَا وَكَذَا جو مطلب ہو اس کو ذکر کرے۔

۱۰۔ اسرارِ خواص ودعوات سورہ فاتحہ

جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ اس کو چاہیئے کہ وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے حاجت پوری ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اَسْاَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَالْخَلْقِ بِسِرِّ التَّجَلِّي الْمُظْهِرِ بِسَبَبِ التَّنْزِيْلِ وَالْاِشْتِقَاقِ اَمْرًا وَّوُجُوْدًا وَّبُطُوْنًا وَّمَعْقُوْلًا وَّذٰلِكَ جَسَّمَا لِمَنْ اَيْجَدْتَ بَلْ مَعْلُوْمًا لِّمَنْ اَشْهَدْتَ مَجْهُوْلًا لِمَنْ شِئْتَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ لَا تَقْدَحُ وَحْدَةَ مَا اَحْكَمْتَ مِنَ الْحِكْمَةِ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا فَتَّاحُ يَا رَبِّ اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّ الْاِضَافَةِ الرَّابِطَةِ بَيْنَ حَضْرَةِ الْوُجُوْدِ وَالْاِمْكَانِ الْمُقْتَضِيَةِ لِظُهُوْرِ النَّعْتِ الْاَعْظَمِ وَالسِّرِّ الْمُبِيْنِ بِثُبُوْتِ الْاِلٰهِيَّاتِ عُمُوْمًا وَّخُصُوْصًا بَدْءًا وَّعَوْدًا عَنْ سِعَةِ عُلُوْمِ الرُّوْحَانِيَّةِ الَّتِيْ لَا تَتَنَاهٰى اِسْتِغْرَاقًا وَّثُبُوْتًا عَنْ فَيْضٍ خَاصٍّ الرَّحِيْمِيَّةِ الَّتِيْ لَا تَتَنَاهٰى الْوَاقِعَةِ بِشُهُوْدِ الْبَيَانِ الْمُقْتَرِبِ بِالْقُرْبِ الْمَجْهُوْلِ الْمَاهِيَّةِ

(بقیہ صفحہ سابقہ) اور اس کی روحانیت میرے سامنے ٹھنڈی ہو جائے بیشک جہنم ان سب کا وعدہ گاہ ہے اور بیشک جہنم کے واسطے ہم نے بہت سے جن وانس پیدا کئے ہیں۔ اے آسمان وزمین کے پیدا کرنیوالے میں تجھ سے تیری اس قدرت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم علوی اور سفلی کو بنایا ہے اور بطفیل اس پہلے کلمہ کے جس سے تو نے زمین وآسمان کو اپنے قول حق کے ساتھ پیدا کیا پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا۔ حالانکہ اس وقت وہ دھواں تھا پس اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے یا زبردستی سے آجاؤ۔ ان دونوں نے کہا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ میرے واسطے ایسا اور ایسا کر۔ اے رب میں تجھ سے تیرے اس اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم خلق وامر کو مفتوح کیا ہے۔ ساتھ راز تجلیؔ کے واسطے حق کے جو ظاہر کرنے والی ہے واسطے بسبب تنزیل کے اور طلب ہے امر اور وجود اور بطون میں اور یہ معقول ہے از روئے جس کے واسطے اس کے جس کی تو تائید کرے۔ بلکہ معلوم ہے اس کے لئے جس کو تو موجود کردے اور اس کے متشابہ ہیں۔ اس کے واسطے جس کو تو چاہے جس حکمت کو تو نے محکم کیا ہے۔ اس کی وحدت میں قدح نہیں ہو سکتا۔ اے علیم اے حلیم اے فتاح اے رب میں تجھ سے اے اللہ سر اضافت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو رابطہ ہے درمیان حضرت وجود اور امکان کے اور مقتضے ہے واسطے ظہور نعت اعظم کے اور سر مبین کے ساتھ ثبوت الہیات کے عموماً خصوصاً بدأً وعوداً ان علوم روحانیت کی گنجائش سے منتہی نہیں ہوتے ہیں۔ استغراقاً اور ثبوت میں فیض خاص رحیمیہ سے جو منتہی نہیں ہوتی ہے واقع ہے ساتھ شہود بیان کے اور قربت حاصل کرنے والا ہے ساتھ قرب مجہول الماہیۃ کے (باقی بر صفحہ آئندہ)

يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا فَتَّاحُ أَسْأَلُكَ التَّنْوِيْرَ وَالتَّيْسِيْرَ وَالْمَعُوْنَةَ وَالتَّقْدِيْرَ وَالْحِفْظَ وَالْفَوْزَ وَالرِّعَايَةَ وَالسِّتْرَ وَالتَّكْمِيْلَ وَطِيْبَ الرِّزْقِ وَالْبَرَكَةَ وَالرَّجَاءَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ وَالْيَأْسَ مِنْ غَيْرِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَكُوْنُ بِأَمْرِكَ وَتَكُوْنُ بِوُجُوْدِكَ وَبَرَكَةٍ مِنْكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَلَكَ أَسْلَمْنَا وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ يَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ وَنَوِّرْ بَصَائِرَنَا بِنُوْرِكَ يَا بُرْهَانُ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ لَا هَادِيَ غَيْرُكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ أَغْنِنَا بِكَ عَنْ غَيْرِكَ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ شُهُوْدُ ذَاتِكَ يَا رَحْمٰنُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّكَ اللّٰهُ فِيْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِأَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّمِنْ أَحْوَالِ الْجِدِّ وَالتَّعْدِيْلِ وَبِأَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ بِخَصَائِصِ الْأَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالتَّنْقِيْصِ وَالنَّظِيْرِ وَالظَّهِيْرِ وَبِأَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ أَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ أَسْأَلُكَ أَنْ تُنْعِمَ عَلَيَّ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ وَمَا يَكُوْنُ لِيْ فِيْهِ مِنْ خَيْرَيِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَايَةِ مِنَ الْاٰفَاتِ بِخَصَائِصِ الْعِنَايَاتِ يَا عَوَّادُ بِالْخَيْرَاتِ

اے رحمٰن اے رحیم اے فتاح مانگتا ہوں میں تجھ سے روشنی اور آسانی اور مدد اور قوت اور حفاظت اور کامیابی اور پردہ پوشی اور رعایت اور تکمیل اور عمدہ رزق اور برکت اور امید اور نیک گمانی تیرے ساتھ اور نا امیدی تیرے غیر سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تیرے ہی حکم سے ہوتی ہے اور ہوئی ہے تیرے وجود سے اور برکت تجھ سے برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے رتبہ تیرا اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے۔ تیرے ہی ساتھ ایمان لائے۔ ہم اور تیرے واسطے تسلیم کی ہم نے اور تیرے اوپر بھروسہ کیا ہم نے۔ تحقیق دے ہم کو اے اللہ ساتھ نور اپنے کے اے مالک روز جزا کے اور روشن کر ہمارے دیدہ دل کو اپنے نور سے اے برہان اے نور کے نور اے ہدایت کرنے والے گمراہوں کے۔ تیرے سوا کوئی ہادی نہیں ہے۔ الحمد للہ رب العالمین۔ غنی کریم کو اپنے غیر سے اے غنی اے مغنی اے اللہ اے الرحمٰن الرحیم گواہی ہے تیری ذات کی اے رحمٰن اسلام ہے قول رب رحیم سے مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بایں طور کہ تو ہی اللہ ہے بیچ حقائق محض تخصیص کے اور بایں طور کہ تو ہی اللہ ہے ہر حال میں حالوں جدا اور تعدیل سے اور بایں طور کہ تو اللہ مقدس ہے ساتھ خصائص احدیت اور صمدیت کے ضد اور ند اور تنقیص اور نظیر اور مددگار سے اور بایں طور کہ تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے مثل کوئی چیز نہیں ہے اور تو ہی سننے اور دیکھنے والا ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ ہمارے حضورؐ پر اور ان کی آل و اصحاب پر درود بھیج اور میری یہ حاجت پوری کر دے۔ بحق اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ انعام کر تو مجھ پر ساتھ قضا حاجت میری کے۔ اور جس میرے واسطے دین و دنیا کی بھلائی ہو۔ رعایت کے ساتھ محفوظ ہو۔ آفات سے خاص عنایت کے ساتھ اے لانے والے بھلائیوں کے اے وہاب

يَا مَنْ هُوَ فِي الْحَقِيْقَةِ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاجْعَلْنَا مِنْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَلَا عَنْ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مَايُوْسِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ

(الالا یہ دوسری دعا ہے اس کو بہت بڑے سخت کاموں کے وقت پڑھنا چاہیئے ۔ الالا یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَمْدًا يَّفُوْقُ حَمْدَ الْحَامِدِيْنَ رَبِّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ حَمْدًا يَّكُوْنُ لِيْ رِضًا وَّحِفْظًا عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَلَّذِيْ وَقَى الْاَقَالِيْمَ وَاخْتَارَ مُوْسَى الْكَلِيْمَ مُحْيِي الْعِظَامِ وَهِيَ رَمِيْمٌ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَهُمَا اِسْمَانِ شَرِيْفَانِ دَوَاءٌ لِّكُلِّ سَقِيْمٍ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اَلَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ فِي الْمُلْكِ مُنَازِعٌ وَّلَا قَرِيْنٌ وَّلَا وَزِيْرٌ وَّلَا مُشِيْرٌ بَلْ كَانَ قَبْلَ وُجُوْدِ الْعٰلَمِ وَالْعَوَالِمِ اَجْمَعِيْنَ اَنْتَ اِحَاطَتِيْ وَعُدَّتِيْ مِنْ جَمِيْعِ الشَّيَاطِيْنِ وَعَوْنِيْ عَلَى الْاَبْعَدِيْنَ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَمَلْجَئِيْ عَلَى الْاَجْنَاسِ الْمُخْتَلِفِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ بِالْاِقْرَارِ وَنَحْتَجِلُ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَا وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ الذُّنُوْبِ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا نِدَّ لَهٗ وَلَا شَبِيْهَ لَهٗ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ عَلٰى كُلِّ اِجَابَةٍ وَّاَمْرٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ

کہ وہ در حقیقت اہل تقوٰے اور اہل مغفرت ہے ہمارے مت کر تو ہم کو اہل ذلت سے زندگانی دنیا میں اور کر ہم کو ان لوگوں میں سے جن پر نہ غضہ کیا گیا ہے اور نہ وہ گمراہ ہیں۔ آمین۔ اے اللہ نہ کر تو ہم کو گمراہ اور نہ گمراہ کرنے والے ۔ اور نہ تیرے دروازے سے دور کئے گئے ۔ اور نہ تیری ذات سے ناامید اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین اور خدا ہمارے حضور پر اور ان کی آل پر درود و سلام نازل کرے ۔

سلہ حمد ہے خدا کے لئے وہ حمد جو مل حمد کرنے والوں کی حمد پر فوق رکھتی ہے وہ رب ہے اولین و آخرین کا ایسی حمد جو میرے واسطے اور حفاظت ہو نزدیک رب العالمین کے الرحمٰن الرحیم جس نے اقلیموں کو بچایا اور موسیٰ کلیم اللہ کو برگزیدہ کیا۔ زندہ کرنے والا ہے ہڈیوں کا جب کہ وہ ریزہ ریزہ ہو گئی ہوں گی۔ رحمٰن و رحیم دو بزرگ نام ہیں۔ ان میں ہر ایک بیماری کی دوا ہے مالک یوم الدین وہ مالک جس کے ملک میں کوئی اس کا مخالف نہیں ہے اور نہ کوئی دوست ہے نہ وزیر ہے نہ مشیر بلکہ تھا وہ پہلے وجود عالم کے اور سب عالموں کے تو ہی میری حفاظت اور میرا احاطہ ہے شیاطین سے۔ اور تو ہی میرا مددگار ہے قریب و بعید پر اور تو میری پشت و پناہ ہے مختلف جنسوں پر تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ ہم ساتھ اقرار کے اور خجل ہیں ہم گناہوں سے اور خطاؤں سے۔ اور توبہ کرتے ہیں تیری طرف گناہوں سے اور گواہی دیتے ہیں کہ نہیں ہے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اکیلا ہے بغیر شریک کے جلال اور بزرگی والا۔ اور گواہی دیتے ہیں کہ ہمارے سردار حضرت محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اور تجھ ہی سے ہر حاجت اور ہر دینی اور دنیوی کام پر مدد مانگتے ہیں۔ اے گمراہوں کے ہدایت کرنے والے ہدایت کر ہم کو سیدھے راستے کی۔ ان لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام کیا (باقی در صفحہ آئندہ)

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْن بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ خَالِقِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ بَاعِثِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحَقِّ قَادِرٌ قَاهِرٌ جَلِيْلٌ مُغْنِي الرَّحِيْمُ رَبٌّ وَاحِدٌ فِي الْعٰلَمِيْنَ الْمَعْبُوْدُ فِي كُلِّ مَكَانٍ الْمُوَحَّدُ بِكُلِّ لِسَانٍ الْفَاضِلُ الْقَدِيْمُ الْمُتْقِنُ بِمَا صَنَعَ الْقَاهِرُ لِخَلْقِهٖ اَجْمَعِيْنَ قُدُّوْسٌ الَّذِيْ ذَلَّتْ لَهُ الرِّقَابُ وَخَضَعَتْ لَهُ الشُّمُّ الشَّامِخَاتُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا وَالِيْ يَا مُتَعَالِيْ يَا بَرُّ يَا تَوَّابُ يَا مُنْتَقِمُ يَا عَفُوُّ يَا رَؤُفُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ قَآئِمٌ قَيُّوْمٌ دَآئِمٌ دَيْمُوْمُ الْاَبَدِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ ۳ اَنْتَ تَرَانِيْ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَضَرُّعِيْ وَشَكْوَايَ اَنْتَ مَقْصِدِيْ وَسُؤَالِيْ وَرَجَآئِيْ وَاَنَا الْمُحْتَاجُ اِلَيْكَ وَاَنْتَ عَالِمُ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى وَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَدِيْنًا قَيِّمًا وَيَقِيْنًا صَادِقًا وَحِكْمَةً بَالِغَةً يَا قَيُّوْمُ يَا نُوْرُ اَسْاَلُكَ كَشْفَ حِجَابِ الْغَيْبِ بِمَا فِيْهِ حَتّٰى اُشَاهِدَ الرُّوْحَ الْبَاقِيَ اهـ ۳ اَنْتَ يَا قَيُّوْمُ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ اَسْرَارِ اَسْمَآئِكَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ بِالطَّاعَةِ وَقَلْبِيْ لَكَ بِالْعِبَادَةِ وَاَنْ تَرْزُقَنِيْ اَنْوَارَ هِدَايَتِكَ وَمَعْرِفَةَ اَسْرَارِكَ حَتّٰى اَكُوْنَ مُبْتَهِجًا بِبَاهِرِ مَا يَظْهَرُ مِنْ

نبیوں صدیقوں۔ شہیدوں اور نیکوں سے نہ ان لوگوں کی جن پر غصہ کیا گیا اور نہ ان لوگوں کی جو گمراہ ہیں۔ ایسا ہی کیجیو۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے پہلوں کا اور پچھلوں کا پیدا کرنے والا ہے اس کا جو آسمان و زمین میں ہے بھیجنے والا ہے نبیوں اور رسولوں کا اور مومنوں کا ساتھ حق کے۔ قادر ہے۔ قاہر ہے۔ جلیل ہے مغنی ہے۔ رحیم ہے رب ہے یکتا ہے۔ تمام عالموں میں معبود ہے بیچ ہر مکان کے توحید کیا گیا ہے بیچ ہر زبان کے۔ فضیلت والا ہے۔ قدیم ہے مضبوط کرنے والا ہے اس کو جو بنایا اس نے۔ قہر کرنے والا ہے اپنی تمام مخلوق پر۔ ایسا پاک ہے جس کے واسطے گردنیں جھک گئیں۔ اور اونچے بلند ہونے والے اس کے آگے — ہو گئے اور ذلیل ہوئے چہرے واسطے زندہ قائم کے۔ اور نقصان والا ہوا وہ جس نے ظلم اٹھایا۔ اے زندہ اے قائم اے مقدم اے مؤخر اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے والی اے متعالی۔ اے نیکی کے توفیق دینے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے انتقام لینے والے اے معاف کرنے والے اے مہربان اے مالک اے جلال و بزرگی والے۔ قائم قیوم۔ دایم دیوم خبردار و کرالتی کے ساتھ دل مطمئن ہوتے ہیں۔ اے زندہ اے قائم تو مجھے دیکھتا ہے اور میرا سنتا ہے اور میری عجز و زاری اور شکایت کو۔ تو میرا مقصد ہے اور سوال ہے اور امید ہے اور میں محتاج ہوں تیری طرف اور تو جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا۔ اور زمین و آسمان میں کوئی چیز تجھ پر پوشیدہ نہیں ہے تو ہے رب عرش عظیم کا مانگتا ہوں میں تجھ سے علم نافع اور دین قائم اور یقین سچا اور حکمت بالغہ اے قیوم اے نور مانگتا ہوں میں تجھ سے کھلنا حجاب غیب کا مع اس کے [illegible] اے نور آسمان و زمین و باقی [illegible]

مِنْ خَلْقِكَ يَا لَطِيْفُ اللَّطِيْفِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ اس دعا کو پڑھ کر جو دینی یا دنیاوی حاجت مانگے پوری ہوگی ۔

(اور یہ دعا دوسری ہے) ایک مکان میں خلوت کے ساتھ ہر نماز کے بعد پانچوں وقت با طہارت اٹھارہ مرتبہ چودہ روز تک پڑھے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ بَصَائِرِ الْعَارِفِيْنَ بِاَنْوَارِ الْمَعْرِفَةِ وَالْيَقِيْنِ وَجَاذِبِ سَرَائِرِ الْمُحَقِّقِيْنَ بِجَذَبَاتِ الْقُرْبِ وَالتَّمْكِيْنِ وَفَاتِحِ اَقْفَالِ قُلُوْبِ الْمُوَحِّدِيْنَ بِمَفَاتِيْحِ التَّوْحِيْدِ وَجَاذِبِهَا بِجَذَبَاتِ الْقُرْبِ وَالْفَتْحِ الْمُبِيْنِ الَّذِيْ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَكِيْمِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْاَزَلِيِّ الْقَدِيْمِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ الَّذِيْ كَتَبَ اٰيٰتِ التَّوْحِيْدِ بِاَقْلَامِ الْقُدْرَةِ فِيْ صُدُوْرِ اَهْلِ التَّعْلِيْمِ وَرَقٰى صُدُوْرَ اَهْلِ الْهِدَايَةِ فِيْ طُرُقِ سِرِّ اَهْلِ الْمَعْرِفَةِ لِاَهْلِ الْوِلَايَةِ وَنَاجِيْكَ بِاَهْلِ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ خَاطَبَ مُوْسٰى الْكَلِيْمَ بِكَلَامِ التَّكْرِيْمِ وَشَرَّفَ نَبِيَّهُ الْكَرِيْمَ بِقَوْلِهٖ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ قَاصِمِ الْجَبَابِرَةِ وَالْمُتَمَرِّدِيْنَ وَمُبِيْدِ الطُّغَاةِ وَالْمُعْتَدِيْنَ وَقَامِعِ رُءُوْسِ الْفَرَاعِنَةِ وَاَهْلِ الْبِدَعِ وَالْمُلْحِدِيْنَ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ يَا مَنْ زَيَّنَ الْكَائِنَاتِ

کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ ہمارے حضور پر درود و سلام نازل کر اور یہ کہ میرے واسطے اپنے اسماء کے اسرار کھول دے اور تمام مخلوق کو طاعت کے ساتھ مسخر کر دے اور میرے دل کو اپنی عبادت کے واسطے اور اپنے انوار ہدایت اور معرفت اسرار مجھ کو نصیب کر یہاں تک کہ زینت والا ہو جاؤں ۔ ساتھ روشن چیز کو جو تیرے لطف سے ظاہر ہوا ہے اے لطیف اللطیف اے ارحم الرحمین سب حمد ہے اللہ کو جو پرورش کرنیوالا ہے تمام عالموں کا روشن کرنے والا ہے دیدہ دل عارفوں کی انوار معرفت اور یقین کے ساتھ اور جذب کرنے والا ہے تمام محققین کا ساتھ جذبات مقرب و تمکین کے اور کھولنے والا ہے قفل دلوں موحدین کا ساتھ کنجیوں توحید کے اور جذب کرنیوالا ہے ان کو ساتھ جذبوں قرب اور فتح مبین کے وہ ذات پاک جس نے ہر چیز کی خلقت کو اچھا کیا اور ابتداء کی پیدائش انسان کی کیچڑ سے پھر کی نسل اسکی خاص پانی ذلیل سے ۔ الرحمن الرحیم حکیم ہے علیم عظیم ہے ۔ ازلی ہے ۔ قدیم ہے ۔ سننے والا جاننے والا ہے ۔ توحید کی آیات کو اس نے قدرت کی قلم سے اہل تعلیم کے سینوں پر لکھا ہے اور ترقی اہل ہدایت کے دلوں کو سیر اہل معرفت کے راستوں میں جو اہل ولایت کے ہیں اور کانی ہیں تجھ کو اصحاب کہف و رقیم خطاب کیا موسیٰ کلیم سے کلام تکریم کا اور بزرگی دی اپنے نبی کو اس فرمان کے ساتھ کہ بیشک دی ہیں ہم نے تم کو سبع مثانی اور قرآن عظیم مالک ہے روز قیامت کا اور ہلاک کرنے والا ہے جباروں اور سرکشوں کو اور شریروں حد سے بڑھنے والوں کو اور نیست کرنے والا ہے سرداران متکبروں اور اہل بدعت اور ملحدین کو یہ اللہ تمہارا ہے پس برکت والا ہے ۔ اللہ سب عالموں کا [illegible] کائنات (باقی بر صفحہ آئندہ)

بِمَلَابِسِ التَّكْوِيْنِ وَاَرْسَلَ نَجَائِبَ الْمَلَكُوْتِيَّاتِ تَقُوْدُ جَنَائِبَ الْمُكَرَّمِ الْمَتِيْنِ يَا مَنْ نَشَرَ سَحَائِبَ عُقُوْدِ عَفْوِهٖ عَلٰى كَافَّةِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ وَلَا مُعِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ معترفين عن القيام بحق عبادتك بالعجز وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ عَلٰى مَا اَمَرْتَ مِنَ الْقِيَامِ بِحُقُوْقِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ يَا ذَا الْفَوْزِ الْعَظِيْمِ يَا ذَا الْفَضْلِ الْعَمِيْمِ يَا مَنْ يُّحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ اَهْلِ الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِسْتِقَامَةِ وَالتَّقْوِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ نَظَرْتَ بِعَيْنِ عِنَايَتِكَ اِلَيْهِمْ هُمْ اَهْلُ الْعَزْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّسْلِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ تَمَسَّكُوْا.... بِالْهُدٰى وَفَرِحُوْا بِهَا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَاَمْدِدْنَا بِمَلَائِكَةِ الظَّفَرِ وَالتَّمْكِيْنِ وَصَرِّفْنَا فِي الْكَائِنَاتِ وَالْمُكَوَّنَاتِ وَالتَّكْوِيْنِ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ لَا تَجْعَلْنَا ضَالِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَةِ الْمُتَّقِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور یہ دعا کا زیج ہے اسکو پڑھے۔ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَّةُ ذَوَاتُ الذَّوَاتِ.. النُّوْرَانِيَّةِ الْمُتَشَعْشِعَةِ بِالْمَنِّ الرُّوْحَانِيَّةِ وَالنَّوَامِيْسِ الرَّبَّانِيَّةِ الدَّائِمَةِ فِيْ لَطَائِفِ تَصْرِيْفِ الْحُرُوْفِ وَدَقَائِقِ مَعَارِفِهَا الْمُكَوَّنَةِ الْمُوَكَّلَةِ بِتَسْخِيْرِ الْقُلُوْبِ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَّةِ رُوْحَانِيَّةِ الْاَعْدَادِ بِعَوَارِفِ اَسْرَارِهَا

کو ساتھ لباس تکوین کے اور بھیجا بجانب ملکوتیات کو ہکانی تھی جنائب مکرم متین کو اے وہ ذات جس نے پھیلائے ابر عقود عفو اپنے کے اوپر تمام خلق کے۔ اے وہ ذات جس کا کوئی نہ ملک میں شریک ہے نہ مددگار ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ ہم اقرار کرنے والے ہیں اس بات کا کہ تیری عبادت کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم اوپر ان حقوق کے جن کا حکم کیا تو نے ہر وقت و زمانے میں۔ اے وہ ذات جو بڑی کامیابی والا ہے۔ اے وہ ذات جو بڑے عام فضل والا ہے۔ اے وہ ذات جو شکستہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے ہدایت ہم کو سیدھی راستہ کی راستہ اہل دین قویم کی۔ راستہ اہل استقامت اور تقویم کی راستہ ان لوگوں کی جن کی طرف تو نے نظر عنایت سے دیکھا۔ راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ نبیوں اور صدیقوں اور شہداء اور صالحین میں سے۔ راستہ ان لوگوں کا جو وہ اہل عزم اور قلب سلیم ہیں۔ راستہ اہل اخلاص اور تسلیم کا راستہ ان لوگوں کا جنھوں نے ہدایت کے ساتھ تمسک کیا اور خوش ہوئے ساتھ اس کے اور مدد دے ہم کو ساتھ ملائکہ ظفر اور تمکین اور تصرف دے ہم کو کائنات اور مکونات اور تکوین میں غیر المغضوب علیہم ولا الضالین آمین۔ مت کر ہم کو گمراہوں اور نہ گمراہ کرنے والوں میں سے۔ اور نہ اپنے دروازہ سے دور کئے ہوئے میں سے اور حشر کر ہمارا بیچ زمرہ متقیوں کے اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الرحمین اور ہمارے حضور اور ان کی آل و اصحاب پر درود سلام بھیجو۔ اے روحانی روحوں نور کی ذات والی چمکدار ساتھ بخششوں روحانی و نوامیس ربانی کے ہمیشہ رہنے والے بیچ لطائف تعریف حروف اور دقائق معارف ان کے جو مقررہ اور موکل ہیں۔ ساتھ تسخیر قلوب اور ارواح روحانیت اعداد کے اور عوارف اسرار ان کے

ر۔۱ ادق

المعونة اجيبوا ايها الارواح العظام والملائكة الكرام جبرائيل وميكائيل
واسرافيل وعزرائيل توكلوا بخدمة من دعاكم وكونوا عونًا لي واتصال الاجابة
لله ولرسوله اهيا اشراهيا ادوناي اصباؤت آل شداي افهموا مرادي واقضوا حاجتي
وكونوا خدامي بحق الله الفتاح الرزاق الحليم الوهاب العلي العظيم الالاء اللطيف
الكبير كهيعص حمعسق اجب ايها الملك الاحمر بارك الله فيك وعليك

جب چودھویں رات ہوگی تو تمہارے پاس ایک سبز پرندہ آئے گا۔ اور تمہارے سامنے کھڑا ہو جائے گا تم خود اس کو سلام کرو کیونکہ وہ بڑا بادشاہ ہے پھر وہ تم سے کچھ عہد و پیمان لے گا۔ اور جس کام کو تم حکم کرو گے۔ اس کو بجا لائے گا اور وہ عہد و پیمان جو وہ تم سے لے گا۔ اس قسم کے ہوں گے کہ تم جھوٹ نہ بولو اور مال حرام یا کوئی چیز حرام استعمال نہ کرو۔ اور خدا کی نافرمانی یعنی گناہ کا کام نہ کرو۔ اگر ان باتوں پر تم مستقیم رہو گے تو وہ بھی تمہارے ساتھ مستقیم رہے گا اور خادم تمہارے واسطے مقرر کر دے گا جو تمہارے سب کام کیا کرے گا۔ اور وقت پڑھنے کے کچھ خوشبو مثل عود و جاوی وند اسود و مصطگی و عنبر خام وغیرہ روشن کرنا چاہیئے۔

عمل برائے محبت و حاجت

محبت کے واسطے جمعرات کے روز اور پیر کے روز روزہ رکھ کر افطار کے وقت پندرہ مرتبہ اور فجر کے وقت بھی اسی قدر اس دعا کو پڑھا کرو۔ اور خدا سے دعا کرو کہ مطلوب کا دل تمہاری طرف رجوع ہو۔ اور اس کلام میں عجائب مشاہدہ کرو گے۔ اگر قضائے حاجت کی ضرورت ہو، تو پنجشنبہ کے روز روزہ رکھ کر خلوت میں بیٹھو۔ اور کثرت کے ساتھ اس دعا کو پڑھو۔ حضور قلب کے ساتھ۔ حاجت پوری ہوگی۔ اور ریاضت اس کی نو روز ہے۔ اور کم سے کم سات دن ضرور چاہیئے۔

مطلوب کا دل مائل کرنے کا عمل

اور جلب محبت کے واسطے سورۂ فاتحہ کی دعا کو پڑھے جیسا کہ بیان ہوا تو چاہیئے کہ اس کے اعداد کا جو ۹۲۶ ہیں جو بغیر بسم اللہ کے ایک وفق بنائے اور پڑھنے کے دونوں وقت یعنی افطار اور فجر کے اس نقش کو اپنے سامنے رکھے اور صبح تک خوشبو کو روشن رکھے پھر نقش کو اٹھا کر اپنے پاس رکھے مقصد پورا ہوگا۔ صورت نقش فاتحہ کی یہ ہے۔

۲۲۴۲	۳۲۴۵	۴۴۳	۳۲۲۹
۳۲۴۲	۲۲۳۸	۲۲۳۳	۲۴۳۴
۲۳۳۴	۲۳۳۵	۲۲۳۶	۲۳۴۱
۲۳۴۶	۲۳۳۵	۲۳۳۶	۲۳۴۱

جواب قبول کرو تم اے عظیم الشان روحو۔ اور بزرگ فرشتو۔ جبرائیل اور میکائیل۔ اسرافیل و عزرائیل متعین ہو تم ساتھ خدمت اس شخص کے جس نے بلایا تم کو۔ اور ہو تم میرے مددگار۔ اور اتصال اجابت کا ہے واسطے اللہ اور رسول کے میری مراد کو سمجھو۔ اور میری حاجت کو پورا کرو۔ اور میری خدمت بجالاؤ۔ بحق اللہ فتاح رزاق وہاب حلیم علی عظیم آلاء اللطیف الکبیر۔ قبول کر اے ملک احمر اللہ تیرے اندر اور تیرے اوپر برکت دے ۱۲

كُلُّهُمْ لَكَ وَصَرِّفْنَا فِي الْكَائِنَاتِ وَالْمُكَوَّنَاتِ وَأَفِضْ عَلَيْنَا مِنْ فَيْضِ نَعْمَآئِكَ وَ
بَرَكَاتٍ تُعِيدُ إِلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ وَلَا تَجْعَلْنَا ضَآلِّينَ وَلَا مُضِلِّينَ
وَلَا تَحْشُرْنَا فِي زُمْرَةِ الْبَاغِينَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ أَغِثْنِي وَأَدْرِكْنِي بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ
فَإِنَّ مَنْ أَخْفَيْتَهُ تَحْتَ خَفِيِّ لُطْفِكَ فَقَدْ خَفِيَ وَشُفِيَ وَعُوفِيَ وَكُفِيَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ
سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ ۴ مرتبہ وَأَدْخِلْنِي فِي كَنَفِكَ الْقَوِيِّ الْحَصِينِ الْمَنِيعِ الْكَافِي
الْكَفِيلِ السَّاتِرِ الْمُحِيطِ وَانْبَسِطْنِي فِي سَعَةِ رِزْقِكَ مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
وَفَرِّجْ عَنِّي كُلَّ كَرْبٍ يَا مُفَرِّجَ الْمَكْرُوبِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ شَهِدْتُ أَشْرَفَ
الْمُقْسِطَ أَقْوَامًا أَنَّ الْعَجَلَ يَا مَيْمُونُ وَشَهِدْتُ أَنْ أَقْوَامًا يَا شَهِدْتُ أَنَّ الْعَجَلَ تَوَكَّلُوا بِكَذَا وَكَذَا أَقْسَمْتُ
عَلَيْكُمْ بِعِزَّةِ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُورِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
إِلَّا مَا أَجَبْتَ وَأَسْرَعْتَ بِقَضَآءِ حَاجَتِي وَهِيَ كَذَا وَكَذَا إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ

آخر سورۃ یٰسین تک تین بار پڑھے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے جس شخص نے تین بار سورۃ فاتحہ اور اخلاص تین بار معوذتین پڑھے تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہے۔ جب امام حسن اور حسین علیہما السلام بیمار ہوئے تو حضور علیہ السلام کو بہت رنج ہوا تب اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ سورۃ فاتحہ ۴۰ بار پانی پر دم کر کے اس سے ان کے ہاتھ اور پیر اور منہ دھلاؤ اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ علماء فرماتے ہیں جس مریض کو سورۃ فاتحہ پاک برتن پر لکھ کر پلاؤ اللہ تعالیٰ اس کو آرام کرے۔ جس کو بھول کثرت سے ہو اور وہ اس کو دھو کر پیئے تو بھول جاتی رہے گی۔ اور جو اس کو کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے گا۔ اس کا دل پاکیزہ اور

کے اور تصرف دے ہم کو کائنات اور مکونات میں اور بہا ہم پر اپنی نعمتوں اور برکتوں کا فیض جو لوٹائے ہم پر پہلے اور پچھلوں کی برکتیں اور نہ کر ہم کو گمراہوں یا گمراہ کرنے والوں میں سے اور باغیوں کے زمرے میں ہمارا حشر نہ کیجیو۔ اے فریاد رس فریادرسوں کے۔ اور پہنچ مجھ کو اپنے لطف خفی کے ساتھ کیونکہ جس کو تو نے اپنے لطف میں کیا۔ پس بے شک اس کی پردہ پوشی ہوئی۔ اور اس نے شفا پائی۔ عافیت پائی اور کفایت ہو گیا تیرے سوا معبود نہیں ہے۔ بے شک میں ظالم ہوں۔ اور مجھ کو اپنی کنف یعنی سایہ رحمت میں جو پورا مضبوط قلعہ اور کافی اور حفاظت کرنے والا ڈھانکنے والا گھیرنے والا ہے۔ داخل کر اور ڈبو دے مجھ کو اپنی وسعت رزق میں اپنی رحمت کے خزانوں میں سے اس رحمت کے جو وسیع ہے ہر چیز کو اور دور کر مجھ سے ہر ایک سختی اے دور کرنے والے سختیوں کے اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین قسم دیتا ہوں میں تم کو اللہ کی عزت اور اس کی ذات کے نور کی فاتحۃ الکتاب کی۔ اور اس کی جس کے ساتھ قلم جاری ہوا اللہ کے پاس سے۔ مگر یہ کہ تو قبول کر۔ اور جلدی کر میری حاجت پوری کرنے میں جو یہ اور یہ ہے بے شک حکم اس کا جب کہ وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اسے کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے

کی ظلمات نفسانیہ سے صاف ہو جائے گا۔ جو شخص اس کو شیشے کے برتن پر لکھ کر روغن بلسان سے دھوئے۔ اور درد عرق النساء یا جس درد کو ملے آرام ہوگا۔ اور فالج اور لقوہ کو بھی فائدہ ہوگا۔ اور ہر شک یا تر بیماری کو نفع کرتا ہے۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کو سونے کے برتن پر جمعہ کی پہلی ساعت میں مشک و زعفران ملا کر لکھ کر گلاب سے دھوئے اور ایک شیشی میں بھر کر رکھ لے۔ اور جب کسی حاکم کے پاس جائے۔ تھوڑا سا اس میں سے منہ پر مل لے۔ قبول عظیم ہوگا۔ اور جو شخص کسی ظالم کے پاس جائے۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے شر سے محفوظ رہے۔ امام شعبی کو درد کی شکایت ہوئی۔ کسی نے کہا۔ کہ سورۂ فاتحہ سے علاج کیجیے۔ انہوں نے اس کو پڑھ کر دم کیا۔ اور پانی پر دم کر کے پی لیا آرام ہو گیا۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ ہر چیز کا اساس ہے اور اساس قرآن شریف کا سورۂ فاتحہ ہے۔ اور سورۂ فاتحہ کا اساس بسم اللہ ہے

ابن قیم کا تجربہ

ابن قیم فرماتے ہیں سب سے بہتر علاج سورۂ فاتحہ کے ساتھ ہے اور وہ اپنا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک مدت سے مکہ شریف میں رہتا تھا۔ اور مجھ کو ایک ایسا مرض تھا کہ کسی حکیم کے علاج سے آرام نہ ہوا تب میں نے سوچا کہ میں خود ہی اس کا علاج کروں اور سورۂ فاتحہ سے میں نے اس کا علاج کیا۔ مجھ کو آرام ہو گیا پھر جس شخص کو میں دیکھتا کہ اس کو سخت بیماری ہے اسی کو بتا دیتا۔ اس کو آرام ہو جاتا۔ جو شخص اس کو ۹ امرتبہ پڑھ کر کسی ظالم کے سامنے جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔

زہر کے اثرات کو زائل کرنے کا عمل

اور جو شخص ہر روز اس دعا کو تین بار پڑھ لیا کرے۔ زہر وغیرہ کوئی چیز اس کو نقصان نہ کرے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ جو شخص حروف اوائل سور کو شیشے کے برتن پر لکھ کر زہر خوردہ کو پلائے۔ زہر اثر نہ کرے۔ یقینی ہی مرتبہ اس کا تجربہ کیا گیا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھ کر یہ آیت پڑھی اس کے واسطے یہ سوائے موت کے کل بیماریوں کی شفا ہے اور آیت یہ ہے۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ آخر سورۂ حشر تک۔

حضرت شہاب الدین سہروردی کا تجربہ

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی فرماتے ہیں جو شخص سورۂ بروج نماز عصر میں پڑھا کرے۔ دملوں سے محفوظ رہے۔ جو شخص [illegible] لکھ کر پانی سے دھوئے اور پھر تھوڑا پانی اس میں ملاتا رہے۔ برکت اس کے ہاں ظاہر ہوگی۔

لہ ساتھ تمام اللہ کے جس کا نام سب ناموں سے بہتر ہے۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے آسمان و زمین کا ساتھ نام اللہ جس کے نام ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں کرتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

حرفی خواص

سورۂ فاتحہ کی حرفی صورتوں کے خواص یہ ہیں کہ جو شخص اس کے حروف کے معانی کو کہ شیشے کے برتن میں لکھ کر مینہ کے پانی کے ساتھ دھو کر پچپن دن کے روزہ کے بعد پیوے اللہ تعالےٰ اس پر اپنے ظاہری و باطنی لطف کا دروازہ کھول دے۔ اور اگر پانچ روز کے روزہ کے بعد با طہارت اس کو لکھ کر یہ آیت بھی اس کے ساتھ لکھے۔ ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض۔ رب العلمین تک جمعہ کے روز ساعت زہرہ میں پھر اس کو اپنے سر پر باندھے: خدا تعالیٰ اس کا رعب لوگوں کے دلوں میں داخل کرے اور جس شخص کو نسیان بہت ہو۔ اس شخص کو بھی اس کا دھو کر پینا فائدہ کرتا ہے۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے گھر میں رکھے۔ اس میں موذیات داخل نہ ہوں گے۔ اور یہ بسبب اس کے امالہ قلبیہ کے ہے کیونکہ طالع سے مراد جس کو اہل رصد لیتے ہیں۔ قوت روحانی ہے پس اگر تو قوت ایمانِ قلبی کو پاوے تو یہ بہتر ہے۔ اور ان کاموں میں ناپاکی سے سخت پرہیز کرنا چاہیئے۔ جتنا پرہیز کرے کام درست ہو گا۔ اس نقش کی صورت یہ ہے۔

ح	ما	مل	ا
یج	د	د	ب
ج	یو	ط	و
ی	ه	د	عه

عمل آیات لطیف

آیات لطف قرآن شریف میں چار جگہ ہیں۔ ایک سورۂ انعام میں۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔[1] یہ آیت اس شخص کے واسطے جو کسی ظالم سے خوف رکھتا ہو۔ اس کو لازم ہے کہ اسم لطیف صبح و شام آیت مذکورہ بالا کے بعد ۱۲۹ بار پڑھے۔ اللہ تعالےٰ اس کو اس کے شر سے امن میں رکھے گا۔ دوسری آیت سورۂ یوسف میں ہے اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَاءُ اِنَّهُ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔ یہ آیت اس شخص کے واسطے ہے جو کسی رنج یا غم یا سختی شدت میں مبتلا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ اسم یا لطیف کو اس کے اعداد کے موافق آیت کے بعد پڑھے۔ ہر ایک رنج سے خلاصی ہوگی۔ تیسری آیت سورۂ شوریٰ میں ہے اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔[2] جو شخص اسم یا لطیف اور اس آیت کو ہر روز پڑھے۔ دنیا اس کے پاس کثرت سے آوے گی۔ چوتھی آیت سورۂ ملک میں ہے۔ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔ یہ آیت اس شخص کے واسطے ہے۔ جو کسی منصب کا مثلاً حکومت وغیرہ کا طالب ہو۔ اور اس آیت اور اسم یا لطیف کو ہر روز صبح و شام پڑھے۔ مطلب حاصل ہو گا۔

ہر مرض سے نجات کا عمل

اب ہم سورۂ فاتحہ کے خواص کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کو لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور مریض کے منہ اور ہاتھوں پر ملے۔ اور اس پانی کو تین مرتبہ پیوے اور پیتے وقت یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ وَاكْفِ اَنْتَ الْكَافِيْ وَعَافِ اَنْتَ الْمُعَافِيْ

[1] اسکو آنکھیں نہیں پہنچتیں اور وہ آنکھوں کو پہنچتا ہے اور وہ مہربان خبردار ہے [2] اللہ اپنے بندوں کے ساتھ مہربان ہے جسکو چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ قوی غالب ہے [illegible] سے تو ہی معافی ہے ۱۲

مرتبہ اللہ تعالیٰ اس کو ہر ایک بیماری سے شفا دے۔ بشرطیکہ موت نہ آئی ہو۔ اور اگر خفقان والا اس پانی کو پیوے خفقان اس کا جاتا رہے اور اگر اس کو مشک و زعفران سے چینی کے برتن میں لکھے اور گلاب سے دھوئے پھر جو بیماری والا پیوے آرام ہو۔ اور کند ذہن سات روز پیوے ذہین ہو جاوے۔ اور جو بات سنے یاد رہے اور اگر مشک کے ساتھ چینی کی طشتری پر لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور پھر اس پانی سے سرمہ اصفہانی حل کرے اور آنکھوں میں لگائے ضعف بصارت جاتا رہے اور نگاہ تیز ہو اور آنکھ کی کل بیماریاں دور ہو جائیں۔ اور اگر اس سرمہ میں سفید مرغ کا پتہ اور سیاہ مرغی کا پتہ آمیز کرکے آنکھ میں لگائے تو روحانی اشخاص کو دیکھے اور وہ اس سے ایسی باتیں کریں۔ جو اس کی سمجھ میں نہ آئیں۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کثرت کے ساتھ پڑھے۔ اس کو تکان اور سستی اور درد نہ ہو۔ اور اگر اس کو پاکیزہ برتن میں لکھ کر گلاب سے دھوئیں۔ اور درد والے کان میں ڈالیں۔ تو درد کو آرام ہو جائے۔ اور اگر اس کو لکھ کر خالص روغن بکائن سے دھوئیں اور ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ پھر فالج اور عرق النساء والے کو ملیں آرام ہو۔ اور جس شخص کو کوئی حاجت ہو۔ اس کو لازم ہے کہ اس سورۃ کو ترتیب و تنزیل ایمان اور تصدیق کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کرکے ۷ مرتبہ پڑھے اور اس سے پہلے دو رکعت نماز فاتحہ اور اخلاص سہ بار کے ساتھ پڑھ چکا ہو۔ جب خدا سے حاجت مانگے پوری ہوگی۔ اور بارہا تجربہ ہوا ہے کہ جو شخص فرض و سنت فجر کے درمیان اکتالیس بار سورۂ فاتحہ چالیس روز تک پڑھے۔ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

اور یہ ابیات کتاب کنز المقربین سے۔ جو علامہ سبعینی کی تصنیف ہے۔ نقل کئے جاتے ہیں اور حضرت امیر المؤمنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی طرف منسوب ہیں۔ ابیات۔

إذا ما كنت ملتمسا لرزقٍ	ونجح القصد من عبدٍ وحرٍّ	وتظفر بالذي تهوى سريعا
وتأمن من مخافته وغدرٍ	ففاتحة الكتاب فإن فيها	بما أملت سرًّا أي سرٍّ
فلازم درسها عقبى وعشاءٍ	ففي صبحٍ وظهرٍ ثم عصرٍ	ولازمها بمغرب كل ليلٍ
إلى التسعين تتبعها بعشرٍ	تنل ما شئت من عزٍّ وجاهٍ	وعظم مهابةٍ وعلوّ قدرٍ
وعزٍّ لا تغيره الليالي	بحادثةٍ من النقصان تجري	ولا تؤذيك ذا أفراح ذكرا ما
وتأمن من نكالة كل شرٍّ	ولا تحتاج إلى أحدٍ شيءٍ	ولا تلجم بمكروهٍ وضرٍّ
ومن جورٍ وعوضي وانقطاعٍ	ومن بطش لذي نهيٍ وأمرٍ	نصان وتبلغ الآمال حقا
على طول المدى في كل دهرٍ	فإنك إن فعلت أتاك آتٍ	بما يغنيك عن زيدٍ وعمرٍو

خلاصہ ابیات فراخی رزق کے واسطے الحمد کو اس ترکیب سے پڑھنا چاہیئے کہ بعد نماز عشاء ۵۰ بار اور بعد نماز فجر کے ۲۰ بار اور اسی طرح سے مغرب کے بعد ۹ بار پڑھے انشاء اللہ ایسا ہے گا کہ غنی کر دیگا

ریاضت سورۂ فاتحہ

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک ایسے اندھیرے مکان میں جس میں سوائے خدا کے کوئی تجھ کو نہ دیکھ سکے۔ اعتکاف کرے اور یکشنبہ سے لے کر تین روز روزہ رکھے اور کوئی روحانی چیز نہ کھائے۔ یعنی پورا ترک حیوانات کرے فقط جو کی روٹی اور روغن زیت سے روزہ افطار کیا کرے اور یہ روٹی بھی پیٹ بھر کر نہ کھانی چاہیئے۔ اور ہر نماز پنجگانہ کے بعد سو بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ لُجَّةَ بَحْرِ اَحَدِیَّتِكَ وَطَمْطَامِ فَرْدَانِیَّتِكَ حَتّٰی اَخْرُجَ اِلٰی فَضَاءِ رَحْمَتِكَ وَعَلٰی وَجْهِیْ لَمَعَاتُ الْقُرْاٰنِ مِنْ اٰثَارِ رَحْمَتِكَ مَهَابًا بِهَیْبَتِكَ قَوِیًّا بِقُوَّتِكَ عَزِیْزًا بِعِزَّتِكَ وَاَلْبِسْنِیْ خِلَعَ الْعِزِّ وَالْقَبُوْلِ وَسَهِّلْ عَلَیَّ مَنَاهِجَ الْوَصْلِ وَالْوِصَالِ وَتَوِّجْنِیْ بِتَاجِ الْكَرَامَةِ وَاَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَحْبَابِكَ یَا مَالِكَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا مَنِ اتَّخَذَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلًا وَّكَلَّمَ مُوْسٰی تَكْلِیْمًا وَّكَرَّمَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَكْرِیْمًا سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ یَا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ [1]

پھر تیسرے روز تمہارے آگے سے ایک سفید ٹکڑا نکلے گا جو اس مکان میں پھیلنا شروع ہوگا یہاں تک کہ سارے مکان میں بھر جائے گا۔ اس کے اندر سے ایک شخص نکل کر پوچھے گا کہ تمہاری کیا حاجت ہے۔ تم کہو کہ میں اسم اور خاتم چاہتا ہوں وہ تم سے چند شرائط لے کر دیدے گا پھر ہر نماز کے بعد تین۳ بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. حَمْدًا یَّكُوْنُ لِیْ رِضَاءً وَّلِیْ مَرْضَاةً عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ وَحَّی الْاَقَالِیْمَ وَاخْتَصَّ مُوْسَی الْكَلِیْمَ یُحْیِی الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ فَهُمَا اسْمَانِ عَظِیْمَانِ شِفَاءٌ لِّكُلِّ دَاءٍ سَقِیْمٍ وَّ [2]

---

[1] اے رب داخل کر مجھ کو اپنے بحر احدیت کی تہ میں اور تمام فردانیت اپنے میں۔ یہاں تک کہ میں تیری رحمت کی سرسبزی میں پہنچوں اور میرے منہ پر موج چمکیں۔ قرآن کی تیری رحمت کے اثر سے ہیبت والا ہو جاؤں تیری ہیبت کے اور قوی ہوں میں تیری قوت کے ساتھ۔ پہنا مجھ کو قبول اور عزت کے خلعت اور آسان کر مجھ پر راستے وصل و وصال کے اور پہنا مجھ کو تاج کرامت کا اور الفت کر میرے اور اپنے احباب کے درمیان میں اے مالک دنیا و آخرت کے۔ اے وہ ذات جس نے ابراہیم خلیل اور موسیٰ کلیم سے حضرت محمد علیہ السلام کو بزرگی دی سلام ہے قول رب رحیم سے اے مالک روز جزا کے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ ہم اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ہم آخر تک۔

[2] رب العالمین کے واسطے وہ حمد ہے جو اس کے نزدیک میرے لئے رضامندی کی سبب ہو وہ رحمٰن و رحیم ہے جس نے اقالیم کو بچھایا اور موسیٰ کلیم کو مخصوص۔ زندہ کرتا ہے ہڈیوں کو اور وہ ریزہ ہوتی ہیں۔ پس یہ دونوں اسم بہت بڑے ہیں شفا ہیں واسطے ہر بیماری کے [illegible] روز جزا کا نہیں اس کے ملک میں

عَلٰى رَبِّيْ لِجَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَنَجَاةً مِّنْ عَذَابِ الْجَحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَيْسَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ شَرِيْكٌ وَّلَا مُنَازِعٌ
وَّلَا مُعِيْنٌ اِيَّاكَ نَعْبُدُ بِالْاِقْرَارِ وَنَعْتَرِفُ بِالتَّقْصِيْرِ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ الصَّادِقُ الْاَمِيْنُ وَاللّٰهُ مُكَوِّنُ الْاَكْوَانِ
وَعَالِمُ غَيْبِيَّاتِ الْاَضْمَارِ وَمُكَوِّرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مُحَبَّتِيْ بِكُلِّ الْعٰلَمِيْنَ وَرَحْمَتِيْ اِلَى الْاَقْرَبِيْنَ وَالْاَبْعَدِيْنَ
مِنَ الْاَجْنَاسِ الْمُخْتَلِفِيْنَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِكَ عَلٰى كُلِّ حَاجَةٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ
يَا مَالِكَ مُلُوْكِ الْعَوَالِمِ كُلِّهَا اَجْمَعِيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔
رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَدْرِكْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَنَجِّنِيْ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۔

پھر ریاضت سے فارغ ہونے کے بعد ہر روز سورۂ فاتحہ ہر نماز کے بعد ۸ بار اور وتر کے بعد ۴ بار پڑھا کرے۔ بغیر روزہ اور ریاضت کے اور اگر تم سات روز کی ریاضت کرو اور ان دعاؤں کے بعد یہ بھی پڑھو اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ عَبْدَكَ الْاَخْضَرَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور بخور عود لبان جاوی ہر روز روشن کرو۔ اور اثنائے ریاضت میں کسی سے بات تک نہ کرو۔ تو بہت جلد کامیاب ہوگے اور دنیا و آخرت کا خیر حاصل ہوگا۔

نقش سورۂ فاتحہ برائے محبت

اور نیز محبت کے واسطے سورۂ فاتحہ کے نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور اس دعا کو پڑھے مطلب جلد پورا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میکائیل	والقیت علیک				جبرئیل
ھیھمّ	۲۰۰	۴۰۲	۲۰۹	۲۰۶	ونفسم
	۲۰۵	۴۴۹	۴۹۹	۴۰۴	
	۲۹۵	۲۰۷	۴۰۱	۱۹۸	
	۱۴۲	۲۹۷	۳۵۶	۲۰۶	
[illegible]	محبتہ				[illegible]

کوئی شریک جھگڑا کرنے والا۔ نہ مددگار۔ تیری عبادت کرتے ہیں ساتھ اقرار اور اعتراف قصور کے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تنہا ہے شریک اس کا نہیں ہے۔ اس کے واسطے ہے ملک حق سے ظاہر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمد اللہ کے رسول صادق امین ہیں۔ اور اللہ بنانے والا ہے عالم کا اور جاننے والا ہے پوشیدہ دل کی بات کا اور گردش دینے والا ہے رات دن کا محبت میری واسطے تمام عالموں کے اور میری عزت ہے قریب اور دور کے لوگوں پر۔ اجناس مختلفہ سے اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ اور ہر دینی یا دنیاوی حاجت کے۔ اے اللہ اے مالک بادشاہوں عالم کے سب کا تو ہی معبود ہے پاک ہے تجھ کو بے شک میں ظالموں سے ہوں اے رب میرے مجھ کو پہنچ اور مجھ کو نجات دے اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین نجات دے مجھ کو اس چیز سے جس سے میں خوف اور حذر کرتا ہوں [illegible]

اور دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تَوَکَّلْ یَا جِبْرَئِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ الْکَرِیْمِ الْوَهَّابِ الْقَهَّارِ اَلّٰهُمَّ اَلْقِ مَحَبَّۃَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ وَبِحَقِّ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ تَوَکَّلْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقِ مَحَبَّۃَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُقْتَدِرِ الْمُقَدِّمِ الْمُبْدِئِ الْمُعِیْدِ تَوَکَّلْ یَا رُوْقِیَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقُوْا مَحَبَّۃَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ وَبِحَقِّ الْفَرْدِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ تَوَکَّلْ یَا نُوْرَائِیْلُ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقُوْا مَحَبَّۃَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْعَلِیْمِ الْجَوَادِ الْکَرِیْمِ تَوَکَّلْ یَا عِزْرَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ سَمِیْعًا مُطِیْعًا وَاَلْقُوْا مَحَبَّۃَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۔ وَبِحَقِّ الْقَاهِرِ الْعَزِیْزِ الْجَلِیْلِ الْکَبِیْرِ تَوَکَّلْ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ سَامِعًا مُطِیْعًا وَاَلْقُوْا مَحَبَّۃَ کَذَا وَکَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔[1]

ہر بلا سے محفوظ رہنے کا عمل

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے ہر مرض کے واسطے پانی پر سورۃ فاتحہ و آیۃ الکرسی ۷ بار اور معوذتین ۷ بار پڑھ کر نہار منہ پی لیوے۔ اللہ تعالےٰ ہر بلا سے محفوظ رکھے۔

عارفان خدا فرماتے ہیں۔ سورۂ فاتحہ میں ایک ہزار خاصیتیں ہیں ظاہری اور ایک ہزار باطنی جس مرض کے واسطے اس کو پلایا جاوے فائدہ ہوگا۔ اور حضورؐ نے فرمایا ہے جب بچھونے پر لیٹ کر سورۂ فاتحہ اور اخلاص کو پڑھ لیتا

---

[1] الحمد للہ رب العالمین۔ منفرا اور تیار ہو جا اے جبرائیل تو اور تیرے ماتحت بطفیل عزیز کریم بخشش والے زبردست کے اے اللہ ڈال دے محبت فلاں شخص کی فلاں کے دل میں بحق مالک یوم الدین اور بحق اللہ زندہ قائم یکتا کے۔ تیار ہو اے اسرافیل تو اور تیرے ماتحت۔ اور ڈال دو محبت کو اس کی اس کے دل میں بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین کے اور بحق بادشاہ قادر مقدم پہلی بار پیدا کرنے والے اور دوبارہ پیدا کرنے والے تیار ہو اے روقیائیل تو اور تیرے مددگار اور ڈال دے محبت کو اس کی اس کے دل میں بحق اہدنا الصراط المستقیم اور بحق فرد حی قیوم کے۔ تیار ہو اے نورائیل تو اور تیرے مددگار اور ڈال دے محبت فلاں کی فلاں کے دل میں بحق واحد علیم بخشش والے کریم کے۔ تیار ہو اے عزرائیل تو اور تیرے مددگار سننے والے اور اطاعت کرنے والے اور ڈال دے محبت فلاں کی فلاں کے دل میں بحق صراط الذین آخر تک اور بحق قہر والے عزت والے بزرگ بڑے تیار ہو تو اور تیرے مددگار سننے والے اطاعت کرنے والے۔ اور ڈال دو محبت فلاں کے دل میں بحق یحبونہم کحب اللہ۔ والذین آمنوا اشد حبا للہ ۱۲۔

اس کو ہر چیز سے امن وامان میں ہو جاتا ہوں۔ اور فرمایا ہے جو شخص نے اپنے سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر آخر سورہ حشر کی تین آیتیں پڑھیں۔ اور خدا تعالےٰ سے شفا مانگے ہر مرض سے شفا ہوگی۔

حجاب اقفل پڑھنے کا طریقہ

اَحْتَجِبُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ تَعَالٰی الْعَزِیْزِ عِزٍّ عِزٍّ بِکَلُوْلِ ال ۳ جیل ۳ تجارصتا بطش اغلغا هیوش عروش مهاش ۳ برکیاملیل حمردهایث ۳ بلیا یم یُعِیْدُ دُکُمْ رَبُّکُمْ بِعَلاٰ بِکَلِمَتِهِ الْکِرَامِ بالمص کہیعص حمعسق ص وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ الاٰیۃ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ن وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ حافظ تک وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا اور سورہ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی اور سورہ وَالطُّوْرِ ساری پڑھ کر وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ آخر تک ثُمَّ اَدْعُوْ اِنِّیْ شغطالم حیفت جمیع جسمی وشعری وبدنی من شر الجن والانس والروحانیۃ والسفلیۃ بطوہم دبرہس دسرہس وبالاسم العظیم الاعظم وب لحجاب المنیع لجمیع مردۃ الشیاطین وجنود ابلیس اجمعین بلرهطیف ۳ سلطع اسماطون مهلش کوهبوش عیاقشوا اهبطوا ایها الارواح الروحانیۃ کلکم وانت یا صرفیائیل واجیبوا عن کذا وکذا مما بہ من الارواح والخوف والفزع ومن شر طوارق اللیل والنہار ومن شر کل شیطان مارد معاند وبحق طلجا طوارہم عطلبیا کہیعص کہیعت حمعسق حیمت بحق تقم مغبت قولہ الحق ولہ الملک یوم ینفخ فی الصور عالم الغیب والشہادۃ وھو الحکیم الخبیر وبحق اهیا شراهیا اذونائی اصباؤت آل شدای ایلوھیم وانہ لقسم لو تعلمون عظیم فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ اجیبوا یا خدام هذه الاسماء وتوکلوا بکذا وکذا

اور یہ عزیمت املاک اربع ہے جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو۔ اور جب کسی بادشاہ یا بڑے شخص

لہ حجاب کرتا ہوں میں ساتھ عزت اللہ تعالےٰ کے جو عزت والا ہے اپنی عزت میں مدد دیگا تم کو تمہارا رب ساتھ بزرگ فرشتوں کے محفوظ کیا میں نے اپنے تمام جسم کو اور بال کو اور بدن کو شر جن وانس سے اور روحانیت وسفلیت سے اور ساتھ اسم عظیم اعظم کے اور ساتھ حجاب زبردست مضبوط کے تمام سرکش شیطانوں اور شیطانی لشکروں سے۔ اے ارواح روحانیہ تم سب اتر آؤ۔ اور تو اے صرفائیل اور حجاب کرو ان چیزوں سے جو اسکے ساتھ ہیں ارواح اور خوف اور گھبراہٹ اور برائی رات اور دن کے آنے والے سے اور ہر ایک سرکش شیطان عداوت والے سے قول اسکا حق ہے اور اسی کیواسطے ہے ملک جسدن کہ پھونکا جائیگا صور جاننے والا غیب و حاضر کا۔ اور وہی حکمت والا خبردار ہے۔ بیشک یہ قسم اگر تم جانو تو بہت بڑی ہے۔ پس عنقریب کافی ہوگا تجھ کو ان سے اللہ اور وہ سننے والا علم والا ہے قبول کرو اے خدام ان اسماء کے۔ اور تیار ہو کام کے واسطے

کے پاس جاوے تو سورۂ فاتحہ کی خاتم مسدس اپنے پاس رکھے۔ مؤید و منصور رہے اور جو اس کی مخالفت کرے ذلیل ہو اور وہ حروف یہ ہیں۔ ھو ۳ ھو ۲ ث ۲ ی ع ص احیا مجیی ممیت محتوی قائم قیوم فاھرح م ع س ق بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَدِيْعٌ رَفِيْعٌ سَمِيْعٌ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ۔ ص ق ن فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ نُوْرٌ مَا يَنْتَظِرُوْنَ يججسلحان صعب لرهيال مكها عسال۔

---

[1] بے مثل پیدا کرنے والا ہے آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا بلند مرتبہ والا سننے والا تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں بیشک میں ظالموں سے ہوں بیشک حکم اس کا جب وہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو اسے فرماتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے پس پاکی ہے اس ذات کو جس کے قبضہ میں ہے ملک ہر چیز اور اسی کی طرف رجوع کئے جاؤ گے تم پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہر چیز پر وکیل ہے پس عنقریب کافی ہو گا تجھ کو ان سے اللہ اور سننے والا علم والا ہے اور نہیں بڑھتی ہے اور تجاوز کرتی ہے اس سے حفاظت ان دونوں کی۔ اور وہ برتر اور بزرگ ہے اور نہیں ضرر پہنچا سکتے ہو تم اس کو کچھ بیشک رب میرا ہر چیز پر نگہبان ہے پس اللہ ہی بہتر حافظ ہے اور وہ ارحم الراحمین ہے اس کے واسطے ہیں محافظ آگے اور پیچھے سے حفاظت کرتے ہیں اس کی خدا کے حکم سے۔ حفاظت کی ہے ہم نے اس کی ہر ایک شیطان مردود سے اور حفاظت یہ ہے۔ تقدیر عزیز علیم کی۔ اور حفاظت ہر ایک شیطان مردود سے اللہ نگہبان ہے۔ اور تو ان پر وکیل نہیں ہے۔ واسطے ہر اواب حفیظ کے بلکہ وہ قرآن بزرگ ہے۔ لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے نہیں منتظرون ہیں

صورت نقش مسبع کی یہ ہے۔

ملکوتی اسرار و انوار اور اللہ تعالیٰ کی رحمت

معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ارواح پیدا کرنے سے ستر ہزار برس پہلے ان برسوں کے حساب سے جن کا ایک دن ہمارے حساب سے پچاس ہزار برس کا ہوتا ہے ایک کتاب لکھی جس کا علم سوائے اس کے کسی کو نہیں ہے۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو مطلع کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے ستر ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی تھی وہ عرش پر اس کے پاس ہے اور اس میں لکھا ہے کہ میری رحمت میرے عذاب پر سبقت لے گئی ہے پس یہی وہ حقیقت ہے جن پر بل مقتل نے تجھ کو عطا فرمایا راست کی [illegible] ہے تکبیر کہی ہے

پس اسی حقیقت کے سبب سے انہوں نے پہچانا۔ اور توحید کے سبب نعمتوں کے دریا میں غرق ہوئے یہی وہ لوگ ہیں جن کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہی وارث ہیں جو جنت الفردوس کے وارث ہوں گے۔ اور اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ہمیشہ حقائق مراتب علیا کے ساتھ غالب ہوں گے۔

اور معلوم ہو کہ جب اللہ تعالیٰ نے سرادق اعلیٰ کو نازل کر کے کرسی انتہیٰ پر بٹھایا اور تقدس وشرف کا حلہ اور حکمت علیا کا تاج پہنایا اور یوم الرضا کے درجہ میں حقائق پر اس کو لوز معلق سے مطلع کیا اور حقائق مطلقیات اور عوارف جلیات میں اس کو اپنی قربت عنایت کی اس وقت اہل خلوت نے اپنی خلوتوں اور ثبات قدسیوں میں اپنی بساط پراپنے میدان موقف میں حظیرۃ القدس کے اندر فضائے ملکوت کا میدان وسیع دیکھا جس کے اوپر عالم نہایات اور عالم علویات ہے۔ پس اسی راستہ کو انہوں نے اپنا مقصود اور اپنا دوست ٹھہرایا اور یہ دعا کی کہ اے ہمارے رب ہم کو ایسا راز عنایت فرما جس سے ہم راز کے ہم راز سے واقف ہوں اور حقائق فکر ہم پر منکشف ہوں کیونکہ ہمارے درمیان میں فلک محیط اور شکل بسیط ہے۔ جب خدا تعالیٰ نے ان کی یہ حقیقت اصلی معلوم کی۔ اس وقت ان پر اس کتاب کے معانی مفتوح کئے جس کے فضائل اور فخر مشہور ہیں۔ اور دائرہ رحموتیہ کے اسرار پر ان کو گواہ کیا اور اس دائرہ کے سر کا نقش ان کے سر میں منقش ہو گیا جس کے سبب سے وہ بہت سے اسرار سے واقف ہوگئے پس ناگہاں وہ ایک چمکدار دائرہ تھا۔ جو کشادہ ہو گیا اور پھیل گیا۔ اور اپنے پھونکنے کے ساتھ اس نے بہت سے مردوں کو زندہ کیا اور وہیں ایک اور دائرہ ظاہر ہوا جس کا ظاہر اور باطن تھا۔ پس ظاہر میں اس کے ۷۶۵ حروف تھے اور باطن میں ۲۲۱ پس ۱۲۰ اس کی نسبت ازلی ہے۔ اور یہ وہی نسبت مکنونہ ہے اور ۲۲۱ کی ابدیہ ہے اور یہی کتاب مکنونہ ہے۔ پس جب اس کی گفتگو سے ان کو علم وفہم کامل اور فیض الٰہی اور روح قدسی عنایت ہوئی۔ اس سبب سے یہی اس کے پیچھے رہے۔ اور وہ نسبت ان کے سامنے حق کو واضح کرتی رہی۔ تب انہوں نے دارالمقام کے واسطے اس کو امام اور دارالسلام کے واسطے توشہ بھروسہ بنایا جب تو اس کا ارادہ کرے۔ تو عدد ثانی کے راز کی تحقیق کر اس وقت تجھ کو علم اول اور سر ظاہر منجلی ہوگا۔ اور اس کا سبب یہ ہے کہ سرادقات اعلیٰ جن پر کرسی استوی ہے وہ راز اور روشنی سر مراد فی المراد کے ساتھ پوشیدہ ہیں اور بیشک وہ مشہور الایجاد فی الاحاد ہے۔ حیثیت مراتب سے نہ حیثیت عدد سے اس کو سمجھ کیونکہ لوگ اس مقام میں اعتبار اور ادراک کے مختلف مرتبہ رکھتے ہیں۔ جس نے کتاب اول کو منطوی دیکھا اس نے سرادق اعلےٰ کو حجابوں کا مشاہدہ کیا اور جس نے سر کتابت کا مشاہدہ کیا۔ اس نے سرادق الٰہی کو دیکھا۔ اور پھر اس کے بعد کوئی درجہ نہیں ہے۔ جس میں ترقی کی جائے مگر اسی عنایت کے راز کے ساتھ جو اسرار دائرہ رحمانی کے ساتھ محیط ہے۔ اور اب میں تمہارے واسطے ایک مثال بیان کرتا ہوں جس سے جلدی سمجھ میں آجائے گا۔ وہ یہ ہے کہ ہوا میں ایک دائرہ فرض کرو۔ بغیر ستون کے۔ ظاہر اس کا فوق الفوق

ہے اور باطن اس کا تحت التحت اور اول اس کا اول الاول اور آخر اس کا آخر الآخر ہے اور دایاں اس کا ازل اور بایاں اس کا ابد ہے۔ اور وہ دائرہ جو ا ج د کا دائرہ ہے اور ظاہر اس کا د ا ہے اور باطن اس کا باطن الف ہے۔ یہ دائرہ الف کی تفسیر کرتا ہے۔ کیونکہ الف ظاہر ہے پر نسبت فوق الفوق کے۔ اس لئے کہ اس کے اوپر فوق نہیں ہے اور اس کی بلندی ہی حقیقت توحید ہے۔ بغیر تمثیل اور تشکیک اور تشبیہ اور حصر اور اطلاق اور فوق و تحت کے اور بغیر یمین و شمال اور خلف و امام کے پس سرادق کو سمجھو۔ اور فکر صادق کی تصدیق کر۔ اگر تو نے اس مہر کو کھول لیا۔ پس تو جنت المعارف میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو گیا۔ اور انوار عزیزہ کے ساتھ قائم ہوا۔ مگر تو اس کے ساتھ قائم ہو گیا تو گویا اس کے اوپر قائم ہو گیا۔ اور فیض الحق رحمانی جاری ہوا اب تم اس کی حد سے جو مقدم ہوا اور اس کی حد سے جو مؤخر ہوا اور جو باطن ہوا واقف ہو گئے اور حقائق کی اشیاء سے تجھ کو بشارت دینے والی ہوں گی۔ اور تیرے فعل کی طرف ڈرانے والی اور تو ان لوگوں سے مل جائے گا جن کی شان میں وارد ہے۔ بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیہم فی الحیٰوۃ الدنیا۔

یعنے وہ لوگ جو از روئے عمل کے نقصان والے ہیں۔ اور جن کی کوشش دنیا میں گم ہو گئی۔ اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اچھے کام کرتے ہیں۔ عالم سرادق میں وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا۔ عالم حجاب میں خدا کی آیتوں اور اس کی ملاقات کے ساتھ عالم سرادق میں حبط ہو گئے اعمال ان کے روز حسرت میں۔ پس نہ قائم کریں گے ہم واسطے ان کے عالم برزخ میں وزن اور روز بعث میں یہ جزا ان کی جہنم ہے۔ عالم حجاب میں بہ سبب اس کے کہ کفر کیا انہوں نے عالم کرسی میں اور میری آیتوں کا عالم رفرف میں۔ اور میرے رسولوں کا عالم سرادق میں مذاق اڑایا۔ پس اگر یہ لوگ دائرۂ رحمت میں داخل ہو جاتے ہیں تو اسرار ملکوت ان پر رحمت کرتے۔ تنبیہ لا الٰہ الا اللہ کہنے سے دو دائرے پیدا ہوتے ہیں۔ نفی اور اثبات پس نفی کا دائرہ موحد کے واسطے نفی کے دائروں میں سے ہے یا اثبات کے اور اسی طرح اثبات کا دائرہ اور اس دائرہ میں دو سطریں ہیں۔ ایک نفی عالم عملیات میں اور دوسری سطر اثبات علے العملیات کی۔ اور چونکہ سطر نفی پانچ حروف پر مشتمل ہے۔ اس لئے منفیات بھی پانچ ہیں اعتبارات مراوات سے اور وہ تیرا وجود ہے تصدیق قدرت سے تیرے قیام پر ساتھ اعمال کے۔ پس یہ پانچ تعلقات اعمال ہیں واسطے نفس کے جس نے ان کو قطع کیا۔ وہ دائرہ اثبات میں ترقی کر گیا۔ اور اس میں سات مرتبہ ہیں۔ اس کے حروف کے اعداد کے موافق۔ بس اس وقت اس کی حیات توحید کے ساتھ اور اس کی قدرت رضا کے ساتھ اور اس کا عمل شہود کے ساتھ اور اس کی تصریف حکمت کے ساتھ اور نظر بصیرت کے ساتھ اور شہود حقیقت کے ساتھ اور سماعت کشف کے ساتھ اور تجلیات توحید ساتھ اس کی حقیقت کا ادراک کرتا ہے اور علم شہود کے ساتھ انواع بقا کا ادراک کرتا ہے۔ پس گذشتہ احوال کے مطلع ہونے سے اس کا نفس خوش ہوا۔ اور حکمت کی گفتگو کرنے سے لغزشوں سے محفوظ رہا۔ اور نظر بصیرت کے حاصل ہونے سے انجام کار سے آگاہ ہو گیا۔ اور اسرار کے سننے سے عالم حقیقت میں بقا اس کے [illegible] ہو گیا [illegible] باتوں کی فضیلت ہے

اور چونکہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں بارہ حروف ہیں اس لئے یہ دائرہ کمال موجودات یعنی وہ دائرہ جس میں چاروں فصلیں ہیں اور جس میں کل نباتات، حیوانات، جمادات اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ اس کے بارہ حصے ہیں یعنے بارہ مہینے ہیں اور ہر روز کی بارہ ساعتیں ہیں پس ہر مہینہ ایک حرف کے ساتھ قائم ہے۔ بلکہ ہر حرف ایک مہینہ میں دورہ کرتا ہے اور ہر مہینہ حروف کے ظروف ہیں اور ان حروف ہی کے سبب سے رحمت نازل ہوتی ہے۔ اور کلمہ ظاہر ہوتا ہے اور حکمت بنتی ہے۔ اور ہدایت اور فوائد واقع ہوتے ہیں اور ارزانی اور نیکیوں کی کثرت ہوتی ہے یہ بیان تو مجملاً ہوا۔ اب مفصلاً اس طرح پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف خفی کے ساتھ ایک روز کو بارہ ساعتوں میں مرتب کیا ہے ہر ماہ سے پہلے ایک ساعت ہے جس میں اس مہینہ کا راز ہے پس فصل ربیع کا راز روابع کی تین ساعتوں میں ہے خریف کا راز ثوالث کی تین ساعتوں میں اور پیدائش کا راز روابع کی تین ساعتوں میں ہے۔ پس گویا ہر ساعت ان حروف میں ایک حرف کے ساتھ قائم ہے اور چونکہ دن کی بارہ ساعتیں اور اسی کے ساتھ حکم پورا ہوا ہے۔ اور یہ بات کہ عالم بشری حرکت اور سکون سے مرکب ہے لہذا اس کا فنا ضروری ہے اسی واسطے اس کے لئے رات مقرر کی گئی ہے جو اس کو پوشیدگی کا وجود اور اس کا رجوع ہے عالم حقیقت کے ساتھ تر نقل اور بعث سے پھر رات کی بھی بارہ ساعتیں ہیں اس لئے محمد رسول اللہ میں بھی بارہ حروف ہیں۔ ہر ساعت اور ہر مہینہ کے واسطے ایک حرف ہے۔ اور چونکہ توحید لا الہ الا اللہ سے مع محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام ہوتی ہے ایسے ہی دن کا دائرہ رات کے دائرہ سے پورا ہوتا ہے اور حکمت خداوندی رات دن میں امتزاج رحمت کے ساتھ کامل ہوتی ہے چنانچہ فرماتا ہے۔ ومن رحمته جعل لکم اللیل والنهار لتسکنوا فیه ولتبتغوا من فضله ولعلکم تشکرون۔۔ اور مفہوم اس کا یہ ہوا کہ جس شخص نے ان شرائط کے ساتھ جو ہم نے ذکر کئے ایک بار لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ .... کہا تو گویا اس نے ایک سال کامل اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ اور اسی سبب سے حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ افضل کلام جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے کہا لا الہ الا اللہ ہے اور معلوم ہو کہ چاروں حرفوں کے مقابلہ میں چوبیس عالم ہیں مع سات علوی اور سفلی برزخوں کے اور گیارہ افلاک اور دائرے ہیں۔ اور ہر ایک عالم کے واسطے ایک ابداع اور چار علویات ہیں جو حقائق اوائل عالم اختراع ہیں۔ پس یہ چوبیس عالم ہوئے۔ ان میں سے۔ ہر ایک عالم میں ایک حرف نورانی کا ظہور ہے۔ اور وہی حرف اس عالم کا متولی ہے اور پھر جب کہ عالم اور سفلی کی حقیقت ذات عرش کے واسطے منسوب ہوتی ہے تب یہ اس میں نور کی دوسری سطر سبز نور کی یعنی محمد رسول اللہ۔ پس یہ دونوں نورانی سطریں عرش کے نیچے لکھی ہوئی ہیں۔ اس نورانی لطیفہ کی حقیقت کو سمجھو۔ اور چونکہ وہ آٹھ فرشتے جو عرش کو اٹھاتے ہیں۔ انہیں کے ارواح ملکوتیات اور انوار جبروتیات صادر ہوتے ہیں پس عالم علوی جس سے مراد عرش ہے۔ کل انوار اور نور الانوار ہے۔ اور اس کو روشن کرنے والا اللہ ہے اور ہر فلک کے تین حرف [illegible] عقل کو [illegible] ہے۔ اور نور جبروت ارواح

کو مدد دیتا ہے اور قلب کو مدد دیتا ہے۔ پس یہ بیالیس ہوئے۔ اگر فرشتوں کو بھی لوگوں میں ضرب دی تو چوالیس ہو گئے۔ اور اسی سبب سے کلمہ طیبہ عرش پر پہنچ جاتا ہے کیونکہ اس مقام سے اس کو نسبت ہے۔ اور ملکوت میں صعود کرنے کی قوت رکھتا ہے۔

فوائد کلمہ طیبہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ الیہ یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعہ اور اسی سبب سے حدیث میں وارد ہے اور جو شخص ——— با طہارت کلمہ طیبہ کو پڑھ کر سو رہے۔ اس کی روح عرش کے نیچے رات گزارتی ہے۔ اور اپنے خواہش کے موافق غذا حاصل کرتی ہے۔ اور اسی طرح جو شخص کھانا کھانے کے وقت اس کو پڑھے۔ تمام بیماریوں سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص شہر میں داخل ہونے کے وقت اس کلمہ طیبہ کو پڑھے۔ اس شہر کے فتنوں سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص اس خیال سے اس کو پڑھے کہ حالات غیب اس پر منکشف ہوں تو کشف اس کو نصیب ہوگا اگر ان شرطوں کی پابندی کرے گا۔ جو ہم نے ذکر کیں ہیں۔

اور معلوم ہو کہ وہ دن یعنی روز قیامت جس کی مقدار مرتبہ ثانیہ میں پچاس ہزار برس کی ہے۔ اس کی مقدار مرتبہ ثالثہ میں دو رکعت فجر کے برابر ہے۔ اسی کے واسطے جس پر وحدانیت کا راز کھل گیا اور جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا۔ اور جس نے نہیں کہا اس کے واسطے وہی پچاس ہزار برس کی مقدار ہے۔

اور معلوم ہو کہ ہر عالم سب کا سب علوی و سفلی سر حیات سے قائم ہے۔ حیات پانی میں رکھی گئی ہے پس اس میں سر جعل ہے۔ اور پانی کے اجزا میں سر حیات ہے۔ پس حار حیات سے ہے۔ سر حیات کے ساتھ اور جیم جعل سے سر جلالت کے ساتھ۔ اور جیم ہی سے سر تمیز اس کے لئے واقع ہوا ہے۔ اور حا سے سر بقا پس باطن اس کا حا حرارت سے ظاہر ہے اور ظاہر اس کا جیم جلالت سے معلوم ہو کہ سرادقات علیا اور انوار مطہرہ حجاب ہیں انوار عقل پر۔ اور سرادق رحمانیہ ظہور ہیں انواع مخترعات میں۔ اور عقل سرادق علیا ہے۔ جس پر فکر لطیف نے حجاب ڈال رکھا ہے۔ پس ملکوت از ہر کا باطن اجزا و ملکوت ابہر سے ہے۔ اس کو اگر تم سمجھنا چاہو تو اس مثال سے سمجھو۔ کہ چار پرندے لو ایک اسم مکنون دوم مخزون سوم محبوب چہارم اعظم پھر ان چاروں پرندوں کو اپنے سے خوب ملاؤ اور جب تم کو ان پر خوب قبضہ ہو جائے۔ اور ان کے راز کا تم مشاہدہ کر لو۔ تب حظیرۃ القدس میں لے جا کر کچل کر ملا لو۔ پھر جبل در حقۃ الطیر پر اعظم کا جزو رکھو۔ پھر طیر مطلوب محبوب کا جزو جبل جبروت پر رکھو۔ اور جبل ملکوت پر طیر مخزون کا جزو رکھو۔ اور جبل رفرف پر طیر مکنون کا جزو رکھو پھر ان کو پکارو تمہارے پاس دوڑ کر آئیں گے۔ یہ اس کی سمجھ میں آئے گا۔ جو اسم عزت کی کر چکا ہے۔ اور اگر تو کشفی و نورانی راز سمجھ گیا ہے تو چار پرندے لے کر ان کو ملا۔ پہلا پرندہ حیات ہے۔ دوسرا علم جو خدا تک پہنچائے تیسرا قدرت چوتھا ارادہ حیات کی تحقیق سیات ایمانی سے کرنی چاہیئے جس کو فنا کرے۔ اور علم کی تحقیق سر تذکر کے ساتھ ابداع میں اور جبل ترکیب پر سر قدرت کے ساتھ اور جبل ترتیب پر سر ارادہ کے ساتھ [illegible] سے ان کو بلاؤ

دوڑ کر تمہارے پاس آ دیں گے۔ یہ مطلب اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب بالکل خدا کی طرف متوجہ ہو کر اس کلام قدسی
کا مصداق بن جائے کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔ جب بندہ میری طرف تقرب حاصل کرتا ہے تو میں اس کا کان ہو جاتا
ہوں مجھ ہی سے وہ سنتا ہے۔ اور میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں۔ مجھ ہی سے دیکھتا ہے۔ آخر حدیث تک۔

معلوم ہو کہ دوزخ نے خدا سے شکایت کی۔ کہ اے رب میرے بعض حصہ نے بعض کو کھا لیا۔ جب خدا نے دو سانس
لینے کی اس کو اجازت دی۔ ایک سانس گرمی میں۔ دوسرا سانس جاڑے میں۔ اور یہ دونوں مختلف سانس ایک ہی سانس
میں سے ہیں اور تفریق ان کی لطافت خفیہ کے سبب سے ہے۔ اور اگر تو فنا کو بقا میں درج کرے۔ اور شہود کو بقا میں۔ پس
چار پرندے لے کر ان کو ملا لے اور اس کے وجود کو ان کے شہود میں تحقیق کر لے۔ پھر جبل عقل پر طیر نبوت کو رکھ اور
جبل جسم پر طیر صالحیت کو رکھ۔ پھر ان کو بلا تیرے پاس دوڑ کر آ دیں گے۔ پھر اگر تیرا مقام ثابت رہا تو ان پانچوں کو سمجھ لے
گا۔ پھر چار پرندے لے کر ان کو ملا۔ ایک طیر عقل جو سر حیات ہے۔ دوسرا طیر روح جو سر علم ہے تیسرا طیر قلب جو سر ارادہ
ہے چوتھا طیر سر جو سر قدرت ہے۔ پھر جبل حیات اولیت پر طیر عقل کو رکھ اور جبل حیات اخروی پر طیر سر کو اور جبل حیات
مخلدہ پر طیر قلب کو رکھ۔ پھر ان کو بلا تیرے پاس دوڑ کر آئیں گے۔

معلوم ہو کہ جس شخص نے خلد کا حلہ پہنا اس کے واسطے تمیز کا شہود صحیح نہیں ہے اور تختہ عقل ربانی اور تختہ روح
روحانی۔ کیونکہ عزت قطب حق ہے۔ اگر تو اس مقام میں پہنچنا چاہے تو جس طرح ہم نے بیان کیا ہے اس کے موافق
عمل کر۔ اہل حقائق میں سے ایک بزرگ کہتے ہیں میں ایک کشتی میں سوار ہوا جس میں ایک تیس تختے تھے۔ اور یہی شرط سفینہ
نجات کی ہے اور چاروں فصلوں کے دن میں نے دریا میں گذارے اور موافق ہوا کے میری کشتی چلتی رہی
یہاں تک کہ میں سمندر کے کنارہ پر پہنچا۔ اور وہاں میں نے نفیس جواہر اور قیمتی یاقوت اور کبریت احمر اور آب حیات
کا چشمہ دیکھا جو ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ میں نے اس کا پانی پیا اور اس میں غسل کیا جس کے پینے سے پھر نہیں مرتا۔ اس کے
بعد پھر میں اپنی کشتی میں سوار ہو کر اپنے وطن کو واپس ہوا اور یہ میرا سفر مشرق سے مغرب کی طرف تھا۔ اور
وہیں وہ مبارک ساحل ہے۔

اور معلوم ہو کہ حرکتیں چار ہیں۔ پہلی حرکت کشف کی ہے۔ دوسری ستر کی۔ اور حرکت کشف ہی حرکت ذاتی ہے۔
اور یہی حرکت عقل اور حرکت سیر اول اور حرکت نفس ہے۔ اور یہی ارادی اور حرکت سیر ہے۔ اور دوسری حرکت
ذواتی ہے اور یہی حرکت شوق ہے پس کشف اول اس روز ازل کے واسطے ہے۔ جس دن کہ اس نے عالم ارواح میں
عقل سے خطاب کیا۔ اور یہ مبادی اولیات ہیں اور تیسرا روز کشف ثانی کا ہے جس روز کہ اس نے میثاق لیا۔
اور چوتھا روز سیر ثانی کا ہے اور یہی روز ابد ہے۔ مگر آخر اس کا کشف ہے۔ پس کشف اول عرش اول اور سیر اول کرسی
ہے۔ پھر کشف [illegible] حقیقت رحمانی اور حق رحیمیہ ہیں۔ اور

حقیقت رحمانیہ سرا امتزاجی ہے یعنی وہ نفس جو حضرت ربوبیت طاہرہ کی طرف مضاف ہے۔

اور ایسی سر حجابات کا بیان ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے خدا کی طرف سے اس طرح فرمایا ہے۔ کہ ستر حجاب نور اور ظلمت کے ہیں اگر ان کو ہٹا دے تو اس کے چہرے کی شعاعیں جہاں تک اس کی نگاہ پہنچے۔ وہاں تک جلا دیں۔ اور یہ حجاب تیری نسبت سے ہیں نہ اس کی نسبت سے کیونکہ دونوں طرف سے ان کا ہونا محال ہے۔ کیونکہ جسم ہی سے حجاب کیا جاتا ہے۔ اور خداوند تعالیٰ کا جسم نہیں ہے۔ تیسری بات یہ کہ محجوب یعنے حجاب والی چیز کے واسطے جہت ہونی لازمی ہے اور خدا تعالےٰ جہت سے پاک ہے۔ پس ظلمت کے حجاب سے مراد نور سے انکار کرنا ہے۔ اور نور کے حجاب سے مراد حجاب اولیات ہیں مبادی ذات سے یعنی حقیقت ان کی کیونکہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو یہ حجاب زائل ہو جاتے معلوم ہو کہ لطائف کثائف کے اٹھانے والے ہیں۔

اسرار الٰہی | اور میں اب تم کو اسرار اعداد اور تعاقد حروف بتلاتا ہوں معلوم ہو کہ اسرار الٰہی اور اس کی معلومات لطائف اور کثائف اور علویات و سفلیات و ملکوتیات دو قسم ہیں۔ اعداد اور حروف پس حروف کے اسرار اعداد میں ہیں اور اعداد کی تجلیات حروف میں ہیں۔ اعداد علویات روحانیت کے واسطے ہے۔ اور حروف دوائر جسمانیات اور ملکوتیات کے واسطے ہیں۔ اور اعداد اقوال کا راز ہیں اور حروف افعال کا راز ہیں۔ پس عالم عرش اعداد ہے۔ اور عالم کرسی حروف ہے پس نسبت حروف کی اعداد سے ایسی ہے۔ جیسے کرسی کی نسبت عرش سے اور اعداد ہی کے راز سے قدرت کھی گئی ہے۔ چنانچہ خود خداوند تعالےٰ سر اعداد کے ساتھ اپنی تعریف فرماتا ہے وکفیٰ بنا حاسبین یعنے کافی ہیں ہم حساب کرنے والے۔ اور اس آیت میں حروف کے ساتھ مدح کی اقرأ باسم ربک آخر آیت تک۔ اور چونکہ کرسی واقع منفصل ہے کرسی محیط سے اس لئے حرف کا یہ مرتبہ اعداد سے موخر کیا۔ پس اعداد ہی سے سر عقل ربانی سمجھا جاتا ہے۔ اور سر حروف ستر روح روحانی سمجھا جاتا ہے۔ پس عقل کا آخری مرتبہ نفس علویہ کا پہلا مرتبہ ہے۔ اور یہی فیض اول ہے۔ اور جیسے کہ حروف حرف شے سے ماخوذ ہے۔ یعنے حرف کے معنے کنارے کے ہیں۔ ایسے ہی عدد سے مراد اول اور درمیان ہے۔ اور ہر اول کے واسطے وسط اور طرف ہوتا ہے۔ پس ستر حروف ہی ستر کرسی اعلےٰ اور کرسی واسع ابہیٰ سمجھا گیا ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ عالم علوی اور سفلی کی ذاتیں مختلف ہیں۔ اس لئے کہ وہ کرسی اعلیٰ میں مختلف ہیں اور اس کی نقل واطوار کا کرسی ابہیٰ میں اختلافات اول مبادی عرش سے ہے نسبت اول انبعاثات حقائق ملکوتیات سے اور سفلیات کے آخری درجہ کی استعداد عادیات کا پہلا درجہ ہے۔ اور معلوم ہو کہ ابہیٰ نور اول کا فیض ہے اور کرسی واسع نور ثانی کا فیض ہے۔ اور کرسی اعلیٰ نور ثالث کا فیض ہے۔ پس فیض اول ہی فیض ثالث ہے اور ثالث ہی اول حروف اور [illegible] ساتھ تعبیر دی گئی

گئی ہے۔ اور اس آیت میں اس کی طرف اشارہ ہے انی خالق بشرا من طین یعنے فرماتا ہے۔ میں ایک بشر مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں۔ اور جب کہ وہ تیار ہو گیا۔ اس وقت اس کو اس کے حقیقی نام انسان سے خطاب کیا۔ اور فرمایا فاذا سویته ونفخت فیه من روحی فقعوا له ساجدین یعنے جب میں نے اس کو تیار کیا۔ اور اپنی روح اس کے اندر پھونک دی۔ پس گر پڑنا تم اس کے واسطے سجدہ میں۔ یعنی دونوں آخری قبضے اور فیض اول پس عالم کا کل علوی ہے یا سفلی انہیں تینوں اضافتوں کی حقیقت سے۔ کیونکہ عالم میں کوئی ایسا ہے۔ جس نے ایک فیض اٹھایا۔ اور کوئی ایسا ہے جس نے دو فیض اٹھائے۔ اور کوئی ایسا ہے جو تین فیض اٹھائے اور یہی عالم قطب حاوی ہے۔ اور اسی سبب سے حامل ثابت ہے۔ ذاتوں کے واسطے اصل فیض کرسی معلوم پر اور اپنے اعداد کے حقائق کا بدلنے والا نہیں ہے اور نہ اپنے ذوات جرم کا تغیر کرنے والا ہے۔ بسبب اس کے جو عالم حقیقت بشریہ اور سر ترکیب میں جو حقائق کرسی اعلیٰ ہیں ظاہر ہوتا ہے کہ یہ عالم کا ذکر ہے اور حقیقت عالم انسانی جو کرسی واسع عالم جبروت ہے وہ بھی اس کے سامنے ظاہر ہوتی ہے۔ اور روح علویہ کے حقائق میں کرسی الٰہی کے اسرار بھی موجود ہوتے ہیں۔ پھر نشاۃ آخرت یعنے صور قیامت کی حقیقت بھی پائی جاتی ہے پس اس وقت اس کی ذات کامل اور اس کی حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔ پھر جو شخص خط مستقیم سے نکل کر خط منحرف پر چلا گیا وہ تصحیف میں داخل ہو گیا خط منحرف کو جب خط منحرف کی طرف مضاف کریں اور دونوں کو نکالیں تو دونوں مل جائیں گے۔ اور ایسے ہی مستقیم کو جب مستقیم کی طرف مضاف کریں تو وہ بھی دونوں مل جائیں گے۔ پس جس نے عالم بسیط کی طرف انتقال کرنے کے وقت اس کو پلٹا کیا۔ اس نے تینوں عرشوں کے حقائق کے ساتھ ترقی کی۔

اور یہ جو ہم نے بیان کیا ہے۔ کہ لطائف و کثائف کے ساتھ قائم ہیں۔ اس کے راز کو سمجھو۔ اور اس کی حقیقت کو معلوم کرو۔ یہ بات حق ہے کہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا۔ اس نے اپنے رب کو پہچانا۔ اور معرفت الٰہی سے زیادہ شریف کوئی چیز نہیں ہے۔ جو شخص اس لطیفہ کا راز سمجھا وہ نفس لطیف کا راز اور کثائف سے اس کی نسبت کو بھی سمجھ گیا۔ پس اس راز کو سمجھو۔ یہ اتصال ہے۔ ساتھ معرفت کے۔ اور ان ریاضیات کا راز ہے جو بالکلیہ اس کی طرف پہنچاتی ہے۔ اور پھر اس کے بعد فیض اور فتح ربانی تجھ پر مفتوح ہو گی۔ جو تجھ کو دائرہ حصر ترکیبی سے نکال کر دائرہ اطلاق شکلی میں پہنچا دے گا پھر اس وقت یہ پردہ کھل جائے گا۔ اور میدان وسیع تیرے واسطے ظاہر ہو گا۔ اور سدرۃ المنتہی پر تو ترقی کرے گا اور جنت الماویٰ میں اترتا پھرے گا۔ یہ میں نے تیرے واسطے راز پوشیدہ اور علم کامل کی تصریح کی ہے۔ ایمان والوں کو خدا وند تعالےٰ زندگانی دنیا اور آخرت میں قول ثابت کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے۔ اللہ تعالےٰ ہم پر عالم میں یہی حقیقت ثابت رکھے۔ اور اپنی رحمت ہم پر پھیلا دے بے شک وہ

لہ بے شک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک بشر کا مٹی سے

بزرگ و مہربان ہے۔ پس یہ ہے حقیقت تشکیک انواع اعداد و یاقوت اور حقائق مجوبات کی انوار عظمت میں تو اس کے ساتھ ایمان لانے والا۔ اور اس کے حقائق کی تصدیق کرنے والا ہو جا۔ خدا تعالیٰ تجھ پر رحمت کرے گا اپنے احسان و عنایت سے بیشک احسان اس کا بہت عام ہے۔ اور جس کو وہ چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت کرتا ہے۔ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اس کا درود و سلام ہو۔

فوائد اسم اعظم اور اس کی تصریفات

معلوم ہو کہ اسم اعظم سے بہت اشارات و خواص ہیں۔ اور میں ان کو واضح طور پر بیان کرتا ہوں تاکہ ان اسرار سے طالب کو فائدہ پہنچے۔ اور وہ اس کے معانی و عجائب کو سمجھے۔

علاج ہر بیماری یہ اسم ہر ایک بیماری اور درد کو آرام کرتا ہے۔ اور حفاظت کے واسطے یہ ایک مضبوط قلعہ ہے۔ اس کو لکھ کر میت کے ساتھ قبر میں دفن کرے۔ تو میت عذاب قبر سے محفوظ رہے۔ اور اگر اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو۔ اور جب کسی بادشاہ یا امیر کے پاس جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور ہر ایک دشمن پر غالب ہو گا۔ اور یہ اسم سحر کو باطل کرنے اور معقود کے کھولنے اور قیدی کے واسطے مفید ہے۔

علاج مرگی اور مرگی والے کو بھی فائدہ کرتا ہے اور جنات کا خلل بھی جاتا رہتا ہے۔ اگر جنات نہ بھاگے گا تو جل جائے گا۔ اور اگر کوئی شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں چاندی کی انگوٹھی پر اس کو نقش کرے۔ اور نقش کرنے والا روزے دار ہو۔ پھر اس کو پہن لے۔ پس جس کی نظر اس پر پڑے گی اس سے محبت کرے گا۔ اور اس کی حاجت پوری کرے گا۔ اور اگر بادشاہ کے پاس جائے گا۔ کامیاب ہو گا۔ اور انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہننی چاہیئے۔ اور اگر جنگ میں جائے۔ تو بائیں ہاتھ میں پہنے اور اگر اس انگوٹھی کو ویران مکان میں رکھے تو وہ آباد ہو۔

عمل شادی جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو۔ وہ اس کو پہنے تو شادی ہو جائے اور اگر کوئی شخص قزاقوں سے ڈرتا ہو تو امن میں رہے گا۔ اور اگر لشکر کے نشان پر اس کو نصب کیا جائے۔ تو مظفر و منصور ہو۔ بادشاہ چین نے کفاروں کے ایک شہر پر لشکر کشی کی۔ اور بہت مدت تک اس کا محاصرہ کیا یہاں تک کہ مسلمانوں نے اس کے گرد ایک دوسرا شہر آباد کر دیا۔ مگر وہ شہر فتح نہ ہوا آخر اس بادشاہ نے لاچار ہو کر ایک بزرگ کو تلاش کروایا۔ اور ان سے دعا کی درخواست کی۔ ان بزرگ نے یہی اسم بادشاہ کو مکرر بسوط لکھ کر دیا۔ اور کہا کہ اس کو اپنے سر پر رکھو اور کفاروں پر دھاوا کرو۔ فتح کرو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کہ ایک ساعت میں قلعہ فتح ہو گیا۔ اور بہت غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آئی۔ اس میں سے کچھ ... بادشاہ نے ان بزرگ ... فرمایا میرے پاس

غنیمت کیرے ہے مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔

حکایت آل جعفر منصور میں سے ایک شخص کو بادشاہ نے قتل کرنے کے واسطے بلایا۔ جب وہ شخص دربار میں حاضر ہوا تو بادشاہ نے اس کی گردن مارنے کا حکم دیا۔ جلاد نے تلوار ماری۔ مگر اس نے کچھ اثر نہ کیا۔ یہاں تک کہ تین مرتبہ یہی ہوا۔ تب بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کے کپڑے اتار کر دیکھو کہ اس کے پاس کیا چیز ہے۔ چنانچہ جب دیکھا گیا تو یہی اسم اعظم ایک کاغذ پر لکھا ہوا اس کے پاس سے نکلا۔ اور یہ سات حروف ہیں۔ ان کو بہت حفاظت سے رکھنا چاہیئے۔ اور یہ حروف کعبہ شریف کے دروازے پر لکھے ہوئے تھے۔ اور اکثر اعمال میں یہ حروف کام آتے ہیں اور خزانے بھی اسی سے نکلتے ہیں۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس اسم کو زعفران سے لکھ کر سفید مرغ کی گردن میں باندھے اور جہاں دفینہ کا گمان ہو اس کو چھوڑ دے۔ اسی جگہ وہ مرغ کھڑا ہو کر چونچ سے کھود دے گا۔ اور آواز دے گا۔ اور جب تم کو کسی مکان یا قلعہ کا برباد کرنا منظور ہو تو اس خاتم تیر کو موم پر ایک طرف نقش کر کے دوسری طرف خاتم شر کو نقش کر دو۔ اور دروازے کے نیچے دفن کرے اوپر سے حمام کی موری کا چوڑا پانی چھڑک دے۔ اور جب تو کسی شخص کو کسی جگہ سے نکالنا چاہے تو اس شخص کے اس کی ماں کے نام کے ساتھ اس اسم کو لکھ کر ایک چڑیا کے پیر میں باندھے اور اس کو اپنے بائیں ہاتھ میں لے کر پیٹھ کے پیچھے چھوڑ دے۔ اور چھوڑتے وقت کہہ دے کہ فلاں شخص اس جگہ سے بھاگ جاوے بطفیل ان اسماء کے۔ اور نیز اسی کام کے واسطے ایک کاغذ پر خاتم شر کو لکھ کر حمام کے چولہے سے دھوئے۔ اور ساعت منحوس میں جس مکان میں ڈالے گا۔ وہی مکان برباد ہوگا۔ اور یہ الفاظ کہے یلخدام

ھذہ الاسماء بکذا وکذا فاصبحوا لا یری الا مسٰکنھم الایۃ الوحا العجل

اور جب تم کسی پر پتھر برسانے چاہو آیت شر کو ایک کوری ٹھیکری پر لکھ کر مکان کی چھت پر گاڑ دو۔ اور یہ آیت بھی اس پر لکھ دینا۔ وامطرنا علیھم حجارۃ من سجیل اور سورۂ فیل اور تجویز بھی شر کا ورد حق۔ اگر تم کسی کو جلانا یا اس کے گھر میں آگ لگانی چاہو تو ساعت منحوس میں خاتم شر کو شمع پر لکھو۔ اور موکل کے سپرد کر دو پھر اس شمع کو روشن کر دو۔ جس وقت آگ سے اسم پگھلے گا فوراً وہ دشمن اور اس کا گھر آگ سے جلے گا۔ بعض عالموں نے اس کو ظالم بادشاہوں کے واسطے کیا ہے۔ اور وہ ہلاک ہوا ہے۔ اور جب یہ چاہے کہ کشتی دریا میں نہ چلے۔ اور اگر چلے تو ڈوب جائے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ خاتم شر کو ایک لکڑی پر حمام کی موری کے پانی اور اس دریا کے پانی سے لکھ کر اور کچھ پانی منہ میں لے کر کشتی میں کلی کر دے۔ پس وہ کشتی نہ چلے گی۔ اور مامون خلیفہ جب دریا دجلہ میں فرجہ ڈالنا چاہتا تھا۔ تو اس خاتم کو ایک بلند جگہ میں سفید ریشم کے دھاگے میں باندھ دیتا۔ ہر طرف سے موجیں اس پر متوجہ ہوتیں۔ اور لوگ ڈوبنے کے قریب ہو جاتے پھر ان کو خبر ہوتی کہ خلیفہ کی کارستانی ہے تب وہ فریاد کرتے اور غل مچاتے اس وقت وہ اس تعویذ کو کھول لیتا۔ اور طوفان دریا کا جاتا رہتا۔ اور مامون کسی

بیمار کی بیماری دور کرنی ہو تو یہ خاتم اس کی پیشانی پر لکھ دے اور عزیمت کو پڑھے۔ آرام ہوگا۔ اور جب قیدی کے خلاص کرنے کا ارادہ ہو تو تھوڑی سی قبر کی مٹی لے کر قیدی اپنے گریبان میں سے نکالے اور پھر اٹھا کرے اور عزیمت پڑھے خلاصی پائے گا۔

غائب کو حاضر کرنا جب کسی آدمی کو دور سے بلانا ہے تو اس خاتم کو اس کے نشان قدم پر اگر ممکن ہو تو لکھے ورنہ ایک کاغذ پر مع اس کے نام لکھے۔ اور اطفار جان کی دھونی دے کر ہوا میں لٹکائے۔ بہت جلد حاضر ہوگا۔

اور معلوم ہو کہ اس اسم کے سب اعمال صحیح ہیں مگر ریاضت و روزہ کی شرط ہے اور ترک دنیا کرے تاکہ مقصد حاصل ہو حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے۔ قرآن شریف کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے۔ ظاہر تو وہ ہے جو دیکھا جاتا ہے۔ اور باطن عزیمت ہے اگر ہنڈیا جوش کھا رہی ہو اس پر خاتم کو لکھ دے۔ اس کا جوش جاتا رہے گا۔ اور جب تم کسی غائب کا بلانا چاہو۔ تو اس خاتم کو ایک ورق پر لکھ کر اس کے گرد والسماء والطارق لکھ دو جدا جدا حرف اور پھر اس کو سورج کے سامنے ساعت موافق میں جب کہ قمر برج ہوائی میں ہو لٹکا دو اور ۲۱ بار عزیمت کو پڑھو فوراً وہ شخص حاضر ہوگا۔

دشمن کی آنکھ میں درد پیدا کرنے کا عمل جب تو چاہے دشمن کی آنکھ میں درد ہو۔ تو موم کی ایک صورت بنا کر اس کی صورت جس پر عمل کرنا چاہتا ہے۔ اور اس پر خاتم کو نقش کرکے اس صورت کی دونوں آنکھیں پھوڑ دے دو کانٹوں سے۔ پھر اس کو ایک سیاہ ہانڈی میں رکھ کر تھوڑی بغیر بجھی سفیدی اس پر ڈال کر حمام کا چوڑا اس پر ڈالے۔ اس عمل کے کرتے ہی معمول آنکھوں کو پکڑ کر چیخے گا۔ کہ ہائے آنکھوں میں آگ لگ گئی۔ پھر اس ہنڈیا کو ایسی جگہ دفن کرے۔ جہاں آگ جلا کرتی ہو۔ پھر جب اس شخص کو تندرست کرنا منظور ہو تو اس صورت کو نکال کر پانی میں ڈال دے معمول تندرست ہو جائے گا۔

نیند نہ آنے کا عمل اور اگر یہ چاہے کہ کسی کو نیند نہ آئے۔ موم پر خاتم نقش کر پائجامہ میں باندھ کر لٹکا دے اس کو نیند نہ آئے گی جب تک کہ پائجامہ لٹکا رہے گا اور اگر کسی کو رنجیدہ اور متفکر دیکھنا منظور ہو تو ایک شیشی لے کر اس پر اس کے اور اس کی ماں کے نام کے ساتھ خاتم کو لکھے اور مطلوب کی صورت بھی بنا دے۔ پھر اس شیشی میں تھوڑا پانی اور گندھک اور سیاہ مرچ اور روغن زیت ڈال دے۔ پھر دو پتھروں کے نیچے آگ جلا کر اس پر یہ شیشی رکھ دے۔ معمول کو ہر طرف سے رنج و فکر آویں گے۔ اور اگر کسی سے محبت کا ارادہ ہو تو خاتم خیر کو شیشے کے گلاس پر مشک اور زعفران و گلاب سے لکھ کر جس کو پلا دے وہ کبھی اس کی جدائی گوارا نہ کرے۔ اور اگر پلانا ممکن نہ ہو تو کسی کے کپڑے پر چھینٹا ڈ[illegible] مطلب پورا ہو جائے گا۔

مکان سے نکالنے کا عمل | جب تو چند اکٹھے آدمیوں کا متفرق ہونا یا کسی مکان سے ان کو نکال دینا چاہے تو اس خاتم کو مشک و گلاب اور ریلوے سے ایک ٹھیکری پر لکھ کر اس مکان میں دفن کرے وہ مکان فوراً اجڑ جائے گا۔ اور ان کی آپس میں عداوت پھیلے گی۔ اور جو دشمنوں میں صلح کرانی چاہو۔ تو دو صورتیں موم کی بناؤ۔ اور ہر صورت میں ایک ٹکڑا کہربا کا رکھو۔ اور اکیس بار عزیمت پڑھو۔ وہ دونوں صلح کر لیں گے۔ اور جب تم کو یہ شوق ہو۔ کہ لوگوں میں میری ہیبت ہو۔ اور میری بزرگی کی جائے تو چاہیئے کہ خاتم کو مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر دھو کر ایک شیشی میں رکھو۔ اور جب کسی سے ملاقات کرنے جاؤ تو تھوڑا سا پانی اس میں سے منہ پر مل لو۔

عمل محبت | جو تم کو دیکھے گا محبت کرے گا۔ اور خاتم کی صفت یہ ہے اآم اااآ ے ھا ا و رخاتم شریہ ہے۔ ۸ ۹ ۹ ۹ ۹ ۱۱ ۷ ۱ اس طرح تو مجھ کو معلوم ہے اور شیخ محمد قنبر س فرماتے ہیں کہ انہوں نے جامع صوفیہ میں اس خاتم کو ایک شخص کے پاس اس طرح پایا لا اآم ⊟ اااآ مخیال حال اسرافیل طوما ئیل۔ میططرون توکلوا یاخدام ھذہ الاسماء المبارکۃ بکذا وکذا اور جو کچھ ارادہ ہو اس کا ذکر کرے مطلب بہت جلد پورا ہوگا۔

عزیمت اسم اعظم | اور یہ عزیمت ہے۔ جو کل اعمال میں پڑھی جاتی ہے۔ اور اسی میں اسم اعظم ہے۔

هَدَأْتُ بِبِسْمِ اللهِ رُوْحِيْ بِهٖ اهْتَدَتْ ... اِلٰی کَشْفِ اَسْرَارٍ بِبَاطِنِهٖ انْطَوَتْ

وَصَلَّيْتُ فِي الثَّانِيْ عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ ... مُحَمَّدٍ مَنْ زَاحَ الضَّلَالَ لَهٗ وَالْغَلَتْ

اِلٰهِيْ لَقَدْ اَقْسَمْتُ بِاسْمِكَ دَاعِيًا ... بِاٰهٍ اٰهُوْجٍ جَلْجَلُوْتِ هَلْهَلَتْ

اَفِضْ لِيْ مِنَ الْاَنْوَارِ يَا رَبِّ نَفْحَةً ... بِسِرٍّ وَاٰحِيْ مَيِّتَ قَلْبِيْ بِصَلْصَلَتْ

لِيُحْيِيَ حَيَاةَ الْقَلْبِ مِنْ دَنْسٍ بِهٖ ... بِقَيُّوْمٍ قَامَ التَّرْتِيْبِهٖ فَاشْرَقَتْ

وَصُبَّتْ عَلٰی قَلْبِيْ شَآئِبُ رَحْمَةٍ ... بِحِكْمَةِ مَوْلَانَا الْعَظِيْمِ بِمَا عَلَتْ

فَسُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ يَا خَيْرَ خَالِقٍ ... وَيَا خَيْرَ خَلَّاقٍ وَاَكْرَمَ مَنْ بَعَثْ

تَبَلَّغْنِيْ قَصْدِيْ وَكُلَّ مَآرِبِيْ ... بِنُوْرِ سَنَآءِ الْاِسْمِ وَالرُّوْحُ قَدْ عَلَتْ

اَفِضْ لِيْ مِنَ الْاَنْوَارِ نَفْحَةَ مَنْزِلٍ ... وَكُفَّ بِهٖ الْاَعْدَآءَ عَنِّيْ بِطَنْطَفَةٍ

اَلَا اِذْ تُجِيْرُنِيْ مِنْ عَدُوٍّ مُنَاسِبٍ ... بِحَقِّ شَمَاخٍ اَشْمَخٍ سَلَمَتْ سَمَتْ

وَاَذَا اَنْضِ يَا رَبَّاهُ بِالنُّوْرِ حَاجَتِيْ ... وَيَسِّرْ اُمُوْرِيْ بَعْدَ عُسْرِهِ اَنْفَعَتْ

وَخَلِّصْنِيْ مِنْ كُلِّ هَوْلٍ وَشِدَّةٍ ... بِنَصٍّ حَكِيْمٍ قَاطِعِ السِّرِّ اَسْبَلَتْ

ملہ ان اشعار کا ترجمہ [illegible] ۱۲ منہ

وَسَلِّمْ بِبَحْرٍ وَأَعْطِنِي غَيْرَ بَرْهَا ... وَأَسْبِلْ عَلَيَّ السِّتْرَ وَاشْفِ مِنَ الْعُلَتْ

وَأَمْهِمْ مُلَابِكُمْ ثُمَّ أَعْيِمْ عَدُوَّنَا ... وَأَيْسِرْ يَاذَا الْجَلَالِ بِحَوْسَمَتْ

وَفِي حَوْسِمٍ ثُمَّ دَوْسِمٍ وَبَرَاسِمٍ ... تَحَصَّنْتُ بِالْإِسْمِ الْعَظِيمِ مِنَ الْخَلَتْ

وَأَلِّفْ قُلُوبَ الْعَالَمِينَ بِأَسْرِهَا ... عَلَيَّ وَأَلْبِسْنِي الْقَبُولَ بِشَمْهَلَتْ

وَأَحْرِسْنِي يَاذَا الْجَلَالِ بِكَافِ كُنْ ... وَيَسِّرْ أُمُورًا لِي بِحُرْمَةِ طَيْطَغَتْ

وَأَخْذِلْهُمُ يَاذَا الْجَلَالِ بِفَضْلِ مَنْ ... إِلَيْهِ سَعَى صُنْتُ الْفَلَاةِ وَسَنَّتْ

وَبَارِكْ لَنَا فِي جَمِيعِ كَسْبِنَا ... وَحَلِّ عُقُودَ الْعُسْرِ يَا يُوهُ إِرْتَجَتْ

فَيَاهُوَ يَا يُوهُ وَيَا خَيْرَ بَارِئٍ ... وَيَا مَنْ لَنَا الْأَرْزَاقُ مِنْ جُودِهِ حَتَتْ

تَرُدُّ بِكَ الْأَعْدَاءَ مِنْ كُلِّ وِجْهَةٍ ... وَبِالْإِسْمِ تَرْمِيهِمْ مِنَ الْبُعْدِ بِالشَّتَتْ

فَأَنْتَ رَجَائِي يَا إِلٰهِي وَسَيِّدِي ... كَقَتْلِ لِئَامِ الْجَيْشِ إِنْ رَامَ بِي غَلَتْ

فَيَا خَيْرَ مَسْئُولٍ وَأَكْرَمِ مَنْ عَطِي ... وَيَا خَيْرَ مَا مُوَلٍّ إِلَى أُمَّةٍ خَلَتْ

تَدِ كَوْكَبِي بِالْإِسْمِ نُورًا وَبَهْجَةً ... مَدَى الدَّهْرِ وَالْأَيَّامِ يَا نُورَ جَلْجَلَتْ

بِكَ الْحَوْلُ وَالطَّوْلُ الشَّدِيدُ يَدُ لِمَنْ ... لِبَابِ جَنَابِكَ وَارْتَجِي عَفْوَ مَا جَنَتْ

بِاجٍ أَهُوجٍ يَا إِلٰهِي مُهَوَّجٍ ۴ ... وَيَا جَلْجَلُوتُ بِالْإِجَابَةِ عَلْكَهَلَتْ

بِاجٍ أَهُوجٍ جَلْمَهُوجٍ جَلَالَةً ... جَلِيلًا جَلَا جَلْيَنُوتُ جِمَا تَمَهْوَجَتْ

بِتَعْدَادِ بَرْدُومٍ وَشَمْهُرَاذَا امرم ... وَبَهْرَةِ تَبْرِ يُرِدَّامٍ تَبَرَّكَتْ

يُقَادُ سِرَاجُ السِّرِّ بِيَا سُنَهُ ... تَقَادِ سِرَاجِ السِّرِّ سِرًّا تَنَوَّرَتْ

بِنُورِ جَلَالٍ بَارِخٍ وَشَرِّ نَطْخٍ ... وَقُدُّوسٍ بَرْكُوتٍ بِهِ النَّارُ أُخْمِدَتْ

بِيَاهٍ يَا يَاهٍ نَمُوهٍ أَصَالِيَا ... بِطَمْطَامٍ مَهْرَاشٍ لِنَارِ الْعِدَا هَمَتْ

بِهَالٍ أَهَيْلٍ شَلِيحٍ شَلْعَبٍ شَابِحٍ ... طِهِي طِهِبٍ طَيْطُوبٍ بِطَنْطَهَتْ

أَنُوخٍ بِتَمْلُوخٍ وَبَيْرُوخٍ بَرْخَوَا ... بِتَلْيَخَاتٍ شَمُوخٍ شَمِيخٍ تَشَمَّخَتْ

حُرُوفٌ بِمَرَامٍ عَلَتْ وَتَشَا مَخَتْ ... مَدَى الدَّهْرِ وَالْأَيَّامِ يَا يُوهُ إِرْتَمَخَتْ

وَيَا شَمْعِثَا يَا شَمْعِيثَا أَنْتَ شَلْمَخَا ... وَيَا كَلَهُ خَامَطِلِ الرِّيَاحِ تَمَلْخَلَتْ

بِطٰهٰ وَيٰسٓ وَطٰسٓ كُنْ لَنَا ... بِطٰسٓمٓ بِلِسَعَادَةِ اقْبَلَتْ

بِكَافٍ وَهَاءٍ ثُمَّ [illegible] ... [illegible] هَوْلٍ بِهَاحُوتُ

بِأَهْيَا شَرَاهِيَا أَذُونَايَ أَصْبَاؤُوتُ ۔۔۔ بِآلِ شَدَّايٍ أَقْسَمْتُ ثُمَّ بِطَيْطُغَتُ

بِكَافٍ وَنُونٍ ثُمَّ خَتْمٌ بَعْدَهَا ۔۔۔ وَفِي سُورَةِ الدُّخَانِ سِرٌّ تَحَلَّمَتُ

ثَلَاثُ عِصِيٍّ صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ ۔۔۔ عَلَى رَأْسِهَا مِثْلُ السِّهَامِ تَقَوَّءَتُ

وَمِيمٌ طَمِيسٌ أَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ ۔۔۔ وَفِي وَسْطِهَا بِالْجَرَّتَيْنِ تَشَرَّكَتُ

وَأَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْأَنَامِلِ صُفِّفَتْ ۔۔۔ تُشِيرُ إِلَى الْخَيْرَاتِ وَالرِّزْقِ جُمِّعَتُ

وَهَاءٌ شَقِيقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُقَوَّسٌ ۔۔۔ كَأُنْبُوبِ حَجَّامٍ مِنَ السِّرِّ النُّوتُ

وَآخِرُهَا مِثْلُ الْأَوَّلِ مِثْلُ خَاتَمٍ ۔۔۔ خُمَاسِيُّ أَرْكَانٍ وَبِالسِّرِّ أُنُوتُ

فَهٰذَا هُوَ اسْمُ اللّٰهِ جَلَّ جَلَالُهُ ۔۔۔ وَأَسْمَاؤُهُ عِنْدَ الْبَرِيَّةِ قُدِّسَتُ

(حواشی صفحہ نمبرہ) ۱؎ اے اللہ بیشک تو بادشاہ قدرت والا ہے اور بیشک تو ہر چیز پر جس کو تو چاہے قادر ہے اے اللہ اگر میرے گناہ بڑھ گئے ۱؎ اور مختلف ہوئی توجہ میری اور عظیم ہے خطا میری اور حائل ہے درمیان میرے اور میری قضاء حاجت کے پس میں سوال کرتا ہوں ساتھ جلال تیری ذات بزرگ کے اور تیرے عظیم عفو کے اور توبہ کرتا ہوں تیری طرف ساتھ تیرے نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ کہ بخشے تو گناہ میرے اور رحم کر مجھ پر اور میری قسمت کر دے اے محمد احمد اے ابو القاسم میں وسیلہ گردانتا ہوں آپ کو اور توجہ کرتا ہوں آپ کے ساتھ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں تاکہ بخشے مجھ کو اور رحم کرے مجھ پر اور پوری کرے حاجتیں میری اور دور کرے رب میرا رنج و غم میرا ۱۲ سید یسین علی نظامی مترجم کتاب ہذا (حاشی صفحہ ہذا) ۱؎ نہیں ہے حول اور نہ قوت مگر خدا برتر و بزرگ میں اے اللہ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے قدیم اے دائم اے خدا اے برتر اے بے نیاز اے زندہ اے قائم اے جلال اور بزرگی والے پس اگر پھریں وہ تو کہہ کافی ہے مجھ کو اللہ تعالیٰ نہیں ہے معبود مگر وہ اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہی رب ہے عرش عظیم کا ۱؎ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ حلم والا بزرگ، نہیں ہے معبود مگر اللہ رب عرش عظیم کا، نہیں ہے معبود مگر اللہ پاک ہے رب ساتوں آسمانوں کا اور زمینوں کا اور رب عرش کریم کا اے اللہ مانگتا ہوں میں تجھ سے اسباب تیری رحمت کے اور بڑی مغفرت تیری اور غنیمت ہر نیکی سے اور سلامت ہر گناہ سے مت چھوڑ میرا کوئی گناہ مگر بخش اس کو اور رنج و غم مگر کر دور کر اس کو اور کرب مگر کھول دے اس کو اور نہ حاجت مگر کر پورا اس کو رحمت اپنی سے اے ارحم الراحمین ۱۲ ۔

دعا پڑھے۔[1] اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعَ الْمُتَفَرِّقَاتِ وَيَا مُخْرِجَ النَّبَاتِ وَيَا مُحْيِيَ الْعِظَامِ الرَّمِيْمَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا مُفَرِّجَ الْكُرُبَاتِ بِمَا فَوْقَ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ وَيَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ وَيَا مَالِكَ خَزَائِنِ الْعَالَمِيْنَ سُبْحَانَ سَمْعِكَ الْاَصْوَاتِ كُلَّهَا بِعِلْمِكَ بِكُلِّ شَيْءٍ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَبِاسْتِغْنَائِكَ عَنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِحَمْدِكَ اَنْ تَمُنَّ عَلَيَّ بِحَاجَتِيْ .... اور حاجت کا نام لے پوری ہوگی۔

دعائے بصارت

حسن بن سالم کہتے ہیں کہ میری دادی اندھی تھی اس کے پاس رات کو ایک شخص نے آکر کہا کہ میں تجھ کو ایسی بات بتاتا ہوں جس سے خداوند تعالیٰ تیری بینائی واپس کردے میری دادی نے کہا خدا تیری مغفرت کرے اس نے کہا اپنے ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھو۔ پھر ہاتھوں کو اپنے منہ پر اور آنکھوں پر مل لے چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی کو واپس کردی اور اس نے اپنے آگے ایک بزرگ کو کھڑے ہوئے دیکھا پھر وہ غائب ہو گئے اور میری دادی نے مرنے کے وقت اس دعا کو بیان کیا۔ اور یہ دعا شروع سورۂ حدید سے علیم بذات الصدور تک اور آخر سورۂ حشر ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کسی نے ایسی دعا کی نسبت سوال کیا جو حضور نے خاص آپ کو تعلیم کی ہو۔ حضرت علیؓ نے فرمایا۔ مجھ کو یہ خیال نہیں تھا کہ کوئی مجھ سے اس کا سوال کریگا۔ پھر فرمایا شروع سورۂ حدید کی چھ آیتیں اور لو انزلنا ہذا القرآن سے آخر سورۂ حشر تک پڑھ کے کہے۔ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ هُوَ كَذَا اِفْعَلْ بِيْ كَذَا وَكَذَا۔ پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔

دعائے نجات برائے رنج و غم

شیخ ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں ایک رات مجھ کو بہت رنج و غم تھا اس وقت مجھ کو الہام ہوا کہ یہ دعا پڑھ۔[2] اِلٰهِيْ مَنَنْتَ عَلَيَّ بِالتَّوْحِيْدِ وَالطَّاعَاتِ وَالْعَلَانِيَةِ فِي الشَّهْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْمَعْصِيَةِ وَكَرَعَتِيَ النَّفْسُ فِيْ بَحْرِ الْهَوٰى وَالظُّلْمَةِ فَهِيَ مُظْلِمَةٌ وَعَبْدُكَ مَظْلُوْمٌ مَحْزُوْنٌ مَهْمُوْمٌ مَغْمُوْمٌ قَدِ الْتَقَمَهُ الْهَوٰى وَهُوَ يُنَادِيْكَ بِنِدَاءِ الْمَعْصُوْمِ الْمَحْبُوْسِ عَبْدِكَ يُوْنُسَ وَيَقُوْلُ لَا اِلٰهَ

---

[1] اے اللہ اے جمع کرنے والے متفرق چیزوں کے اور اے نکالنے والے نباتات کے اور اے زندہ کرنے والے پرانی ہڈیوں کے اور اے قبول کرنے والے دعاؤں کے اور اے پورا کرنے والے حاجات کے اور اے کھولنے والے کربوں کے سات آسمانوں کے اوپر سے اور اے کھولنے والے خزانوں کرامات کے اور اے مالک سارے جہانوں تمام عالم کے سنتا ہے کان تیرا تمام آوازوں کو اور احاطہ کیا ہے تیرے علم نے تمام چیزوں کا مانگتا ہوں تجھ سے تیری قدرت کے ساتھ جو ہر چیز پر ہے اور تیرے استغناء کے ساتھ کل مخلوقات سے اور تیری حمد اور بندگی کے ساتھ یہ کہ احسان کرے تو مجھ پر میری قضاء حاجت کے ساتھ۔

[2] اے اللہ احسان کیا تو نے مجھ پر توحید اور طاعت کے ساتھ اور گھیر لیا ہے مجھ کو شہوت اور غفلت معصیت نے اور پھینک دیا ہے مجھ کو نفس نے دریائے خواہش اور ظلمت میں پس وہ اندھیرا ہے اور تیرا بندہ مظلوم ہے اور غمگین اور رنجیدہ ہے خواہش نے اس کا لقمہ کر لیا ہے اور پکارتا ہے مثل پکارنے تیرے بندے حضرت یونس علیہ السلام معصوم اور محبوس کے اور کہتا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو پاک ہے تجھ کو بیشک میں ظالموں میں سے ہوں پس پھیر دے مجھ کو [illegible] (باقی بر صفحہ آئندہ)

إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا اسْتَجَبْتَ لَهُ وَاحْفَظْنِي بِعِزِّ التَّحِيَّةِ وَفِي مَحَلِّ التَّفْرِيدِ وَالتَّوْحِيدِ وَالْوَحْدَةِ وَأَنْتَ اللَّطِيفُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ وَلَيْسَ لِي إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَلَا تُخْلِفُ وَعْدَكَ لِمَنْ آمَنَ بِكَ فَإِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ.

ظالم کی بربادی کی دعا

یہ دعا امام محمد بن ادریس خوارزمی رحمہ اللہ کی ہے۔ اس دعا سے فرشتے کانپتے ہیں اللّٰھم یا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا ذَا الْعِزَّةِ الَّتِی لَا تُرَامُ وَالْمُلْکِ الَّذِی لَا یُضَامُ یَا مَنْ عَلٰی نُوْرِہٖ اَرْکَانَ عَرْشِہٖ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اور ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْأَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تین بار فرماتے ہیں ایک مظلوم نے یہ دعا پڑھی اسی وقت ایک لڑکا کی آواز آسمان سے آئی اور ایک اسلحہ فرشتہ لئے ہوئے نازل ہوا اس قزاق پر جو اس مظلوم کو قتل کرنا چاہتا تھا قتل کیا۔ اور کہا اے زید جب تو نے پہلی مرتبہ خدا سے دعا کی تو میں ساتویں آسمان پر تھا جبرائیل نے آواز دی کہ اس مظلوم کی مدد کو کون جاتا ہے میں نے کہا میں جاتا ہوں۔ پھر جب تو نے دعا کی تو میں آسمان دنیا پر تھا پھر جب تو نے تیسری بار دعا کی تو میں آن پہنچا۔ اور جو اس دعا کو پڑھ کر دعا مانگے گا۔ اس کی دعا قبول ہوگی۔ پھر جب زید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ خداتعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسم اعظم تلقین کیا جس کے ساتھ جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

استخارہ مجربہ

جب تم کو کسی کام کا انجام معلوم کرنا ہو تو پانچ رکعتیں عشاء کے بعد پڑھو۔ دو دو کرکے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۃ والضحیٰ دوسری میں والتین تیسری میں الم نشرح چوتھی میں القدر پانچویں میں

(بقیہ صفحہ سابقہ) کی اور ہدایت کر مجھ کو عزت بحت کے ساتھ محل تفرید اور توحید میں تو مہربان عنایت اور بخشش کرنیوالا ہے اور نہیں ہے میرے واسطے مگر تو اکیلا بلا شریک کے تو وعدے کا خلاف نہیں کرتا اس کے واسطے جو تجھ پر ایمان لاتا ہے بیشک تو نے فرمایا ہے اور قول تیرا حق ہے ہم نے قبول کیا ہم نے واسطے اسکے اور نجات دی ہم نے انکو غم سے اور ایسے ہی نجات دیتے ہیں ہم مومنوں کو اور اللہ تعالیٰ حضرت سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکو آل اور اصحاب پر درود بھیجے ۱۲ اے اللہ اے محبت والے اے عرش مجید والے اے پیدا کرنیوالے اے اعادہ کرنیوالے اے عزت والے جو چاہتا ہے کرتا ہے اور اے ایسے ملک والے جو زائل نہیں ہوتا ہے اے وہ ذات جس کا نور اسکے ارکان عرش بلند پر ہے اے مغیث مدد کر میری بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے کرنیوالے ہر اک چیز کے جس کا ارادہ کرے میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ جسنے ارکان عرش کو بھر دیا اور تیری قدرت کے ساتھ جو تمام مخلوقات پر رکھتا ہے اور تیری رحمت کے ساتھ جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو اے پناہ دینے والے پناہ مانگنے والوں کے ۱۲

زوالت مجھ میں اخلاص پھر سلام کے بعد کاغذ کے ایک ٹکڑے پر یہ رقعہ لکھے۔ بِاسْمِ الْعَزِيْزِ الْجَلِيْلِ الْكَرِيْمِ اَلْوَدُوْدِ الْمُنْعِمِ ذِي الْجَلَالِ الْمُتَكَبِّرِ مِنْ عَبْدِهٖ فُلَانٍ الْفَقِيْرِ الذَّلِيْلِ الْمُحْتَاجِ الْبَائِسِ الْفَقِيْرِ السَّائِلِ الْمُضْطَرِّ الَّذِيْ لَا يَجِدُ لِحَاجَتِهٖ سِوَاكَ يَطْلُبُ وَيَرْغَبُ مِنْكَ حَاجَةَ كَذَا وَكَذَا اور اپنی حاجت کا نام لے پھر لکھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَبَيَانًا شَافِيًا وَاَنْ تَقْضِيَ عَنِّيْ

اور اپنی حاجت کا ذکر کرے جو متعلق ہو یا کسی مخفی امر کی معلوم کرنے کی ہو غرض جو کچھ بھی ہو پھر اس کاغذ کو لپیٹ کر کسی دھونی سے اور لپیٹ کر موم لگا کر ایک ترسل کی نلکی میں بند کر کے اوپر سے خوب موم لگا کر تاگے سے مضبوط باندھ دے اور جاری پانی میں ڈالے اور کہے فلاں بن فلاں کے قلب کو میں نے جاری کیا ہے۔ یا ایک برتن میں پانی بھر کے اس میں ڈال کر اپنے سرہانے رکھ لے اور باوضو سو رہے۔ حاجت پوری ہوگی۔

خوف سے نجات کے مجرب اعمال

یہ دعا عبداللہ بن قیروانی سے منقول ہے فرماتے ہیں ہر ایک چور قزاق اور ظالم کے شر سے بچاتی ہے۔ خوف اور مصیبت میں اس کو ضرور پڑھنا چاہیئے اور وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ يَا مَوْضِعَ كُلِّ شَكْوٰى وَيَا شَاهِدَ كُلِّ نَجْوٰى وَيَا عَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ وَيَا كَاشِفَ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَيَا مُنْجِيَ مُوْسٰى وَمُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَسَلَامُهٗ اَدْعُوْكَ يَا اِلٰهِيْ دُعَاءَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَضَعُفَتْ قُوَّتُهٗ وَقَلَّتْ حِيْلَتُهٗ دُعَاءَ الْغَرِيْقِ الْمَلْهُوْفِ الَّذِيْ لَا يَجِدُ لِكَشْفِ مَا هُوَ فِيْهِ اِلَّا اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِكْشِفْ عَنَّا مَا نَزَلَ بِنَا مِنْ عَدُوِّنَا وَعَدُوِّكَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَغِثْنَا يَا اَللّٰهُ يَا هَادِيْ لَا بِدَايَةَ لَكَ يَا دَائِمُ...

اللہ طرف رب بزرگ کریم مہربان عزت والے جبار حکیم کی اس کے بندے فلاں فقیر ذلیل محتاج ناامید فقیر سائل مضطر کی سے جو نہیں پاتا ہے اپنی حاجت کے واسطے سوائے تیرے طلب کرتا ہے اور رغبت کرتا ہے تجھ سے فلاں فلاں حاجت کی اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر نام کے ساتھ جو تو نے اپنے نام مقرر کئے ہیں یا اپنی کتاب میں نازل کئے ہیں یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھلائے ہیں یا علم غیب میں اپنے پاس ان کو پسند کیا ہے یہ کہ کرے تو میرے واسطے میرے امر سے کشادگی اور نکلنا اور بیان شافی اور یہ کہ پوری کرے تو حاجت میری ۱۲ اللہ اے اللہ اے موضع ہر شکایت کے اور اے دیکھنے والے ہر پوشیدہ کے اور اے جاننے والے ہر مخفی کے اور اے کھولنے والے ہر بلا کے اور اے نجات دینے والے موسیٰ اور محمد اور ابراہیم خلیل کے ہیں تجھ سے اے اللہ اس شخص کی سی دعا کرتا ہوں جس کا فاقہ سخت ہوا اور قوت ضعیف ہو اور حیلہ کم ہو گیا ہو دعا ڈوبنے والے مظلوم کی جو نہیں پاتا ہے کھولنے والا اپنی مصیبت کا مگر تجھ کو نہیں ہے معبود مگر تو اے ارحم الرحمٰن دور کر ہم سے اس چیز کو جو نازل ہوئی ہے ہم پر ہمارے اور تیرے دشمن شیطان رجیم سے اے رب العالمین بے شک تو ہے ہر چیز پر قادر [illegible] (باقی بر صفحہ آئندہ)

لَا نَفَادَ لَكَ يَا حَيُّ يَا مُحْيِيَ الْمَوْتٰى يَا قَائِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اِلٰهِيْ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَعْبُوْدُ الْوَاحِدُ اَسْأَلُكَ بِالْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ لِاَنْ تَرْزُقَنِيَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَالْاَهْلِ وَالْجَسَدِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنْ تُنَجِّيَنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَكَشْفُ عَنِّيْ مَا نَزَلَ بِيْ مِنْ ضِيْقٍ وَ كُلَّمَا اَرَدْتُ وَخَلِّصْنِيْ خَلَاصًا جَمِيْلًا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ. اور اپنا گمان درست رکھ خدا کامیاب کرے گا معلوم ہوا کہ یہ حروف الواح صدور علماء میں مرقوم ہے اور یہ اعداد صحائف اسرار علماء میں مرقوم ہے اور یہ کیمیا خطیرہ کنز قدماء میں مخزون ہے اور یہ تسخیر قلوب اولیاء میں مکتوب ہے اور یہ اسما آئینہ بصیرۃ انبیاء میں مرقوم ہے کہ یہ کلام عرش سما ارواح میں مکنوز ہے ان قدسی اشارات کو سمجھو معانی ذوقیہ کا لطف تم کو حاصل ہوگا۔

ضروری شرائط

معلوم ہو کہ ہر دعوت کے واسطے ایک اسم ہے اسماء الٰہی سے اور ایک دروازہ جس میں سے اس میں داخل ہوتے ہیں اور اسی دروازہ میں سے قبولیت آتی ہے اور معلوم ہو مقامات دینیہ تین ہیں مقام اسلام۔ مقام ایمان اور مقام احسان۔ اور مراتب جنات بھی تین ہیں جنت الاعمال اور جنت المیراث اور جنت الامتنان اور انواع احصاء بھی تین ہیں۔ ایک تعلیق مقام اسلام میں دوسرے تخلیق مقام ایمان میں تیسرے تحقیق مقام احسان میں جب سالک مقام اسلام میں ترقی کرتا ہے تب ہر ایک اسم کے آثار اس کو اپنے نفس اور بدن اور تمام قوائے اور اعضاء اور حالات میں معلوم ہوتے ہیں اور وہ ان سب کو ان اسماء کے احکام اور آثار سے دیکھتا ہے اور ہر اثر کا اس کے لائق چیز کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے مثلاً انعام کا شکر ہے اور بلا کا صبر ہے وغیرہ پس یہ احصاء جنت الاعمال میں داخل ہے جو محل ہے ستر اعراض زائلہ کا ساتھ اعیان ثابتہ باقیہ کے جس کو ابراہیم علیہ السلام نے اختراع کیا ہے بایں طور کہ یہ قیعان جنت ہے اور اس کے درخت سبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ہیں اور تخلیق کے ساتھ ایمان میں احصاء ان کی اطلاع روحانی کے ساتھ ہے واسطے حقائق ان اسماء اور ان کے معانی اور مفہوم کے اور اس تخلیق کی خبر حضور علیہ السلام نے ان الفاظ میں دی ہے کہ تخلقوا باخلاق اللّٰہ تعالیٰ یعنی متخلق اس اسم کے ساتھ خو حاصل کرلے یعنی جو اسماء الٰہی کا مفہوم ہے اس کے موافق عمل کرے اور یہ احصاء متخلق کو جنت المیراث میں داخل کرتا ہے

بقیہ صفحہ سابقہ) اے دائم جس کی انتہا نہیں ہے اے زندہ کرنے والے مردہ کے اے قائم اوپر ہر نفس کے ساتھ اس کے جو کسب کیا اس نے الٰہی تو جبار غالب ہے نہیں معبود مگر تو معبود واحد سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے پورے کلموں کے ساتھ اس کے اور عافیت اور معافات دائمہ دین و دنیا و آخرت میں اور اہل اور جسم اور مال اور لد اور کل مسلمانوں میں اے رب العالمین بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے مجھ کو نجات دے اپنی رحمت سے ساتھ اے ارحم الراحمین اور دور کر مجھ سے اس چیز کو جو نازل ہوئی مجھ پر تنگی سے اور ہر اس چیز سے جو ارادہ کرے تو اور خلاصی دے مجھ کو خلاصی۔ اے رب العالمین ۱۲

اور جنت پہلی جنت سے اعلیٰ ہے یعنی پہلی جنت کا باطن ہے جس سے عالم ملک و ملکوت نازل ہوا ہے اور اسی کی طرف حضور علیہ السلام نے اشارہ کیا ہے کہ تم میں سے ہر ایک کا مقام جنت میں ہے اور دوزخ میں ہے پھر جب وہ مرتا ہے اور دوزخ میں داخل ہوتا ہے تو اہل دوزخ کے مقام کا وارث ہوتا ہے۔ اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو اُولٰئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ الآیۃ اور احصاء اس کی تحقیق کے ساتھ مقام احسان میں ان سب باتوں سے علیحدہ ہو جانے اور حضرت حقیقت کے ساتھ روشن ہونے کے ہے یعنی اپنے وجود کے فنا کرنے اور وصال کے ساتھ باقی ہونے کے ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

تَسَتَّرْتُ مِنْ دَهْرِي بِظِلِّ جَنَاحِهٖ ۔۔۔ فَعَيْنِيْ تَرٰى دَهْرِيْ وَلَيْسَ يَرَانِيْ
فَلَوْ تَسْأَلُ الْاَيَّامُ مَا اسْمِيْ مَا دَرَتْ ۔۔۔ وَاَيْنَ مَكَانِيْ مَا دَرَيْنَ مَكَانِيْ

پس یہ احصاء تخلق کو جنت الاعتقاد میں داخل کرتا ہے جو محل ہے راز غیب الغیب کی اور جس کی طرف اس فرمان میں اشارہ ہے کہ اس میں وہ چیزیں ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں اور نہ کسی کان نے سنیں۔ اور نہ کسی قلب پر ان کا خطرہ گزرا۔ اور اس آیت میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ۔

میں کہتا ہوں اگلے بزرگان نے جو کچھ ترقی حقائق ملکوت اور عجائب جبروت میں کی وہ محض تخلق بالاسماء کے ساتھ کی ہے یہاں تک کہ ہر ایک اسم ان کے مقام کے حق میں اسم اعظم ہوا اور خدائے تعالیٰ کی بخشش اور عنایتیں ان پر ظاہر ہوئیں اور جب تم اس گروہ سے اسم اعظم سنو گے تو اس کی حقیقت وہی ہے کہ جب انہوں نے ایک اسم معلوم کر لیا اور اس کے ساتھ متخلق ہو گئے پھر اس سے بڑھ کر اسم کے ساتھ کوشش کی اور کل اسماء صفات سے اسم ذات کے تخلق میں مدد حاصل کرتے ہیں کیونکہ اصل مقصود یہی ہے اور یہی حقیقت تخلق ہے چنانچہ فرمان قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ کہ دے خدا ہے اور پھر ان کو چھوڑ دے اور جب سالک تحقیق اور اخلاص کے ساتھ اسماء کے راستہ میں عروج حاصل کرے گا تو بہت جلد اس پر تشکلات اسمائیہ اور اسرار ملکوتیہ جلوہ گر ہوں گے۔

اسم کی تحقیق لوگوں نے اختلاف کیا ہے کہ اسم سمو سے مشتق ہے یا سمت سے اور اس میں ایک لطیف اشارہ ہے اور معلوم ہو کہ خدا کی طرف سفر کرنے والے بھی دو قسم ہیں مراد مقام یا مرید قائم پس ہر ایک اسم کے ساتھ قائم ہے پس یہ اسم وسم سے ماخوذ ہے۔ اور اگر یہ مراد ہے یا درجہ مراد میں ترقی کرتا ہے تو اسماء اس کو اس درجہ میں پہنچا دیں گے حالانکہ یہ شخص معانی اسماء میں انوار تجلے کے مشاہدہ میں مستغرق ہے پس اسم اس کے حق میں بلندی ہوا جو سما یسمو سے ماخوذ ہے بمعنے بلندی کے اور اس کو یوں بھی سمجھنا چاہیئے کہ آخرت

لہ پوشیدہ ہوا میں اپنے زمانہ سے اس کے بازو کے سایہ میں اس طرح کہ دیکھتا ہوں میں اپنے زمانہ کو اور نہیں دیکھتا وہ مجھ کو پس اگر ایام میرا نام جاننا چاہیں تو نہ جانیں اور اگر میرا مکان چاہیں تو وہ بھی نہ جانیں ١٢ سلہ بے شک متقی لوگ باغ اور نہروں میں ہوں گے صدق کی جگہ میں بادشاہ قدرت والے کے پاس

کا انجام بقا ہے اور دنیا کا انجام فنا ہے پس تیرے دنیاوی اوصاف فانی ہیں دنیا کی نسبت سے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر احسان کیا اپنے اسماء باقیہ کے ساتھ تاکہ تو ان کا مشاہدہ دنیا میں ہی کرے جیسا کہ حضرت صدیق نے فرمایا ہے کہ اگر حجاب اٹھ جائے تو میرا یقین زیادہ نہ ہو۔ اور دوسری یہ بات کہ اگر تو اپنے اسماء کے ساتھ اس کو پکارے تب تو نے باقی کو فانی کے ساتھ پکارا۔ کیونکہ جب تو اپنے ساتھ قائم ہے تو فانی کے ساتھ ہے اور جب تو اس کے ساتھ قائم ہے تو باقی کے ساتھ ہے پس دیکھ لو کہ دونوں میں کس قدر فرق ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ دوڑو خدا کی طرف یعنے اپنے نفسوں اور اپنے اوصاف سے خدا کی طرف رجوع کرو۔ اور فرماتا ہے اللہ ہی کے واسطے اسماء حسنیٰ ہیں انکے ساتھ پکارو یہ دوسرا اشارہ ہے اور اس نے تیرا ازل و ابد میں اپنے اسماء کے ساتھ ذکر کیا چنانچہ فرماتا ہے۔ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ آخر آیت تک پھر تجھ کو حکم فرمایا کہ اس کی حمد کے ساتھ اس کا ذکر کر پس تو حیران ہوا اور اس سمندر میں تیری عقل نے غوطہ کھایا کہ وہ کیا اسماء ہیں تب پھر اس نے تجھ کو ہدایت کی اور اسی طرح بتلایا هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ یعنی تجھ کو حکم کیا کہ ان اسماء کا ذکر کر اور اسی بات کی طرف اس آیت میں اشارہ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ تسبیح و صلوٰۃ ایک ہیں۔ اور تسبیح کے معنے حقیقت میں تنزیہ کے ہیں۔ ہر ایک وصف محدث سے پس اسم صلوٰۃ کا بمعنے مسمی کے کچھ فرق کے ساتھ درمیان اسم اور مسمے کے پس تسبیح اللہ کی اس کی تنزیہ کرتا ہے اور یہ بعض دفعہ قول سے اور بعض دفعہ اعتقاد سے ہوتی ہے اور صحت اس تسبیح کی اس وقت ہوتی ہے جب معرفت کا ثبوت ہو جائے اور تفرید میں فنا ہو اور یہ مرتبہ اہل حق کا ہے۔ جنہوں نے اس کو صفات جلال کے ساتھ پہچانا ہے انواع کمال کے ساتھ اس کا وصف کیا ہے پس ربوبیت کو اسی کی طرف وصف کیا ہے اور اپنی ذاتوں کو اس کے سامنے قید عبودیت میں ڈال دیا۔ اور تیری تسبیح اس وقت تک درست نہیں ہے جب تک کہ تو اپنے نفس کو ہر ایک شہوت سے اور اپنے ایمان کو ہر ایک نقص سے اور اپنی عقل کو خواہش سے اور اپنی التفات کو مالوفات سے اور اپنے قلب کو غفلت کی ظلمت سے اور اپنے جسم کو عادات اور مخالفات اور اکل حرام سے پاک نہ کرے گا تب اس وقت تجھ پر ہر ایک اسم ذات و صفات کا جلوہ ہو گا حضرت ابراہیم خواص سے حکایت فرماتے ہیں میں نے اپنے دل سے تمام خواہشیں دور کر دی تھیں صرف ایک انار کی خواہش رہ گئی تھی۔ ایک روز میں ایک بیمار شخص کے پاس سے گزرا جس کے تمام جسم پر بھڑیں لپٹی ہوئی تھیں اور تمام گوشت اس کا کھا لیا تھا میں نے اس شخص کو سلام کیا اس نے مجھ کو جواب دیا اور میرا نام لیا حالانکہ پہلے کبھی اس سے ملاقات کا موقعہ نہ ہوا تھا میں نے اپنے دل میں کہا اگر یہ شخص اولیاء اللہ میں سے ہے تو خدا سے دعا کیوں نہیں کرتا کہ ان بھڑوں سے اس کو نجات دے۔ میرے دل میں یہ خیال آیا اور اس شخص نے کہا کہ غیبت حرام ہے تو خود خدا تعالیٰ سے دعا کر کہ مجھ کو انار کی خواہش سے نجات دے کیونکہ بھڑوں کا جسم کو نوچنا بہتر ہے خواہشوں کے

دل کو توجہ سے ادب اقوال ہے اور بعض بزرگوں نے یہ ادب مثال سے کر تعلیم کیا ہے۔ چنانچہ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ایک نوجوان نے ملاقات کی جو ایک عبا پہنے اور ہاتھ میں پیالہ پانی کی لئے ہوئے تھے۔ اور مجھ سے کہنے لگے کہ میں ایک ایسا شخص ہوں جس نے ورع یعنی پرہیزگاری کا قصد کیا اور وہی وہی چیز کھاتا ہوں جس کو لوگ پھینک دیتے ہیں مگر بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ میرے اٹھانے سے پہلے اس چیز پر چیونٹیاں آجاتی ہیں تو اب میں اس چیز کو کھاؤں یا نہ کھاؤں اور اگر کھاؤں تو مجھ پر اس کا مواخذہ ہے یا نہیں یہ بزرگ کہتے ہیں میں اپنے دل میں یہ خیال کرنے لگا کہ یہ شخص بڑے پرہیزگار ہیں پھر جو میں نے ان کی طرف نظر کی تو دیکھا کہ وہ چاندی کی نشست پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور مجھ سے کہا کہ اے شخص غیبت حرام ہے اور پھر میری نظر سے غائب ہو گئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی آنکھوں کو اللہ تعالیٰ نے روشنی اور ان کے ذکر کو پاک کیا ہے۔

تسبیح کی تعریف و تحقیق

تسبیح تفعیل کے وزن پر ہے مصدر اس کا سبح ہے جس کے معنی آنے جانے کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا یعنے تمہارے واسطے دن میں آمد و رفت بہت ہے اور بعض صوفیہ کہتے ہیں (سبح کے معنی تیرنے کے ہیں) یعنے سر باطن کے ساتھ عجائب ملکوت اور لطائف حقائق جبروت میں سیر کرنا سالک اپنے ذکر کے ساتھ دریائے قلب میں تیرتا ہے اور عارف اپنے سر سے بحر غیب میں اور صدیق اپنے سر سے بحر انوار قدسیہ میں تیرتا ہے وہ انوار جو منیعہ ہیں معانی اسماء سے مگر اور یہ شہود اس کا پورا نہیں جب تک کہ شہود اس کو مخر اور حضوری اس شہود میں عنایت نہ کرے اسی سبب سے سب سے بڑھ کر شہود والے یعنی ہمارے حضور فرماتے ہیں۔ لَآ اُحْصِىْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔ یعنی میں تیری تعریف نہیں کر سکتا جیسے کہ تو نے اپنی آپ تعریف کی اور فرماتے تھے کہ اے اللہ مجھ کو اپنے اندر حیرت میں زیادہ کر۔ اور فرماتے تھے کہ اسماء حسنے میں بجز اسم اللہ کے دوسرا اسم ذات نہیں ہے کیونکہ اسم ذات وہ ہے جو حقیقت کے واسطے وضع کیا گیا ہو بغیر کسی اعتبار کے تاکہ وہ اسم حقیقت پر دلالت کرے۔

اسماء افعال

معلوم ہو کہ اسماء افعال دو قسم ہیں۔ ایک تو وہ ہیں جن کے فعل کا ذکر شرع میں وارد ہوا ہے۔ بغیر اسم کے جیسے سَخِطَ اللّٰهُ وَغَضِبَ اللّٰهُ وَلَعْنَةُ اللّٰهِ وَفَضْلُ اللّٰهِ اور دوسرے وہ ہیں جن کا ذکر شرع میں وارد ہوا ہے یَخْلُقُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ ذٰلِكَ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ اور معلوم ہو کہ حقائق اسماء دو قسم ہیں ایک وہ جس کے واسطے صورت ظاہری نہیں ہے جو کہ اس پر دلالت کرے۔ اور اسی کی طرف حضور کے اس فرمان میں اشارہ ہے کہ اے اللہ میں تجھ سے ہر اس اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تیرا ہے جس کے ساتھ تو نے اپنے تئیں موسوم کیا ہے اور اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا علم غیب میں اپنے اختیار کیا ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس کے واسطے ہمارے پاس صورت ظاہری الفاظ و رقمی ہے۔ یہی

وہ اسم ہے جو ہم کو اس پر دلالت کرتا ہے اور اس کی بھی دو قسمیں ہیں ایک مضمر اور دوسرا مظہر اس کو سمجھو۔

مردان غیب کا اسماء سے رابطہ

معلوم ہو کہ وہ جو ہر شخص کے یا غیر اس کے سند میں طرف کلی یا جزئی کے اسماء الٰہیہ سے اس کو سمجھو کامیاب ہو گے۔ اور معلوم ہو کہ جیسے خدا کے ننانوے نام ہیں ایسے ہی ننانوے مرد ہیں جن کو مردان غیب کہتے ہیں۔ اور جیسے کہ ان اسماء میں ایک اسم ذات ہے ایسے ہی ان مردوں میں ایک مرد ہے جس کو قطب اور غوث کہتے ہیں۔ اور باوجودیکہ کل مردان غیب قطب سے مدد لیتے ہیں۔ مگر پھر بھی ان کو نہیں جانتے اور جو اسم اسم اعظم سے عدد حرفی اور عددی اور کسر میں متفق ہو تو وہ اس شخص کے حق میں اسم اعظم ہوگا۔ اور وہی کام کرے گا جو اسم اعظم کرتا ہے اور میں نے ایک عارف بزرگ سے سنا ہے کہ ہر دعا کرنے والے کے واسطے ایک اسم مخصوص ہوتا ہے اس کی دعا کے مناسب جو اس کے حق میں اسم اعظم کا کام کرتا ہے جیسے کہ حضرت ایوب کے حق میں ارحم الراحمین اور حضرت سلیمان کے حق میں وہاب اور حضرت یونس کے حق میں لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ یہ دعا کرنے والے کی حالت کے مناسب ہے اور یہی قول انسب اور جمہور صوفیہ کا ہے اور شیخ محمد خوارزمی نے حرم مکہ معظمہ میں ۷۸۸ھ میں فرمایا کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسم وتر کو حال و قال میں معلوم کر لیا پس یہی اسم اعظم ہے معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف خفی سے مختلف ترکیب کے اسماء ظاہر کئے تاکہ ہر اسم اس کے علیحدہ علیحدہ افعال پر دلالت کرے۔ اور ہر سالک اپنے لائق مسلک اختیار کر لے۔ پس یہ اسم اعظم اس کے مقصد کے موافق ہوگا اور جب یہ اس اسم کے ساتھ اس کے مناسب وقت میں توجہ قلب کے ساتھ دعا مانگے گا تو ضرور جلد قبول ہوگی۔ اور اسی بات کی طرف اس کلام نبوی میں اشارہ ہے کہ تمہارے دلوں میں نفحات ہیں۔ خبردار پس ان کو تلاش کرو۔ اور نفحات سے مراد وقت کا طلب کے واسطے موافق ہونا اور اسم کا مقصد کے مطابق ہونا ہے یہ وہ راز ہے جو مرسلین اور مقربین پر منکشف ہوا ہے۔

دعائے عمل کے طریقے

دعا میں سر جامع اور سیف قاطع یہ ہے کہ اسم کے عدد کو بغیر الف لام کے جیسے خبیر وغیرہ۔ پھر ان عدد کو ہفتہ کے ایام میں ضرب دو۔ اور حاصل ضرب کے موافق اسم کو ہمت اور صفا باطن کے ساتھ ذکر کرو خالی مقام میں جلد قبول ہوگی۔

اور بعض بزرگان فرماتے ہیں کہ دعا میں سارا راز یہ ہے کہ حروف اسم کے عدد صوری اور رقمی لے کر ان کے موافق ذکر کرو مطلب حاصل ہوگا۔ مثال اس کی اسم اللہ اس کے چار حروف اور ۶۶ عدد ان دونوں کو جمع کیا۔ تو ۷۰ ہوئے۔ پس خالی مکان میں حضور دل کے ساتھ ۷۰ بار ذکر کر کے دعا مانگے حاجت پوری ہوگی۔ معلوم ہو کہ بعض اسم ایسے ہیں جن میں صرف ایک ہی خاصیت ہے اور بعض ایسے ہیں کہ جن میں خاصیتیں ہیں اور بعض اسماء شریک ہیں یعنے ایک معنی کے کئی اسم ہیں لیکن یہ عجیب اور اہم غریب ہے معلوم ہو کہ خاصیت ہر اسم کی مشتق سے ہے اور

تصرف اس کی اس کے مقتضا سے اور یہی سر خاص ہے جس کا دروازہ بجز صالحین کے کسی دوسرے کے واسطے نہیں کھلتا اور جس کے واسطے اس علم کا دروازہ کھل گیا وہ علم آل محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت بڑے حصہ کے ساتھ کامیاب ہوا۔ اور اللہ ہی کھولنے والا ہے۔

خواص اسماء الٰہی

اسماء الحسنیٰ میں سے جس اسم کے حروف دو تہ ہیں۔ وہ تفریق کے واسطے ہے اور جس کے حروف جمع وہ وصل و محبت کے واسطے ہے۔ اور معلوم ہو کہ ہر اسم کے حروف اور اعداد اور وفق ہیں پس جس نے ان تینوں کو جمع کیا اس پر راز منکشف ہو گیا اور ہر اسم کے واسطے عدد روحانی ہے مگر میں اس کی تشریح نہیں کرتا کیونکہ اس میں بہت بڑا خوف ہے اور اگر مجھ کو یہ یقین ہو تا کہ ہر کس و ناکس پر یہ اسرار ظاہر نہ ہوں گے تو ضرور اس جگہ میں بہت سے امور عجیبہ و غریبہ بیان کرتا پس اس دریا میں تیز اگر تیرنے والا ہے۔ اور پل اگر تو چلنے والا ہے اور تھوڑی قیمت (یعنے محنت) کے ساتھ اس دُرِ بے بہا کو حاصل کر ورنہ پھر حسرت کرے گا حالانکہ اس وقت حسرت سے کچھ نفع نہ ہو گا۔

اور تم کو معلوم ہو کہ اسماءؑ اور اذکار کے واسطے شروط عمل بہت ہیں۔ مگر میں ان امور میں سے ان شرائط کو بیان کرتا ہوں جو کل اعمال کے واسطے ضروری ہیں۔ اور ان کو جو بعض اعمال کے واسطے ضروری ہیں۔

ضروری شرائط برائے عمل

جماعت کا لازمی کرنا اور اعتقاد صحیح جو مطابق ہو کشف صریح کے اور طہارت حسی اور معنوی اور ریاضت فکری اسماء کے قائل ہیں اور یقین کامل معرفت اسرار کے واسطے اور تاثیر پر پورا بھروسہ کرنا اور جو شخص پوری تصریف کرنی چاہتا ہے اس کو تمام اسماء کے ساتھ اس کو یہ حاصل کرنا چاہیئے تاکہ ہر ایک اسم اس کو اپنی قوت عنایت کرے اور اسی کے ساتھ اس کو یہ حاصل ہوتا ہے ساتھ تجلی کے اوپر ہر وصف کے اور تفریغ محل کے ہر چیز سے پس جو شخص کسی اسم کی تصریف کرنی چاہتا ہے۔ اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی حضرت کی طرف توجہ کرے مستعد ہونے والا واسطے قبول کرنے اس چیز کے جو اس پر وارد ہوتی ہے اس اسم کے انوار سے اور بجز ان انوار کے اس کے اندر دوسری چیز کی جگہ نہ رہے پھر جب یہ شخص اس مقام میں پہنچ گیا تو اس اسم کی تصریف اس کو حاصل ہو گئی اور جب ایک اسم کے ساتھ اس نے تخلق حاصل کر لیا تو یہ دو بات سے خالی نہیں۔ کیونکہ یا تو یہ اسم اصول کلیہ سے ہو گا۔ تب اس وقت اس اسم کی تصریف کرنے والا یا اس کے ساتھ متخلق ہونے والا مع دیگر اسماء کے ساتھ بھی بحیثیت اشتمال متخلق ہو گا جو اس اسم کے اندر ہیں جیسے کہ حضرت شیخ ابو العباس سبتی سے حکایت ہے کہ آپ اسم جواد کے ساتھ متخلق تھے اور بخشش و سخاوت میں حاتم ... شیخ ... بیدا نی

رات دن میں ستر ہزار ختم کرتے تھے۔ کیونکہ اسم باسط کے ساتھ ان کا تخلق تھا اور اسی طرح تمام بزرگان نے اسماء کے ساتھ تخلق حاصل کیا ہے جیسے کہ حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی اور ابو حامد غزالی اور ابوالحسن عراقی اور ابو عبداللہ کوفی وغیرہم جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اور معلوم ہو کہ خود انسان ہی اسم اعظم ہے جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچانا۔ شیخ ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں ایک روز میں اپنے استاد شیخ عبدالسلام بن مشیش کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے سامنے بیٹھ گیا اور شیخ کا ایک چھوٹا سا بچہ پھر رہا تھا۔ اس کو میں نے اپنی گود میں بٹھا لیا۔ پھر میرے دل میں خیال آیا کہ میں شیخ سے اسم اعظم کی نسبت سوال کروں اس بچہ نے میری ٹھوڑی پکڑ کر کہا کہ اے پچا تم ہی اسم اعظم ہو یا کہا کہ تمہارے ہی اندر اسم اعظم ہے۔ شیخ نے فرمایا بچہ نے تم کو جواب دے دیا اس کو سمجھ لو۔

بعض اعمال کی لازمی شرائط

جگہ اور وقت کی پابندی اور بخور لائق عمل کے روشن کرنا اور عمل کے وقت خاص لباس پہننا جو دوسرے وقت میں اتار دیا جائے۔ اور یہ شرطیں ان کمزور لوگوں کے واسطے ہیں جو کمال کو نہیں پہنچے اور معلوم ہو کہ جو شخص ان شرائط کی پابندی کرے وہ عمل کے واسطے ایک خاص جگہ مقرر کرے۔ جس میں سوائے اس کے دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ اور وہ جگہ اس قدر تنگ ہو کہ بس یہی شخص اس میں اٹھ بیٹھ سکے۔ اس سے زیادہ فراخ نہ ہو۔ اور نہ کوئی روشندان ہو۔ جس میں سے اجالا آ جائے۔ اور آبادی سے اس قدر دور ہو کہ کوئی آواز بھی وہاں نہ پہنچے اور جب بیٹھے تو زمین پر بیٹھے یا زمین سے پیدا ہوئی چیز پر مثلاً بوریا وغیرہ اور جب نیند بہت غلبہ کرے اس وقت سوئے۔ اور اکثر اوقات عمدہ بخورات روشن کرے۔

عزلت کے معانی ایک بزرگ سے کسی نے عزلت کا سوال کیا۔ انہوں نے فرمایا۔ اس کی لغت اس کے معنوں سے بے پرواہ کرتی ہے اور اس کی صورت اس کے محتواے سے غنی کرتی ہے۔ یعنے جس نے عزلت کو اختیار کیا تو یہ سب سے بہتر کام ہے اور اعلیٰ ہے۔

معلوم ہو کہ خلوت ضبط ہے اہل صفوت کے واسطے اور عزلت وصلت کی نشانی ہے اس کو سمجھو اور حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ خاموشی معرفت الٰہی پیدا کرتی ہے اور خلوت سے معرفت دنیا حاصل ہوتی ہے اور بھوک سے معرفت شیطان اور جاگنے سے معرفت نفس بندگان سلف نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ فتح زبانی اور کشف صمدانی اس شخص کو حاصل نہیں ہو سکتا جس کے معدہ میں ذرہ برابر بھی کھانا ہے اور یہی جسمانی ریا کی حد ہے اور اس بات میں اختلاف ہے کہ کس قدر یہ بات حاصل ہو جاتی ہے بعض کہتے ہیں

دوسرے مختصر میں مگر زیادہ مشہور قول یہی ہے کہ چالیس روز میں ہوتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چالیس ہی روز کا حکم فرمایا تھا: تاکہ ان کا معدہ غذا کی کثافتوں سے پاک ہو جائے۔ اور عقل صاف ہو کر روح اور قلب قوی ہو جائیں اور نفس پاک بن جائے۔ پس یہی ارواح کی پاکی ہے اور بزرگان سلف نے ساٹھ روز تک اس کی انتہا رکھی ہے اور انہیں ساٹھ روز میں عجائب ملکوت اور لطائف جبروت اور اسرار ملک اس پر منکشف ہو جاتے ہیں اور عقلوں کی پاکیزگی ستر روز میں ہوتی ہے اور انتظار کرنے والوں کے واسطے یہی مدت ہے۔ اور اسی سے دوبارہ کی پیدائش ہے جو مخصوص ہے انوار اختصاصیہ کے ساتھ پس کوئی ارباب احوال میں سے اس سے گزر نہیں سکتا اور اسرار یہاں ظاہر ہو کر ان پر سے پردہ اٹھ جاتا ہے اور یہی وہ شخص ہے جو فنا کے ساتھ مر کر پھر بقا کے ساتھ زندہ ہوتا ہے اور یہی انسانیت میں صمدانیت کا آخری مرتبہ ہے جس میں اس کے علم اور اقسام تجلیات کا مجموعہ ہے۔

ریاضت و اعمال کی قسمیں

معلوم ہو کہ شہوت طبعی کا مادہ بغیر ایک سال بھوکے رہنے کے معدوم نہیں ہوتا ہے۔ اسرار ریاضیات میں یہی عادت قدیم سے جاری ہے لیکن طبائع کی پاکی کی حد اٹھائیس روز ہیں۔ مگر اسرار صمدانیہ کے سالک کو اکتالیس روز کا چلہ کرنا ضروری ہے اور اہل کمال ایسے شخص کو جس کا نفس خواہشات کی طرف زیادہ مائل ہوتا ہے اپنی خلوتوں سے نکال دیا کرتے تھے کیونکہ ان کو معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ اس کا باطن خراب ہے۔ موارد ربانی اور مواہب ایمانی کی قابلیت نہیں رکھتا۔ بعض لوگ اپنے کھانے میں سے ہر روز ایک کھجور کی گٹھلی کے برابر کم کیا کرتے تھے۔ اور بعض لوگ کم نہ کیا کرتے تھے۔ بلکہ دیر کر کے کھاتے تھے۔ یہاں تک کہ سات سات روز اور دس دس روز اور چالیس چالیس روز میں ایک بار کھایا کرتے تھے اور بعض لوگ اپنے کھانے کے ہم وزن ایک گیلی لکڑی رکھ لیتے تھے اور جس قدر یہ سوکھتی جاتی اسی قدر وہ کھانا کم کرتے جاتے حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جو شخص چالیس روز بھوکا رہا ملکوت میں آتا ہے قدرت اس پر ظاہر ہوتے ہیں ہم نے اسرار سلوک ظاہر کر دیئے اور راستہ واضح کر دیا۔ اس کو تم خوب سمجھ لو۔

نماز کفایہ کی ترکیب

کہ جس وقت تمہارا جی چاہے چھ رکعتیں پڑھ کر بیٹھ جاؤ اور یہ پڑھو۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ پھر اس کے بعد تکبیر کہے اور سجدہ کر کے سات بار سورۂ فاتحہ اور سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر کے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ دس بار [illegible]

وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَبِجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ
پھر جو حاجت ہو اس کو مانگے پھر سر اٹھا لے۔ اور ایک دنبہ بے عیب جیسا کہ قربانی میں ہوتا ہے ذبح کرے اور اگر دنبہ نہ ہو سکے تو بکرا اور بھیڑ بھی کافی ہیں۔ مگر خلوت کی جگہ ذبح نہ کرنا چاہیئے۔ قبلہ رو کرکے۔ اور ذبح کے وقت یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ هٰذَا مِنْكَ وَاِلَيْكَ فَاجْعَلْهُ فِدَائِىْ وَتَقَبَّلْ مِنِّىْ. پھر وہیں ایک گڑھا کھود کر اس کی غلاظت کو اس میں دفن کردے۔ اور گوشت کے ساتھ ٹکڑے کرکے فقراء اور مساکین کو تقسیم کردے یا عمدہ کھانا پکا کر ان کو کھلادے۔ اور سات درہم سات مساکین کو تقسیم کرے تو جس برائی سے خوف کرتا ہے اس سے محفوظ رہے گا۔

وظیفہ عجیب و غریب

اور اب ہم اس فصل کو ایک ذکر عجیب اور ورد غریب کے ساتھ ختم کرتے ہیں جو غلام اس کو پڑھے آزاد ہو جائے اور جو قیدی اس کو پڑھے خلاصی پائے۔ اور جو خائف پڑھے امن حاصل ہو اور جو فقیر پڑھے غنی ہو جائے۔ اور جو ذلیل پڑھے عزت پائے اور اس میں ظالموں کے ہلاک کرنے کی عجیب تاثیر ہے اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ہر ایک شیطان اور سرکش اس کا مطیع ہوگا اور جو اس کو دیکھے گا مطیع ہوگا۔ اور جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے گا۔ اس کا دل اللہ تعالےٰ نور معرفت کے ساتھ زندہ کرے گا اور اس کی جان و مال اور اہل و عیال سب کی حفاظت کرے گا۔ اور جس کے شر سے خوف کرتا ہے اس سے محفوظ رہے گا۔ اور جو بادشاہ اس ذکر کو پڑھے گا اس کا ملک وسیع ہوگا اور حکم جاری ہوگا۔ اور اس میں اسم اعظم ہے اور جو اس کو کسی حاکم کے سامنے پڑھے اس کا غصہ جاتا رہے اس کو پڑھ کر خدا سے جو حاجت مانگے وہ حاصل ہو۔ پس اس اکیلے پوشیدہ راز کو سمجھو اور یہ بہت سے افکار سے بے پروا کر دیتا ہے اور سلاطین و امراء اور صلحاء و علماء اور حکماء کو لازم ہے کہ جمعہ کی پہلی ساعت میں اس کو شروع کریں یا آٹھ کی یا یوم عرفہ کی یا عیدین کی یا عاشورہ کی یا شب نصف شعبان یا ستائیسویں رمضان میں یا ہر ماہ کے غرہ میں یا جس رات میں ہو سکے کوئی سی رات ہو شروع کرے۔ دین و دنیا کی خیر حاصل ہو اور سعادت عظمیٰ نصیب ہو اور وہ ورد یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۱۲۶ بار حَسْبِىَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ہر تین بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۳ بار يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ [illegible] وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِىْ

وسعت كل شيء لا اله الا انت يا غياث المستغيثين اغثني ثم اللهم يا حي يا
قيوم يا ودود يا عليم يا حنان يا منان يا رحيم يا رحمان يا جميل يا عطوف يا كريم
يا رؤوف اسألك باسمك المخزون ان تفيض علي من فيض جمالك الاقدس وكمالك الانفس
جلاء ذاتي اسمائي باقيا على التصرف في النفوس والارواح والاجسام والاشباح ممتزجات
المحبة وشيمات المودة ويا من يفرج عن المحزونين يا انيس المستوحشين اللهم اني
اسألك بسر الالف المعطوف الذي هو محبوب الحروف يا وهاب يا نافع يا تواب اللهم اني
اسألك شوقا يوصلني اليك ونورا يدلني عليك وتلقني بالروح والريحان وفرحني بالامن
منك والرضوان يا باسط يا واحد يا ماجد الله ربي لا شريك له ولا اشرك
به شيئا اللهم من اراد بي بسوء او ضر او شر فاقتل رأسه واعقل لسانه والجم

لہ شروع ہے اللہ کے نام سے جو مہربان اور رحم والا ہے نہیں ہے نیکی اور نہ بدی کی قوت مگر خدا بزرگ و برتر ہی۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد اور ان کی آل واصحاب پر اور سلام بھیج جیسا کہ حضرت ابراہیم اور ان کی آل پر تمام عالموں میں تو نے درود بھیجا بیشک تو حمد والا بزرگ ہے نہیں ہے معبود مگر تو پاک ہے تجھ کو بیشک میں ظالموں میں سے ہوں۔ کافی ہے مجھ کو اللہ اور اچھا کارساز ہے کافی ہے اللہ اسی پر بھروسہ کیا میں نے وہی ہے رب عرش عظیم کا۔ شروع ہے اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں کرتی ہے نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہی ہے سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے عرش مجید والے اے ابتدا اور انتہا کرنے والے اے کرنے والے اس چیز کے جس کا ارادہ کرے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ جس نے بھر دیا ہے تیرے ارکان عرش کو اور تیری قدرت کے ساتھ جو تمام مخلوقات پر رکھتا ہے اور تیری رحمت کے ساتھ جو ہر شے پر وسیع ہے نہیں ہے معبود مگر تو اے غیاث المستغیثین مدد کر میری اے اللہ اے بلند اے زندہ اے دوست اے جاننے والے اے مہربان اے بخشش کرنے والے اے رحیم اے رحمٰن اے بزرگ اے مہربان اے کریم سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے اسم مخزون کے ساتھ یہ کہ ڈالے تو مجھ پر اپنا فیض جمال اقدس اور کمال نفس سے اور میری ذاتی اور اسمائی تو انائی بیاں تک کہ تصرف کروں میں نفسوں روحوں اور جسموں میں ساتھ آمادگی محبت اور مودت کے اے وہ ذات جو غمگینوں سے غم دور کرتا ہے اور اے انیس وحشت زدوں کے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سر الف کے ساتھ جو معطوف ہے جو محبوب حروف ہے اے بخشنے والے۔ اے نافع اے توبہ قبول کرنیوالے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس شوق کا جو مجھ کو تیری طرف پہنچائے اور نور جو تیرا راستہ مجھ کو بتائے اور ملائے مجھ کو روح وریحان اور فرحت دے مجھ کو اپنے امن سے اور رضامندی سے اے کشادہ کرنیوالے اے واحد اے ماجد اے اللہ میرے رب نہیں ہے اس کا شریک اور نہ میں اس کے ساتھ شریک کرتا ہوں کسی چیز کو اے اللہ جو میرے ساتھ برائی اور شر کا ارادہ کرے اس کا سر توڑ دے اور اس کی زبان بند کر دے اور میری اس کے لگام دے [illegible] اس کے لئے دائم

فَاِنَّهٗ وَلِيُّ كَيْدِهٖ وَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ يَا دَآئِمُ يَا حَمِيْدُ يَا مُجِيْبُ يَا مَجِيْدُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِالسِّرِّ الْجَامِعِ وَالنُّوْرِ السَّاطِعِ اَنْ تَهَبَنِيْ فُرْقَانًا مِّنْكَ
تَشْرَحُ بِهٖ صَدْرِيْ وَتَرْفَعُ بِهٖ قَدْرِيْ اَنْتَ وَجْهِيْ وَرَجَائِيْ وَاِلَيْكَ الْمَرْجِعُ وَالْمَنَاجِيْ تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ
وَتَرْحَمُ الْفَقِيْرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْعَظِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ
وَاِسْرَافِيْلَ وَعَزْرَآئِيْلَ وَاِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ عَافِنِيْ وَاعْفُ عَنِّيْ وَلَا تُسَلِّطْ
عَلَيَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ يَا اَللّٰهُ بِشَيْءٍ لَا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ يَا سَمِيْعَ الدُّعَآءِ يَا مُجِيْبَ النِّدَآءِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ
اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا
اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مُمْسِكُ
السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّشَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
اَمَانًا مِّنَ الْفَقْرِ وَاَمَانًا مِّنَ الرِّدَّةِ وَاَمَانًا مِّنَ الذَّمِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْهَمِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْغَمِّ وَاَمَانًا
مِّنَ الذُّلِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْجَهْلِ وَاَمَانًا مِّنَ الْفِتَنِ وَاَمَانًا مِّنَ الْخَسْفِ وَاَمَانًا مِّنَ الرَّجْفِ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ

اے حمید اے مجیب اے مجید بحرمت محمد علیہ السلام کے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ سر جامع اور نور ساطع کے یہ کہ
بخش مجھ کو فرقان اپنے پاس سے جو کھول دے سینہ میرا اور بلند کرے قدر میرا تو میرا قبلہ اور سہارا ہے اور تیری ہی طرف رجوع
اور التجا ہے جبر نقصان کرتا ہے تو شکستہ کا اور رحم کرتا ہے تو فقیر پر نہیں معبود مگر اللہ علم اور بزرگی والا نہیں ہے معبود مگر اللہ
رب عرش عظیم کا نہیں ہے معبود مگر اللہ رب آسمانوں اور زمین کا اور رب عرش کریم کا اے اللہ رب جبرئیل و میکائیل و اسرافیل
و عزرائیل اور ابراہیم و اسمٰعیل اور اسحاق و یعقوب کے عافیت دے مجھ کو اور معاف کر مجھ کو اور مت کر مجھ پر کسی کو اپنی مخلوق
میں سے اے اللہ کسی چیز کے ساتھ جس کی مجھ کو طاقت نہ ہو اے سننے والے دعا کے اے قبول کرنے والے ندا کے پس عنقریب کافی ہے
تجھ کو ان سے اللہ اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے توکل کیا ہے میں نے اس زندہ پر جو نہیں مرتا ہے اور حمد ہے اس اللہ
کی جس کے بیٹا نہیں ہے اور نہیں ہے شریک اس کا ملک میں اور نہیں ہے ولی اس کا ذلت سے اور تکبیر کہہ اس کی تکبیر
کہنا اللہ اکبر اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے ان چیزوں سے جن سے خوف کرتا ہوں میں اور حذر کرتا ہوں میں اور پناہ
مانگتا ہوں اس اللہ کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ روکنے والا ہے آسمانوں کا اس بات سے کہ گر پڑیں زمین پر مگر اس
کے حکم سے ہر ایک جبار سرکش اور شیطان مردود سے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے امان کا فقر سے اور امان کا
ارتداد سے اور امان کا مذمت سے اور امان کا رنج و غم اور امان کا ذلت سے اور امان کا جہالت سے اور امان کا فتنوں

عاقبتنا في الأمور كلها وأجرنا من خزي الدنيا وعذاب الآخرة اللهم إني أسئلك
بمحمد السيد الكامل الفاتح الخاتم نور أنوار المعارف وسر أسرار المعارف و
صفوتك من خلقك وسر علمك ومرآة ذاتك ومظهر صفاتك وأسئلك بنور وجهك وبساط رحمتك
وبالسبع المثاني وأسرارها المتصلة منك يا الله يا أحد يا صمد يا حي يا قيوم
أن تهبني من علمك عقلا ومن حياتك روحا ومن إرادتك حكما ومن قدرتك فعلا ومن
كلماتك لسانا ومن سمعك فهما ومن بصرك كشفا ومن إحاطتك قياما وأقمني منك
بك بسر تخضع له أعناق المتكبرين وتنقاد إليه نفوس الجبابرة فلك الحمد يا رب على
كل بداية ولك الشكر على كل نهاية إنك أنت الغني الحميد اللهم أقمني على ترادف
رحمتك بمنك واحمني بحمايتك من حفظك وصونك ورد آني برداء الهيبة وأجلسني على سرير
العظمة وتوجني بتاج البهاء واضرب على سرادقات الحفظ وانشر علي لواء العز ويسر لي الرزق واملأ باطني
مخافة ورحمة وظاهري عظمة وهيبة وملكني ناصية كل جبار عنيد وشيطان مريد
واعصمني من الخطأ والزلل وأيدني في القول والعمل اللهم إني أسألك بك وبما اشتملت
عليه ذاتك مما لا يعلمه أحد سواك أن تصلي على سيدنا محمد الذات المحمدية و

سے اور اولی کا حسبت سے اور امان کا رحمت سے اے اللہ انجام اچھا کر ہمارا کاموں میں اور بچا ہم کو ذلت دنیا اور آخرت سے اے اللہ
سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بطفیل محمد سید کامل فاتح خاتم انوار معارف کے نور اور اسرار معارف کے راز اور تیرے برگزیدہ خلق اور تیرے
علم کے اور تیری ذات کے آئینہ کے اور تیری صفات کے مشہد اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ اور
بساط رحمت کے ساتھ۔ اور رسالہ سبع ثمانیہ کے اور ان کے اسرار کے جو تجھ سے متصل ہیں۔ اے اللہ اے یکتا اے بے نیاز اے زندہ
یہ کہ بخشے تو مجھ کو اپنے علم سے عقل اور اپنے حیات سے روح اور اپنے ارادہ سے حکم اور اپنی قدرت سے فعل اور اپنے کلموں
سے زبان اور اپنی سماعت سے فہم اور اپنی بصارت سے کشف اور اپنے احاطہ سے قیام اور عنایت کر مجھ کو اپنے پاس بھید جس کے
سامنے جھکیں متکبروں کی گردنیں اور مطیع ہوں نفس جباروں کے پس تجھ ہی کو ہے حمد اے رب اوپر ہر ہدایت کے اور تجھ ہی کو ہے
شکر اوپر ہر عنایت کے بیشک تو غنی حمید ہے اے اللہ مجھ کو سلا فراخی رحمت پر اپنے احسان سے اور حفاظت کر میری ساتھ اپنی
حفاظت کے اور اوڑھا مجھ کو چادر ہیبت کی اور بٹھا مجھ کو تخت ہیبت پر تاج عزت کے ساتھ اور ڈال مجھ پر پردے حفاظت
کے اور پھیلا مجھ پر جھنڈا عزت کا اور آسان کر میرے واسطے رزق اور بھر میرے باطن کو اپنے خوف اور رحمت سے اور ظاہر کر
میرے عظمت اور ہیبت سے اور مالک کر مجھ کو پیشانی کا ہر ایک جبار اور سرکش اور شیطان مردود کی اور بچا مجھ کو خطا اور لغزش سے
اور قوت دے مجھ کو قول اور عمل میں اے اللہ مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرے ساتھ اور [illegible] مشتمل ہے جس کو تیری

اللطيفة الاحمدية شمس سماء الاسرار ومظهر الانوار وقطب فلك الجمال ومركز مدار الجلال اللهم
انى اسئلك بسره لديك وبسيره اليك ان تؤمن خوفى وتقيل عثرتى وتذهب حرصى وحزنى
وتكمل نقصى وتجذبنى اليك وترزقنى القناعة ولا تجعلنى مفتونا بنفسى محجوبا بحسى
وتكشف لى عن كل سر مكتوم يا حى يا قيوم واكفنى بلطف ترتاح اليه ارواح الاولياء و
تنبسط له نفوس السعداء فلك المجد الاوسع والملك الاجمع اللهم انى اسئلك بكل اسم
سبق فى علمك انك لا تمتنع من السوال به طالبا ولا ترد من سال به خائبا اسئلك ان تقضى
حاجتى فيما اريد وان تعطينى بحسن العاقبة انك تعلم ما اريد وبيدك مقاليد الامور وانت
على كل شئ قدير اللهم انى اسئلك واتوسل اليك بسم الله الرحمن الرحيم ان تفيض على
من ملابس انوارك ما يرد عنى ابصار الاعداء خاسئة وايديهم خاسرة وان تكسونى حلل
ما اكايل بهجة منك ترتاح اليها ارواح المدركين وتتخشع لها ابصار الناظرين وتيسر بها
اسرار العارفين انك انت علام الغيوب ومعلمها وكاشف الاسرار
ومفهمها فلك الحمد والنعم وبيدك الخير والنعم اللهم
صل على انبيائك والمرسلين وملئكتك المقربين واوليائك

سوا کوئی نہیں جانتا یہ کہ درود بھیجے تو ہمارے سردار حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جن کی ذات محمدیہ اور لطیفہ احمدیہ سے آفتاب ہیں
آسمان اسرار کے اور مظہر ہیں انوار کے اور قطب ہیں فلک جمال کے اور مرکز ہیں مدار جلال کے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ راز ان کے جو
تجھ سے ہے اور ساتھ ان کے کے جو تیری ذات ہوا ہے کہ امن دے تو مجھ کو خوف سے اور دور کر میری مشقت کو اور دفع کر میرے حرص اور غم کو اور
پورا کر میرے نقصان کو اور دے لے مجھ کو اپنی طرف اور دے مجھ کو قناعت اور مت کر مجھ کو فتنہ میں نفس کے محجوب کے ساتھ حواس کے اور کھول دے
میرے واسطے ہر ایک راز پوشیدہ ملے زندہ اے قائم اے کفایت کر مجھ کو ساتھ ایسے لطف کے کہ راحت حاصل کریں اس کی طرف روحیں
اولیاؤں کی اور خوش ہوں اس کے واسطے نفس نیکوں کے پس تیرے ہی واسطے بزرگی وسیع اور ملک تمام اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے
تیرے ہر علم کے ساتھ جس نے سبقت کی تیرے علم میں بے شک تو انکے ساتھ سوال کرنیوالوں کو محروم نہیں رکھتا ہے اور جو انکے ساتھ سوال
کرے تو اس کو رد نہیں کرتا ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری حاجت پوری کر جو میں ارادہ رکھتا ہوں اور حسن انجام مجھ کو عنایت کر
بیشک تو جانتا ہے جو میں ارادہ رکھتا ہوں اور تیرے ہی پاس خزانوں کی کنجیاں ہیں اور تو ہر چیز پر قادر ہے اور اے اللہ میں تجھ سے
بطفیل بسم اللہ کے سوال کرتا ہوں کہ ڈالدے مجھ پر لباس اپنے انوار کے جو دور کریں مجھ سے نظر دشمنوں کی ذلت کے ساتھ اور ہاتھ ان کے
ناکامیابی کے ساتھ اور یہ کہ پہنا تو مجھ کو عمدگی اور تازگی جس کی طرف ادراک کرنے والوں کی روحیں کوشش کریں اور تحسین کریں واسطے اسکے
آنکھیں ناظرین کی اور رسیہ کریں ساتھ اسکے اسرار عارفوں کے بیشک تو علام الغیوب ہے اور بتلانے والا انکا ہے اور اسرار کھولنے والا اور

الصالحين وعلى اهل طاعتك اجمعين وبلغهم سلامنا وتحيتنا وبلغنا منهم شفاعتهم بسؤالنا و
اللّٰهم انى صرفت رجائى الى وجهك الكريم واحسنت ظنى فى عفوك العظيم فارحمنى
وارحم والدى وذريتى والمسلمين ولا تصرف رجائى عن وجهك خائبا ولا
تجعل حسن ظنى فى عفوك ردا اللّٰهم كيف تصرفه عن بابك خيبة ولقد امرتنا
بمسئلتك يا ارحم الراحمين اللّٰهم انى اسئلك ان ترحمنى اذا انقضى اجلى وانقطع
عملى ونسى كفنى وفارقت سكنى يا رب الارباب يا مسبب الاسباب
يا مفتح الابواب ويا كاشف العذاب مسنى الضر وانت ارحم الراحمين بسم الله الشافى
بسم الله الكافى بسم الله المعافى الٓمٓ الٓمٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ طٰسٓمٓ طٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ والله خير
حافظا وهو ارحم الراحمين لا اله الا الله۔

ایک ہزار بار یا لطیف ۱۲۹ بار یا کافی ایک سو گیارہ بار یا حلیم ۹۸ بار یا مجیب ۵۵ بار یا سلام ۱۳۱ بار یا حفیظ ۹۹ بار
پھر اس کے بعد جو دینی یا دنیاوی حاجت ہو اس کے واسطے دعا مانگے قبول ہوگی۔ یہ دعا ایک بہت بڑا اسرار ہے
اس کو پوشیدہ رکھو اور نا اہل کو مت سکھاؤ۔ وصلی اللّٰہ علیٰ سیدنا محمد النبی الامی وعلیٰ
اٰلہٖ وصحبہٖ وسلم۔

۱۴۔ اسماء حسنیٰ اور ان کے نافع نقوش

یہ فصل ایک لؤلؤ مکنون ہے جو وادی صفا سے دوستان باوفا کے واسطے صادر ہوا ہے خصوصاً صوفیا کرام
جو بھوائے شوق پر سوار ہیں اور ذوق کے پروں سے اڑ کر ان علوم وہبی اور رسوم فتحی اور رقوم ہندی اور لطائف حرفی
اور معارف عددی اور اسماء نورانی اور حقائق عرفانی کی سیر حاصل کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اسماء الٰہی اس نظر سے

کیا سکے والا ہے پس تیرے واسطے حمد و ثنا ہے اور تیرے ہی ہاتھ میں خیر و نفع ہے اے اللہ درود بھیج اپنے انبیاء اور مرسلین پر اور ملائکہ
مقربین پر اور اولیاء و صالحین پر اور تمام اہل طاعت پر اور پہنچا ان کو سلام ہمارا اور تحیہ ہمارا اور پہنچا ہم کو شفاعت ان کی ہمارے سوال اور آرزو سے اے اللہ
میں نے اپنی امید کو تیری ذات بزرگ کی طرف متوجہ کیا ہے اور عمدہ کیا ہے میں نے اپنے گمان کو تیرے عفو عظیم میں پس رحم کر مجھ پر اور میرے ماں باپ پر
اور بخش مجھ کو اور مسلمانوں کو اور مت پھیر میری امید کو اپنی ذات سے محروم اور نہ کر میرے حسن ظن کو اپنی معافی سے جھوٹا اے اللہ ہم کس طرح تیرے در سے
نا کامیاب جائیں حالانکہ تو نے ہم کو دعا کا حکم کیا ہے اے ارحم الراحمین اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ رحم کر مجھ پر جب میرا وقت آخر ہو اور عمل
میرا ختم ہو اور میں اپنا کفن پہنوں اور اپنی جگہ سے جدا ہوں اے رب الارباب اے مسبب الاسباب اے آزاد کرنیوالے گردنوں کے اور اے کھولنے والے عذاب
کو مجھ کو نقصان پہنچا اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا ہے۔ اللہ شافی کے نام سے شروع ہے۔ اللہ کافی کے نام سے شروع ہے۔ اللہ
معافی کے نام سے پس اللہ بہتر حافظ ہے اور بڑا مہربان ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ

جو کتاب و سنت میں وارد ہیں یا بصیغہ اسم ہیں یا بصیغہ فعل۔ مگر اس سے بھی اسم مشتق ہے اور اہل کشف جو حقائق اسمار پر مطلع ہوئے ہیں وہ بہت کثرت کے ساتھ ہیں کیونکہ جب ہم نے قاہر اور قہار اور شاکر اور شکور دونوں اسموں کو عدد کیا تو یہ تین سو اسم اور بعض کہتے ہیں چھ ہزار اسم تک پہنچتے ہیں اس اشارہ سے غرض اختصار اور اس علم مکنون کی طرف ایماء کرنا ہے واسطے تنبیہ طالبین اسکے کے جس شخص کے نصیب میں اس علم کا کچھ حصہ ہو اس کو لازم ہے کہ خلوت میں بیٹھ کر سلوک کے منازل طے کریں۔ اور اخلاق مذمومہ چھوڑ کر اخلاق محمودہ سے آراستہ ہوں۔ تب اس وقت وہ اس علم کے موضوعات سے واقف ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ یعنے پس نہیں جانتا ہے کوئی نفس اس چیز کو جو ان کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک سے پوشیدہ رکھا گیا ہے بدلہ اس کا جو وہ عمل کرتے ہیں پس اسی واسطے تو ننانوے نام کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ اور پہلے ان کو مجموعی صورت سے ذکر کرکے پھر فرداً فرداً تشریح کروں گا پس میں کہتا ہوں ترمذی نے ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان کو احصار کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور وہ یہ ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ . . .
الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِیْفُ
الْخَبِیْرُ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ الْحَفِیْظُ الْمُقِیْتُ الْحَسِیْبُ الْجَلِیْلُ
الْكَرِیْمُ الرَّقِیْبُ الْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَكِیْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِیْدُ الْحَقُّ الْوَكِیْلُ الْقَوِیُّ
الْمَتِیْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الْمُحْصِیْ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ
الْاَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِیْ
الْمُتَعَالِیْ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الْمُقْسِطُ . . .
الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِیْ الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِیْ الْبَدِیْعُ الْبَاقِیْ الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ

پس یہ ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرے جنت میں داخل ہوگا۔ حضور علیہ السلام نے ان کا احصار کیا ہے اور ذکر کے ساتھ ان کو مخصوص کیا ہے کیونکہ یہ اسماء ان معانی پر مشتمل ہیں جو جنت کے درجے ہیں اسلئے اسی واسطے فرمایا کہ جس نے ان کا احصار کیا وہ جنت میں داخل ہوگا اور حضور علیہ السلام کے نام مبارک جو پورے سو ہے وہ ان کے ساتھ ذکر نہیں کیا گیا کیونکہ وہ درجات جنت کا وسیلہ ہے جو سوائے حضور کے بندگان خدا میں سے اور کسی کو لائق نہیں ہے۔ معلوم ہوا کہ جو شخص خزانے میں داخل ہوا اور پھر ناکامیابی کے ساتھ وہاں سے باہر نکلا وہ آتش حسرت سے جل کر مر گیا اور حسرت سے وہاں جاتا چلا جا سکا پھر مفلس ہو گیا خود

عَلٰی نَفْسِهٖ فَلْیَبْكِ مَنْ ضَاعَ عُمْرُهٗ ۔۔۔ وَلَیْسَ لَهٗ مِنْهَا نَصِیْبٌ وَّلَا سَهْمٌ

پیچھے اپنی جان پر وہ شخص روئے جس کی عمر ضائع ہوئی اور کچھ حصہ اُس نیکی سے اس کو نہ ملا۔ پس نہایت حسرت اور افسوس ہے اس پر جس نے اپنی غفلت و سستی میں ترقی اور زیادتی کی اور اپنے زمانہ کی نعمتوں سے پیچھے رہ گیا خدا کے ہاں اس کا نقصان ظاہر ہو گیا اور لوح مقربین سے اس کا نام مٹ گیا۔ اس کو کچھ ہدایت پاسکے گا۔

اسم لا الٰہ الا ہو کے فوائد

اگر تم کہو کہ الٰہ کو اسماء میں کیوں شمار نہیں کیا گیا میں کہتا ہوں حضور علیہ السلام نے اس کو اسماء میں شمار نہیں کیا ہے بلکہ جس طریقے سے کہ وارد ہوا ہے توحید پر اسی پر جاری رکھا ہے اور محقق اس اسم کو مستقل اسم قرار نہیں دیا بلکہ ہو اللہ الذی لا الٰہ الا ہو سارا اسم ایک ہے اور اس میں ایک راز ہے جس کو اہل بصائر جانتے ہیں۔ اور اسم ہو ضمیر غائب ہے اور یہ اسماء الٰہی میں سے خاص ترین اسم ہے کیونکہ غیبت حقیقت اسی کے واسطے ہے۔ اس لئے کہ عقل اس کا تصور نہیں کر سکتی اور نہ وہم اس کو محدود کر سکتا ہے اور یہ اسم ذات ہے باعتبار احاطہ غیبی اور اطلاق کے کل قیود اور اوصاف سے جو موجب تعدد نہیں اور یہی اسم فاتحۃ الاسماء اور ام کتاب ہے اور یہ اسم بڑا جلیل القدر اور یہی اسم اعظم ہے۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پس اس کے دل میں سوائے اس کے اور کوئی خطرہ پیدا نہ ہو گا۔ اور اللہ تعالے کشف کا دروازہ اس پر مفتوح کریگا اس کی استعداد کے موافق اور اسم اسماء مخصوصہ بالمتولین میں سے ہے عدد اس کے ۱۱ ہیں اور یہ پوتھا عدد ہے اور یہی عدد اس کے مقتضیات میں سے ہے۔ پس اسی واسطے پانچواں عدد فرد ہے۔ اور وہ عدد ثانی ہے کیونکہ وہ جامد ہے بغیر اشتقاق کے اور اس کے حروف کے اسماء اسم واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا اس طرح ہے۔

۱۲۱	۱۲۸	۱۲۳
۱۲۶	۱۲۴	۱۲۲
۱۲۵	۱۲۰	۱۲۷

ایک مربع اس کا سہ در سہ ہے جہت شفع سے اور مربع چہار در چہار ہے۔ جہت عدد وتر سے اور مسدس مثلث اس کا حروف ہا سے ہے جو شخص اس مثلث کو شرف زحل میں چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے پہنے تمام روحانی اس کی اطاعت کریں گے اور

ماجد	حفی	منجی
عزیز	عدل	بیبی
کہف	منجد	داقی

جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے۔ وہ ہیبت والا ہو گا۔ اور اگر کوئی عارف اس کا ذکر کرے گا تو روحانی اس سے گفتگو کریں گے مگر یہ بات روزہ اور ریاضت کے بعد ہوتی ہے اس وقت یہ ان سے جو چاہے سوال و جواب کر سکتا ہے اور عدد لفظی اسکے ۲۷ اور رقمی ۲۶ ہیں اور یہ اسم ان اسماء میں سے ہے جو شفع و وتر کے جامع ہیں اور ۲۳ معنا ہیں واسطے دخول وافر کے ہا میں اور مربع اس کا ... کی صفت پر ہے۔

ہمزہ	لام	الف	ہا
۸	۱۱۰	۷۴	۵۶
خشی	باقی	اول	مبین

ط	لو	ما
۸	۸	لی
ع	ح	یہ

۱۔ خواص اسم اللہ بالاتفاق یہی اسم اعظم ہے اور فقط ذات باری کا نام ہے معنے اس کے سردار کے ہیں اور یہی اسم ذات ہے اور باقی کل اسماء اس کی صفات ہیں مگر یہ کسی اسم کی صفت نہیں ہے۔ جو شخص اس کا ذکر کرے کوئی شخص بسبب زندگی کے اس کو دیکھ نہ سکے۔ جو شخص اس کو شرف زحل میں کسی پاک چیز پر لکھ کر جلائے ہر ایک شیطان خبیث جل جائے اور سخت سردی میں اس کا ذکر کرے تو سردی کے الم سے محفوظ رہے اور بلغمی بخار والا اگر اس کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے تو فوراً بخار جاتا رہے اور اگر ہرن کی جھلی پر جب کہ آفتاب برج اسد میں ہو تو لکھ کر تین سو ستر بار اس کا ذکر کرے پھر جس پانی پر ہاتھ رکھے وہ خشک ہو جائے گا مگر صاحب حال ہونا شرط ہے اور جو اس کی قدر کو پہچانے گا۔ وہ اس کے سوا ہر ایک چیز سے غنی ہو جائے گا کیونکہ یہی وہ اسم اعظم ہے جس کے ساتھ دعا کی جائے۔ تو قبول ہو۔ اور جو مانگا جائے مل جائے۔ چنانچہ اسی سبب سے اس کے قوائے ظاہری اسم مجیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہی پہلا اسم اسماء مظہرہ میں سے ہے اور جامع ہے حقائق کے واسطے اور مشتمل ہے اس کے دقائق پر اور اس کا خمس جلیل القدر ہے جو اس کو لکھے اور اپنے پاس رکھے کوئی کام اس پر مشکل نہ ہوگا اور کل سختیاں آسان ہوں گی۔ اور یہ ذکر اکابر مولہین کا ہے اہل خلوات میں سے ہے اور جس کا نام محمد ہے اس کے واسطے یہ ذکر مناسب ہے اس طرح اللہ اللہ کیونکہ حضور فرمایا کرتے تھے۔ اللہ اللہ ربی لا اشرک بہ شیئا اور جس کا نام عبداللہ ہے اس کے واسطے بھی مناسب ہے اس کے عدد لفظی ۶ ہیں اور عدد رقمی ۹۹ ہیں اور اسماء حروف ۲۶ ۲ وہ بزرگ اسماء کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔۔

۱۸	۱۵	۲۳	۱۴	۱
۱۲	۴	۱۶	۸	۱۵
۶	۲۴	۱۵	۲	۱۶
۵	۱۷	۹	۲۳	۱۲
۲۱	۷	۳	۲۰	۷

(۲) اسم رحمٰن برائے حل المشکلات اس اسم شریف کا مربع ۵۵۵ ہے جو شخص اس کو مع داخل کے ساتھ شرف زحل میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی میں رہے گا اور جو اس کو دیکھے گا نرم ہوگا اور بہت نعمتیں اس کو حاصل ہوں گی اور اگر اس کو پانی میں گھول کر گرمی کے بخار والے کو پلائے تو فوراً جاتا رہے اللہ تعالیٰ اس پر نظر عنایت کرے اور جس کا نام عبدالرحمٰن ہو اس کے واسطے اس کا ذکر کرنا مناسب ہے اور جو اس پر مواظبت رکھے اس پر مہربانی ہو گی ہر حال میں صورت اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ن	ا	م	ح	ر
۳۸	۱۱	۱۹۸	۲۸	۴
۱۹۶	۵۱	۲	۲۱۰	۹
۵	۲۱	۷	۹۹	۴۹
۶	۲۹	۴۷	۳	۲۷

حضرت خضر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز بعد نماز عصر کے غروب آفتاب تک یا اللہ یا رحمٰن ذکر کرتا رہے اور دعا مانگے قبول ہوگی اس کے عدد ۹ [illegible] ۳۰ اسم مبتی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

برحیثیت رقم سے ہے لیکن حیثیت لفظ سے اس کے عدد ۳۹ ہیں اور یہ عدد فرد ناقص ہے اجزاء اس کے ۱۰۲ اسم آلہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسکے اسمار حروف ۳۹ اسم مبدع اور فاطر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

اسم رحیم برائے قبولیت دعا و شفائے امراض

اس اسم جلیل القدر کا مربع ۴ در ۴ ہے سرندا عمل کے ساتھ اور اس کا عامل کل احوال میں ملطوف رہتا ہے اور کثرت سے اس کا ذکر کرنے والا مستجاب الدعوات ہوتا ہے اور یہ اسم حوادث زمانہ سے امان ہے اور اس کے واسطے بستر وقت شرف قمر کا ہے اور کل گرم بخاروں کو نفع کرتا ہے اور اس کے ساتھ یہ آیت بھی لکھنی چاہیئے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ آخر تک جس کا نام ابراہیم ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے اور اس کے ساتھ اسم مطہر کو بھی ملائے۔ عدد اس کے ۲۵۹ ہیں اور یہ زوج فرد مستطیل مرکب ہے مثلثے الطیف اور خلف بدیع اور مسدس اول اور یہ عدد زائد ہے اجزا اس کے ۲۱۹۔ اسم کریم کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسمار حروف اس کے ۳۱۲۔ اسم یا بصیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں مع یاد تداد کے صورت اس کی یہ ہے۔

م	ی	ح	ر
۲۱	۳۱	۳۹	۱۱۰
۲۰۲	۲	۸	۳۸
۹۰	۳۷	۲۲	۹

۸۵	۱۰	۷۲
۸۴	۸۶	۸۸
۸۹	۸۳	۸۷

معلوم ہو کہ اسم رحمٰن و رحیم مضطر اور خوف زدہ کے واسطے اعلیٰ ہیں جو شخص جمعہ کے روز آخر دن میں انگوٹھی پر ان کو نقش کرکے پہنے کل کام اس کے درست ہوں۔

(۴) خواص اسم ملک

یہ ذکر بادشاہوں کے مناسب ہے اور اس کا مربع ۳ در ۳ سونے کی تختی پر آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ کے ساتھ نقش کرکے اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو کیونکہ یہ اسرار جلیلہ میں سے ہے اور جس کا نام عبد الملک ہو اسکے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے صورت یہ ہے۔

۲۹	۲۴	۲۷
۲۸	۳	۳۲
۲۳	۲۶	۳۱

اور جب اس کی مثلث عددی کو سونے کے ورق پر لکھ کر انگوٹھی میں رکھ کے اوپر سے یاقوت کا نگ جڑائے پھر اس کو پہن کر جس حاکم کے پاس جائے وہ اس کی طرف نظر بھی نہ کر سکے اور بہت خاطر سے پیش آئے۔ حکیم افلاطون نے یہ بھی سکندر ذوالقرنین کے واسطے تیار کیا تھا جس کے اثر سے شیر اسکے سامنے سے بھاگتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ....

م	۱۳	۳۷
۲۷	ل	۲۳
۳۳	۴۷	ک

اور عدد اس کے ۹۰ ہیں۔ حسب اور یہ حقائق حروف میں سے ہے اور اسمار منظومہ میں سے موافق مراتب عدد کے اور روئے تنزیل کے اور یہ زوج فرد مستطیل ہے اجزا اس کے ۱۴۴ ہیں جو اسم الباقی کی طرف مع الکاف کے اشارہ کرتے ہیں اور اسمار حروف

اس کے ۱۶۲ اسم مجیب الدعوت کی طرف اشارہ کرتے ہیں
اور بعض نے اس کا نقش اس طرح وضع کیا ہے۔۔۔۔۔۔

ق
هو
المهیمن
ملاذ
هو
هو
ملاذ
ودود
حی
ی

۵۔ فوائد اسم قدوس

اس اسم جلیل القدر کا جو شخص کثرت کے ساتھ ذکر کرے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تو اللہ تعالےٰ اس سے ہر ایک بری خواہش کو دور کر دے گا اور اگر اس کے مثلث عددی کو مربع حرفی کے اندر اس طرح سے کہ وہ اس کا احاطہ کرلے شب جمعہ کو شب مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ اس سے برے اخلاق دور کر کے اچھے اخلاق سے اس کو آراستہ کرے اور لوگوں میں محبوب ہو اور سب اس کی تعریف کریں اس کا ذکر اس کو مناسب ہے جس کا نام عبدالقدوس ہے عدد لفظی اس کے ۲۷۰ ہیں اور رقمی ۱۷۰ ہیں اور یہ من کل الوجوہ اسم اسماء عظیمہ شفعیہ میں سے ہے اور یہ عدد لفظی زوج فرد مستطیل ہے صورت اس کی یہ ہے۔ اور اجزا اس کے۔۔۔۔ ۱۷۶ اسم موسع کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس کے عدد رقمی بھی زاید ہیں جو اسم ۲ میں اور آلہ اور رقیب دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

س	و	د	ق
۱۰۲	۱۰۱	۵۹	۷
۳	۱۰	۵	۵۸
۵	۵۷	۱۰۳	۹

۶۔ اسم سلام برائے حفاظت

اس اسم کو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا وہ کبھی کوئی برائی نہ دیکھے گا۔ اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے گا وہ ہر ایک آفت سے سلامت رہے گا اور اس کے ذکر میں اہل ہدایات و تجلیات کے واسطے بہت اسرار ہیں اور اگر خائف اس کا ذکر کرے تو خوف سے اس کو امن ہو عدد اس کے ۱۳۱ ہیں اور یہ پہلے عدد ہیں جو اسم کافل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۳۹۲ ہیں رحمٰن اور عزیز دو اسماء کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور جس کا نام محمد ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے صورت اس کی یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

م	ا	ل	س
۳۱	۵	۲۷	۴
ح۸	۳۲	۳	۲۸
۲	۳۹	۶	۲۹

اگر وتر سلام کو ایک عدد کے ساتھ شفع کر لیا جائے تو یہی اسم محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے اور وہ قلب عالم ہے جیسا کہ یٰسین کا قلب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ یہ آیت بڑی جلیل القدر ہے اور اسی میں اسم اعظم ہے۔ اور اس کا ایک بہت بزرگ نقش بھی ہے جو کوئی اس کو شرف مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق میں مقبول ہو اور دین و دنیا کے کام اس کے آسان ہوں۔

۷۔ اسم مومن برائے رفع حاجات

معلوم ہوا کہ اس اسم عظیم الشان کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے اس کی حاجتیں پوری ہوں گی اور سب دعائیں قبول ہوں گی۔ اور جس شخص کو

دسواں اس کا عارضہ ہو وہ سونے کی نا چاندی کی تختی پر اس کے مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عارضہ اس کا جاتا رہے اور جو اس کے ذکر کی کثرت کرے جھوٹ بولنے سے محفوظ رہے اور اگر اس کے مربع کو شرف مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو اور بہت تعجبیں ہاتھ آئیں جس کا نام عبدالمومن ہے اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے ۱۳۶ ہیں اور یہ زوج الزوج ہے اور عدد ناقص ہے اجزاء اس کے ۱۴۳ ہیں اور اسم صمد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۲۹۹ اسم زحل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے......

م	و	ص	ن
۲۳	۳۷	۳۹	۴۷
۴۱	۲۹	۲۱	۳۵
۴۳	۴۲	۴۱	۴۹

اسم مہیمن برائے حفاظت از ظالم حاکم

یہ اسم اسماء جامعہ میں سے ہے جو شخص اس کے ذکر پر مداومت کرے اس کو اپنی ذات اور اس کے اسرار کا علم نصیب ہو اور ایمان و اقرار جو اللہ تعالےٰ نے اس کی ذات میں ودیعت رکھا ہے اس سے وقوف ہو اور اگر شرف قمر یا شرف زحل میں اس کے مربع کو نقش کر کے اپنے پاس رکھے اور اسم کو اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے بادشاہ کے شر سے محفوظ رہے اور جو شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے اس کو پوشیدہ مکروں سے مطلع کرے یہ اسم اسماء احاطہ میں سے ہے اس کی قدر کو وہی لوگ جانتے ہیں۔ جن پر حقائق اسماء منکشف ہو گئے ہیں عدد اس کے ۱۴۵ ہیں اور یہ عدد فرد مستطیل ہیں اور یہ ضرب باطن جمیع حروف مختفرہ سے ہے اور یہ اس کے ظاہر سے بھی ہے۔ یہاں تک کہ ظاہر نفس اس کے سے اور یہیں سے احاطہ اس میں صحیح ہوا ہے اور یہ عدد ناقص ہے کل امر کے رجوع کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۲۳ ہیں۔ احد اور فاطر دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں حضرت امیر المومنین عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ آپ سے کسی نے اس کے معنے دریافت کئے آپ نے جواب میں توقف کیا کہ اتنے میں ایک بدوی فصیح عورت اپنے خاوند کی شکایت کرتے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی اے امیر المومنین میرے خاوند پر میرا حق چاہیئے اور میرا مہیمن اس پر موجود ہے کیا آپ کسی محافظ کو بھیج کر دلوا سکتے ہیں اس وقت حضرت عمرؓ نے مہیمن کے معنی گواہ کے ساتھ فرمائے اس کا مربع ۵ در ۵ ہے اور یہ اسرار مکنونہ میں سے ہے اور پانچ کے ساتھ ابتدا بر تداخل کے ساتھ ہے اللہ تعالےٰ کا قول ہے کہیٰعص حمعسق اور یہ فرد طبعی ہے اس سبب کہ افراد تقاضا کرتے ہیں عالم فیض و جلال و ازواج سے واسطے عالم بسط و جمال کے صورت اس کی یہ ہے

م	ہ	ی	م	ن
۱۳	۳۸	۴۸	۴۲	۳
۴۱	۴۱	۶	۱۱	۳۶
۴	۱۹	۵۵	۴۱۹	۲۴
۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مہ	ی	م	ن
۴۱	۴۹	۴۶	۹
۴۸	۳۸	۱۲	۴۷
۱۱	۴۸	۴۷	۲۹

اور اس کے اندران اسمار کا راز ہے جمیل جلیل مجمل متجلی غالب فی النظم منزل ذکر اللہ الا ہو مالک الملک المطہ ملاق ملی نزکی منیل منجد منجی اللہ اور جو اسمار ان کے مناسب ہیں اور کل یہ دس حروف ہیں۔ ا ح ھ س ط ی لث ل مت اعداد ان کے ۵۷ ایں اور یہی عدد وفق شکل مسبع کے ہیں مناسبات صرفیہ میں عجیب و غریب اسرار ہیں ان لوگوں کے واسطے جو حکمت الہامیہ کا ذوق رکھتے ہیں اور ایسے لوگ مولیوں میں سے بہت کم ہوتے ہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی فہم اسرار کی توفیق دینے والا ہے۔

۹۔ اسم عزیز برائے غلبہ و عزت اس اسم کا مربع ۴ درہم ہے مگر اس کا وضع کرنا سوائے سر تداخل کے ممکن نہیں ہے کیونکہ اس میں حرف ز ا مکرر ہے جو شخص شرف مریخ میں اس کو چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمنوں پر اس کا غلبہ ہو اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اور کسی حاکم کے سامنے ذلیل ہونے کا خوف رکھتا ہو تو اس حاکم اور ہر ایک شخص کی آنکھوں میں اس کی عزت ہو گی اور دین و دنیا میں عزت پائے گا اور خوف سے امن میں رہے گا جس کا نام عبدالعزیز ہو اس کے واسطے اس کا ذکر موافق رہے اور جو شخص اس اسم کے اسرار کو سمجھ گیا اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو اسرار عزت سے آراستہ کر دے گا کیا تم کو معلوم نہیں کہ یہ اسم عزیز اسم یا جلیل کی طرف ساتھ یا ندا کے اشارہ کرتا ہے عدد اس کے ۹۴ ہیں۔ اور یہ زوج فرد ناقص ہے۔ جز اس کے ۵۰ حرف ن کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو کل چیز کا مدار ہے علم باطنی اور رزق ظاہر سے کیوں کہ ہر شے اپنی حاجت طلبی کے واسطے اس کے سامنے ذلیل ہوتی ہے اور عزیز کے دو مرتبہ بعد والی ہے پس ولایت اولیٰ باطن ہے اور ثانیہ ظاہر ہے اور اسمار حروف اس کے ۸ ہیں جو دو بزرگ اسموں ملک اور حلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے:-

۵۲	۵۸	۵۳	۴۴
۵۲	۴۵	۵۵	۵۲
۳۶	۵۵	۵۶	۴۱
۵۸	۴۵	۴۷	۵۴

۱۰۔ فوائد اسم جبّار اس کے ذاکر پر جس کی نظر پڑے گی وہ اس کی ہیبت میں آ جائے گا اور اس کی طرف کوئی نظر بد سے دیکھے گا مربع اس کا ۴ درہم ہے سر تداخل کے ساتھ شرف مریخ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے سامنے رعب والا ہو اور جو اس کو دیکھے اس کے آگے ذلیل ہو اور اپنی مراد کو چھوڑ کر اس کی مراد کی کوشش کرے جس کا نام عبدالجبار ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے اور جس کا نام موسیٰ ہو اس کے واسطے بھی عدد لفظی اس کے ۲۰۸ ہیں اور رقمی ۲۰۸ عدد اول زوج اور فرد ناقص ہیں اور یہ ضرب عدد ۴ سے ہیں جو اعداد زائدہ میں سے ہے اجزا اس کے ۲۲۶۔ اسم الصادق کی طرف مع ال کے اشارہ کرتے ہیں کیونکہ جبر میں مصادقت ضروری ہے۔

نکتہ کسی بادشاہ نے اپنے وزیر سے جو حکیم تھا دریافت کیا کہ مکھی کو اللہ تعالیٰ نے کس واسطے پیدا کیا ہے وزیر نے کہا متکبروں کو ذلیل کرنے کے لئے کہ پہلے ان کی نجاست پر بیٹھ کر پھر ان کی داڑھی پر بیٹھے اسی طرح مکھی سب پر بیٹھتی ہے مگر جو ذا... [illegible] ...سے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص اس کے ذکر کی ملازمت کرے اور ایک تانبے کی تختی پر اس کو لکھ کر کسی ظالم کے گھر میں ڈال دے وہ گھر اجڑ جائے گا۔ اس کا ذکر بادشاہوں کے واسطے مناسب ہے تاکہ ہر ایک شخص ان سے خوف کرے۔ اور جو شخص اسم جبار اور ذوالجلال والاکرام کو کسی وقت لکھ کر اپنے عمامہ میں آگے کی طرف رکھ کر لوگوں میں بیٹھے اس کی عظمت ہو اور سب اس سے محبت کریں اسماء و حروف اس کے ۲۰۶۷ ہیں اور یہی ان دو اسموں کے اعداد ہیں ظاہر و باطن اس کے مربع کی صورت یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

۲۹	۵۲	۳۵	۲۸	۴۸
۴۱	۲۶	۲۹	۳۲	۵۰
۴۳	۳۰	۵۲	۵۶	۴۴
۵۵	۲۴	۳۴	۴۰	۲۲
۲۵	۴۳	۳۱	۳۹	۴۷

۴۴	۵۳	۲۸	۵۱
۵۶	۵۰	۲۵	۵۲
۴۱	۵۶	۵۵	۴۶
۵۴	۴۷	۴۸	۵۷

۹۔ اسم متکبر برائے حفاظت مکان

اس اسم کو جو شخص کسی دیوار یا فصیل پر جمعہ کی ساتویں ساعت میں لکھے اللہ تعالٰی اس کا مکان یا شہر یا باغ کو ہر ایک بلائی سے محفوظ رکھے اور جو شخص اس کو خاتم شکل پر بتداعمل کے ساتھ شرف مریخ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے ہر ایک سرکش اس کے سامنے ذلیل ہو اور ایسا ہی جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے سامنے ہر جبار ذلیل ہوتا ہے۔ اور اس کا حکم جاری ہوتا ہے عدد اس کے ۶۶۲ ہیں اور یہ عدد زوج الزوج اور فرد اعداد ناقص سے ہیں اور اجزاء اس کے ۹۹۴ ہیں ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں حکَم اور خالِق اس کے مربع کی صورت یہ ہے۔

م	ت	ک	ب	ر
۳۳	۲۰	۲۴۳	۳۸	۳۹۰
۲۹	۲۱	۹۶	۲۰۱	۴۰۱
۶۹	۱۴	۲	۹۹	۲۹
۶۲	۴۷	۴۷	۳۹	۲۲

۱۰۔ خواص اسم خالق

اہل صنائع اور کاروباری لوگوں کے واسطے یہ اسم مناسب ہے جو شخص اس کو ایسے وقت میں انگوٹھی پر نقش کرے جبکہ منقلبات تاریہ میں سے کوئی برج طالع ہو اور پھر اس کو پہن کر اپنی بی بی سے صحبت کرے حاملہ ہوگی عدد اس کے ۷۳۱ ہیں اور یہ پہلے عدد ہیں جو حرف ذ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسی واسطے مخلوق کو خالق کے روبرو ذلیل ہونا ضروری ہے اور اس اسماء حروف اس کے ۹۶۴ اور دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اول و آخر۔ اور مربع کی اس کے یہ صورت ہے۔۔۔

خ	ا	ل	ق
۹۹	۳۱	۴	۹۷
۳	۴۹۸	۴۸	۳۲
۲۹	۱۰۱	۴۹۹	۴

۱۱۔ اسم باری برائے آسانی ہر کام

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ یہ سخت محنت کے کاموں کو سہل کرتا ہے لوہاروں اور حمالوں کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے جو شخص اس کا ذکر کرتا رہے اس پر عالم مثال کا کشف ہو جاتا ہے اور اگر طبیب ہے تو اس کا علاج درست ہو جاتا ہے اور ہر مریض کو شفا ہوتی ہے عدد اس کے فرد مستطیل ہیں ناقص اجزاء اس کے ۷۸ اسم دیان کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ ضرب ج سے ہے الم میں ج جمع کے واسطے اور الف ابتداء کے اور لام وصل کے واسطے اور میم تمام کے واسطے اور یہ مثلث عددی ہیں جس

کے ساتھ مربع محیط ہو وضع کیا جاتا ہے اس طرح سے

۴۵	۵۴	۶۲	۵
۶۳	۵۱	۴۶	۵۴
۵۳	۴۰	۴۴	۲۷
۵۵	۴۸	۴۹	۴۱

ب	ا	ر	ی
۶۸	۷۱	۷	۱۹
ر	ی	ب	۲
۱۳	۷۱	۱۹	۱۷
ی	ر	۹	ب
۷۲	۶۷	۷۴	۲
۲	ب	ی	ر

۱۴۔ فوائد اسم مصور اس کا ذکر جو شخص کرتا رہے اس پر اشکال وغیرہ بنانے کی صنعت آسان ہو اور جو شخص اس کے مربع کو شیشے یا ٹھیکری پر اپنے پاس رکھے اس کا کام خراب نہ ہو۔ اور اگر ثابت قدم اہل حال شخص اس کا ذکر کرے تو معانی معقولہ صور محسوسہ میں اس پر ظاہر کریں اور اس بات کو وہ شخص سمجھ سکتا ہے جو اہل کشف و بصیرت ہے۔ اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اور نقاشی یا جائز مصوری سیکھنے کا ارادہ رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اس پر اس کا سیکھنا آسان کر دے گا۔ عدد لفظی اس کے ۳۴۳ ہیں اور یہ زوج الزوج ناقص ہے اگر اعداد اس کے ۳۶۶ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کریم اور مصلح اور عدد قمی ۳۳۶ ۳-۱ اسم قاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ طریقہ اہل اسرار کا ہے لیکن اسماء حروف اس کے پس ۳۹۹ ہیں اور ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں مانع مکرم مربع اس کا یہ ہے ...

ص	ب	و	ر
۱۳	۱۹۹	۴	۸۹
۹۸	۱۵	۹۲	۴۳
۹۱	۴۳	۱۹۷	۱۱

۹۹	۱۰۶	۴۱
۱۰۴	۱۴	۱۰۰
۱۰۲	۹۸	۱۰۵

۱۵۔ اسم غفار برائے مغفرت اس اسم کے مربع کو جو شخص مہینہ کے آخری رات میں شیشے کی تختی پر لکھ کر اس کے اعداد کے موافق پڑھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ ہر ظالم کی آنکھ اس سے اندھی کر دے اور اگر سچا حال رکھتا ہے تو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا اور جنگ میں اس سے بہت منافع حاصل ہوتے ہیں جس شخص کو خداوند تعالیٰ نے اپنے اسرار پر مطلع کیا ہو اور یہ ان کو پوشیدہ نہ رکھ سکتا ہو تو اس اسم کا ذکر کر کے اللہ تعالیٰ سے التجا کرے عدد اس کے ۱۳۶۱ اور یہ اول عدد رتق ہیں جنمیں فتق نہیں ہے اسی سبب سے خدا کی معرفت بجز خدا کے اور کسی کو نہیں ہے اور اسماء حروف اس کے ان دو اسموں قابض اور مقیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور عدد ان کے ۱۲۵۲ ہیں اور مربع اس کا یہ ہے ؛

ع	ف	ا	ر	[illegible]
۴	۱۲۷	۹۹۹	۸۱	[illegible]
۱۹۸	۲	۸۷	۹۹۸	[illegible]
۷۹	۱۰۱	۱۹۹	۲	[illegible]

۱۶۔ اسم قہار برائے ہلاکت ظالم اس اسم کو خلوت میں جو شخص پڑھے اور پھر کسی ظالم پر بددعا کرے فوراً وہ ظالم ہلاک ہو اور جو شخص اس کے مربع کو شرف مریخ میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے کوئی اس پر غالب نہ ہو اور حجت میں بھی غالب رہے مرید اور اہل ریاضت کے واسطے اس کو رکھنا ضروری ہے تاکہ ان کا نفس مغلوب اور شہوتوں سے محفوظ رہے جس

ر	ا	ہ	ق
۱۱	۹۶۰	۱۹۷	۱۲
۹۸	۱۲	۲	۱۹۸
۳	۱۹۹	۱۰۱	۹

کا نام عبدالقہار ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد لفظی اس کے ۳۱۱ اور عدد رقمی ۳۵۶ ہیں اور اسماء حروف اس کے ۳۹۶ ہیں اس سے دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں فاطر مقسط اور مربع اسکا یہ ہے۔

۱۷۔ اسم وہاب۔ برائے کشادگی رزق

اس کے ذکر پر جو کوئی ملازمت کرے اور اس کا رزق کشادہ ہو اور اگر عورت زحل میں اس کے نقش کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کا نفس خواہشات نفسانیہ سے محفوظ رہے۔ جس کا نام عبدالوہاب ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے لفظی ۱۴ ہیں اور عدد رقمی ۶۰۲ ہیں اور اسماء حروف اس کے ۹۹۴ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ فاطر مقسط اس اسم کا ذاکر جو چیز خداوند تعالےٰ سے مانگے گا اس کو عنایت ہوگی اور جس کا نام سلیمان ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مفید ہے اور یہ اسرار وتریہ اور شفعیہ میں سے ہے وتر اس قطر میں سے ہے اور شفع رقم میں اسی سبب سے بحیثیت رقم ۱۴ عدد ہیں اور بحیثیت لفظ ۹۱ ہیں پس اول اسم جواد کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ اس میں اسرار اور افاضہ کے معانی ہیں اور اسی سبب سے واحد کے مطابق ہے اور اول زوج فرد ناقص ہے اجزاء اس کے ۹ حروف طہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ وہ اقتضاء کرتی ہے معنی بخشش کے واسطے موہبت کے اور اجزاء اسکے ۲۴۱۰۱ اسم یا سلام کی طرف ساتھ یاء ندا کے اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا یہ ہے۔

۲۲	۳۶	۲۹	۲۵
۲۸	۲۱	۲۶	۳۲
۳۱	۳۲	۳۴	۳۱
۲۵	۱۳	۷۲	۳

۱۸۔ اسم رزاق۔ برائے اضافہ رزق

یہ اسم اذکار میکائیل سے ہے جو شخص اس کا ذکر کرے گا اللہ تعالےٰ اس کا کھانا پینا اس پر آسان کرے۔ اور رزق اس کا کشادہ ہو جو شخص شب نصف شعبان کو اس کا کثرت سے ذکر کرے اور انگوٹھی پر نقش کرکے اس کو پہن لے اللہ تعالےٰ سال بھر کا رزق اس کو عنایت کرے جس کا نام عبدالرزاق ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے اور جس کا نام یوسف ہو اس کے واسطے بھی عدد لفظی اس کے ۲۱۵۔ اور عدد رقمی ۲۸ ہیں اور یہ ان اسماء میں سے ہے جو حقیقت اور ربوبیت کے جامع ہیں عدد لفظی اس کے اول عدد کی اول عدد میں ضرب دیتے ہیں پھر مجموعہ میں سے ایک کو دوسری میں ضرب دے مثلاً اس کا۔ ا ج ہ و ل ی ک ا ہوا پس اک میں الف کی قیومیت ہے اور ترجیح جیم کی اور بطون ہا کا اور تعین زاء کا تحرک کا اور تکوین کاف کی اور تکرار راء کی پس اس میں ہر لفظ اور عدد ہے گویا کہ طالب رزق کے واسطے اس کے حاصل کرنے میں مشقت ضروری ہے اور عدد ناقص ہے اجزاء اس کے ۳۱۱ ہیں اسم قہار کی طرف اشارہ کرتے۔ یعنی جو شخص کسی سے رزق طلب کرے گا تو ضرور ہے کہ اس کی تابعداری کرے۔

حکمت۔ ایک دروازے کو پکڑ لے بہت دروازے تیرے واسطے کھل جائیں گے اور ایک آقا کی تابعداری

اختیار کرسب طریقے مطیع ہوں گے اور عدد رقمی اس کے زوج الزوج والفرد ہیں اجزا اس کے ناقص ہیں۔
۲۵۶ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ موصل۔ لونز پس یہ متحد ہوتے ہیں قلب کے ساتھ اس کے اجزا میں
اسی سبب سے رزق کی تلاش کرنے لوگوں کو ہلاک کیا ہے۔ ایک شخص نے حاتم اصم سے کہا کہ تم کہاں سے کھاتے ہو انہوں
نے جواب دیا اللہ کے واسطے زمین و آسمان کے خزانے ہیں اور اسما حروف اس کے ۵۱۲ منتقم اور قریب کی طرف
اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا یہ ہے۔ جو شخص اسم کافی کو نیک طالع میں مربع کے
اندر لکھ کر خوب دیکھتا رہے اور اس اسم کا ذکر کرے اور اس کے موافق چیز پر
اس کو نقش کرے اور پہلے مربع کو آلہ نقش پر کندہ کرکے اور ذکر کرتا رہے تو ہر
ایک کام میں مدد ہو اور دشمنوں سے کفایت ہو اور ہر ایک مہم آسان ہو اور یہ

ق	ا	ز	ر
۱۵	۱۹۹	۹۶	۲
۹۸	۱۶	۲	۹۸
۱۲	۹۶	۲۶	۱۳

بھی ضرور ہے کہ قمر اس وقت زائد النور اور برج مسعود میں ہو اور اگر طالع وقت قوی ہو گا تو عمل پورے طور سے کامل ہو گا۔

۱۰۱۹ اسم فتاح کے خواص

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اپنا راستہ اس پر کشادہ کرے سالکوں کے واسطے ابتدا میں یہ ذکر مناسب ہے اور انتہا سلوک میں واصلوں کے واسطے بھی
اس کا مربع ۵ در ۵ ہے سر ندا حل کے ساتھ جو اس کو اپنے پاس رکھے ہر ایک مشکل کام اس کا آسان ہو اور کسی
مرور شد میں کبھی پریشان نہ ہو۔ مگر یہ بات روزہ و ریاضت کے بعد ہوتی ہے دو رکعت نماز اس ترکیب سے ادا کرے
کہ قراءت سے پہلے اور پیچھے تسبیح پڑھے اور رکوع سے کھڑے ہو کر بھی تسبیح پڑھے اور سجدہ کے بعد بھی اور پہلی
رکعت میں سورہ یٰسین اور دوسری میں تبارک الذی پڑھے پھر حاجت مانگے پوری ہو گی۔ عدد اس کے ۴۸۹ ہیں اور یہ
عدد فرد مستطیل اسماء و تربیت سے ہیں لفظاً اور رقماً کیونکہ ضرب ۷ در ۷ سے ہیں اور یہ عدد ناقص ہیں اجزا اس
۱۲۵ اسم المدنی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مع ال کے کیونکہ فتح میں اوتار
یعنے تربیت کے معنے ضروری ہیں اور اس کے عدد ۱۲۷ اسم المؤمن کی
طرف اشارہ کرتے ہیں مع ال کے اور اسما حروف اس کے ۷ ان
دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں متین۔ ماجد اور مربع اس کا یہ ہے۔۔۔

۶۸	۶	۶۶	۳۳	۵۱
۴۲	۵۴	۵۶	۶۸	۳۹
۵۹	۷۴	۲۵	۵۳	۵۲
۵۵	۵۹	۵۷	۷۱	۷۵
۷۴	۶۱	۵۴	۷۰	۵۶

۱۰۲۰ اسم علیم برائے علوم معرفت

جو شخص اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے اس کو اللہ تعالیٰ دقائق امور اور خفیات علوم پر مطلع کرتا ہے
اور جو شخص پارہ بستہ کی تختی پر شرف عطارد میں اس کو نقش کرکے اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اس کو حکمت کے
ساتھ گویا کرے۔ اور لطائف معارف کا اس کو علم ہو اور اگر شرف مشتری میں چاندی کی تختی پر اس کو نقش
کرکے اپنے پاس رکھے تو علوم شرعیہ کی اس کو کچھ حاصل ہو۔ جس کا نام سلطان یا عیسیٰ ہو اس کے واسطے

ع	ل	ی	م
۱۱	۲۹	۴۱	۴۹
۲۸	۸	۲۲	۴۲
۳۱	۴۳	۴۷	۹

۲۰	۹۰	م
ع	یعلم	ل
۲۰	۱۰	۸

اس کا ذکر مناسب ہے۔ مربع اس کا یہ ہے اس کو اسم کے ذاکر کو بھی جو شخص پہر کا کل مخلوقات اس کی مطیع ہوگی اور قوت اس کا عالم ملکوت میں قوی ہوگا اور آفات سے محفوظ ہوگا

اور العلی اس سے دور ہے گی اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرتا ہے۔ اس کو وہ باتیں معلوم ہوں گی جن کو نہیں جانتا تھا اور اس کی زبان سے حکمت جاری ہوگی۔ عدد اس کے ۱۵۰ ہیں۔ اور یہ زوج فرد ناقص ہے۔ ابجد اس کے ۲۲۲ اسم مالک الملک کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسی سبب سے علم کا ظہور قدسیہ اور روح جبرئیلیہ سے ہے جو تعلیم انبیاء کے ساتھ مخصوص ہوئی اور ان سب میں افضل ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیں جن کی طرف تواضع کے ساتھ وحی کی گئی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى۔ یعنی سکھایا ہے ان کو سخت قوت والے نے اور چونکہ روح عیسوی اثر نفخ جبرئیل ہے اور عیسیٰ علیہ السلام دقائق علوم اور لطائف حکم میں اشرف انبیاء تھے اور علم حروف بھی انہیں کے علوم میں سے ہے اس واسطے ان کے نام کو اس مضمون سے خاص مناسبت ہے چنانچہ عین سے علم اور یا سے لطف اور سین سے جوامع تفصیل اور الف سے احاطہ مراد ہے عدد اس کے ۱۵۰ اور یہی اسم عالم ہے اور جب کہ علم خفیات الامر سے ہے اور علیم اس میں کہا گیا تو یہ اس کی طرف اشارہ کرتا ہے اور یاء کے ساتھ اس کا اسم لکھا جاتا ہے پس عدد اس کے ۱۵۰ ہوئے اور یہی اسم علیم ہے لیکن اسماء حروف اس ۱۲۹۲ اسم بصیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور حق کی عالم آیت مظہر ہے واسطے مطلوب کے متصل ساتھ اس کے اتصال تام اور کبھی کہا جاتا ہے کہ حصول عینی متصلہ کا ہے ساتھ تمام معنے کے اور یہی اس سے لحاظ کیا ہے جو یہ کہتا ہے کہ علم حصول صورت حق فی الذہن ہے پس عالم کے معنی بہرحال یہی ہیں کہ عالم وہ شخص ہے کہ جس پر کوئی شے ظاہر ہوئی ہو ظہور متصل ساتھ ظاہر کل شے کے اور باطن اس کے کے اور یہ ان اسرار میں سے ہے جن کی مراد کے ساتھ مبالغہ صحیح نہیں ہے کیونکہ ان میں وہ علوم ہیں جو بعد غایات جمیع موجودات تک ہیں اور محقق ان میں مبالغہ دو امروں میں سے ایک کے ساتھ ہو سکتا ہے یا تو تکثیر کے ساتھ پس کہا جاتا ہے علام پس ہوتا ہے ساتھ دلالت کے امر تنزیل کے واسطے دقائق اور ادراک حقائق کے اور علیم نہیں کہا جاتا ہے مگر اس کو جو دقائق کا علم ایسا رکھتا ہے جیسے ظاہر چیزوں کا اور خفیات کو اس طرح جانتا ہے جس طرح جلیات کو جانتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ہر علم والے کے اوپر علم والا ہے پس ذی علم تو اس کو کہا جاتا ہے جو کلیات امور کو جانتا ہے اور عالم اس کو کہتے ہیں جو ظواہر امور کو جانتا ہو اور علیم وہ ہے جو ظاہری و باطنی امور کا علم رکھتا ہو۔ بعض علماء اس جگہ غلط سمجھ گئے اور علم کی فوقیت کو کثرت معلومات سے مراد لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آیت وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ میں جہات کی ... یہ بات نہیں ہے

کیونکہ اگر یہ مطلب ہوتا تو اللہ تعالےٰ حضرت موسےٰ علیہ السلام سے کیوں فرماتا کہ مقام مجمع بحرین میں ہمارا ایک بندہ ہے یعنی حضرت خضر علیہ السلام جو تم سے زیادہ علم رکھتا ہے حالانکہ حضرت خضر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ علم نہ رکھتے تھے۔ اس واسطے کہ حضرت موسےٰ کی شان میں اللہ سبحانہٗ و تعالےٰ نے فرمایا ہے۔ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ یعنی الواح میں ہم نے اس کے واسطے ہر ایک نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی تھی فقط یہاں اس علم سے مراد یہ تھی کہ وہ باطن کا علم بھی رکھتے تھے جیسے کہ ظاہر کا علم ان کو ہے اور اسی واسطے ان کا مقام مجمع بحرین یعنی بحر ظاہر اور بحر باطن کے اجتماع پر تھا حضرت موسےٰ سے انہوں نے اقرار کیا کہ بیشک میں وہ علم الہی جانتا ہوں جس کو دوسرا نہیں جانتا پس اے واقف کوشش کر کہ یہ علم تجھ کو بھی نصیب ہو اور اسی علم کی طرف ہمارے حضور علیہ السلام کو اس آیت میں اشارہ ہے۔ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا یعنے کہہ اے رب میرے علم کو زیادہ کر اور علم کی فضیلت مشہور ہے اس معنی کو سمجھ اللہ تجھ کو توفیق دینے والا ہے۔

۱۰۲۱ اسم قابض برائے ہلاکی دشمن

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اس پر ایسا جلال وارد ہو گا کہ کوئی اس کے پاس نہ بیٹھ سکے گا اور اگر شیشے کی تختی پر شرف زحل میں اس کو لکھے اور اس کے اعداد کے موافق اس کا ذکر کرے اور کہے اے اللہ فلاں شخص کا دل قبض کر لے دعا قبول ہو گی۔ اور یہ ذکر عزرائیل علیہ السلام کا ہے اور اس میں قبض ارواح کا راز ہے اور اس کا جلیل القدر مربع ہے اور کبھی اس کا مربع حرفی اور عددی جمع کرتے ہیں جو شخص کسی کی روح قبض کرنی چاہے تو اس اسم کو اپنا ورد گردانے اور جس کی ہلاکت مقصود ہو اس کا نام لے فوراً ہلاک ہو گا مگر خدا سے ڈر کر اس کام کو کرے اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے گا اس کے عوالم اس پر رجوع کریں گے اور آثار انفعالات اپنے نفس میں ملاحظہ کرے گا اپنے اجتہاد اور صفاء باطن کے موافق صورت اس کی یہ ہے۔ اس اسم کے عدد ۹۰۳ ہیں اور یہ اس جمع پر دلالت کرتا ہے جس کا

جلیل	محیط	جمیل	حسیب
۷۲	۷۱	۷۴	۶۶
۷	۸۱	۶۹	۷۵
۷۶	۷۶	۹۱	۷۴

۲۱۸	۲۲۱	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۶	۷۵
۲۲۳	۲۲۴	۲۲۲	۲۲۰
۷۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۷

مقتضی تحقیق ہے اور یہ فرد مستطیل ناقص ہے اجزا اس کے ۵۰۵ ہیں اور اسم راشد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسی جگہ سے سمجھنے والوں نے سمجھا ہے۔ کہ بعض مال رشد کی علامت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے فَإِنْ آنَسْتُم مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ یعنی اگر تم یتیموں میں رشد میں معلوم کرو تو ان کا مال ان کے حوالے کرو اور اسماء حروف اس کے ۱۰۱ اسم معنی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اہل اسرار نے فرمایا ہے کہ نفس قدسی کے ساتھ سلام کے ۔۔۔ کے بعد ۔۔۔ جائے گا اور ایک ہزار چار سو ۔۔۔

بعد تھوڑا تھوڑا اٹھنا شروع ہوگا یہاں تک کہ زمین پر ایک شخص بھی ایسا نہ رہے گا جو اسم اللہ کو جانتا ہو۔ اور اہل اقوال نے فرمایا ہے جب زمانہ اس اسم کے عدد کو پہنچے گا تو قیامت کی نشانیاں ظاہر ہونے لگیں گی اور اہل اطلاع کا ارشاد ہے کہ اسی قدر سال قیامت کی باقی ہیں اور یہی مدت بقاء ملت اسلامیہ ہے

اسم باسط برائے کشادگی رزق جو خوف زدہ اس کا ذکر کرے اس کو امن ہو اور جو غمگین اس کا ذکر کرے اس کو فرحت ہو۔ اور اگر جمعہ کی پہلی ساعت میں انگوٹھی پر اس کو نقش کرے اور اپنے پاس رکھے تو خوشی زیادہ ہو اور جو اس کو دیکھے محبت کرے اور اگر صاحب حال اس کا ذکر کرے رزق کشادہ ہو اور دل معارف کے ساتھ زندہ ہو یہ اسم اسرافیل علیہ السلام کا ذکر ہے اور اسی سے ہر احیا ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ قابض سے سرایات ظاہر ہوتا ہے۔ جس کا نام محمود ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کی روح کمل اور رزق کشادہ ہو اور جس پر اس کا حال غالب ہو جائے اس کے عوالم اس کی اطاعت کریں۔ اور تم نہیں دیکھتے ہو کہ اسم قریب کی طرف اس میں اشارہ ہے عدد اس کے ۷۲ ہیں پس وہ سات کی طرف کرتے ہیں۔ اور یہ سے اور اس کی قوت کی طرف ان تفصیل کے معنوں سے جن کا تقاضا سیں کرنا ہے اور اسی سبب سے الف اس میں سے ہے اور جس کو قبض کرتا ہے اس کو خوف زدہ کرتا ہے اور اسماء حروف اس کے ۹۴۲ اسم ظاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس کے مثلث عددی کے ساتھ مربع حرفی محیط ہے

اسرار اسم خافض یہ اسم ظالم پر بددعا کرنے کے واسطے بہت کارآمد ہے اس کے اعداد کو ظالم کے نام میں ضرب دے کہ اس کے موافق آدھی رات کو پڑھے جلدی ہلاک ہوگا۔ عدد اس کے ۱۸۱ ہیں اور یہ اول عدد ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۵۹۹ ان دونوں اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں حیثیت ما بعد صورت اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ض	ف	ا	خ
۱۹۹	۲۲۹	۷۹	۸۰۰
۷۸	۷۹۸	۳۲	۲
۱۷	۹۰۱	۷۱۹	۷۷

فوائد اسم رافع اس کے ذکر سے فتوحات ہوتی ہے اور ذکر اور قدر بلند ہوتی ہے اگر اس کا ذاکر اہل سلوک میں سے ہے تو اس کے حرکات و سکنات میں عدل کی توفیق ہوگی عدد اس کے ۳۵۱ مرکب مستطیل ناقص ہیں۔ ابجد اس کے اسم مقسط کی طرف اشارہ کرتے ہیں مالک الملک قریب ہے اس کی یہ

ع	ف	ا	ر
۱۶۹	۲	۷۹	۷۰
۷۸	۹۱	۲۳	۳
۳	۳۱	۲۰۹	۷۷

۲۵۔ فوائد اسم معز جو ذلیل شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے گا اس کو عزت نصیب ہوگی اور اگر کم نام ہو گا۔ تو نام آور ہو جائے گا۔ اور یہ ذکر ہمت قوی کرنے کے واسطے ہے اگر اس کو مربع میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو گا اور ہر ایک ظالم اس کے سامنے کانپنے لگے گا اور یہ اسم موصول کے بہت بڑے اذکار میں سے ہے عدد اس کے ۱۲۴ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد ناقص ہے اور اجزاء اس کے حروف احاطہ میں سے ایک حرف کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو ۱۰۰ ہیں اور یہ دلالت کرتا ہے طول یا قوت وا حاطہ میں سے ایک حرف کی طرف اشارہ کرتا ہے ملیک اور منجی کیونکہ ہر شے پر وہی قدرت رکھتا ہے جو اس کا مالک ہے اور اپنے دوستوں کو نجات دینے والا ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۳۸ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں لہٰذا یہ مربع اس کا یہ ہے:

۳۲	۳۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۳۳	۲۷
۱۸	۳۴	۲۴	۲۱
۲۱	۳۰	۱۹	۲۰

۲۶۔ اسم مذل کے اسرار اس اسم کو جو شخص کثرت سے ذکر کرے اس کے کل دشمن ذلیل ہوں جس کا جاتر اس کے قبضہ میں نہ آتا ہو وہ اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو تابعدار کرے گا یہ شخص تین روز جن کا آخری دن جمعہ ہو روزہ رکھے اور جمعہ کے روز افطار کرنے میں اتنا توقف کرے کہ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعتیں ادا کرے اور فاتحہ کے بعد سو بار اسم کو پڑھے اور سجدہ میں بھی اسی طرح کرے پھر سلام کے بعد اسم کو ایک ہزار بار پڑھے اور کہے اے مذل فلاں شخص کو میرے سامنے ذلیل کر بیشک وہ ذلیل ہو جائے گا اور کسی بات میں اس کی مخالفت نہ کرے گا۔

لطیفہ اہل بصائر نے جب دل کی آنکھ سے دیکھا کہ ذلت کی ذال اور لطف و وصل کا لام قریب ہیں۔ تب وہ سمجھے کہ وصل بغیر ذلت کے ممکن نہیں اسی واسطے وہ کتوں کے ٹکڑوں پر سے کھانے میں شریک ہوئے اور ہر طرح کی انہوں نے گوارا کی تب اللہ تعالیٰ نے ان کو وہ عزت دی جو لازوال ہے اور بجز اس کے غیر کے سامنے ذلیل ہونے کے وہ مبرا ہو گئے اور ایمان کو جان کر احسان کا مشاہدہ کیا اور پہچان گئے کہ بجز خدائے پاک کے کوئی ذلیل کرنے والا نہیں عدد اس کے ۷۰ ہیں اور یہ زوج الزوج اس سے فرد تک ب کے اور جو ضرب مستطیل سے بیچ موضع کے حاصل ہے اور اجزاء اس کے ۹۶ اعلو داو کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور نوے کے ساتھ صاد کی صمدانیت کی طرف اور ہزار سے فیض کی غایت کی طرف اور چونکہ اول اس شخص کے پاس حاصل ہوتا ہے جس کے پاس عنایت شخص سے ہے یہ عدد ان حروف کی طرف اشارہ کرتا ہے م غ ن و غ میم اور لون کو اسم مغنی سے ہیں اور یا حرف ہوئی کیونکہ اسمیں تنزل ہے اور جو شخص جس کے سامنے تنزل اختیار کریگا وہ ذلیل ہوگا اور یک کے بدلے ان حروف میں واؤ ہے جو اس غنا پر دلالت کرتی ہے جس کے لوازم سے اذلال ہے اور اسماء حروف اس کے ۸۹۳ ہیں جو ... اشارہ کرتے ... ہے...

۱۰۷	۱۹	۱۹۲	میم
۱۰۲	۱۴	۱۳	۱۶۱
۱۹۵	۱۹	۱۰۸	۱۸۵
۱۰۹	۴	۱۰۷	۱۴۴

اسم سمیع برائے قبولیت دعا ہر دعا کے بعد اس اسم کا ذکر کرے تو دعا قبول ہوتی ہے اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کی کوئی دعا رد نہ ہو۔ اور اگر شرف قمر میں انگوٹھی پر نقش کرے اور کثرت سے ذکر کر کے اس کو پہنے تو ہر ایک بات اس کو سنی جائے واعظوں اور خطیبوں کو اس کا ذکر مناسب ہے اور جس کا نام مسعود ہو اس کو بھی مناسب ہے عدد اس کے ۱۸۰ ہیں اور یہ زوج الزواج اور فرد زائد ہیں اجزا اس کے ۲۰۵۔ ان دعا سمعوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ قابل۔ علیم۔ کیونکہ اسم سمیع قابل کے مقابل ہے اور چونکہ اسم سمیع تمام نہیں ہوتا مگر اس الہام کے ساتھ جو تعلیم معانی مسموع ہے اور یہاں اس مقام میں علم کا ہونا ضروری ہے اور چونکہ کوکب قمر سیر میں کل کواکب سے تیز رو ہے اسی سبب سے اسم سریع کا مظہر ہوا اور اسم سریع الاقمر کے یہ عدد ہوئے الم ۲ اور یہی اس کا مربع ہے اس کو کھو اور شمار حروف اس کے ۱۵۱ اسم رافع کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ....

ع	ی	م	س
۳۹	۶۱	۷۹	۱۱
۶۲	۴۴	۱۸	۹۸
۹	۶۷	۱۳	۴۱

۲۸۔ خواص اسم بصیر اس اسم جلیل القدر کا جو شخص ذکر کرے اللہ تعالیٰ پوشیدہ امور اس کو دکھلا دے گا اور اگر سچا حال لکھتا ہو تو کوئی دینی یا دنیاوی بات اس پر مخفی نہ رہے اور اس اسم کے عدد ۳۰۲ ہیں اور یہ زوج فرد مستطیل ہے دو کے عدد سے روز شنبہ کی طرف اور تین سو کے عدد سے روز دوشنبہ کی طرف اشارہ کرتا ہے پس یہی اس کا سبب ہے اور اجزا اس کے ۱۵۴ ہیں اسم قدیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لئے کہ خداوند تعالیٰ بصیر تھا پہلے وجود اشیاء کے مربع اس کا یہ ہے ....

ر	ی	ص	ب
۸۹	۱۳	۱۹۹	۱۱
۴	۹۲	۳۸	۹۸
۹	۱۹۷	۹	۹۱

۲۹۔ خواص اسم حکم اس اسم کا جو کوئی ذکر کرے اس کا حکم جاری ہو حکام کے واسطے مناسب ہے۔ اور یہ اسرار مخزونہ میں سے ہے۔ عدد اس کے ۶۸ ہیں اور یہ زوج الزوج والفرد ہے اور اس کے اعداد ناقصہ بھی ہیں اجزا اس کے ۵۸ اسم ازلی اور اسم منعم اور اسم صدوق کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ سب اس کے مقتضے عدد سے ہیں اور اس کے اسماء حروف کے ایک وجہ سے عدد ۴ ہیں اور ایک وجہ سے ۱۸ ہیں پس اول عاصم کی طرف اور اسم فاضل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ تینوں اسماء پہلے تینوں اسمائے اعتبار میں زیادہ ظاہر ہیں صورت اسکی یہ ہے:

۱۶	۱۷	۱۲	ب
۱۱	۲	۱	م
ر	۱۴	۱۵	۷
۱۶	الف	۵	۱۲

۳۰۔ اسم عدل کے اسرار اس اسم کے ساتھ جو شخص کسی ظالم پر بد دعا کرے فوراً وہ ظالم اس پر گرفتار ہو اور اگر حاکم اس اسم کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو رعایا میں عدل کی توفیق دے جس کا نام عبد المومن ہو اس کے واسطے [illegible] دلالت ہے۔ اور

وسعت ممالک پر کیونکہ ممالک کی تنگی اور دولت کی کمی ظلم ہی سے ہوتی ہے اور یہ عدد اعداد زوج الفرد زائد سے ہے اجزا اس کے ۱۰۶ اسم مجی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسم وفی کی طرف پس جس نے وفا کی اس نے عدل کیا رعیت میں اور نجات دی اپنے نفس کی برائی اور مذمت سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے حضرت داؤد علیہ السلام کی شان میں اے داؤد ہم نے تجھ کو زمین میں خلیفہ کیا ہے پس لوگوں میں حق کے ساتھ حکم کر اور خواہش کی پیروی نہ کر یہ تجھ کو خدائی راہ سے گمراہ کر دے گی۔

ل	د	ع
ع	ل	ذ
د	ع	ل

نکتہ جب حضرت عمرؓ کے واسطے مسند تکیہ لگایا تو آپ نے فرمایا یہ پہلا ظلم ہے جس سے مراد آپ کی یہ تھی کہ جو حاکم ہو اس کو یہ لائق نہیں ہے کہ اپنی خواہش کے موافق کسی کو کسی پر فضیلت دے اور آپ نے فرمایا ہے کہ جب لوگ آپس میں برابر ہوں تو ظلم ہے مربع اس کا یہ ہے۔

۴۱- اسم لطیف برائے شادی و کشف یہ اسم بہت ہی سریع الاجابت ہے اور سختی کے وقت رنج کو دور کرتا ہے اور قیدیوں اور سخت مریضوں کے مناسب ہے اور اس شخص کو جو کسی حاکم کے قبضہ میں ہو یا اپنے نفس کے تحت میں ہو اگر کثرت کے ساتھ اس اسم کا ذکر کرے گا تو خلاصی ہوگی اور جس کا نام صالح ہو اس کے واسطے مناسب ہے عدد اس کے ۱۲۹ ہیں۔ اور یہ عدد فرد مستطیل ہیں بعد اس کے ۳ ہیں ساتھ ۱۲ اور ۱۲ کے اور یہ ناقص ہے اجزا اس کے ۷۱ ہیں۔ اسم والی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ لطف میں عدد حتی ضرور ہے اسم مبدی تک کیونکہ اس میں رجوع ہے طرف حکم شرف کے اور اسی سبب سے عدد اس کے اول تین ہیں۔ اور اسمار حروف اس کے اسم مقبل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے۔۔۔

ف	ی	ط	ل
۸	۳۱	۷۹	۱۱
۳۲	۲۱	۲۸	۷۸
۹	۷۶	۳۳	۱۰

اور معلوم ہو کہ اس اسم کے خواص سختی میں رنج دور کرنے کے بہت ہیں۔ اور آثار عجیبہ اس سے ظاہر ہوتے ہیں جو شخص اس کا ذکر کرے اور اس کے بدن یا نفس میں کوئی علت ہو تو اثنار ذکر ہی میں وہ دور ہو جائے گی اور جس شخص کے دل میں کسی چیز کا خیال جما ہوا ہو اور وہ اس اسم کا ذکر کرے تو وہ خیال صورت بن کر اس کے سامنے آجائے گا۔ اور یہ اس کا مشاہدہ کرے گا کہ کس طرح وہ روشنی اور مظہر متمثل ہوتی ہے۔ اسمیں بڑے عجیب اسرار ہیں۔

۴۲- عمل اسم خبیر برائے پوشیدہ انکشافات اس کا اس کے واسطے مناسب ہے جو خواب میں یا بیداری میں کسی پوشیدہ بات سے واقف ہونا چاہتا ہے اور اگر شرف عطارد میں اس کا مربع لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے تو امور مخفیہ سے اطلاع ہو اور اگر سات روز کی خلوت اور ریاضت کرے تو موکل اس کو سال بھر کی خبریں لادے اور کل بلاد شاہوں کا حال بیان کر دے۔ عدد اس کے ۹۲۸ ہیں اور یہ عدد زوج فرد زائد ہیں۔ ۱۰ اجزا اس کے ۲۶۸ - الی دو اسموں خالق اور واسع کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ

لہ چنانچہ اکثر لوگ ہمزاد کو اسم [illegible] تابع کرتے ہیں سید علی حزیں کتاب ۱۲

حقیقت اشیاء کی خبر وہی دے سکتا ہے جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور اپنے علم سے گھیر لیا ہے وہ فرماتا ہے خبردار بیشک وہی جانتا ہے جس نے پیدا کیا ہے اور وہ لطیف و خبیر ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۰۹ ہیں۔ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں آخر، واحد۔ اس کے مربع کی صورت یہ ہے۔

م	ی	ب	ح
۸	۴۳	۲۰۰	۲۰۱
۵۹۹	۲۸	۶	۴
۵	۷	۲۵	۱۹۹

م	ی	ب	ح
ح	م	ی	ب
ب	ح	م	ی
ی	ب	ح	م

۲۰ اسم حلیم برائے حفاظت از غصہ حاکم

اس اسم کو جو شخص حاکم کے غصہ کے وقت پڑھے اس کا غصہ جاتا رہے اور اگر شرف قمر میں اس کا مربع لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اخلاق اچھے ہوں اور نفس خوش رہے اور لوگ اس کی طرف رغبت کریں اور اضطراب اور پریشانی سے امن میں رہے یہ اسم اسماء جلیلہ میں سے ہے اور اس کی قدر عادت بھی جانتے ہیں۔ عدد اس کے ۸۸ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد زائد ہے اجزا اس کے ۱۹۳ اسم اصل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسم احسن اسماء سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے۔ اسی سبب سے آپ کے نام کے عدد رقمی اس اسم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اسماء حروف اس اسم کے ۱۸۳ ہیں اسم ماجد کی طرف ایک اعتبار سے اشارہ کرتے ہیں اور ایک اعتبار سے اسم مبتی کی طرف مربع اس کا یہ ہے۔۔۔۔

م	ی	ل	ج
۵	۴۳	۱۰۰	۲۹
۱۲	۳۸	۲	۳۳
۳۱	۷	۴۱	۹

۲۱ اسم عظیم برائے دائمی عزت

یہ اسم کبریت احمر اور مقناطیس اکبر ہے جو شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے گا اللہ تعالے اس کو دائمی عزت عطا فرمائے گا اور لوگوں کی آنکھوں میں بزرگ ہوگا اور اس کی برائیاں کسی کو معلوم نہ ہوں گی۔ اور اگر یہ سچا حال رکھتا ہے تو تمام عالم میں امر الٰہی کو مشاہدہ کرے گا اور اس کی ملازمت سے لوگوں کے دلوں میں محبت اور بندگی حاصل ہوتی ہے عدد اس کے ۱۲۰ ہیں۔ زوج الزوج زائد واسطے اس کے جس کا تقاضا عظمت کرتی ہے تو سے اجزا اس کے ۱۹۱ اصل سے زیادہ ہوتے ہیں وہ عج و او علو کے واسطے ہے

ع	ظ	م	ع	ی	م	ه
ظ	م	ع	ی	م	ه	ع
م	ع	ی	م	ه	ع	ظ
ع	ی	م	ه	ع	ظ	م
ی	م	ه	ع	ظ	م	ع
م	ه	ع	ظ	م	ع	[illegible]
ه	ع	ظ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

۱۹۸	۱۹۲	۷۲	۷۴	۱۹۱
۱۹۳	۱۵۳	۱۶۶	۱۵۸	۱۷۲
۱۵۷	۱۶۴	۱۶۵	۱۵۲	۱۶۹
۱۵۵	۱۶۷	۱۵۹	۱۶۲	۶۳
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۷۷

جوامع تفصیل وجود اور علی اشارہ ہے احتجاب کا پس پاک ہے وہ ذات جو شدت ظہور سے مخفی ہے

اور غیب اشارہ ہے اسم غنی اور نور النور کی طرف اور اسماء حروف اس کے ۲۲۱ - ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں غالب ، مانع اور اس کا نقش صفحہ ۲۴ پر دیکھئے ۔

۲۵ - اسم غفور برائے دوری تفکرات

اس اسم کی کثرت سے ہر ایک خوف سے نجات ہوتی ہے اور یہ اسم بادشاہوں کا غصہ ٹھنڈا کرنے میں خاص تاثیر رکھتا ہے ۔ جو شخص انہوں کے پاس کہتا ہو ۔ اس کے واسطے مفید ہے ۔ نیز سالکوں غمگینی کے واسطے بھی اکسیر ہے عدد اس کے ۵۲۶ ہیں ۔ زوج الزوج فرد ناقص اجزاء اس کے ۳۲۶ - اسم موسہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ ان اسماء میں سے ہے جن کے اعداد حروف کے ساتھ ناقص ہیں اور اسماء حرف اس کے ۱۳۲ ہیں ان اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ذوالعرش ماجد اور مربع اس کا یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

غ	ف	و	ر
۷	۱۵۹	۱۰۱	۷۹
۱۹۸	۴	۳۲	۳۰۲
۸۱	۱۰۲	۱۹۷	۵

۳۶ - اسم شکور برائے مکاشفات غیبی

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کے افعال حق تعالیٰ کے ہاں مشکور ہوں گے اور ہر نیک کام میں خدا اس کی مدد کرے گا ۔ اس اسم میں اہل مکاشفات کے واسطے بہت اسرار ہیں رجی کو اپنے مقامات تحقیق میں مشاہدہ کرتے ہیں عدد اس کے ۵۲۶ ہیں پس چھ کا عدد تو علو کی طرف اشارہ کرتا ہے اور بیس کا عدد اس کی طرف اشارہ کرتا ہے جو مکان عالی سے ظاہر ہے اور پانسو عدد ثمرہ ہر شے کی طرف اور یہ انتہا مراتب ظہور ہے اور زوج فرد مستطیل ہے اجزاء اس کے ۶۶۶ - اسم نعم الدیان کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور ترتیب صدر پر تنبیہ ہے جیسا کہ ہم میں سے کوئی بچہ اپنے کو تربیت کرتا ہے اور اسماء حروف اس کے ۶۵ - ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ستار جواد اسکے مربع کی صورت یہ ہے ۔

ق	ك	د	ر
۷	۹۹	۴۱	۱۹
۱۹۸	۴	۲۲	۳۰۲
۶۱	۳۰۳	۱۹۷	۵

۳۷ - اسم علی برائے حصول علم و عزت

جو شخص کثرت سے اس اسم کا ذکر کرے اس کو بزرگی نصیب ہو اور کسی کے سامنے ذلیل نہ ہو ۔ اور جو دیکھے اس سے محبت کرے اور خدا کی مدد اس کے ساتھ ہو ۔ اور حکمت کے ساتھ گفتگو کرے ۔ ہر ایک اس کا مطیع ہو اور علم کی باریکیاں اس پر منکشف ہوں اور خود اپنے اندر یہ بلندی اور خوش نصیبی ملاحظہ کرے مشائخین و بزرگان و طالبان علم والوں کو اس کا ذکر مناسب ہے اور اگر اسم عظیم بھی اس کے ساتھ ملالے تو یہ بہت بڑا ذکر ہے اور جو کوئی ان کے نقش کو سونے کی انگوٹھی پر نقش کرے اور عود و عنبر کی دھونی دے کر پہنے تو جو اس کو دیکھے مطیع ہو ۔ سلف کے بعد کل خلفاء عباسیہ اس عمل کو کرتے تھے اس ہمارے زمانہ تک ۔ مامون سے کسی نے کہا کہ شاہان فارس نے تم پر لشکر کشی کی ہے تم نے کیا بندوبست کیا ہے مامون نے اپنے ہاتھ میں انگوٹھی دکھا دی اور کہا کہ جب تک یہ ہمارے پاس ہے ہم پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا اور اس انگوٹھی میں یہی دو اسم تھے ۔ شرف قمر کا وقت اس کے واسطے مناسب

ہے اور اس اسم کے ۱۲۰ عدد ہیں۔ جیسی یتن اشارہ ہے مکان عالی سے ظہور کا اور سویں اشارہ ہے ارباب اصحاب کے اس کے وجود سے جو ظاہر ہوتا ہے ساتھ اس کے احاطے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُّحِیْطٌ الشاہ کنایہ سے مجیب ہوتے ہے اور رجب کو ظہور اس کا ہر چیز میں وجود اس کا ہے اور احتجاب اس کا نزدیک وقع ظہور کے بستنے حکمت اس کے سب سے عزو علیٰ اس کے اختصاص کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے حکمت کے ساتھ اس چیز کو وصعت کیا ہے جس کو علو کے ساتھ وصعت کیا ہے فرماتا ہے وَاِنَّہٗ فِیْٓ اُمِّ الْکِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَکِیْمٌ اور یہ اعداد زوج سے ہے اور فرد نامکمل ہے اجزا اس کے ۲۴ ہیں ان پر زیادہ کئے جاتے ہیں اور گویا کہ وہ کہتا ہے علی بواسطہ وہی حکم ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۰۰ اسم مالک الملک کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔

فوائد اسم کبیر جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اس کے سامنے ہر چیز حقیر ہو اور جو اس کو دیکھے ڈر جائے۔ یہ ذکر کار جلیلہ ہے بادشاہوں کے سامنے کرنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے آپ کو اس کے سامنے حقیر سمجھیں۔ عدد اس کے ۲۳۲ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد ناقص ہے۔ اجزا اس کے رقمی ۲۶۲ ہیں اور اسماء حروف اس کے اسم بصیر اور واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے۔

۲۹	۳۱	۲۷	۲۲
۳۶	۲۳	۱۸۰	۲۳
۲۴	۲۹	۳۰	۲۷
۲۱	۲۶	۲۵	۳۸

س	ی	ب	ک
۱۹	۳	۹	۲۰۰
۸	۱۹	۲۳	۴
۵	۲۱	۱۹۹	۷

فوائد اسم حفیظ جو شخص سفر میں اس اسم کا ذکر کرے واپس آنے تک اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اس کو محفوظ رکھے اور شرف مشتری میں اس کو نقش کر کے جس چیز میں رکھے گا وہ محفوظ رہے گی۔ اور جو اس کا ذکر کرتا ہے ہر ایک بلائی سے محفوظ ہو۔ سفر میں۔ جو شخص خوف زدہ ہو اس کے واسطے یہ اسم سریع الاجابت ہے کیونکہ اس کا ذکر کرنے والا خوف کی جگہ سے محفوظ رہتا ہے اور کوئی امر مکروہ نہیں دیکھتا۔ بہت دفعہ میں خود لوٹ مار کے موقعوں میں پھنس گیا۔ مگر میں نے اس اسم کا ورد کیا اور عجیب تاثیر دیکھی جس کا بیان نہیں ہو سکتا جو شخص اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے اور اس کے عدد کا وفق بنائے اور حرفوں کی کسر کرے۔ باطنی خاتم میں اور پہن لے پھر اگر وہ درندوں کے بیچ میں بھی سو رہے تو کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔ اور اس کے بعد یہ کہہ لے اے حفیظ میری حفاظت کر بار بار مطلب حاصل ہو گا صورت حرفی اور عددی اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۲۲۳	۲۲۶	۲۲۲	۲۱۹
۳۲۳	۲۱۷	۲۲۴	۲۲۷
۲۱۸	۲۳۵	۲۲۴	۲۲۱
۲۲۵	۲۲۰	۲۱۹	۲۲۴

ظ	ی	ف	ح
ت	ح	ظ	ی
ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ت

اور فرمایا ہے کہ جو شخص کسی ایسے کام میں واقعہ ہونے کا اندیشہ رکھتا ہو جس کی اس میں طاقت نہیں ہے تو یہ شخص اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے گا اور جو شخص گھر سے نکلنے کے وقت [illegible] ہے۔ اگر نفراد

فقراء کو کچھ صدقہ دے تو یہ بھی سلامتی کا سبب ہے ایک قافلہ جنگل میں ایک شخص کے پاس سے گزرا جس کا گھوڑا چر رہا تھا اور وہ بے فکری کے ساتھ سو رہا تھا۔ قافلہ والوں نے اس سے کہا کہ تو اس خطرناک جنگل میں سو رہا ہے تجھ کو ڈر معلوم نہیں ہوتا۔ اس میں درندے بہت ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ مجھ کو اس سے شرم آتی ہے جس کے بغیر میں خوف کروں جس شخص نے اس اسم کو تحقیق کر لیا اس کی ہر وقت اللہ تعالے حفاظت کرتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوعلی دقاق سے روایت ہے کہ کسی بزرگ کے پاس دس ہزار اشرفیاں آئیں۔ انھوں نے خداوند تعالے سے عرض کی کہ الٰہی یہ اشرفیاں میرے پاس آئی ہیں۔ اور تو جانتا ہے کہ میں ان کی حاجت رکھتا ہوں۔ مگر مجھ سے ان کی حفاظت نہیں ہو سکتی لہٰذا ان کو تیرے پاس واپس کرتا ہوں۔ جس قدر ضرورت ہوا کرے گی تجھ سے لیا کروں گا۔ چنانچہ انہوں نے سب اشرفیاں فقراء و مساکین میں تقسیم کر دیں پھر جب ان کو ضرورت ہوتی اللہ تعالے سے دعا کرتے اور بقدر ضرورت ان کے پاس آجاتا۔ یہاں تک کہ ان اشرفیوں سے دگنا اور تگنا انہوں نے خرچ کیا بعض واقفان اسرار حروف نے اس کو اس طرح وضع کیا ہے۔

نقش اسم حفیظ

عدد اس کے ۹۹۸ ہیں بیس بار اور ظ لازم ہے۔ اور یہ عدد اور یہ زوج فرد ناقص ہیں۔ اجزا اس کے ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ احق حافظ اور مربع کی اس کے سرتد احل کے ساتھ یہ صورت ہے۔ . . . .

ح	ف	ی	ظ
۹۰۱	۹	۸۱	۷
۷۸	۲	۹۲	۱۲
۱۱	۹۳	۵	۷۹

۴۴۔ خواص اسم مغیث جو شخص اس کا ذکر کرتا رہے کوئی ضرورت کی چیز اس سے فوت نہ ہو یہ ذکر اذکار صالحین اہل وصال سے ہے جب وہ اس اسم کا ایسا تک ذکر کرتے ہیں کہ ان پر اس کا حال غالب ہو جاتا ہے تو ان کو بھول بھی نہیں معلوم ہوتی۔ اور اسی اسم کی تحقیق طرف حضور علیہ السلام نے اشارہ کیا۔ کہا کہ میں تم جیسا نہیں ہوں۔ مجھ کو میرا خدا کھلا پلا دیتا ہے عدد اس کے ۵۵ ہیں زوج الزوج فرد مستطیل [illegible] ثابت کرتے ہیں۔ واحد متینی اور اس کی دو اسموں

کے وتر کا شفع جیں ہوتا مگر یہ کا اسم الحق ان سے مشتق ہے عدد اس کے ۶۸۲ ۔ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں موجود مستقیم اور اس کے مخمس کی صورت یہ ہے ....

۱۱۵	۱۰۸	۱۱۹	۹۱۱	۹۸
۱۰۹	۱۳	۱۱۳	۱۰۵	۱۲۲
۱۰۲	۱۴	۱۱۴	۹۹	۱۱۶
۱۵۲	۱۰۸	۱۰۶	۱۸	۱۱۰
۲۱	۱۸	۱۰۰	۱۱۷	۱۳

۴۱ اسم حسیب برائے قضائے حاجات

اس کا ذکر جو شخص کرے اس کی ہر ایک حاجت پوری ہو اور جو خدا سے مانگے اس کو عنایت ہو کیونکہ اس نام میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے ۔ اور جو شخص کسی حساب کتاب سے ڈرتا ہو تو اس اسم کا ذکر کرنے سے اللہ تم اس کو نجات دیگا اور جو شخص شرف المریخ یا اس کی ساعت میں اس اسم کو بہ تداخل کے ساتھ عقیق کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس اسم کو اس کے اعداد کے ساتھ ذکر کرے ہر روز تو اس پر جس کی نظر پڑے گی وہ اس سے محبت کرے گا اور اس کی اطاعت کرے گا اور دل سے اس کی طرف مائل ہوگا اور ہیبت اور عزت اور مرتبہ اور عظمت اس کی نصیب ہوگی ۔ عدد اس کے ۸۰ ہیں اور یہ ان اسماء میں سے ہے جو عدد میں صرف واحد کی طرف رجوع کرتے ہیں جیسا کہ یہ اسم حرف قلبی کی طرف رجوع کرتا ہے ۔ کیونکہ حساب حد فاصل ہے متحاسبین کے درمیان میں اور حساب ہی سے ان کے آپس میں جھگڑے طے ہوتا ہے اور ایسے ہی کافی کے معنوں میں بھی کیونکہ کفایت حد فاصل ہے اور مکتفی اور اس کے غیر میں یہ اعداد زائدہ سے ہے اجزا اس کے ۱۵ اسم مغنی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ کفایت میں غیر کی طرف حاجت کے معنے ہیں اللہ تعالے فرماتا ہے وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ یعنی کافی ہیں ہم حساب کرنے والے ہیں ۔ اور فرماتا ہے ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا پھر نجات دیں گے ہم ان لوگوں کو جنھوں نے تقویٰ کیا ۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے

كَانُوا لِقَوْا ثُمَّ تَمَنَّوْا فَاتَّقَوْا　هَٰذَا شِيمَةُ الْمُلُوكِ　بِالْمَمَالِيكِ تَرْفُقُ إِنْ تَلْقَ
يَكُونُوا وَلِسَانُ يُصَدِّقُ كُلُّ مَنْ مَاتَ مِنْهُمَا نَفْسٌ بِالنَّارِ مُحْرَقُ

اس اسم مسبب کی طرف بھی اشارہ ہے ۔ کیونکہ جو تجھ سے حساب لیتا ہے وہ تیرے اوپر سبب بھی قائم کرتا ہے ۔ یا تو اپنی فضیلت سے اور یا اپنا عدل ظاہر کرنے کے واسطے چنانچہ اسی سبب سے حرف ب جو سبب کا مقتضے ہے آخر اسم حسیب میں ظاہر ہوا ہے اور اسم وفی تک کیونکہ جس نے تجھ سے حساب لیا اس نے پورا کر دیا خاص کر جب وہ اس کو جانتا ہے جو تیرا اس پر ہے اور اس کا تجھ پر ہے اور گنتی کی چیز مل کر حساب ایسا ہے جیسے موزونات میں وزن پس اس کے واسطے وفا یعنی پورا ہونا ضروری ہے ۔ جو مقابلہ میں تطفیف یعنی کمی کے ہے اور اسماء حروف اسکے دو اعتباروں میں سے ایک کے ساتھ ۱۴۲ ۔ اسم مبین کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ حسیب کے واسطے مبین ضروری ہے اور اسم مسدد کی طرف اور کافی شفع ممل کے ساتھ وتر کیا جاتا ہے ۔ کیونکہ ترک حساب مہمل ہے لیکن دوسرے اعتبار سے پس ۱۴۶ اسم الملہ کی طرف اشارہ کریں جسکے ساتھ ہر ایک کی اس کی حاجات میں کفایت ہے اور وہ جمیع الاسماء ہے یعنی اللّٰہم اور اس کے مفصل کی طرف جس کی اقتضائے معنے کفایت کرتے ہیں اور لیکن جس کی اقتضائے معنے مدد کرتے

ب	ی	س	ح
۹	۵۱	۱۱	۱
۱۲	۴	۶	۵۸
۵۷	۷	۳	۱۳

ہیں وہ اسم . . . کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ عدل پر یہ سب بانی ہیں اسکا مربع یہ ہے۔

۴۲۔ اسم جلیل برائے عظمت

اس اسم کے ذکر سے لوگوں میں عظمت اور ہیبت ہوتی ہے۔ جو اس کو نقش کر کے اپنے پاس رکھے ہر ایک ظالم اس سے خوف کرے حضرت شیخ زین الدین کافی فرماتے ہیں۔ اس اسم میں ہیبت و جلال کا بڑا اثر ہے۔ جو شخص اس اسم کا ذکر کرتا ہے کوئی اس کی طرف ہیبت سے نظر نہ کر سکے۔ اور جو ظالم اس کو دیکھے رعب سے کانپ اٹھے اور جب تک اس کے سامنے رہے اس کی ہیبت اس پر طاری رہے۔ عدد اس کے ۷۳ ہیں اور یہی عدد اصل ہیں۔ کیونکہ جلیل کے معنی اس کی جمعیت اور لطف کے واسطے ہیں جس میں کچھ شکستگی نہیں ہے اور جیم اس میں اشارہ جمع کے واسطے ظاہر ہوا ہے اور اسی واسطے اسماء حروف اس کے عدد کے ساتھ اپنی مسمیات سے زیادہ ہیں ام ۲ اسم صمد اور اسم معید اور اسم مغنی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لئے کہ جلیل وہی ہے جس کی طرف ہر ایک کام میں بھروسا کیا جاتا ہے تاکہ ہر ایک جبر کا فائدہ پہنچا وے اور ہر ایک بلائی سے نجات دے صورت اس کی یہ ہے۔ . . . .

۱۷	۲۱	۲۳	۱۰
۳۲	۱۱	۱۶	۲۱
۱۲	۲۵	۱۸	۱۵
۱۹	۱۴	۱۲	۲۴

۴۳۔ اسم کریم برائے رزق

جو شخص اس اسم کا ورد کرے اللہ تعالےٰ اس کو بے مشقت کے رزق دیتا ہے اور فاقہ کرتا ہو گا تو بہت کشادگی ہوگی اور اگر اسم وہاب اور ذوالطول بھی اس کے ساتھ ملا لے سمائیں تو عجائبات کا مشاہدہ کرے۔ معلوم ہو کہ اسم کریم وہاب اور ذوالطول اسماء جلیلہ سے ہیں اگر ان کے ذکر پر مداومت کرے تو ایسی آسمانی سے رزق ملے جس کا گمان بھی نہ ہو اور جو اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے اس کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ اس کے مطالب کس طرح پورے ہو گئے بغیر مشقت کے صورت نقش اسم کریم کی یہ ہے۔ . . . .

م	ی	ر	ک
۲۱	۱۹۹	۱۱	۲۹
۸	۲۸	۲۲	۲۲
۲۸	۲۳	۲۷	۶

حضرت شمس العلماء ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن یعقوب کوفی فرماتے ہیں اس اسم کا ذکر اپنے مال اور کل احوال میں زیادتی پائے گا۔ اور اللہ سبحانہ وتعالےٰ اس پر ظاہری و باطنی نعمتیں کھول دے گا۔ نفع رسانی میں یہ اسم اعظم ترین اسماء ہے اس شخص کے واسطے جو اس کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب آجائے اور ایسے ہی جو اس کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ رزق کی اس پر کشادگی ہو جس کا نام عبدالکریم ہو اس کے واسطے بہت مناسب ہے۔ عدد اس کے زوج فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ۸ اپنی اصل پر زیادہ ہیں اسم صفوح ہے کیونکہ کرم صفح یعنے درگذر کا مقتضی ہے۔ اور اسماء حروف اس کے ۲۳ اسم رب اور معانی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اسم کریم اور وہاب اور ذوالطول اور منعم اسماء عظیمہ ہیں اور جلیل القدر مربع جلب رزق کے واسطے مفید ہے اور بعض دفعہ اس

کا مربع حرفی اور مثلث عددی اس طرح جمع کرتے ہیں ۔

کریم	وھاب	ذوالطول	منعم
ذوالطول	منعم	کریم	وھاب
منعم	کریم	وھاب	ذوالطول
وھاب	ذوالطول	منعم	کریم

ک ر ی م
۸۷ ۹۴ ۸۹
ی م ک ر
۹۷ ص ۹۸
م ی ر ک
۹۱ ۷۶ ۹۷
ز ک م ی

۱۴۴ اسم رقیب برائے حفاظت یہ اسم اسم اعظم ہے اور ترا کرم ہے جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے وہ اپنی حرکات وسکنات میں محفوظ رہے اور اس کا جلیل القدر مربع شرف قمر میں لکھا جاتا ہے جو اس کو اپنے رکھے ظاہر و باطن میں محفوظ رہے ۔ معلوم ہو کہ جو کوئی اس اسم رقیب کو ہر روز چار ہزار چار سو چوالیس بار روزہ اور ریاضت کے ساتھ چالیس روز تک جمع ہمت کے ساتھ پڑھے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب آجائے اور موکلان اسم اس کے ساتھ تسبیح پڑھنے لگیں ۔ پھر یہ شخص جس طلسم میں جائے گا وہ طلسم باطل ہو جائے گا ۔ عدد اس کے ۳۱۲ زوج فرد زائد ہیں ۔ اجزاء اس کے ۵۲۸ ۔ اسم حی اور حسیبی کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ اس کا مربع یہ ہے ....

ر	ق	ی	ب
۳	۱۹	۷	۱۰۳
۹۸	۲۲	۴	۳۳۰
۹۸	۱۱	۲۲۱	۹۹

۱۴۵ ۔ اسم مجیب برائے قبولیت دعا یہ اسم نورانی قبولیت دعا کے واسطے ہے ۔ ہر دعا کے ساتھ اس کو ملا کر پڑھنا چاہیئے ۔ جو شخص اس کے مربع کو جمعہ کی پہلی ساعت میں نقش کرے ۔ پھر دن بھر اسم کو پڑھتا رہے اور غروب کے وقت جو دعا مانگے قبول ہوگی ۔ عدد اس کے ۵۵ ہیں ۔ اور یہ عدد ناقص ہیں ۔ اجزاء اس کے ۱۰۷ ۔ اسم بادی اور ظاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ کیونکہ اسباب کے نازل کرنے میں ظہور کے معنے ہیں اور یہ عدد اسے ہویات خمسہ کے ساتھ حضرات کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اس کی ہا حضرت جمع اسم باطن کی طرف اشارہ کرتی ہے اور اس کا نور حضرت عدد کی طرف اشارہ کرتا ہے اسماء حروف کے ۱۵۱ اسم مقتدر کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ اس کو سمجھو ۔ مربع اس کا یہ ہے ......

۲	۲۰	۱۶	۱۰۶
۳	۱۹	۷	۱۰۳
۹۸	۲۲	۴	۳۳۰
۹۸	۱۱	۲۲۱	۹۹

۱۴۶ اسم واسع برائے عمر درازی اس اسم شریف کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے رزق اور علم اس کا کشادہ اور عمر دراز ہو یہ اسم اسماء جلیلہ سے ہے اس کے ذاکر کو کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر ایک کام کو اللہ تعالےٰ آسان کر دیتا ہے جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ اس کا خلق اور سینہ کشادہ کرتا ہے

یَااَوَّلُ اَنْتَ الَّذِیْ اَظْهَرْتَ بِکَ الْاَوَائِلُ وَاَنْتَ الَّذِیْ سَبَقَ وُجُوْدُکَ کُلَّ الْقَبَائِلِ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ الْمَوَاهِبَ فِی الْاَبْکَارِ وَالْاَصَائِلِ وَاَنْتَ السَّابِقُ الَّذِیْ مَاکَانَ مَعَکَ غَیْرُکَ وَلَا انْقِضَاءَ لِوُجُوْدِکَ وَبَقَاءِکَ وَاَنْتَ الْقَاهِرُ نُوْرَ خَلْقِکَ وَالْقَادِرُ عَلَیْهِمْ عِلْمُکَ وَالْعَالِمُ الْمُحِیْطُ بِاَحْوَالِهِمْ وَالْمُتَصَرِّفُ فِیْ اَفْعَالِهِمْ لَکَ الْعِزُّ وَالْبَرَکَةُ وَالْبَقَاءُ وَبِفَضْلِکَ اَعْیَانُ الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ اَوَّلِیَّتِکَ فِی الْخَلْقِ اَنْ تَرْزُقَنِی السَّبْقَةَ فِی الْخَیْرَاتِ وَوُجُوْدِ الْبَاقِیَاتِ الصَّالِحَاتِ۔

اسم اَلْاٰخِرُ اس کے موکل کا نام وحیائیل ہے جس کے تحت چار حاکم ہیں۔ ہر حاکم کے تحت ۱۰۸ صفیں ہیں اور ہر صف میں ۸۰۱ فرشتے ہیں دعا اس اسم کی یہ ہے۔

الجمع والکمال وایدنی باحسن النوال وحقق مناجح بواطن الوسائل انک انت المحسن الفعال۔

اسم البجاس اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام قثنابیل ہے۔ جس کے تحت چار افسر ہیں۔ اور ہر افسر کے پاس ۲۴ صفیں ہیں اور ہر صف میں ۲۴ فرشتے مامور ہیں۔ اس اسم کی دعا یہ ہے۔

یا بر انت الذی احسنت بکل غلوق بعد تربیتک وانت الذی اخفیت کل ناقص واخفیت امورہ فی امورک وانت المحسن المتفضل علی من اقبل علیک بخلوص الایمان راجعا الیک بالقلب والسان وانت الذی تعصم فتعافی وتشدد والعقاب علی الطغاۃ وتغفر من المذنبین وتبدل السیات حسنات ذوالرافۃ فی حق الراجین والرحمۃ فی حق الطالبین والعزۃ والکبریاء فی حق الاثمین الیک والراجعین الی یوم الدین ۔

فصل ۲۹ اسماء الٰہی کے تصرفات پوشیدہ اور نواں طریقہ

المنعم المتفضل المحسن الجواد الرافع الباسط الغافر المجیب السمیع مندرجہ بالا اسماء الٰہی کے خواص یہ ہیں کہ ان کا ذاکر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے سرشار اور اس کے فضل و احسان میں رہتا ہے۔ اس کی ہمت اور علم و فہم میں ترقی ہوتی اور رعیب پوشیدہ رہتے ہیں۔ اور اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

اسم المنعم المتفضل ان دونوں اسموں کا ذاکر جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے وہ اس کو پردہ غیب سے مل جاتا ہے۔

اسم المنعم المتفضل۔ ان دونوں اسماء کا ذاکر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے فضل و حمایت میں سرشار رہتا ہے۔ اور خیر و برکت حاصل ہوتی ہے۔ جو شخص ان دونوں اسماء کا نقش مکسر کر کے ایک عمدہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کے اخلاق و آداب درست ہوں۔ اور کنجوسی وغیرہ یعنی کل اوصاف ذمیمہ اس سے دور ہوں گے۔

ہمیشہ خوشحال رہنے کا عمل اسم الرافع الباسط یہ دونوں اسم ملائکہ عرش کا وظیفہ ہیں ان اسماء کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ جسمانی مالی اور علمی قوت دیتا ہے اور اس کے ذاکر کو قدر و منزلت دیتا ہے جو شخص ان دونوں اسماء کو سونے کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہنے تو ہمیشہ خوشحال رہے۔

قبولیت دعا کا عمل اسم المجیب السمیع ان دونوں اسماء کا ذاکر اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے تو وہ اس کو عطا کرتا ہے۔ اگر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر المجیب اور دائیں پر السمیع لکھے۔ پھر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا کرے تو فوراً قبول ہوگی۔ اس کے خواص بہت جلد ظاہر ہوتے ہیں۔

اسم التواب اس کے موکل کا نام صیمغائیل ہے۔ اس کے تحت چار رئیس ہیں۔ ہر رئیس کے تحت ۴۰۹ صفیں اور ہر صف میں ۴۰۹ فرشتے مامور ہیں۔ دعائے اسم التواب یہ ہے۔

یا تواب انت التواب علی من تاب والمقرب لمن تاب وانت الذی بلغت نور کرمک علی قلوب الطلاب وانت الذی اغنیت ازواح اھل الودح وللقلب حتی رجعوا الیک وما ذکرا الیک بسرائرھم وتالوا الیک بقوامھم منک الفوت وانا بیدک والیک مال القریب والبعید اسئلک اللھم بنور التوبۃ وسناء لاذبۃ وکمال الرافۃ والرحمۃ

فِي الْمَنَالِكِ تَادِيَةً اَعْلٰى حِفْظِ نَفْسِيْ وَحِفْظِ حَقِّكَ فِي الْمَسَالِكِ وَالنَّصْرِ عَلَى الْاَعْدَاءِ وَتُوْقِ فِي تِجَارَتِيْ اَلاَّ وَلَا تَقَلْ مِنْكَ خَتَائِفُ۔

اسم مُقسِطُ اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے۔ جس کے موکل کا نام جبعیائیل ہے اس کے تحت چار زمینیں ہیں ہر زمین کے تحت ۲۰۹ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۰۹ فرشتے مامور ہیں اسم مقسط کی دعا یہ ہے۔

يَا مُقْسِطُ اَنْتَ الَّذِيْ عَدَلْتَ بَيْنَ الْبَرَايَا فِيْ خَلْقِهِمْ ذَوَاتًا وَّصِفَاتًا وَّاَنْتَ الَّذِيْ وَصَلَ فَضْلُكَ اِلٰى كُلِّ مَخْلُوْقٍ وَّنَالَ مَدَدُهُ بِالْكَمَالِ وَالْوَقَارِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْزُقَنِيَ الْعَدْلَ فِي الْاَقْوَالِ وَالْاَفْعَالِ مِنْكَ الْعَارِفِيْنَ وَالْجَمَالِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ۔

اسم الجامعُ اس اسم میں بھی اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے۔ جس کے موکل کا نام رحقیائیل ہے اس کے تحت ۱۴ صفیں ہیں ہر صف اس اسم الجامع کی دعا یہ ہے۔

يَا جَامِعُ اَنْتَ الَّذِيْ جَمَعْتَ بَيْنَ الذَّرَّاتِ عَلٰى ظُهُوْرِ خَلِيْقَتِكَ يَوْمَ الْمِيْثَاقِ ثُمَّ شَتَّتَّهُمْ بِالْاَخْذِ عَلَيْهِمْ بِالْاَزَلِ وَالْاِطْلَاقِ وَاَنْتَ الَّذِيْ اَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْوُجُوْدِ الْعِلْمِيِّ الْكَائِنِ بِالْقَهْرِ وَالشِّقَاقِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ مَا اَرَدْتَهُ مِنْ حَقَائِقِ الصِّفَاتِ وَالْاَخْلَاقِ اَنْ تَجْمَعَ شَمْلِيْ بِكَ يَوْمَ التَّلَاقِ وَاَنْ تُطَهِّرَنِيْ فِيْ حَقِّ الْحُكْمِ وَلَكَ وَلْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ وَلَا تُخَيِّبْ رَجَائِيْ بِاِقْبَالِيْ عَلَيْكَ وَوُقُوْفِيْ لَدَيْكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْخَلَّاقُ۔

اسم الغنی کے موکل کی تسخیر | اسم الغَنِيُّ اس اسم عالیشان اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام رمیائیل ہے جس کے تحت چار زمینیں ہیں اور ہر زمین کے تحت ۱۰۶۰ صفیں ہیں اور ہر صف میں (۱۰۶۰) موکل مامور ہیں دعائے اسم الغنی

يَا غَنِيُّ اَنْتَ الْمُغْنِيْ وَاَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰى مَا تَشَاءُ قَادِرٌ عَلٰى تَغَيُّرِ كُلِّ شَيْءٍ وَّكُلِّ قَوِيٍّ وَّاَنْتَ الْاٰخِذُ بِنَاصِيَةِ كُلِّ حَيٍّ وَّالْمُعْطِيْ جَزِيْلَ نِعْمَتِكَ لِكُلِّ مَخْلُوْقٍ اَسْئَلُكَ بِمَا فِيْهِ فَقْرٌ وَّغِنًى اَنْ تُعَوِّقَ جِبَايَاتِكَ الْاَزَلِيَّةَ حَتّٰى اَقِفَ لَدَيْكَ حَتّٰى يَوْمِ التَّوَكُّلِ وَالْاِفْتِقَارِ وَالْعِزِّ عَلٰى دَفْعِ مَا يَمْنَعُنِيْ عَنْكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ۔

اسم المُغْنِيْ اس میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام صمیائیل ہے جس کے پاس چار زمینیں ہیں ہر ایک زمین کے تحت ۱۰۰ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۰۰ موکل ہیں ذاکر کے پاس موکل آتا ہے دعا اس اسم کی یہ ہے۔

يَا مُغْنِيْ اَنْتَ الْمُدَبِّرُ لِاُمُوْرِ الْخَلَائِقِ وَمُتَوَلِّيْهَا وَاَنْتَ الْمُخْرِجُ لَهُمْ مِنْ ظُلْمَةِ الْعَدَمِ وَمُوْجِدُهَا بَعْدَ تَدْبِيْرِكَ وَجَمَعْتَ بَيْنَهُمْ فِي الْبَرْزَخِ الْاَدْنٰى اِلٰى اَفْعَالِهِمْ وَصِفَاتِهِمْ نُصْرَاتِ الْمَظْلُوْمِ وَاَضَفْتَ اِلٰى رِضَاءِ الْمَظْلُوْمِ رِضَا الظَّالِمِ اَلَّفْتَ بَيْنَ الْمُتَنَاقِضَاتِ وَالْمُتَبَايِنَاتِ وَالْمُضَادَّاتِ الَّتِيْ لَا تَحَقُّقَ لَهُ بِغَيْرِهِ لَا فِيْ ذَاتِهٖ وَلَا فِيْ صِفَاتِهٖ وَلَا اَفْعَالِهٖ وَاَنْتَ الْمُغْنِيْ بِعِنَايَتِكَ مِنْ طَلَبِ قَضَاءِ الْحَاجَاتِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالنِّيَّاتِ وَمُصَرِّفَ الْاُمُوْرِ اِلٰى مَرَاكِزِهَا وَالْجِهَاتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْزُقَنِيْ حُسْنَ التَّدْبِيْرِ وَالْمُعَامَلَاتِ وَاَنْ تَجْعَلَنِيْ عَدْلًا فِي الْاِنْصَافِ جَامِعًا بَيْنَ الشَّاَنِ الْكَبِيْرِ وَالتَّنْزِيْهِ بِالْحَقِيْقَةِ

اسم المَانِعُ اس اسم میں بھی اسم اعظم کے دو حروف ہیں جس کے موکل کا نام سخیائیل ہے اس کے پاس چار سردار ہیں ہر سردار کے

پاس ۱۱۱ سپاہی ہیں اور ہر صف میں ۱۱۰ ہزار کل ہیں۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

یَا مَلِکُ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَکْتَ حُبَّکَ مِنْ قُلُوْبِ الْعِبَادِ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَغْنَیْتَ اَلْسِنَۃَ الْکَثِیْرَۃِ وَاَنْتَ الَّذِیْ سَخَّرْتَ قُلُوْبَ الْاَحْدِ وَمِنْ شَہِیْرٍ بِتَحَوُّلِ الْکُرَامِ بِالْعِزَّۃِ اَسْئَلُکَ بِجَلَالَتِ الْقَائِمِ بِکُلِّ الْاُمُوْرِ تُمْسِکُ الدَّائِمَ اَنْ تَنْزِعَ عَنِّیْ کَیْدَ الْکَیْفَانِ وَاَنْ تُکَذِّبَنِیْ کَاسْرَ الشَّیْطَانِ وَتَجْعَلَنِیْ اِنَّمَا یَحْفَظُنِیْ مِنْکَ فِی الْجِنَانِ یَا قَوِیَّ الْبُرْہَانِ یَا عَظِیْمَ الثَّبَاتِ وَالْاِحْسَانِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

اسم المتکبر اس اسم عالیشان کے موکل کا نام صدمتوکل ہے جس کے پاس چار سردار ہیں اور ہر سردار کے پاس ۱۰۰۱ صفیں ہیں اور ہر صف میں ۱۰۰ موکل موجود ہیں۔ اس اسم کی دعا یہ ہے۔

یَا مُتَکَبِّرُ اَنْتَ الْمُتَقَدِّسُ بِاَعْلٰی الْجُوْدِ وَالْکَثْرَۃِ وَاَنْتَ الْقَاہِرُ بِقُدْرَتِکَ وَنَقْضِ الْعُہُوْدِ وَاَنْتَ الْمُذِلُّ لِمَنْ تَدَلَّسَ فِیْ مِنْکَ اَسْئَلُکَ بِعَظِیْمِ الْمِیْثَاقِ یَوْمَ تَعُوْدُ مِنْ اَنْ تَدْفَعَ عَنِّیْ مُنْیَۃَ الْوُقُوْفِ عَلٰی مَنْ سِوَاکَ وَتُؤْمِنَنِیْ مُشَاہَدَۃً فِیْ جَلَالِکَ وَاِنْ لَا اَعْصِیَ اِلَّا اِیَّاکَ وَارْزُقْنِیْ لِاَبْوَابِ التَّمَامِ مِنْکَ یَا اَرْحَمَ بِسِتْرِ مَرْضَاتِکَ وَالْقُوَّۃَ بِسِرِّ عِنَایَتِکَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

فصل ۳۰ دسواں طریقہ اسمائے الٰہی کے پرمنفعت اسرار

جاننا چاہیئے اسمائے الٰہی میں سے مندرجہ ذیل یہ دس اسماء الحق المبین الخبیر الہادی الحی القیوم الاول الاخر الظاہر سب کے سب لطف و اتلاق و ربیت و تزکیہ نفس و احیا قلوب اور غائب اشیاء کے مشاہدہ کرنے اور کشف وغیرہ کے خواص کے حامل ہیں۔ ان کے ذکر سے برکتیں نازل ہوتی ہیں اور ذاکر کا ظاہر و باطن پاک ہوتا ہے اور اس کے دشمن ہلاک ہوتے ہیں۔ ان اسماء کے ذاکر کو شہرت حاصل ہوتی ہے ہر سوال کا جواب اس کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے الہام ہوتا ہے رزق کشادہ ہوتا ہے۔ حکمت کی نہر اس کے دل سے اس کی زبان پر جاری ہوتی ہے اور غائب چیزوں کو سامنے دیکھتا ہے خصوصاً اللہ تعالیٰ اس کی خطاؤں کو کراماً کاتبین سے پنہاں کر دیتا ہے اور اس کے دل کو نور سے منور کر دیتا ہے جس کی وجہ سے یہ آسمان و زمین کی تمام چیزیں دیکھتا ہے۔ اور بحر و بر کی جانب مخلوقات اس کی نظر کے سامنے ہوتی ہے۔ اور مشہور ہونے کا یہ وظیفہ ہے۔

اسم الحق یہ اسم عالیشان ہر کام کے لئے مفید ہے۔ جو شخص اس کے اعداد ۱۰۸ کو ایک مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھے پھر کسی حاکم یا سربراہ کے پاس جائے تو وہ اس سے خوف کرتا اور یہ ذاکر ہر ایک دشمن پر غالب ہوتا ہے

غیب کی چیزوں کا علم و حاجت برآری | اسماء اَلْخَبِیْرُ اَلْمُبِیْنُ اَلْہَادِیْ ان تینوں اسماء کا جو شخص سوتے وقت ایک ہزار بار ذکر کرے اور کسی بات کے معلوم کرنے کی نیت کرے تو اللہ تعالیٰ خواب میں اس کو مطلع کرتا ہے۔ ہر سو بار کے بعد یوں کہنا چاہیئے بیعلی یَا مُبِیْنُ خَبِّرْنِیْ یَا خَبِیْرُ اِہْدِنِیْ یَا ہَادِیْ پھر ایک ہزار پورا کرکے مدینہ غالب ہونے تک بلا تعداد بلا تعداد ان اسماء کو پڑھتا رہے۔ اگر پہلے روز کوئی حالت معلوم نہ ہو تو تین روز تک یہ عمل کرنا چاہیئے اگر ان اسماء کو پاک برتن میں لکھ کر سات دن تک شہد اور گلاب سے دھو کر تین گھونٹ نہار منہ پیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو علم لدنی و حکمت عالیہ عنایت کرتا

ہے۔ اور یہ ذاکر کل اہل زمانہ پر فوقیت لے جاتا ہے۔

اسمائے اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ان دونوں اسماء کا ذاکر انوار الٰہی کو ظاہر و نہاں دیکھتا ہے۔ جس کا دل زندہ ہوتا ہے۔ اور رزق کشادہ ہوتا ہے اور اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ جو شخص ان دونوں اسماء کے مربع جو ہم حرب ہے اور پانچ حرب پانچ ہے کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کا دل زندہ رزق کشادہ ہو۔ اور اطاعت الٰہی و اخلاص عملی قائم رہے۔ اور ظاہر و باطن منور ہوں۔

حضرت خضر سے ملاقات کا طریقہ | اسمائے اَلْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ۔ ان چاروں اسماء کا ذاکر کثیر رزق اور دبال وغیرہ سے ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔ جو شخص ان اسماء کو رانگ کی تختی پر کندہ کر کے اس کی پشت پر مچھلی کی شکل بنا کر اس تختی کو دریا میں ڈالے تو ہر طرف سے مچھلیاں اتنی جمع ہوں گی۔ کہ ہاتھ سے ان کو پکڑے جو شخص چالیس دن تک ان اسماء کا ورد دن اور ہر نماز کے بعد کرتا رہے۔ اور حضرت خضرؑ سے اس کی ملاقات ہوتی ہے۔ جو اس کو علوم قدسیہ کی تعلیم دیتے ہیں۔ اور یہ روحانی حالت میں محو ہو کے حضرۃ قدس میں جا پہنچے گا۔ جہاں انوار جمال جانب ملکوت اور فرشتوں کے مقامات کا مشاہدہ کرے گا۔ خلوص ہمت اور کسب حلال و صدق مقال لازمی ہے۔

اسم اَلنَّافِعُ اس اسم میں اسم اعظم کے دو حروف ہیں اس کے موکل کا نام طھطیائیل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں۔ ہر افسر کے تحت ۱۰۰ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۰۰ موکل مامور ہیں۔ ذاکر کے پاس موکل آتا ہے۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

يَا نَافِعُ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَعْتَ الشُّبُهَاتِ مِنَ الْقُلُوْبِ وَالْبِدَعِ عَنِ الْعَقَائِدِ الْمَانِعَةِ عَنْ اِدْرَاكِ بِسِتْرِ الْغُيُوْبِ صَدَرَتْ مِنْكَ الْخَيْرُ وَالشَّرُّ وَالنَّفْعُ وَالضُّرُّ وَالْفَوَائِدُ وَالْعَوَائِدُ وَالشَّدَائِدُ .... الضَّمَائِرُ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مَنْعَ الْبَلَاءِ وَجَزِيْلَ الْعَطَاءِ وَسِعَةَ الرِّزْقِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذِّلَّةِ وَالْمُخَالَفَاتِ وَالْمَوَانِعِ وَالْاٰفَاتِ لِسَلَامَةِ خَيْرِكَ بِغَيْرِ وَاسِطَةٍ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا حَتّٰى يَنْشَرِحَ بِحَمْدِكَ بِذَاتِكَ مِنْ مَا بَدَا اخْتِيَارُ فِی الْاَنَامِ بِقُدْرَتِكَ اَنْتَ اللّٰهُ مَاحِیَ السَّيِّئَاتِ۔

اسم اَلنُّوْرُ اس اسم عالیشان کے موکل کا نام مهطیائیل ہے جس کے تحت چار حاکم ہیں۔ ہر حاکم کے تحت ۵۰۰ صفیں ہیں جن میں سے ہر صف میں ۲۵۰ فرشتے ہیں۔ دعائے اسم النور یہ ہے۔

يَا نُوْرُ اَنْتَ النُّوْرُ الظَّاهِرُ الَّذِیْ ظَهَرَ بِكَ كُلُّ الظُّهُوْرِ وَاَنْتَ الْحَاكِمُ بِنُوْرِكَ عَلٰى كُلِّ نُوْرٍ تَعَرَّفْ بِبَوَاطِنِ الْخَلْقِ وَظَوَاهِرِهِمْ بِمَا اَلْبَسْتَهُمْ مِنْ كَرَامَتِكَ بِمَا اَحْيَيْتَهُمْ مِنْ شَهَادَتِكَ وَبِمَا رَشَشْتَ عَلَيْهِمْ نُوْرَكَ وَلَا بِيَدِكَ وَمَا مِنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَاخْضَعْ كُلَّ جَلَالٍ لِجَلَالِكَ وَجَبَرُوْتِ حَمْدِكَ وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ حِرْزِكَ وَمَدَدِكَ اَسْئَلُكَ نُوْرَ النُّوْرِ وَشِفَاءِ الصُّدُوْرِ وَبَاعِثَ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ اَنْ تُنَوِّرَ لِیْ بِنُوْرِكَ الْاَعْلٰى وَضِيَائِكَ لَا يُحْيِیْ سِرِّیْ وَجَهْرِیْ وَظَاهِرِیْ وَرُوْحِیْ وَنَفْسِیْ وَقَلْبِیْ وَلِسَانِیْ وَفُؤَادِیْ وَجِلْدِیْ وَرُكْبَتِیْ وَبَدَنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ ذُوالْمَجْدِ وَالرَّخَاءِ۔

اسم اَلْبَاقِیْ اس اسم میں دو حروف اسم اعظم کے ہیں اس کے موکل کا نام طغیائیل ہے جس کے تحت میں چار موکل ہیں جن میں سے ہر ایک کے تحت میں ۱۱۲ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۱۲ موکل مامور ہیں دعائے اسم الباقی یہ ہے۔

يَا بَاقِیْ اَنْتَ [illegible] وَاَنْتَ [illegible] اَحْيَيْتَ كُلَّ مَرْزُوْقٍ بِفَضْلِكَ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَخْرَجْتَ

مَنْ اَجْتَبَيْتَهُمْ مِنَ الْكُفْرِ وَالنِّفَاقِ وَالْفُسُوْقِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ قَلْبِكَ فِىْ خَلِيْقَتِكَ اَنْ تَرْزُقَنِىْ بَقَاءً لَا نَفَادَ لَهُ اَبَدًا اَوْ حَيَاةً اَوْ مَوْتًا بَعْدَ مَا سَرْمَدًا وَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى اَحَدٍ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَلَا اِلٰى اَحَدٍ سِوَاكَ وَارْزُقْنِىْ بَقَاءً لَا نَفَادَ لَهُ اَبَدًا اَحْيَاءً اَوْ اَمْوَاتًا بَعْدَ مَمَاتٍ سَرْمَدًا وَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى اَحَدٍ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَلَا اِلٰى اَحَدٍ سِوَاكَ وَارْزُقْنِىْ تَسْخِيْرَ الْقُلُوْبِ وَالْاَرْوَاحِ وَلَا تُحْوِجْنِىْ اِلٰى اَدْوِيَةِ الْاَطِبَّاءِ وَالْاَغْنِيَاءِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْفَتَّاحُ ـ

اسم الوارث اس اسم کے موکل کا نام ھدیائیل ہے جس کے تحت چار رئیس ہیں ہر رئیس ۷۰۰ صفوں کا سردار ہے اور ہر صف میں ۷۰ فرشتے ہیں دعائے اسم الوارث یہ ہے۔

يَا وَارِثُ اَنْتَ الْبَاقِىْ بَعْدَ فَنَاءِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ وَالْبَارِىْ لِاِنْشَائِهَا وَكَمَالِ الْهَيْبَةِ فِىْ يَوْمِ الدِّيْنِ ـ كَمَا اَخْبَرْتَ عِبَادَكَ فِىْ اٰيَاتِكَ الْمُبِيْنِ قُلْتَ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَسْئَلُكَ بِمَكَانِكَ الدَّائِمِ وَحِيْزِكَ الْقَائِمِ اَنْ تَجْعَلَنِىْ وَارِثًا بِعِلْمِكَ وَوَارِثَ عُلُوْمِ اَنْبِيَائِكَ وَاَوْلِيَائِكَ وَارْزُقْنِىْ فَوَائِدَهَا وَاَوْصِلْنِىْ اِلٰى يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ـ

اسم الرشید اس اسم میں ایک حرف اعظم کا ہے جس کے موکل کا نام مہیائیل ہے جس کے تحت چار رئیس ہیں اور ہر رئیس کے تحت ۵۱۱ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۵۱۲ موکل مامور ہیں۔ دعائے اسم الرشید یہ ہے۔

يَا رَشِيْدُ اَنْتَ الَّذِىْ اَرْشَدْتَ اَوْلِيَائَكَ اِلٰى سَبِيْلِ النَّجَاةِ وَاَوْصَلْتَ اَحِبَّائَكَ اِلٰى بَحْرِ الْحَيَاةِ وَعَيْنِ الْحَيَاةِ وَجَمَعْتَ بَيْنَ الْاَوْلِيَاءِ مَوْقِفِيْنَ عَلَى الْكَيْلِ الْعَاكِفِ اَسْئَلُكَ يَا وَلِىَّ الْعِنَايَاتِ اَنْ تُرْشِدَنِىْ اِلَيْكَ وَاَحْيِنِىْ حَيَاةً طَيِّبَةً وَتَفَضَّلْ عَلَيَّ يَا اللّٰهُ الْمُبِيْنُ ـ

اسم الصبور اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام مہیائیل ہے جس کے ماتحت چار حاکم ہیں ہر حاکم کے زیر حکم ۲۹۸ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۹۸ فرشتے مامور ہیں دعائے اسم الصبور یہ ہے۔

يَا صَبُوْرُ اَنْتَ الَّذِىْ اَعْطَيْتَ كُلَّ شَيْءٍ حِلْيَةَ تَوْحِيْدِيَّتِهٖ وَاَنْتَ الَّذِىْ اَحْيَيْتَ قَلْبَ مُوَحِّدِيْكَ بِنُوْرِ الْوَحْدَةِ وَالتَّوْحِيْدِ ثُمَّ مَلَّتَهُ اَوَّلَ كُلِّ ظَاهِرٍ وَاٰخِرَ كُلِّ بَاطِنٍ تَرْجِعُ اِلَيْكَ الْاُمُوْرُ وَالْاِمْدَادُ بِعَدَدِ فَنَاءِ الْمُلُوْكِ وَتَدْبِيْرِ الْاُمُوْرِ اِلٰى غَايَتِهَا عَلَى الرَّشَادِ وَالسَّدَادِ مِنْ غَيْرِ اِرْشَادٍ مُصَحِّحِ الْاِسْتِعْدَادِ وَلِتَحْصِيْلِ الْاِصْلَاحِ اِلٰى دَارِ الْمَعَادِ الَّذِىْ لَا تَحْمِلُكَ الْعَجَلُ عَلٰى نُزُوْعِ الْمَنِّ قَبْلَ اَوَانِهٖ وَلَا تُرَتِّبُ اَمْرًا قَبْلَ زَمَانِهٖ اَسْئَلُكَ مُلْكَتَكَ وَبِجَلِيْلِ كَلِمَتِكَ وَبِمَا فِىْ خَزَائِنِ مَخْزُوْنِ فَوْقِيَّتِكَ وَسُبْحَاتِ وَجْهِكَ وَظِلِّ عَرْشِكَ وَسُرَادِقَاتِ قُدْسِكَ اَنْ تَجْعَلَ دُعَائِىْ مَقْبُوْلًا وَنِدَائِىْ مُسْتَجَابًا وَجَرَائِىْ مُنْدًا وَلَا تَجْعَلْنِىْ عَادِيًا مَغْرُوْرًا وَعَلٰى صِرَاطِكَ مُسْتَقِيْمًا يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ـ

فصل ۳۱

حروف اور ان کے خواص و اثرات

اللہ تم پر رحمت کرے جاننا چاہیے کہ ہر امت کا راز اس کی کتاب منزل من اللہ میں ہے اور کتاب اللہ کا راز حروف میں ہے حروف کی مختلف اشکال ہیں۔ جب ہمارے حضور محمد سرور عالم کا ظہور ہوا اور قرآن کریم آپ پر نازل ہوا۔ تو اس امت مسلمہ کا پورا راز قرآن شریف میں ہی ہے۔ شریعت اسلامیہ نے سابقہ شریعتوں کو منسوخ کر دیا ہے قرآن کریم کے حروف کا نام حروف عربیہ کہا جاتا ہے۔ حضور رسول اکرمؐ سے کسی نے حروف معجمہ کی بابت سوال کیا کہ وہ کیا ہیں تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ ہیں۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ی۔ وا ضح باد ان ہی حروف کا نام حروف عربیہ ہے انہی حروف میں تمام کتب منزلہ اور دیگر بہت سے اسرار ہیں ابجد کے حروف سریانی ہیں جو حضرت آدمؑ، حضرت ادریس، حضرت نوحؑ حضرت موسیٰ، عیسیٰ پر نازل ہوئے یاد رہے حکیم سمار نے یقع بکر جشن کی اصطلاح نکالی ہے اہل فلوہ نے بھی ایک تحریر ایجاد کی تھی جس کے ذریعہ وہ اپنے علوم کو رمز و کنایہ کے طریقے پر لکھتے ہیں۔ ہمارے زمانہ کے جو لوگ حروف ہجا کو آگے یا پیچھے کر کے لکھتے ہیں اور اس کو اپنی عمدہ ایجاد تصور کرتے ہیں یہ فعل میرے نزدیک بہت بڑی غلطی اور جرم ہے۔ جس کے تحت وبال ان پر نازل ہو گا کیونکہ اس میں ترکیب اور ترتیب الٰہی بدل جاتی ہے خاص کر جبکہ اسماء الٰہی لکھے جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَمَنْ يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ بفرض محال اگر ان حروف عربیہ کا راز محفوظ ہوتا تو اللہ تعالیٰ قرآن مجید کو ان حروف میں نازل کرتا اور ذرا غور کر کے اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو دیکھ کر آنکھوں سے پردے ہٹالو۔ الٓمٓ، الٓرٰ، نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ اللہ تعالیٰ نے ان حروف کی قسم اس لئے کھائی ہے تاکہ ہم ان قدر و منزلت پہنچانیں۔

عربی حروف کے خواص ان کے نقوش و موکلات اور املاک و ایام

حرف الف کے خواص

تمام حروف میں سب سے پہلا حرف الف ہے جو نورانی ہے اور یہی پہلا عدد۔ اور پہلا درجہ بھی ہے جو حروف کو عناصر پر تقسیم کیا

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کو جو شخص بدلتا ہے تو اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے اقبال اثر ہیں

ہے اس علم میں بڑی بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اور اختلافات بھی لکھے گئے ہیں مگر اس امر پر سب متفق ہیں کہ الف حرف ناری ہے جس کے دو بسطے ہیں ایک صغیر دوسرا کبیر بسط صغیر ہے ال ف اور بسط کبیر الف لام فا۔ اور بسط عددی و ما حل بسط حرفی کے عین موافق ہے۔ چنانچہ اح وبسط عددی ہے۔ اور پھر بسط عددی کے اور دیگر بسطے بھی ہیں۔ جو شخص حروف اسا تا ال دو غور کرے گا اس پر یہ خواص ظاہر ہو جائیں گے۔ یعنی جیسا کہ الف کا بسط ہے۔ اسی طرح احد کا بھی بسط ہے۔ ال ف اح دیا الف۔ لام فا۔ الف۔ حا دال یا دال ان میں سے ہر بسط کے اسرار و خواص علیحدہ ہیں۔ نیز یہ حرف اول اخترع اللہ اول عدد اور اول ناری عنصر ہے۔ اسی لئے قوت الہیہ نے اس کے لئے قرار کا دن مقرر کیا ہے۔ کیونکہ یہی دن اس کی طبیعت اور شرف کے موافق ہے حرف الف اور ہندسہ دونوں ہم شکل ہیں۔ الف کی شکل عربی شکل ہندی کی طرح ہے۔ اور یہی عقل کا مبدا ہے۔ اور سارا راز اس کے مزاج کے ناری ہونے میں پوشیدہ ہے جب اللہ تعالیٰ نے قلم کو حکم دیا۔ کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب کا سب لوح پہ لکھے۔ تو قلم نے لکھنے سے قبل لوح پر سر رکھ دیا۔ جس سے ایک نورانی نقطہ ظاہر ہوا۔ پھر وہ نقطہ دراز ہو کر الف بن گیا۔ یہی بھید اس کے ناری ہونے کا سبب ہے۔ اسم اللہ کی ابتداء بھی اسی حرف الف سے ہے۔ جو شخص اس حرف کو سونے کی تختی یا زعفران سے منگل ہوتے کا عطر پر اتوار کے دن۔ شرف شمس میں لکھ کر عطر لگا کر اپنے پاس رکھے تو اس کا بخار رہتا ہے۔ اور جو کوئی اس شخص کو دیکھے گا اس سے خوف کرے گا۔ اور ہر برائی سے یہ شخص محفوظ رہے گا۔ اور خیر خیرات کی اس کو توفیق ہوگی۔ اور صفت اس حرف کی یہ ہے۔ ۱۱۱ حاملہ اس شکل کو درد زہ کے وقت دیکھے تو فوراً وضع حمل ہو۔ اور جو شخص اس کے بسط اول کو مثلث میں مکسر کر کے تانبے کے برتن پر لکھے اور گلاب سے دھو کر خفقان والے کو پلائے تو اس کا خفقان اور گھبراہٹ ڈرنے والے اور رونے والے بچے کو بھی اس کا پلانا مفید ہے۔ جو آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ جس شخص کو ٹھنڈک کی بیماریاں مثلاً کمر کا درد وغیرہ ہو جس کی شدت سے وہ حرکت نہ کر سکتا ہو تو اس کی دائیں ہتھیلی پر حرف الف کا مثلث اس طرح حل ف اور عن۔ غارے کے ساتھ۔ طلوع آفتاب کے وقت لکھے جب کہ ابر وغیرہ گرد و غبار نہ ہو۔ اور تین سطریں لکھے۔ فعال اگر حرف الف کی شکل مذکور سرخ ریشم پر زعفران و گلاب سے لکھ کر کمر پہ باندھے قدرت الٰہی سے حرکت میں آسانی ہوگی۔ اور بروودت باقی رہے گی اگر بسط ثانی کو یاد رکھ کر جس کے سر میں بلغم سے درد ہو باندھے تو درد فوراً زائل ہو جائے گا۔ اگر اس سے رفیق کو دشمن میں تکسیر کرنے جب کہ قمر نحوست سے محفوظ ہو۔ سرخ تانبے کی تختی پر لکھے اس نقش کے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس کے گرد ۱۱۱ الف لکھے اور قسط اور لادن کی دھونی دے کر ریشم کے تاگے میں باندھ کر پانی والے کنویں میں لٹکائے۔ سارا پانی کنویں کا خشک ہو جائے گا۔ اسی طرح ہر ایک برتن کا پانی بھی خشک ہو سکتا ہے حرف کے دیگر اسماء بھی ہیں جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔ جو حسب ذیل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ تَامَتْ بِهِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ

نوٹ۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ زبان عربی ام السنہ ہے جس کے ۲۸ حروف ہیں سے پہلا حرف الف ہے۔ اور اپنے بسط صغیر کے لحاظ سے گنتی کا پہلا عدد بھی ہے یعنی عبارت میں جس شکل کو الف کہتے ہیں۔ علم اعداد کے لحاظ سے وہی ایک کا ہندسہ ہے اور یہ دونوں اپنے مزاج کے لحاظ سے ناری ہیں۔ الف ہی عقل کا مبدا اول ہے اور اس کے اثرات کثیر و لاتعداد ہیں۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

يَا اَزَلِيُّ يَا اَبَدِيُّ الْاَبَدِ يَا اَمَانُ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ فِيْ حَرْفِ الْاَلِفِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ اَنْ تُسَخِّرَلِيْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ خُدَّامَ هٰذِهِ الْحَرْفِ الشَّرِيْفِ الشَّكْلِ النُّوْرَانِيِّ بِالطَّاعَةِ فِيْمَا اٰمُرُهُمْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِيْهِ رِضًا وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مَلَائِكَةً مِنْ مَلَائِكَتِكَ الْمُطِيْعِيْنَ وَالطَّاعَةِ الْمُرْضِيَّةِ يَتَصَرَّفُوْنَ بِاَمْرِكَ فِيْ طَاعَتِيْ وَلَا يَعْصُوْنَ لَكَ اَمْرًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حرف الباء کے خواص

حرف باء کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے مراتب خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے سنیچر کا دن اس کے لئے مناسب ہے اس کا ستارہ زحل اور معدن سیسہ ہے۔ اس کی دو شکلیں ہیں۔ ایک عربی میں جیسے ب اور دوسرا اردو میں جیسے ٮ۔ دراصل ب لیٹا ہوا الف ہے۔ یعنی الف قائم ہے۔ ب کے ساتھ جاننا چاہیئے کل حروف کی اصل شکل نقطہ ہے۔ جو بڑھ کر حرف ب بن جاتا ہے۔ اور اس پر لام تعریف نہیں آتا حرف ب کے بہت سے خواص میں سے چند یہ ہیں جو شخص اس کو اس کے معدن پر اسی دن جب کہ زحل مشتری سے تثلیث یا تسدیس کی نسبت رکھتا ہو۔ اس طرح لکھے ب ب ب اور اپنے پاس رکھے تو قوی امراض سے محفوظ رہے۔ اگر پشت پر باندھے تو بری شہوتوں سے امن ہو مگر یہ ب اور دو طرز میں دو بار پنسیوں پر لکھے تو سب ختم ہو جائیں حرف ب کا ایک بسط صغیر ہے اور ایک بسط کبیر ہے۔ بسط صغیر اس طرح ہے۔ ب۔ اور بسط کبیر اس طرح ہے ب اور بسط عددی بھی شکل حرفی بسط کے ہے جیسے ہو بعض علماء اس کو حرف صامت (خاموش) کہتے ہیں اور دلیل یہ ہے کہ جو حرف صامت ہے وہ ناطق نہیں ہو سکتا اور اس کی شکل پر زیادتی نہیں کی جاتی جیسے حرف فا و ب و ت و ث و ح و خ و ر و ط و ظ و ہ وی ان سب حروف کی اشکال پر زیادتی نہیں کرتی۔ کیونکہ حروف کی زیادتی سے نطق پیدا ہوتا ہے۔ جو صامت ہونے کے خلاف ہے۔ ب طبیعت کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ کہ یہ حرف بارد یابس ہے اس لئے کہ یہ حروف ارضی کا پہلا درجہ ہے۔ اور جو اس کو گرم تر یعنی حار رطب اور ہوائی کہتے ہیں۔ انہوں نے اس کے لئے پیر کا دن مقرر کیا ہے ستارہ اس کا قمر اور معدن چاندی ہے اور جو لوگ اس کو بارد رطب یعنی سرد تر اور آبی کہتے ہیں انہوں نے

---

[1] حرف الف کا موکل روفیائیل ہے اور یہ تحقیق بہ جماعت علیشاہ مرحوم، حکیم محمد رضاخان رامپوری اور ماسٹر احتشام الدین خان (رام پور) (انڈیا) کی ہے۔ مصنف نے اصل کتاب میں موکل کا نام نہیں لکھا۔

[2] ترجمہ اے اللہ میں تیرے اسم اعظم کے ذریعہ سوال کرتا ہوں جس کے طفیل آسمان و زمین قائم ہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ان اسرار مخزونہ اور انوار مکنونہ کے ذریعہ جنہیں تو نے حرف الف میں رکھا ہے۔ اے اللہ اے احد مسخر کر میرے لیے اپنے عالیشان فرشتے جو خادم ہیں اس حرف شریف کے شکل نورانی میں جو اطاعت کریں گے۔ ان کاموں میں جن میں تیری رضا ہو اور نازل کر مجھ پر موکل روحانی اطاعت کرنے والے تاکہ تیرے حکم سے میری اطاعت بجا لائیں اور کوئی نافرمانی نہ کریں بے شک اے اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اس سلسلہ میں جبروت کا دن کوکب مشتری اور معدن کا لنی عقر کیا ہے مگر حکما اور اہل نجوم کا یہی متفق علیہ ہے کہ یہ حرف بادیا ہیں یعنی سرد خشک اور خاکی ہے۔

حکیم بقراط کہتا ہے۔ تمام سے حروف ستہ، سات چار حصے کے ہیں گرم خشک سرد خشک گرم تر اور سرد تر بقراط کے زمانے میں حروف ابجد کی ترتیب تھی۔ اور جملہ سات ہر حروف کی ترتیب سے مراد مرتبہ اور درجہ اور دقیقہ اور ثانیہ اور ثالثہ اور رابعہ اور خامسہ ہے جب حرف ب کو اس کے مرکب عددی سے بسط کریں اور اس مرکب کے اعداد سے مثلث بنائے اور ایک ٹھیکری پر جس کو آگ نہ لگی ہو لکھ کر اس کے مستنطقات نکالے اور عمل کو سات بار قسم دے کر پھر کسی کنوئیں میں ڈال دے تو اس کا پانی خشک ہو جائے گا۔ جو شخص اس کے نقش عددی کو پیر کے دن زیادتی قمر میں لکھے اور دلہن اپنے پاس یہ نقش رکھے تو زوجین کی محبت زیادہ ہو جائے گی اور شوہر اس کی طرف مائل رہے گا۔ جو شخص حرف ا ور ب کو بارسیسہ کی تختی پر لکھ کر ہفتہ کے دن قید خانہ کے دروازے پر رکھ دے تو تمام قیدی آزاد ہوں۔ اس حرف کے بہت سے اسماء ہیں جن کے ذریعہ وصال حاصل ہے مجربہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا رَبُّ یَا بَدِیْعُ یَا بَاقِیْ یَا بَاعِثُ یَا بَرُّ بِهَا اَوْدَعْتَهُ حَرْفَ الْبَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ اَنْ تُحَصِّلَ مَدْعُوَّکَ هٰذَا مقصود المعروف اَمْرُهُمْ بِهٖ مِمَّا قَدَّرْتَ فِیْهِ فَنَاءً اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الثاء کے خواص

حرف ثاء بھی حرارت دار گرم خشک ہے۔ مخرج میں حرف تاء کے قریب ہے اسی لئے اکثر لغات میں باہمی رد و بدل بھی کیا گیا ہے حرف ثاء کی شکل نورانی اور طبیعت معتدل ہے اس کے خواص نہایت عجیب اور دفع اثر زہر میں زود اثر ہیں اس کی شکل خالص چاندی کے برتن میں دس بار نقش کی جائے اور ہر شکل کے گرد ایک مرتبہ ثاء ا ور دیکھ کر خالص پانی سے دھو کر زہر خوردہ یا سانپ کاٹے کو پلائے تو حکم الٰہی سے فوراً آرام ہوگا۔ اس کی شکل یہ ہے

پ ۹ ۷ ث

جو کوئی اس شکل کو چاندی کی تختی پر کندہ کر کے پہنے کے گلے میں ڈالے تو موذی جانور اس کے قریب نہ جائیں۔ چیچک کی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔ رونا بھی جاتا رہے۔ اور جو کوئی اس کے اعداد بسط کو مربع کے طور سے انگوٹھی پر نقش کرے اور ارد گرد خط میں دائرہ کے گرد چودہ مرتبہ لکھے۔ اور اس انگوٹھی کو پہنے تو کسی قسم کا سانپ اس کے قریب نہ پھٹکے۔ اگر زہر ملا ہوا کھانا اس کے سامنے آئے تو فوراً معلوم ہو جائے۔ زہر خوردہ کے منہ میں اس انگوٹھی کو رکھیں۔ اور وہ اس کو چوسے تو زہر کے اثرات دور ہو جائیں۔ جو کوئی اس مرکب عددی کو شمع میں اونٹ کی کھال پر لکھے۔ اور جلا کر پیس کر جس کی آنکھ میں سفید ہو اس میں لگائے تو سفیدی زائل ہو جائے گی۔

مطلوب کا بلانا اگر حرف ث کسی شخص کے نام کے ساتھ ملا کر لکھے بعد دیگرے۔ یعنی ایک حرف اسم مطلوب کا اور ایک حرف اسم طالب کا لکھے۔ اسی طرح دونوں کا نام کو لکھے اور حرف ثاء بھی لکھے۔ اور ا سے شمالی ہوا کی طرف لٹکا دے۔ اور سات بار حرف ثاء پڑھ کر کہے ... بحق حرف ثاء کے فلاں ... یہاں اس جگہ ... ۔

یہ کام پیر کے دن زیادتی قمر میں کرنا چاہیئے۔ مطلب حاصل ہوگا۔ دعاء اس حرف کی طرف اسم ثابت کے ذریعہ پائی گئی ہے جسے ہم حرف ثاء کی دعا میں بیان کر چکے ہیں۔

حرف الجیم کے خواص

حرف ج ناطق اور نورانی حرف ہے۔ حرارت اور رطوبت کا پہلا درجہ رکھتا ہے مگر خشکی زیادہ ہے۔ اسی نے منگل کا دن اور مریخ ستارہ اس کے لئے مقرر ہوا ہے حکیم بقراط کہتا ہے۔ یہ تیسرا حرف ہے جس میں عنصر ہوا پہلے مرتبہ میں ہے اس کی یبوست اس کی رطوبت پر غالب ہے اس کی شکل مثلث ہے۔ دونوں وتر نقطہ تعدیل پر جمع ہیں اور اس شکل کے سوائے حرف جیم کی اور کوئی شکل نہیں ہے۔ مگر بعض جاہلوں نے چند شکلیں ایجاد کر لیں ہیں جو بالکل باطل غلط ہیں نقش مثلث یہ ہے۔

چور معلوم کرنا ہو اگر شکل ج کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھیں۔ اور اس کے اطراف آیت وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا لکھ کر اس شخص کو جس پر چوری کا شبہ ہو کھلائیں تو اگر واقعی وہ چور ہے تو اس ٹکڑے کو نگل نہ سکے گا۔ اور اگر چور نہیں تو نگل جائے گا

اور اگر کوئی شخص اپنے بائیں ہاتھ کے ناخن پر وارود جیم لکھے اور کسی بادشاہ یا حاکم کے پاس جائے تو وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔ اور کوئی برائی حاکم سے اس شخص کو نہ پہنچے گی۔ اگر حرف جیم کے مرکب حرفی کی تکسیر اس طرح کر کے ج ی م کو درخت اثل کی لکڑی پر لکھا جائے۔ پھر اس لکڑی کو اس درخت سے باندھ دے۔ جس میں پھول پھل نہ آتا ہو تو وہ درخت بار آور ہوگا

برائے محبت اور اگر اس مرکب کے اعداد کو مثلث میں پُر کر کے بلور کے نگینہ پر نقش کرے۔ اور گرد اس کے سات جیم اردو لکھے بعد ازاں اس کی انگوٹھی بنا کر پہنے تو جو اس کو دیکھے گا۔ محبت کرے گا۔ اور اس حرف کے اسمائیہ میں جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا جَبَّارُ يَا جَمِيْلُ يَا جَلِيْلُ يَا حَيُّ ... بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الْجِيْمِ مِنْ اَنْوَاعِ اَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ مَلٰٓئِكَتَكَ الْكِرَامِ حَتّٰى اَمْرِهٖ وَالْحَرْفِ بِالْكَاسِ ... مُرْهُمْ ... لَكَ فِيْهِ رِضًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حرف الحاء کے خواص

حرف حا صامت اور مزاج آبی رکھتا ہے پیاس اور صفرا دور کرنے میں عجیب و غریب تاثیر ہے اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت و تالیف قلوب اور غصہ دور کرنے میں اس کے خواص بڑے پُر اثر ہیں۔ جو شخص اس کی شکل اردو کو جو ۸ کے ہندسہ کی طرح ہی ہتھیلی پر لکھ کر کسی پاک برتن میں پانی سے دھو کر پیئے تو پیاس کو تسکین ہو۔ جس شخص کو گرمی کا مرض ہو وہ تین روز متواتر یہ عمل کرے تو اللہ اس کو شفا دے گا۔ جو اس کی شکل مخصوص یعنی ح کو تیند دے کی کمان پر لکھ کر جلا کر اس کی راکھ آنکھ میں لگائے تو ارواح کو بے حجاب دیکھتا ہے اگر حرف ح وارود کو ۲ بار کپ یا چینی کے گرد لکھے تو آرام ہو صورت اس کی یہ ہے ح ... اگر ح کی شیشے کے گلاس پر لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے تو اسباب اور سینہ کی ...

دفع ہو اور ہمیشہ دل خوش رہے۔ اگر اس کے اعداد کو مربع ۸۰۰ میں بنا کر رانگ کی لوح پر نقش کرے۔ جب کہ مشتری شرف میں ہو کر اور قمر نحوست سے پاک ہو۔ اور اسے اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہوگا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے۔ اگر اس تختی کو اس شخص کے سر پر باندھے۔ جس کے سر میں سفر اوی درد ہے تو فوراً آرام ہو۔ لڑائی جھگڑے بند کرنے میں بھی اس حرف کی عجیب تاثیر ہے۔ اگر اس نقش کو ایک دستہ فوج اپنے جھنڈے پر لگائے تو مقابل کی فوج کا ان پر غصہ دور ہو جائے۔ نقش کی دعا یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا حَكَمُ یَا حَكِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا حَسِیْبُ یَا حَنَّانُ یَا حَفِیْظُ یَا حَقُّ یَا حَافِظُ بِمَا اَوْدَعْتَ حَرْفَ الْحَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ لِیُطِیْعُوْنِیْ فِیْمَا لَكَ فِیْهِ رِضَاءٌ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حرف الخاء کے خواص

حرف خ حرارت اور سرد مزاج کا حامل ہے۔ شکل حرف حاء کے ہے مگر خواص ان دونوں کے مختلف ہیں اور متعلق بھی ہیں خواص حرف خاء یہ ہیں اگر پانی کے برتن میں جس میں چکنائی نہ لگی ہو۔ ۴۰ مرتبہ حرف خ لکھا جائے۔ اور عرق بان کے ساتھ دھو کر خفقان والے کو پلائیں تو خفقان دور ہو۔ اس حرف کی دو شکلیں ایک عربی خ اور دوسری اردو۔ ۶۰۰ اخرات یہ ہیں ایک مربع بنا کر حروف خاء کو اس کے اوپر دائرے کی طرح لکھے۔ اور اعداد حروف خاء کو اس مربع میں لکھ کر اگر جھگڑالو آدمی کی گردن میں ڈالے تو وہ قوی دل مرد ہو میدان جائے۔ پھر بہادری وہ کام کرنے لگے اگر بچہ کی گردن میں ڈالے تو بچہ سوتے میں نہ ڈرے۔ اور ہر جن و انس کے شر سے حفاظت رہے حرف خاء کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اس کو بلور کے نگینہ پر نقش کر کے چاندی کی انگوٹھی جڑ کر درد زہ والی عورت کو پہنائے تو فوراً بچہ پیدا ہو اور اگر اس حرف کے اعداد مرکب عددی کو تانبے کے طشت میں درخت ریحان کی قلم سے گلاب و زعفران سے لکھے۔ اور گرداگرد اس کے ۔۔ ھ لکھے۔ پھر مینہ کے پانی سے دھو کر جنون والے پاگل کو تین دن پلائے تو وہ تندرست ہو جائے گا۔ شکل جس کی یہ ہے۔ خ خ خ خ اور اسماء حرف خ کے یہ ہیں جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا خَلَّاقُ یَا خَالِقُ یَا خَافِضُ یَا خَبِیْرُ خ خ خ خ یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ بِمَا اُمِرُوْا بِهٖ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حرف الدال کے خواص

حرف د ناطق ہے جو علم و حکمت پر دلالت کرتا ہے۔ عطارد سے نسبت رکھتا ہے اس کا مزاج سرد و تر ہے عطارد میں جتنے حرکات وغیرہ ہیں۔ وہ سب حرف دال میں موجود ہیں۔

حرف دال میں مزید خواص بھی بہت سے ہیں جس شخص کو گرمی سے ورم ہو گیا ہو اس پر چار مرتبہ حرف د لکھتے ہیں اور ہندسہ ۷ بار بھی لکھیں تو آگ سے جلے ہونے کی تکلیف دور ہو جاتی اور زخم نہیں پڑتے اگر حرف دال کے اعداد کو جو ۲۵ ہیں مربع میں لکھ کر اس باہر کونے پر حرف دال لکھ کر سنگ یشب کی تختی پر کندہ کرا کے اس کو اپنے پاس رکھے تو آنتوں کے درد سے محفوظ رہے۔ اور مربع کی شکل میں اس لوح پر جو چاندی اور پارہ ملا کر بنائی گئی ہو۔ عطارد کی ساعت اور اس

کے شرف میں لکھ کر روزانہ چار بار اس کو دیکھا کرے اور اللہ سے دعا کرے کہ حرف دال کے اسرار اس پر منکشف ہوں تو حکمت و علم جو حاصل کرنا چاہتا ہو وہ اللہ کی عنایت سے حاصل ہوگا۔ شکل اس کی یہ ہے د۴ م ۴ د اور دعائے حرف دال یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا دَائِمُ الْعِزِّ یَا ذَا الْجُوْدِ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الدَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ فِیْمَا اٰمُرُهُمْ بِهٖ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الذال کے خواص

حرف ذ منقوطہ بھی ناطق صامت ہے۔ اس لئے کہ یہ آخری درجہ پر حرارت اور یبوست کا حامل ہے۔ اس کا بسط ماثل ہل ہے حرف ذ ناری ہے اور اس کے اعمال سردی اور تری میں کئے جاتے ہیں۔ اسے سمجھ لو۔ تو اس کا طریقہ تم پر منکشف خود بخود ہو جائے گا۔ اس حرف کو جو کوئی ۷ بار چینی کے برتن میں لکھ کر شہد سے دھو کر سات دن تک پیئے اس کا بلغم جاتا ہے اگر دائرے کے اندر قلم سے ۱۸ بار سونے کی تختی پر یا چینی کے برتن میں لکھ کر شہد سے دھو کر مسلسل سات دن متواتر بلد منہ سردی کی بیماری والے کو پلائے تو نفع ہوگا

عظیم قوت و طاقت حاصل کرنے کا عمل اگر حرف ذ کے بسط ثانی کو جو اس طرح ہے ذال الف لام اور فال الف لام اس کو کسر کرکے مدورنہ میں پیر کے دن مریخ کی ساعت میں لوہے کی تختی پر لکھے اور اس نقش کے چاروں کونوں کے باہر ان چار اسماء میں سے ایک ایک اسم لکھے۔ یَا ذٰ مُقْتَدِرٌ قَوِیٌّ قَادِرٌ ـــــ اور اس تختی کو اپنے بازو پر باندھے تو عظیم قوت پیدا ہو۔ حرف ذ کے اسماء یہ ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ یَا ذَا الْمَنِّ وَالْجُوْدِ وَالْكَرَمِ یَا ذَا الْاِحْسَانِ وَالْاِمْتِنَانِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا ذَا الْعَفْوِ یَا ذَا الصَّفْحِ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الذَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلٰئِكَتَكَ الْكِرَامَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الراء کے خواص

حرف راء مزاج کے لحاظ سے آبی سرد و تر اور صامت ہے یہ رطوبت ثالثہ جس میں رطوبت اور برودت انتہا درجہ پر ہیں جن کلمات میں یہ حرف آتا ہے ان کے مکرر رکھنے اور بولنے سے اس ٹھنڈک کی بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔ خواص اس حرف کے بہت سے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں رانگ کی تختی پر مشتری کے شرف میں اس کو لکھے۔ نقش بھی پاکیزہ اور تختی بھی پاکیزہ ہو۔ پھر اس تختی کو سخت گرمی کے وقت زبان کے نیچے رکھے تو پیاس جاتی رہے گی۔ اگر اس لوح کو پانی میں رکھا جائے اور مسلسل نہار منہ تین گھونٹ اس پانی کے پیے تب بھی پیاس دور ہوگی۔ اگر جیلا ڈ کی کھال پر حرف راء لکھ کر اس کے باہر دس بار راء اردو لکھے تو جو شخص اس کھال کو اپنے پاس رکھے جب تک یہ کھال اس کے پاس رہے گی۔ بیعدنہ آسفنگ اور جو دس ح ب مع راء اردو ہینگ کے پانی سے جیل کے دروازے پر مع اس قیدی کے نام کے جسے جیل سے رہا کرانا مقصود ہے لکھے تو وہ شخص بہت جلد قید خانہ سے رہا ہوگا۔ شکل راء یہ ہے۔ △

حرف راء کے اسماء جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔ یہ ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَءُوْفُ یَا رَزَّاقُ یَا رَفِیْعُ یَا رَقِیْبُ یَا رَشِیْدُ یَا رَؤُفُ یَا رَبُّ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الرَّاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ

تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ الشَّرِیْفِ فِیْمَا آمُرُھُمْ بِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الزا کے خواص

حرف زا نقطہ والی ودراصل ناطق ہے جس کا آخر برج سرطان ہے یہ حرف ساعت ہے مزاج گرم تر اور ہوائی ہے اس کا فرشتہ لیہ ہے خوب تر تاثیر رکھتا ہے۔ زا اور ذال بلائی کی تختی پر پہلے دن جب کہ قمر مشتری سے اتصال رکھتا ہو لکھ کر اس کو پہنے اور پیر باندھے تو سب لوگوں کی بدگوئی اور بلائی سے محفوظ رہے گا اور ہر ایک تنگی سے پیش آئے گا۔

جو شخص اس کے حرف بجا کو مع عدد حروف کے تکسیر کر کے لکڑی کی تختی پر پہلے دن چار حرام مہینوں یا قوت ہلال میں منقش کرے تو بہت بہتر ہے۔ پھر اس تختی کو طحال پر باندھے تو چند ہی دن میں آرام ہوگا۔ صورت حرف بجا کی مع حروف اعداد کے یہ ہے۔

ز	ا	ی	س	ب	ح	۷	
۷	ز	ح	ا	ب	ی	س	
س	۷	ی	ز	ب	ح	ا	
س	ح	ب	ی	ز	۷		

اگر اس حرف کے اعداد کو مربع میں جمعرات کو پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے سر پر آگے کی طرف رکھے تو جو شخص اس کو دیکھے گا وہ محبت کرے گا۔

اگر کوئی شخص زا نے اور زا کو مشتری کی ساعت میں جمعرات کے دن ۹۹ بار کاغذ پر لکھ کر کسی دیوار میں رکھ دے تو وہ بہت جلد گر پڑے گی۔ شکل اعداد اس حرف کی یہ ہے ۷۷۷۷۷۷۷۷ دعا حرف زا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا زَکِیُّ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ الزَّاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف السین کے خواص

حرف س ناطق اور مزاج گرم تر اور خاکی وبادی ہے۔ رطوبت معتدل ہے۔ اس کے مربع حرفی کو دروازہ والی عورت دیکھے تو بچہ فوراً پیدا ہو۔ اگر اس کے مثلث کو تانبے کے برتن میں لکھ کر میٹھے پانی اور زیتون کے تیل سے دھو کر اس کو پلائے جسے زہریلے جانور کاٹا ہو تو فوراً آرام ہو جائے۔

حل مشکلات کشادگی رزق جو شخص اس حرف کے حرفی کے اعداد نقش کو دائرہ میں جمعہ کے دن پہلی ساعت میں بلور کے نگینہ پر منقش کر کے انگوٹھی میں لگا کر پہنے تو رزق کشادہ ہو اور اس کی ہر مشکل آسان ہو اور ہر برائی سے محفوظ رہے اور کبھی ابتر نہ رہے۔

اگر شکل اعداد اس حرف کی مٹی کی لوح پر کندہ کر کے جس مکان میں لٹکائے تو اس مکان میں مکھی نہ آئے۔ جو شخص شکل۔ اعداد اس حرف کی آئینہ میں دائرہ میں لکھے۔ اور لقوے والا اسے دیکھے تو جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔ اس کی شکل اعداد یہ ہے۔

س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا سَلَامُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ السِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حرف الشین کے خواص

حرف نقطہ دار الشین ناطق اور گرم و تر ہے۔ جو آخر مرتبہ دائرہ رابع سے ہے۔ اس کی حرارت و یبوست معتدل ہے خواص اس کے نہایت سریع الاثر ہیں۔

برائے محبت و ہیبت جو شخص اس حرف کو ۳۰ بار کاغذ پر اتوار کے دن جب جس وقت آفتاب برج حمل میں ہو لکھ کر عطر کی خوشبو لگا کر اپنے سر پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت اور نور دیتا ہے۔ اور جو شخص اس کو دیکھے۔ وہ اس کی محبت و اطاعت کرے۔

جو کوئی حرف شین کے مرکب حرفی کو تکسیر کر کے جمعہ کی ساتویں ساعت میں تانبے پر سونے کا ملمع ہو کندہ کرکے اپنے پاس رکھے تو جن و انس اس سے محبت کریں۔

اگر ایک شخص یا کئی اشخاص کے نام اس حرف شین میں امتزاج کر کے تانبے کی تختی پر نقش کر کے کسی مکان میں ڈال کے قریب سے جانے تو وہ شخص یا اشخاص اس مکان میں آنے کے لئے بے قرار ہو۔

جادو گڑا ہوا معلوم کرنا جو شخص حرف شین کے حروف ہجا کو تکسیر کر کے مثلث میں ریشم پر لکھے اور بان ذکر کی دھونی دے اور اس کے اطراف یہ آیت لکھے اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پھر اس کو سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر اس مکان میں چھوڑ دے جہاں دفینہ کا گمان ہو۔ یا جادو کے گڑے ہونے خیال ہو تو وہ مرغ کھڑے ہو کر اسی جگہ ۳ بار بانگ دے گا۔ اور پنجوں سے کریدے گا۔ شین کے حروف کے ہجا کی تکسیر یہ ہے۔ دعا یہ ہے۔

ش	ی	ن
ی	ہ	ش
ن	ش	ی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا شَاکِرُ یَا شَکُوْرُ یَا شَھِیْدُ یَا شَدِیْدُ۔

بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ الشِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَا بُکَۃَ الْکِرَامِ ھٰذَا الْحَرْفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الصاد کے خواص

حرف صاد ناطق و خاکی اور مزاجاً خشک ہے مگر سردی خشکی پر غالب ہے۔ جو شخص حرف صاد کو جمعہ کے دن مچھلی کی چربی سے ۹۰ بار روشنائی سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور شکار کو جائے تو شکار اس کے ہاتھ آئے۔

مچھلی کا شکار مربع میں اس کے اعداد بسیط کی تختی پر نقش کرے اور اس تختی کے دوسری جانب مچھلی کی صورت بنا کر اس کے اطراف دس بار صاد اور لکھے۔ اور اس تختی کو ڈوری میں باندھ کر نہر میں ڈالے تو چاروں طرف سے مچھلیاں اتنی زیادہ کرتی ہیں کہ ہاتھ سے بھی جس قدر چاہے پکڑے حرف صاد کا ایک طلسم نہایت عظیم النفع ہے۔ جو شخص حرف صاد کے عدد ہجا کو مربع کی صورت میں ۹۵ بار لکھے یعنی ۹۰ ص اد کل ۹۵۔

پھر اس مربع کے گرد دائرہ بنائے اور اس کے باہر صاد عربی لکھے۔ ص ۹۰

اور اپنے پاس رکھے تو سفر و حضر میں چور اور جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ شکل اس کی یہ ہے۔ کل ۹۵/۴

ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	

دعا حرف صاد کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا صَادِقُ یَا مَنْصُوْرُ یَا صَاحِبُ فِیْ غُرْبَتِیْ اَسْئَلُکَ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ

حروف الصاد وحٰمٓ عٓسٓقٓ المطففة ان تستجیب لنا امر هذا الحرف انك على كل شیءٍ قدیرٌ.

حرف الصاد کے خواص

حرف صاد نقطہ دار انتہائی خشک ہے اور ۹۵ مرتبہ لکھا جاتا ہے۔

انہدام مکان جو شخص حرف ص کی شکل بکری کی کھال پر لکھ کر رات کو کسی کے گھر پھینک دے تو وہ گھر گر پڑے گا اور اس کے باشندے متفرق و پریشان ہو جائیں گے۔ اگر اس مکان کا مالک کوئی بڑا عہدہ رکھتا ہے۔ تو اس سے معزول ہوگا۔

حاکم کی معزولی دشمن کی ہلاکت اگر کسی شخص کا ہلاک کرنا منظور ہو۔ تو اس کے نام کو حرف صاد میں امتزاج دے کر شیشہ کر کی بھٹی کے پاس اس طرح دفن کرے کہ بھٹی کی گرمی اس کو پہنچتی رہے تو تیسرے دن اس شخص کے جسم پر خشک پھنسیاں پیدا ہوں۔ اور دو چار روز میں ہلاک ہو۔

گم شدہ کی فوراً واپسی اگر حرف ص کے اعداد کو نقش چہار میں بنا کر دے کسی کھال پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے تو بچہ کبھی نہ گھبرائے گا۔

اگر کوئی شخص ۹۵ اس عدد زعفران اور مشک اور عرق سے شیشہ کے برتن میں لکھے اور یہ تعویذ شکل دائرہ کے بنا کر بیچ میں اس شخص کا نام لکھے جو بھاگ گیا ہو تو ایک ساعت بھی نہ گزرے گی۔ کہ وہ شخص حاضر ہوگا۔ حرف صاد کی دعا وہی ہے جو حرف صاد (بلا نقطہ والی) کی ہے یعنی جہاں صاد ہے وہاں ض پڑھے۔

حرف الطآء کے خواص

حرف طاء صامت و مذکر و آتشی و گرم خشک ہے جس میں حرارت و خشکی بے حد ہے۔ خاصیت اس کی قتل و غارت اور ظالموں کی ہلاکت ہے۔ جو شخص طا کی شکل سرخ تانبے پر منگل کے دن پہلی ساعت میں کندہ کرے اور اس کی دوسری طرف مریخ کی شکل بنا کر کنویں میں ڈالے تو اس کا پانی خشک ہو جائے۔ شکل اس کی یہ ہے۔

۹۹ ۹۱ ۹ ۹۹ ۹۹

کسی قاتل کو قتل کرنا ہو تو ایک مخمس میں اس کی تصویر بناؤ۔ اور دل کی جگہ حرف طاء لکھو۔ پھر ایک فولادی چھری جس کا قبضہ بھی فولادی ہو اس پر ایک سطر میں ۲۰ مرتبہ حرف طا لکھو اور منگل کے دن مریخ کی ساعت میں۔ اس چھری کو حرف طا پر جو کاغذ پر دل کی جگہ لکھا ہے۔ گاڑ دو تو وہ شخص ہلاک ہو جائے گا۔ اشتقاق حرف طاء کا۔ اسم طاہر سے ہے۔ یہ طریق مذکورہ کرنا چاہیئے۔

حرف الظآء کے خواص

حرف ظاء صامت و ہوائی ہے اس کا مزاج تر ہے۔ زہر کے اثرات بالکل نکال دیتا ہے اگر حرف ظ کو زرد تانبے پر منقش کر کے ایک برتن میں رکھو اور اوپر سے پانی ڈالتے رہیں۔ اور یہ پانی زہریلے جانور کے کاٹے یا زہر خوردہ کو پلائیں تو وہ فوراً اچھا ہو جائے گا شکل اس کی تختی کی یہ ہے۔ جو شخص دنیا میں اپنی شہرت چاہے وہ حرف ظ کو سفید ریشم پر جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھے اور اس کے ساتھ ہی اسم

ظاہر بھی چار مرتبہ لکھ کر عود ہندی اور عنبر کی دھونی دے کر اپنے سر پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کے علم کو مشہور کرے اور رجوع عام ہو۔

اگر اس کے اعداد کو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران اور گلاب سے لکھے اور اس کے گرد یہ آیت لکھے۔
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً اور یہ آیت وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ
پھر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو دوست بنا دے گا۔ اسم اس حرف کا ظاہر ہے اور اس حرف کی دعا پہلے راح حرف طاء کی طرح ہے۔

حرف العین کے خواص

حرف ع ناطق اور مزاجاً سرد ہے۔ یہ اکثر علوم اور حکمتوں کا سرچشمہ ہے یہ حرف عربی شکل میں ۱۸ بار بدھ کے دن پہلی ساعت میں کاغذ پر لکھو۔ اور گرد اس کے وہ اسماء لکھو جو اس سے مشتق ہیں اور دن بھر میں چار بار اس کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ علم و حکمت عنایت کرے گا۔ اور جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے تو حکمت کی نہریں دل سے زبان پر جاری ہوں۔ اور عجیب علم و حکمت کے ساتھ گویا ہو اسماء یہ ہیں اور حرف عین سے شروع ہونے والے یہ ہیں چار اسماء مثلاً علیم، عالم عادل عدل۔
جو عورت حرف ع کے اعداد کو مربع میں پُر کر کے اس کے اطراف ستر عین سفید ریشم پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر۔ اور عود ہندی کی دھونی دے کر اس کو اپنے پاس رکھے تو ایسا حسن و جمال حاصل ہو گا۔ کہ سب لوگ اس پر فریفتہ ہوں گے اس حرف کی شکل عربی اور اردو ایک ہی جیسی ہے۔ اور صورت یہ ہے حرف کے اسماء معلومہ جو حرف ظاء کے نیچے لکھے ہیں ان کے ذریعہ دعا کی جائے۔

حرف الغین کے خواص

حرف غ ناطق تر مزاج ہے آبی آخری مرتبہ میں ہے اس کے اسماء یہ ہیں اَلْغَنِیُّ اَلْغَفَّارُ یہ حرف نیک بختی کی علامت ہے۔ اور خوشی و فرحت اس کی تاثیر ہے جو شخص حرف غ کو ساگ کی تختی پر ۱۰۰ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو بے گمان رزق دے۔ اچھی زندگی بسر کرے۔ تمام مخلوق کے دل اس کی جانب مائل ہوں۔ حرف غ میں بھی راز ہے کہ عربی شکل کے سوائے دوسری شکل سے نہیں لکھا جاتا۔
سربستہ راز و علوم کا انکشاف اور مقبول خلائق | بعض کا بیان ہے حرف غین دراصل اَلْغَيْبُ سے مشتق ہے جس کی دلیل آیت يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ سے ہیں اور یہ بات بھی اس کی تائید میں ہے۔ کہ جو شخص اس کے اعداد کو ۵ ذرّہ میں لکھ کر اس کے گرد ۱۹ غین برابر برابر تقسیم کر کے ساتھ لکھے۔ اور اس کے باہر کاغذ پر روشنائی سے یہ اسماء لکھے غنی غافر غفار غفور پھر عنبر اور عود قماری کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے۔ اور ہزار مرتبہ قبلہ رو ہو کر ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو علوم غیبی عطا کرتا ہے اور عجائب مخلوقات پر اطلاع بخشتا ہے اور اسماء کے رازوں کا علم دیتا ہے۔ اور جو شخص اس کی تکسیر کر کے خلوت میں چاندی کی انگوٹھی پر پیر کے دن زبادی تر میں کندہ کر کے اپنے ہاتھ میں پہنے تو اللہ تعالیٰ اس پر زبان خلائق ہر گوئی بند کرتا ہے

شکل اس کی یہ ہے۔ اور دعا اس حرف کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مُغِیْثًا یَا مَالِکُ یَا مَشْکُوْرُ بِمَا اَوْ دَعْتَہٗ حُرْمَۃَ الْغَیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ۔

[illegible]

حرف الفاء کے خواص

حرف فا ملامت اور سرد و خشک ہے۔ اس کے موکل کا نام حرف فیل ہے۔ یعنی اس کے اثرات یہ ہیں کہ سہل کاموں کو مشکل بنا دیتا ہے اور ان کے مکمل ہونے میں توقف ڈالتا ہے دشمنوں اور ساتھیوں میں تفرقہ پیدا کرتا ہے۔ حرارت کے لحاظ سے اس میں عمل زیادہ ہے اس کی دو قسمیں ہیں ایک عربی دوسری اردو۔ جو شخص اس کو منگل کے دن قمر کے اتصال میں زحل کی تختی پر لکھ کر ساتھیوں کے مجمع میں دفن کرے تو وہ سب آپس ہی میں لڑ کر قتل ہو جائیں۔ اور اگر اس حرف کو نحوس ساعت میں لکھ کر اس کے نیچے سانپ یا بچھو کی صورت بنائے اور کسی مکان کے بیچ میں دفن کرے تو اس مکان میں کبھی سانپ یا بچھو نہ آئے گا۔

ایک راز کی بات اگر سونے یا کسی دھات کی کوئی چیز کا رنگ ہو تو روغن بلسان اس پر لگا کر گاڑ دے۔ اس روغن کے اثر سے اس کو نہ زنگ لگے گا نہ خراب ہوگی۔ حکمائے قدیم اسی ترکیب سے اپنے طلسمات محفوظ کرتے تھے۔

اگر کسی کے کاروبار یا تجارت کو بند کرنا چاہو تو اس کے نام کو حرف فا میں امتزاج دے کر اس کے مال تجارت میں رکھ دو تو تجارت اس کی بند ہو جائے گی۔ اور اگر ۸۰ مرتبہ حرف فا کسی مکان کے دروازے پر لکھ دو کوئی اس مکان میں نہ رہے گا۔ اگر حرف فا کے اعداد کو نقش مربع میں بکری کے شانہ کی ہڈی پر لکھ کر اس کے گرد ۸۰ حرف فا اس شخص کے نام کے ساتھ جس کا مسخر کرنا منظور ہو لکھو تو مطلب حاصل ہوگا۔ دعا حرف فا کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا فَتَّاحُ یَا فَاطِرُ یَا وَالِیَ الْحَبِّ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ف	ف	ف
ف	ف	ف
ف	ف	ف

حرف القاف کے خواص

برائے قوت و طاقت حرف ق ناطق اور گرم تر قدرے خشک ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ قویٰ کو مدد دیتی ہے اسی لئے اسم قَوِیٌّ قَادِرٌ قَدِیْرٌ مُقْتَدِرٌ قَہَّارٌ۔ میں اس حرف قاف کو جو کوئی لوہے کی تختی پر ۱۰۰ مرتبہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو بھاری سے بھاری بوجھ اٹھانے کی قوت حاصل ہو۔ حرف قاف کو اللہ نے قوت کا سرچشمہ بنایا ہے۔ جیسے عین کو علم کا اور غین کو غنا کا سرچشمہ بنایا ہے۔

جو شخص حرف قاف کے اعداد نقش مربع کی شکل میں اتوار کے دن پہلی گھڑی میں شیر کی کھال پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو درندے اور وحشی اور شاہان جن و انس اس سے خوف کریں گے۔

حرف قاف کے دائرے میں اس طرح ق لکھ کر ریاضت کرنیوالا اس کے درمیان بیٹھے تو کوئی جن اس کو ایذا نہ پہنچا سکے گا

شکل حرف قاف یہ ہے۔

ق ق ق ق ق ق
ق ق ق ق ق ق
ق ق ق ق ق ق

اگر ان اسماء کو جو اس حرف سے مشتق ہیں۔
نقش مربع میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پہنے تو بوجھ اٹھانے کی خوب طاقت پیدا ہوگی۔

حرف الکاف کے خواص

حرف کاف گرم و تر ہے اور ناطق و سعید ہے اس کو چار بار کسی برتن میں لکھ کر طحال پر رکھیں تو فوراً کم ہو کر دور ہو جائے گی۔ اگر ۱۲ بار سرخ تانبے پر جب کہ قمر نحوست سے علیحدہ اور مشتری سے متصل ہو۔ جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوقات کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو گی۔ اگر اس کو لکھ کر گھر کی دیوار پر لگا دیں تو اس مکان میں خیر و برکت ہو گی اور اس گھر کے رہنے والوں کو رزق فراخ ملے گا شکل اس کی یہ ہے

جبرائیل اسرافیل عزرائیل میکائیل

اور دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا کَبِیْرُ یَا کَافِیْ یَا کَرِیْمُ بِھَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ الْکَافِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ فِیْمَا اٰمُرُ بِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

حرف اللام کے خواص

حرف لام ناطق اور سرد مزاج اور سعد ہے اس کا مرد سے رشتہ لطف خفی ہے اور اسم لطیف اس شق سے ہے جو شخص اس کو ۳۰ مرتبہ رانگ کی تختی پر جمعرات کے دن پندرہ تاریخ اگر رمضان ہو تو بہت بہتر ہے۔ نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو ہر برائی سے اللہ محفوظ رکھے گا۔ اور ہر سختی و فتنہ سے نجات دے گا۔ شکل یہ ہے

۷۲	۳۰	۲
۲۳	۷۴	۴۶
۷۶	۱	۸۵

نقش کے گرد یہ آیت لکھے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ الخ
جو سونے کی انگوٹھی کے نگ پر نقش کرنا چاہیے۔ نقاش روزہ دار ہو اور جو شخص یہ انگوٹھی پہنے گا۔ وہ لطف الٰہی سے مالا مال ہوگا۔ دعائے حرف لام اسم لطیف کے ساتھ بطریق مذکورہ پڑھے۔

حرف المیم کے خواص

حرف م ناطق اور گرم و خشک ہے اور قدرے رطوبت بھی ہے اور نفع و نقصان دونوں اس کے خواص ہیں۔ مذکر بھی اس کی ذو ہیں۔ عربی اور اردو میں جو بیس مرتبہ مربع کی شکل یہ ہے۔

م م م م م م
م م م م م م
م م م م م م
م م م م م م

اگر تربنج کی ہڈی پر لکھ کر قولنج والے کو دکھلائے تو مریض تندرست ہو جائے گا

اگر اس کا مربع قمر کی ساعت میں کسی بھی شخص کے نام کے ساتھ لکھے تو وہ اس کی محبت میں ایسا کھو جائے کہ ایک ساعت کی جدائی گوارہ کر سکے گا شکل اوپر نقل ہے۔
اور دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مَالِکُ یَا مَلِیْکُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ یَا مُتَکَبِّرُ ـــــ وہ تمام اسماء کریمہ

محمد کے اول حرف میم ہے۔ اور وہ سب اسماء ہم ہیں۔ ان کے بعد یہ کہے۔ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ بِحَقِّ حَرْفِ الْمِيْمِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ مَلٰٓئِكَتَكَ الْكِرَامَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حرف النون کے خواص

حرف نون مائل اور سرد وخشک ہے کچھ سے مطلوب بھی ہے۔ یہ حرف میم کی طرح منفر بار ہیں اور سین کی طرح مضطرب میں سے ہے۔ اگر کسی مصیبت زدہ کی پیشانی پر لکھیں تو اس کی بیماری جل کرجاتی ہے۔

جاننا چاہیئے حرف ہجا میں سے تین حرف مدد الٰہی کے اسرار میں اہم علم ہیں اور وہ طرفاً اور ردّاً پڑھے جاتے ہیں جیسا کہ فرمان الٰہی ہے۔ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ اور كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ ہے۔ جب ان کے حروف کو مقطع کرکے لکھا جاوے۔ تو طرداً اور رداً دونوں طرح پڑھے جائیں گے اسی طرح میم اور نون اور واؤ ہیں۔ جو دونوں طرح پڑھے جائیں گے اسی طرح میم اور نون اور واؤ ہیں جو دونوں طرح پڑھے جاتے ہیں۔ اور اسی باعث ان میں بہت سے اسرار ہیں دعائے حرف نون یہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا نُوْرُ يَا نَافِعُ يَا اَللّٰهُ بِحَقِّ حَرْفِ النُّوْنِ آخر تک طریقہ مذکورہ پڑھنا چاہیئے

حرف الہا کے خواص

حرف ہا ہوائی اور قدرے خشکی کے باعث گرانی ہے۔ اس کے اثرات یہ ہیں جب اس کو آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ کے ساتھ لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈالے جو رات کو ڈرتا ہو تو اس کے بعد پھر نہ ڈرے گا۔ اگر اس کو مربع ہ ورم میں لکھ کر کسی بچہ کے باندھیں تو ہر عارضہ و مرض سے محفوظ رہے گا جو شخص اس کو ۵ بار عمدہ کاغذ پر اچھی طرح لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ اس کو اس کے ارادہ میں کامیاب کرے گا۔ اس حرف سے اسم ہادی کے سوا کوئی اور اسم مشتق نہیں ہے اس اسم اور اس آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کے ساتھ بطریق مقررہ دعا کرنا چاہیئے۔

حرف الواؤ کے خواص

نیز کتاب اکلیل اور لوح ذہب اور کتاب کرسی اور کرسی سلیمان بن داؤد اور قہریہ سب باب متصل سے وابستہ ہیں۔ جن کی اولاد حنفلش بن جارش جو مرزبات شاہنشاہ الجالجی ہیں اور یہ خدام کرسی اور دو سادسہ اور اخاطفر اور خاطر او مستعر ہیں۔ اور حرفۃ کتاب دراصل مناجات کلام شاہنشاہ ہے جو باب کبیر متعون متصل سے متعلق ہے۔ اور یہ حضور سے ایک ہی زمام میں ایک درجہ پر ہے اس کے آخر کو اول پر درجہ بدرجہ معصوبہ اور مقلوبہ بنام ولی تکسیر کرو اور اسم صدر سے شروع کرو پھر تو نوے یکے بعد دیگرے دونوں ابواب کے آخر تک اسم بعد اسم اور جب متصل مقدم ہو تو بابعد اس کا تکسیر سے یقصد ہو۔

۱۔ معرفت تاج ملک میططرون جو شراطیں بلند بہ ہے کلام شاہنشاہ سے اور جو باب کبیر اور صغیر سے ہے جس میں صفت مناجات تکسیری ہے اعداد کا اجتماع اعلیٰ درجوں پر معصوب اور مقلوب ہے جو موافق قیاس مناجات ہے۔

۲۔ معرفت تاج ملک میططرون دربارہ کلام شاہنشاہ یہ باب صغیر سے ہے اس کی تکسیریں صفت ۴۔۴ پر درجہ بدرجہ اسم کے ہیں۔ اس کا اسم قیاس حاصل لوح آدمؑ ہے جو معصوب اور مقلوب ہے جسے دونوں ابواب کے آخر دریہ عمل لانا چاہیئے

۳۔ معرفت تاج باب صغیر دراصل کلام قیقیب ہے جس میں ساتویں آسمان کے فرشتوں کے نام ہیں۔ جو تکسیر کے بعد موافقت اعداد درجات حروف کے باب صغیر سے حاصل ہوتے ہیں۔ جو دس ابواب سے چالیس درجہ تک ایک زمام سے نکلے ہیں جس طرح معلوم ہوا تم اسی طرح تکسیر کرو۔ نام یعنی ۱۲۶ اسموں کے بعد برآمد ہوگی۔ اسی طرح جہاں تک جی چاہے کرتے رہو۔

۴۔ معرفت اسماء دولۃ القطب یہ باب صغیر سے کلام قیقیب کے ساتویں فرشتوں کے اسماء سے جو فلک قمر پر مامور ہیں تکسیر کے حروف داخلہ سے بنتے ہیں۔ جو دس ابواب سے چالیس درجہ پر ہیں جو ایک ہی زمام میں صفت تاج کے حامل ہیں۔

۵۔ معرفت حربہ بادشاہ نیشا جو حربہ بادشاہ میططرون عبدالقاہر کا فرزند ہے۔ جو لوگ اس کو ابواب نظیر قیاس تاج سے شمار کرتے ہیں۔ وہ اس کو باب صغیر سے مانتے ہیں۔

۶۔ یہ باب متصل ہے۔ کلام غیب سے جس میں پانچویں آسمان کے فرشتوں کے نام ہیں جن میں تکسیری حروف باب متصل سے ہیں۔ اور یہ خارج ہیں دس ابواب معصوبہ اور مقلوبہ اور یہ قیاس تاج جو سمجھا گیا باب صغیر سے ہے۔

۷۔ معرفت اسماء ملائکہ متعینہ فلک شمس، ان کی تکسیر باب حروف متصل داخلہ سے ہے قیاس تاج اس کا دس ابواب سے سمجھا گیا ہے۔

۸۔ حربہ عزرائیل علیہ السلام اس میں چوتھے آسمان کے ملائکہ کے اسم ہیں جس میں تکسیر کے باب حروف حصلودس الابواب سے متعلق ہیں۔

۹۔ حربہ یوشع بن نون علیہ السلام یہی حربہ ہے بادشاہ میططرون کا یہ کلام ہے جس میں تیسرے آسمان کے ملائکہ کے اسم ہیں جن کی تکسیر کتاب طورح زدایا تاج زہرہ سے ہے جو چار درجہ ہیں ان کی زمام آخر میں ۲۴ پر رجوع کرتی ہے قیاس تاج اس کا تکسیر باب صغیر سے معلوم ہوتا ہے

۱۰۔ لوح آدم یہ باب صغیر سے ہے۔ اس پر حروف مقطعات کو کلام رشف سے زیادہ کرو تو زمام ۲۴ درجہ ہوگی اور اس کا کلام دس اسموں میں رجوع ہوگی۔ اور آخر باب تک اسی طرح کریں یہ باب کلام مسوت دمعنز آصف بن برخیا کی طرف رجوع کرے گا

۱۱۔ معرفت ابتداء باب صغیر ابتداء اول کی تیسرے درجہ پر ہے۔ اس سے ۸ زمام نکلیں گی قیاس زمام باب اس کے اعوان کے نام معلوم کرو حروف عوت سے اس کا باب متصل خل قیاس صغیر کے ہے۔ جو تکسیر سے کلام طابنشاہ کے مطابق ہے اور رشف احمد کا قیاس ہے۔

جب تم کو لغت معلوم کرنا ہو تو زمام ابتداء کلام کی زمام ہی پر بنا کر اسم کو زمام باب کلام سے تالیف لرزہ موافق تالیف حروف ہو۔

یاد رہے لغت باب صغیر اور متصل سے نہیں نکلتا مگر بعد تمزج کیونکہ اگر ان کا ایک دم نکالے گا تو یہ سب سطر دوم میں جمع ہو جائیں گے اور اگر زمام کو تکسیر میں اضافہ کرو گے۔ تو بے شک سطر آخر کو عدد سے خالی کرو گے۔ لہٰذا لغت کو باب تمزج سے درست کرو جس کی سات لغت ہیں فیطونیا۔ طابنشاہ۔ رشف۔ غیشب ازدار۔ شمخ کو جب معلوم کرنا چاہو تو حرف باب کو ان برجوں کا درجہ بناؤ پھر اسمائے اعوان کو حروف دعوت کے ساتھ اس سے اخراج کرو دعوت جنون بروج اور مسلمان اعوانوں کے لیے ہے جو قیصد کی اولاد ہے اس کو حارث بھی کہتے ہیں۔ اور یہ کلام طابنشاہ اور رشف کا ہے۔ عرض میں چھ بار تعریف کی جانے گی مصوبہ اور مقلوبہ ساتھ عرض کے رفضا اور صعقا جو حفض ہوگی کلام طابنشاہ سے اور رفع کلام رشف سے مراد ہے تعرف حروف خانہ کے چاروں زاویوں میں حنفا اور رضا ہوگی جس کی زمام باب کلام کے آخری درجہ سے ہے اس کے بعد اسمائے دعوت کا اخراج کرو یہ عمل ہر ایک کے لیے مفید تر ہے۔

۱۲۔ سفر ذی القرنین باب کے درجوں کے بروج گر اگر زہرہ کے تاج بیوت مرت کی طرف ثابت۔ اور دو راز کیے جاتے ہیں ان کا مصوبہ قائم کرنا دراصل درجہ مرتبہ کرتا ہے اس طرح سے کہ اس کو مراوۃ سے اوپر کم ذاکر دلو ہے کے مربہ کی طرح جیسے ابتدائے کلام کی زمام قائم ہوتی ہے تاج زہرہ کے پہلے درجہ سے اسی مثل ان ابواب کے اعوان مع معروف دعوت کے اخراج کرکے جس طرح چاہو ان کو تیار کرو مندرجہ ذیل حروف اس باب کے اعوان کی دعوت ہیں۔ اعطوثانی بوہاہی جوہلہ۔ پھر کلام طلعت کی طرف جس سے مراد صغیر ارمیدہ میں رجوع کرو۔ اور اس کو قیل مثل کلام رشف کے قیاس کرو باب کبیر ہی باب بیاکل، تیجان، حساب دائرہ، کلالب وسیوف مزاریق ومنابر واحراش اور کراسی ہے جو ملوک امرائے ذراری براسرہ قادرہ اور شعابذہ ہیں باب کبیر کی تین قومیں ہیں۔ اولاد بغیر مخ اور سر مخ سے جو فرزندان نصب دمزبان ہیں اور بطور جست ان کے بلانے کے لیے یہ حرف مقرر ہیں ہوہی یاہا ان پانچوں میں سے ہر ایک کی چھ اولاد ہیں جن کو ملوک الاقطار کہتے ہیں اس کی کل اولاد میں ۳۰ ہیں۔ جن میں سے ایک آسمان پر رہتا ہے۔ جس کا نام مطر ہے جو ازمہ باب سے تالیف باب کے بعد نکلتا ہے۔ اور دسفا بالیاکل ہیں ان میں سے سات تالیف باب پر ہیں۔ جو ہران الیاکل ہیں۔ پھر ازمہ باب تالیف راس حران القابر پر اخراج کرو جو قبول ہے۔ پھر ازمہ باب سے تالیف کے راس حمان منابر کو براس پر اخراج کرو جو عرب کا بادشاہ ہے۔ پھر ازمنہ باب سے تالیف کرسی پر اخراج کرو جو آسمان پر اسی عمل کے لیے مقرر ہے۔ پھر دس نام منابر کے مؤکلوں کے نکالو جو دنظر بن سر پر براس کی اولاد ہے۔ اور دس نام حران منابر کے نکالو جو طب المنظر ابن مخ الہراس کی اولاد ہیں۔ اور دس نام ان مؤکلوں کے نکالو جو خزان منابر میں سے کرسیوں پر مامور ہیں جو سبق کی اولاد ہیں۔ پھر دس اسماء ان مؤکلوں کے نکالو جو کرسی پر مامور ہیں جو جعفش

الرماس کی اولاد ہیں پھر دس نام ان کے نکالو جو کراسی مرتبہ پر مقرر ہیں۔ اور یہ نطا بن ابی الملوک الاربعہ کی اولاد ہیں۔ پھر دس نام ان کے جو کرسیوں پر مقرر ہیں۔ جو حنل بن تاج الرماس کی اولاد ہیں۔ پھر دس اسماء وصفاء الکراسی کے نکالو۔ جو مریں حتر جلا الرماس کی اولاد ہیں۔ اور دس نام وصفاء الکراسی کی علاط بن ملک خلف اعظم سے نکالو اور دس نام وصفاء کراسی کے نکالو جو اولاد طیطب ابوالملوک ہیں۔ یہ کل بسط ان مؤکلوں کا ہے۔ جو بغیر ہر اس خام بن یعب مرزبان بن ملوک الفاطو کی اولاد ہیں۔ ان کے پہلے صدر باب کبیر سے معروف اور مقلوبہ صورتیں بناؤ جو جنس ملوک میں سے ہیں۔ اور یہ قول فیلطورش کا ہے۔ پھر قاصدہ اور امراء سبعہ کے نام نکالو جو دنیا کی ساتوں اقلیموں میں سلطنت کرتے ہے جو شیخ اعطام بن یعب مرزبان شاہ کی اولاد ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔ شیخ رمس وعیس ورح ولح یطس یال۔ اور یہ سب تاج اعمات اور حرزوں کے مؤکل ہیں ان میں سے ہر ایک کی تین اولادیں بادشاہوں کی ہیں۔ مع تاج اول اور وصف اور خازان۔ جس کے تین بیٹے مؤکل ہیں۔ تابع رابع وصف اور خازان کے۔ پھر ازمہ باب کی تالیف سے ایک نام نکالو۔ جو تاج اول کا خاندان ہے۔ یہ کل چالیس نام ازمہ باب سے ان مؤکلوں کے ہیں۔ جو کلالیب پر مامور ہیں۔ اور نار بن رابع کی اولادیں ہیں اور بسط ثانی یہ ہے اولاد شیخ القمقام خازن تاج اول کی اولاد ہیں، پھر چالیس نام جنات۔ اور پانچوں فراعنہ کے نام نکالو جو سر شیخ قمقام تست شاہنشاہ بن تاج کی اولادیں ہیں۔ باب مقلوبہ کے بیان میں قانیطرش نے یہی کہا ہے۔

کلام سرحاس کے مجازی اور مخرج کا بیان یہ ہے کہ یہ تاج زہرہ کی شرح ایک زمام سے ہے۔ پھر ختم باب واحد تک اس کی تکسیر کرو نہایت رواس حروف کو سوائے اسم عون کے تصویب کے طریقہ سے اخراج کرو نخت کے ساتھ مخرج کی تالیف پر جو ایک زمام ہوگی پھر اس کی تکسیر کر کے سب کو مقلوب کرو اور جو نام اس سے برآمد ہوں وہ اس کی نسل ہیں۔ اور وہ تمہارے مددگار ہوں گے۔ یہ اخراج کا عمل کتاب تاج الست اور کتاب زہرہ سے کیا جائے۔

مخرج اسماء دعا کے سات طریقے

باب صغیر درباره مخرج اسماء حروف دعوت واضح رہے کہ سات طریقوں سے حروف دعوت کے خارج نکالے جاتے ہیں نسل سے رباب شاہنشاہ بن حرب سے ہے جو ۱۲ حروف کی سطر اول کا صدر جو حون ہے صدر کو مقلوب کر لو پھر اسماء الاده کا اخراج کرو۔ کیونکہ صدر پانچواں تالیف حروف دعوت ہے مکرر حول ورح ہیں اور رانی کو سائرہ یا عفاریت کہتے ہیں۔ اور یہ تینوں مؤکل حر ہر وصف اور خازن ہیں۔ اور اولاد رک حر السیاره ۲۰ ہیں۔ جن میں سات مؤکل ہیں۔ الویہ، وصفاء اور حران کے۔ اور اولاد رک المطبور ۱۲ ہیں۔ جن میں سے سات بزل ود صفاء اور حران پر مؤکل ہیں اور اولاد خطارقہ ۹ ہیں جو احراس ود صفاء اور حران کے مؤکل ہیں۔

باب متصل باب کبیر

باب متصل باب کبیر دحاصل حران ولد خفلش شاہنشاہ بن حاج ابی الحسن قدام الکراسی ہیں۔ اور یہی وساوسندا خاطفہ و قسوا اور سالی ہیں۔ اس کا نام حروف دعوت میں سے کسی حرف سطر سادس کے صدر اول سے اخذ کرکے حرف ثانی کو قریب دو اور جو حرف اس طرح حروف دعوت سے حاصل ہو وہی مقصود ہے پھر اسم خفلش اخذ کرو۔ پھر اس کی اولاد کے نام حروف دعوت سے تالیف کے طریقہ سے نکالو جو شل اولاد صدر کے پانچ ہیں۔ جن کے نام بلقع جزب حم ختم ہیں جن کو وساوسہ اخاطفہ، اخاطرہ مستمعہ اور سعالی ہیں کہتے ہیں بلقع کی اولاد وساوسہ ہیں جو اکیس ہیں سات ان میں صفائر اور حران کے مؤکل ہیں اور خبیب اور حم کی اولاد مستمعہ ہیں جن میں تین کراسی پر اور سات صفاء اور جابیا کے مؤکل ہیں۔ لیکن جیش کی اولاد امراء و فراعنہ ملوک قاقمہ براسہ قادرہ اور شعابذہ کہلاتے ہیں۔ اور یہ سب بنی جان جس کی کنیت ابوالعان ہے۔ اس کی اولاد میں سے ہے۔

ہیاکل سبعہ

یہ ساتوں ہیاکل جو صدور باب کبیر میں سے ہیں ان کے نام ملائکہ حروف سے نکالو جب بمذرخ سات زبانوں میں نکل آئنے اور ہر زبان کا مخرج معلوم ہو جانے اور نام اعوان کے بھی تم کو معلوم ہوں گے وقت میں صاحب خاتم کا نام، اس کی کیفیت بھی ساتوں لغت میں تم کو معلوم ہوں گی۔ اور وہ ساتوں زبانیں یہ ہیں۔ عربی عبرانی سریانی یونانی ہندی اور رومی اور فارسی جب تم کو وہ نام معلوم ہو جائیں جو تالیف کے طریقہ پر اول سہم یا زیادہ سے حاصل ہوئے ہیں تو پس یہی نسبت صاحب خاتم معرفت کتاب خاتم الالباب کی ہے۔ جب میری بیان کردہ معلومات تمہیں مل جائیں۔ تو کل درجات غیب کے حروف کی ابتداء اخذ کرو جو تصرف حروف اپنے خانہ خفنا اور خفا جو خفض اور رفع کا ہے خفض اول درجہ پر ہے۔ اس کی تالیف کے لیے ایک زمام بناؤ اور اس کے آخر کو اول پر درجہ بدرجہ تکسیر کرو اور اسماء ملائکہ جن کا تم نے اخراج کیا ہے۔ گرد اسماء کے رکھ کر پہلے دائیں طرف سے شروع کرو پھر بائیں طرف سے ان کی اولاد مخرج تالیف پر رکھ کر نفع کو ظاہر کرو نص میں اسماء سے نیچے اور تقدیس کو نص کے نیچے رکھو۔

تاج عبدالقیوم میاں بیوی میں صلح

تاج عبدالقیوم موکل شمس میاں بی بی کی صلح کرانے کے لیے لکھا جاتا ہے۔ اور اس لڑکی کے لیے بھی جب کسی نے پیغام دے کر واپس کر لیا ہو یہ سحر اخالطہ سے متعلق ہے اس کا صدور باب متصل مقلوبہ اور حربہ عبدالقیوم فلک شمس کا ہے۔ لوح ذہب سحر اخالطہ اور اخا مرہ کے لیے بہت مفید ہے اور یہ تاج علیہ کا نئیل موکل قمر کا ہے کتاب الکرسی والقیرۃ المستمعہ یہ موثرات باب متصل ہیں مقلوبہ بذحرا اور قوت یہ اعوان جادوگروں کے ہیں۔

ہیکل کرسی سلیمانؑ جس کو متعالی بھی کہتے ہیں

حضرت سلیمان بن داؤدؑ کی کرسی ہیکل جسے متعالی بھی کہا گیا ہے اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ حرف کو الواب متصل سے شروع کرو جو آرمہ کلام ہے دلالت کرتا ہے اور مشقیا نا ہب سامہد الوالزوابع پر دلالت کرتا ہے جن پر سلیمان جب لغت معلوم کر کے پڑھا فرشا اور امین المردۃ جو راس الزوابع ہے حاضر ہوگا۔ اس سے خوفزدہ ہونا اپنا خیال اس سے طلب کر کیونکہ جب وہ تجھ کو خیال دے گا۔ تو موت دے گا اس کا لقب مسمار ہے۔ اس سے خوف کرنا چاہیئے۔ جو بہت سے شعبدے دکھاتا ہے۔ اگر کوئی عمدہ خوشبو روشن کرو تو بہتر ہے۔ اور یہ نام عز اور حفاظت بادشاہوں کے پاس جانے کے لیے اگر کسی ظالم پر پتھر برسانا یا اسے ہلاک کرنا چاہو تو اس کے نام کو ان شیطانوں میں سے کسی کے نام کے ساتھ ملا کر دونوں کی ایک ہی زمام کر کے تکسیر کرو۔ اور ایک تعویذ بنا کر یہ تکسیر اس کے گرد لکھو اور سات بار تکسیر کو پڑھو شیطان مردود تمہارے دشمن پر مسلط ہو جائے گا۔ اور جس طرح تم چاہو گے اس کو تکلیف پہنچائے گا پھر یہ شیطان اس شخص سے علیحدہ نہ ہو سکے گا۔ اور وہ شخص بھی شیطان کو اپنے سے علیحدہ نہ کر سکے گا۔

باب اول معرفت اسماء الٰہی

اس مضمون میں حروف سے اشتقاقی اور امی طریقہ سے بحث کی گئی ہے۔ ان اسماء میں سے اسم موخابہ ہے اسم بسم اسم اسم کے واضح باد معرفت اسماء ملائکہ باب کبیر اور باب متصل دونوں سے بے خارج داخل ہے اور دونوں الواب کی نظیر بھی ہے ہر باب کے لیے ملائکہ الواب صغیر و کبیر اور متصل سے قیاس کیے گئے ہیں مثلاً جب ملائکہ تحتہ کہا تو یہ خارجہ داخلہ اور معصوبہ ہے اور مقلوبہ ہے اور بموافقت قیاس از ملائکہ خواتم کے اس میں ایل ملا دو۔ یہی صدر باب کبیر اول خانہ طیطروش کا ہے اگر اب ت ث آخر تک باؤ ہر اسمک وقد قرموا عیطلطل جب لکھا جائے جب شمش در عقرب اور طالع بھی عقرب ہو۔

درد قولنج کا علاج اور اسماء ذیل لوہے پر کندہ کر کے قولنج کے مریض کے پیٹ پر رکھیں تو آرام ہو اور ایک نسخہ میں اس طرح ہے۔ ۹۱۱ ۱۱۱ ۹۱۱ ۱۱۱۱۱ ۹ شدید مجرب۔ اور اگر سات جمعے مدد لیس کے سات دن برابر ہتھان نکلے تو قولنج دور ہوا۔ سامنے بال کی اولاد طوک ذراعتہ اور قاعدہ ہیں۔ یہ اطلاع ہے سب ہی معانی بن مرزبان شاہ کی جس کا نام کلام مرست میں ستر آسمت بن ریاست ہے۔

باب سوم۔ مصادق الکتاب صدود معروبہ کی ۹۹ اسماء ہیں۔ باب اوّل سے صدود باب تک کلام فاقیطورش کے مطابق ا ب ت مد اثر کا حکم کبیر ہے۔

اسمائے الٰہی ملائکہ دو ہیں۔ اور اعوان کے ناموں کی ۲۰ زمام لکھتی ہیں جو صعد شاق مع دوجہ کے سی ص ام ح ب لا س و س ش ان طرق ع ت رح ط ب ت ا ہیں اور موخرات باب اول باب کبیر سے درجہ تکسیر مقلوبہ فاقیطورش رہ ہیں۔ ی الہ ۱۰ اثر ان حروف ہجاء کا نام قلب رکھا گیا ہے۔
موخرات صدور خارجیہ ان کو حروف اس ص ر ح ل ب م و ب ط ل ت ظ ع س ع د ف ص ک و لا ہیں اور حروف باب صغیر میں یہ حروف ملادہ کرو۔ ب ع و م ل ط ع جو سات حروف ہیں۔ ۲۰ اسماء الٰہی سے اور ۲۴ اسماء ملائکہ سے اور اسمائے اعوان ۱۸ ہیں جو باب کبیر کے ساتھ بموجب کلام فاقیطورش کے لکھا جائے جن کی تکسیر متصلہ صدد مستوریہ اور موخرات اول صغیر اب ح د وزح ط ک ل م ن س ع ف ص ق رش ت ہیں۔

قضائے حاجات اور شادی وغیرہ متصل دور قائم یہ ہیں۔ اب ت ث ح ا لز تاج مافہم۔ باب متصل کے ۲۴ حروف کو ان میں داخل نہ کرو۔ اور صل وا جو سات حرف ہیں بادشاہوں کی ملاقات اور قضائے حوائج اور شادی وغیرہ کے لیے لکھا جائے اور دس ملائکہ کے نام بھی خواتم کے نیچے لکھو جو ہر عمل کے لیے مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ تکسیر کے بعد اعداد درجات الابواب کے موافق باب۔ ۲۰ سے زمام واحد کے دس الباب خارجیہ صغیر سے لکھو جو اسمائے ملائکہ ہیں۔ تاج مافہم ساتویں آسمان کے ملائکہ کے باب سے اچھا اعداد درجات کے بعد تکسیر سے کلام۔ ح ص ق س رم س س ل ان اح م ل س اح م ع ت ی کلام ہیں اور جو یہ ان تورماۃ میں مذکور ہیں۔
سخت اور مشکل کاموں کے لیے یہ اپنے پاس رکھو اور اگر چاہو تو ان کا ترک متصلا ایک سطر میں اسماء سے لکھو جس میں کا ہر اسم سات حروف کا ہے لکھو اور ہر ایک حرف میں جیسا کہ باب صغیر اور متصل میں ہے اس کے کل ایک سطر میں ۷ حروف ہیں۔ خاتم طول تاج میطلرون وسرفرائیل عبدربہ اور بکلام طاہنشاہ کبیر و صغیر بعد میں لکھو ساتھ ابتداء ان دونوں الباب کی دونوں پہلے اسموں کے ساتھ دونوں صدر سے زمام اول کے ساتھ ہے۔
باب کلام کے زمام موخرات کے ۱۰ صحیح ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ ایک زمام میں تکسیر آخری اول پر درجہ بدرجہ مصوبہ مقلوبہ موخراً وصلاً کر کے جب صغیر ختم ہو جائے۔ تو اس کا مابعد اول تکسیر سے اخذ کرلو۔

مثلاً پہلے حرف ص کرلو پھر ح کرو اور مناجات وحریہ سے بھی اسی طرح عزن دونوں الیواب تاج مافہم تک لو پھر مناجات پھر حریہ اور طاہنشاً کبیر اور متصل کرو اور وہ ۱۵ درجہ ہیں ایک زمام سے اخذ کرو پھر ایک زمام کے دونوں اسم پہلے صدر میں سے تکسیر کے بعد دونوں الواب سے صفت تاج پر اخذ کرو تکسیر اور اجتماع حریہ میطلرون عبدربہ طاہنشاہ بہ کبیر صغیر متصل ۴۴ مصوبہ کے۔ اسم اور تکسیر میں قیاس لوح آدمؑ مزوری ہے جس سے حریہ الیومالک کا ان دس ناموں سے نکلتا ہے ب اح ت رح ق س د ف مع رس ح ن ط م ی ل ک ن ی ب دح ل ح ک ح ف ص ح ص ع ط ط۔ یاد رہے اسمائے ملائکہ تمام الباب سے وہی خارج ہے۔ اور اس کا تطیرہ ہر باب سے تین حروف ہیں۔ مصوبہ یا مقلوبہ اور وہ نقطہ جو آخر میں ملایا جائے۔ یعنی ایل اس سے حرکل مراد ہے۔ اور ہر باب کے لیے ملائکہ صغیر میں جو کتاب الرازقین اور حریہ یوشع بن نون

ہے اور وہی حزبہ میطلرون عبدالمولیٰ کا ہے۔ اور یہ موافق تکسیر کے آخرین اسمائی کے موکل ہیں۔

کتاب شرح زوایا زہرہ یہ اسم اپنے خاندانوں میں بہ کلام بجمع تصرف کرتا ہے۔ اور خفش اس کا از دور سے ہے اور یہی ابتداء خفش کی ہے۔ یہی آخر کلام و درجہ خفش بجمع کا ہے۔ اس کے بعد اعوان کے نام اخذ کرو۔ پھر باب کبیر اور صغیر ابتدائی برجوں کے درجات اخذ کرو پھر ان کی تکسیر منتہی باب واحد کی طرف کرو اور اسماء دیگر اسی طرح بہ صفت خاتم باب اخراج کرو۔

زچگی کی آسانی کے لیے تنگی ولادت کے وقت عورت کی ناف پر حروف ذیل لکھو واح یعنی حوا۔ اور کسی شخص کو ناکام کرنے کے لیے انگلی سے عیسیٰ بن مریم لکھو اور عیسیٰ بن مریم موسیٰ بن عمران لکھو حضرت علیؓ شرح اسم اعظم میں فرماتے ہیں۔ یہ اسم اعظم ہے۔ ۵ ۱۱۱۱ ۵ # ۱۱۱۱۱۶ صر۔ لہٰذا ان حروف کے اسرار سے بحث کرو اور چار میں قیدی کے رہا کرنے کے لیے اس طرح لکھے جاتے ہیں۔ رغ غ ع ع اور خوف دور کرنے کے لیے ع ع غ لکھے جاتے ہیں۔

عدد حروف ب بطریقہ کبیر ۲۹ حروف ہیں۔ اور اعداد حروف متصل ۲۲ حروف ہیں الواب کبیر سے اور تو نفر ان حروف سے اب ج معروف پیدا ہوتے ہیں اور الواب متصل میں یہ حروف نہیں اور باب صغیر میں بھی یہ حروف نہیں ہیں ب ج د ض ظ غ حروف داخلہ سے مراد وہ حروف ہیں۔ جو زمام میں مکرر آتے ہیں اور خارجہ سے وہ مراد ہیں جو اس میں داخل نہیں۔

نظیرہ سے وہ حرف مراد ہیں۔ جو حروف زمام کی سطر میں پائے جاتے ہیں جن سے زمام مرکب ہوتی حروف داخلہ ہمیشہ چار حرف ہوتے ہیں اور خارجہ بھی چار ہی ہیں۔ نظیرہ کے تین سے زیادہ حرف نہیں ہوتے یہ قاعدہ کل الواب کا ہے۔ یاد رہے اسماء ملائکہ حروف خارجہ اور نظیرہ کے نکلتے ہیں۔ اور حرف الواب خارجہ دس بابوں کے۔ ۴ حرف ہیں۔ جیسا کہ صغیر میں ہے۔

رطوبت	یبوست	برودت	حرارت
د ح ل غ ر خ ع	ج ز ک س ق ث ظ	ب و ی ن ص ت ض	ا ہ ط م ف ش ذ۔

عدد باب کبیر ۸۶۴۵ ۔ عدد اسمائی ۲۹۱۹۲۹ ، ۶۲ ۔ حروف اسمائی ۶۰۲۴۶، ۷۷ ہیں جو خارج قسمت الواب سے بارہ برجوں ۲۵ پر ایک دن رات کے لیے ۲۴ عدد ہیں الواب صغیر سے ۹۲، عدد اسمائی ۷۶۴۲۴۱۔ اور حروف اسمائی ۵۵ ۸۲۲۸ ۳ بارہ برجوں سے خارج قسمت حاصل ہوتے ہیں۔

ایک دن رات کی ۲۴ ساعتیں ہیں اور ساعت کا حزبہ باب تکسیر سے ملتا ہے موافق اور اعداد منازل کے ہر باب کے (۲۸) حروف ہیں اور کل حروف اسماء کی رسوم مرجبہ اب ت ث اخر ہیں۔

ہر ایک دن میں باب تکسیر کے ۲۴ باب ہیں یعنی مہینہ میں ۷۲۰ باب ہیں اور سال کے ۸۲۴۰ باب ہیں ہر باب کے ۲۸ حرف ہیں رات اور دن کے ۶۰۲ حروف ہیں مہینہ میں ۱۱۶ حروف ہیں۔ اور سال میں ۱۹۲۰ ۴۲ حروف ہیں اس کی تقسیم گیارہ سہم ہوتی ہے اور سہم سورج کا مقام ہے ہر ایک برج میں (۳) وہی سب سے پہلے حمل کے لیے داخل ہوتا ہے اور یہی پہلا برج اور پہلا زمانہ ہے یاد رہے اول باب سہام باب حمل تکسیر سے قرح ہے اور ان دونوں برجوں میں ۳۰ دن ہیں وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم۔

فصل ۲۷ فیض ربانی نور شعشانی اور حجر محترم اور نباتات کے خواص اور رموز و اشارات

اس عنوان میں فیض رب العالمین سے نور شعشانی و حجر مکرم و نباتات اور ان کی خاصیتیں و اسرار شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی حمد ہے۔ جس کی بخشش سے ہم کو نعمتیں اور سرفرازی ملی اور حکمت کے باب کشادہ کیے اور جن کے ظلماتی پردے دور کیے اور اپنی راہ وسیع میں نعمتوں سے اکثر خلق پر ہم کو فضیلت دی اور سرور عالم جو ہادی راہ وسیع ہیں آپ پر اللہ تعالیٰ ہمیشہ درود و سلام نازل فرمائے۔ اور آپ کی امت کو جنت الفردوس نصیب ہو۔

بعد حمد و ثنا اللہ ہم سب کو راہ مستقیم پر چلائے، جب سے مجھے علم و صنعت الٰہی کی خبر ہوئی۔ میں ہمیشہ اس فن میں غور کرتا تھا اس کے نکات اور دقائق میں بحث اور فکر اور تدبر کرتا رہا آخر کار اس بحر زخار میں تیرا اس کی نورانی چادر رقیب بن گئی اور اس خزانہ کا مالک ہو گیا۔ یہ جو کچھ ہوا تائید الٰہی سے ہی ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے مجھ پر احسان کیا ہے۔ تو مجھے لازم ہے۔ کہ میں اپنی اس کتاب میں بھی اس علم کا کچھ حصہ بیان کر دوں تاکہ جاہلوں کے دل سے زنگ دور ہو۔ اور میرے بعد میرا یہ ذخیرہ فیض رساں قائم رہے۔ زمانہ موجودہ میں یہ علم بالکل مٹ سا گیا ہے۔ اس کے جاننے والے کہیں نہیں ملتے۔ جابر کہتے ہیں۔ اس علم پر صد افسوس ہے۔ کہ نہ کوئی اس کو جانتا ہے اور نہ اس سے نفع حاصل کرتا ہے۔ میں نے اس فن کی بہت سی کتابیں مطالعہ کی ہیں اور میں نے بہت سے اوضاع و اطوار اور اقوال ان کے دیکھے اور سمجھے ہیں منجملہ ان کے کتب دوام بن سامہ اور کتاب حکیم فیثاغورس اور حکیم منلاوش ہے اور تقریباً دو سو کتابیں ابی موسیٰ جابر بن حیان اور حکیم ابوبکر رازی اور رسالہ حکیم ادرس اور کتب بقراط و ہرمس و جالینوس اور کتب عرسوس حدد لقیاو سکیس و ابن الخشاب ماردیہ و اسفار حکیم خالد بن یزید وغیرہ مطالعہ کی ہیں اور تقریباً بارہ سال سے زیادہ عرصہ تک ان حکماء کی کتابوں میں غرق رہا اور شہر بشہر گاؤں گاؤں حکمت کو تلاش کرتا رہا جیسا کہ خالد نے کہا ہے۔ شعر

لَا اَنْثَنِیْ عَنْ مَطْلَبِیْ وَلَا اُمَاطِلُ ۞ بِمَا اَنَا بِالدَّمِ الشَّرِیْبِ وَاذْوَرُ
لَعَلَّ دَهْرِیْ یُسْعِدُنِیْ فَاسْعَدُ ۞ اَوْ یَزُوْلُ عَنِّیْ الْعَسْرُ وَالْاِسْرُ

آخر کار اللہ نے اس علم کو مجھ پر مفتوح کیا جسے میں نے تدابیر اور اعمال سے اختراع کیا۔ اور اپنے ذہن سے ایجاد کیا ہے۔ اگرچہ پہلے بھی نصف عمل کی تدابیر بخوبی کر لیتا تھا۔ مگر نصف ثانی کا عمل حاصل نہ ہوتا تھا۔ اور کوئی اس کا بتانے والا نہیں ملتا تھا اور میرا کیا دھرا برباد ہو جاتا ہے۔ آخر کار یہ طریقہ مجھے معلوم ہوا اور حکماء کے اقوال کی حقیقت مجھ پر منکشف ہوئی میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ میرے جملہ گناہ بخش دے کیونکہ میں نے بہت ہی بڑے کام کی جرأت کی ہے۔ اور میں اللہ تعالیٰ سے بعجز و زاری دعا کرتا ہوں کہ میری اس کتاب سے اہل فضل کو نفع پہنچائے۔ بے شک وہ حقیروں کا ولی اور مجھے بے حد کافی ہے۔

ملہ میں اپنے مطلب سے باز نہ آؤں گا اور مصائب برداشت کرنے کی پرواہ نہ کروں گا سفر کی مشقت اور ناکامیوں سے رنجیدہ نہیں ہوں گا زمانہ یقیناً میری مساعدت کرے گا۔ اور میں کامیاب ہو کر رنج و غم [illegible] اقبال مندی۔

صنعت الٰہیہ کے فضائل

اللہ تعالیٰ نے آدم کو ہر چیزوں کے نام سکھائے اور زمین سے معدن نکالنا سکھائے ان معلومات کے بعد صنعت سونا چاندی کی بھی تعلیم دی پھر حضرت آدم نے چاہا کہ یہ صنعت اپنے فرزند شیث کو سکھاؤں چنانچہ آدم نے اپنی اولاد سے کہا خدا تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ صنعت میں اپنی اس اولاد کو سکھاؤں گا جو زیادہ عبادت گذار ہو گا شیث یہ سن کر عبادت میں لگ گئے اور چالیس برس تک عبادت کی تب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو وحی بھیجی وہ شیث میرا ولی ہے۔ اسی کو الٰہیہ کی تعلیم دو ایک دن حضرت آدم نے اس کا شیث سے ذکر کیا۔ شیث نے کہا مجھے ڈر ہے کہ اس تعلیم کی وجہ سے میں عبادت سے کہیں رک نہ جاؤں حضرت آدم سے نہیں یہ صنعت سیکھی اور معلوم کیا کہ سونا چاندی اور موتی اور یاقوت اور زبرجد کس طرح بنتے ہیں۔ سخت چیز کا نرم کرنا اور ہر منکسر کا نرم کرنا اور ہر سیال کو جانا معلوم کر کے دیکھا کہ یہ کام بہت آسان ہے اور جن اجزا سے معدن تیار ہوتے ہیں وہ چیز لوگوں کی نظر میں بہت خفیہ ہے اور جن کو راہ میں پامال کرتے اور بے کار سمجھ کر پھینک دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت ادریسؑ کو آسمان میں بلند کیا اور ان کو حضرت آدم کے بعد پہلا علم (علم نجوم) عطا کیا حضرت ادریس نے مطابق وحی کے اسی سے علم صنعت سیکھا۔ اور جب ان کو طوفان نوح کی خبر ہوئی تو اس کے عود سے اس علم کو انہوں نے اہرام مصر کے اندر نقش کیا تاکہ طوفان سے محفوظ رہے۔ اور الحمدللہ وہ اب تک محفوظ ہے۔

اور جب موسیٰ علیہ السلام سے اللہ نے کلام کیا تو موسیٰ نے اللہ سے اپنے فقر کی شکایت کی تو اللہ نے ان کو علم صنعت عنایت کیا اور موسیٰ نے توراۃ کو سونے سے مُطلا کیا اور بارگاہ الٰہی میں سجدہ شکر کر کے دعا کی اے اللہ اس علم کو بنی اسرائیل کے لیے رحمت و رزق بنا دے اور مجھے اس کے ذریعہ یقین کی دولت سے مالا مال کر۔

بعض کا خیال ہے کہ یہ صنعت حضرت موسیٰ کو حضرت شعیب کے شہر میں اللہ نے دی تھی جسے حضرت موسیٰ سے قارون نے سیکھ کر اپنے خزانے بھر لیے اور آخر کار اس میں تکبر و خود بینی پیدا ہو گئی جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَاٰتَیْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَاۤ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ۔ اور فرمایا ہے۔
قَالَ اِنَّمَاۤ اُوْتِیْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِیْ۔

زکوٰۃ نہ دینے پر قارون کا زمین میں دھنس جانا

موسیٰ نے قارون سے زکوٰۃ طلب کی تو اس نے انکار کیا کیونکہ اس کو زکوٰۃ کی ایک بڑی رقم خزانہ سے جاتی معلوم ہوئی آخر کار موسیٰ نے اس کے لیے بددعا کی اور وہ اپنے خزانوں سمیت زمین میں دھنس گیا حضرت ابراہیمؑ حضرت سلیمانؑ حضرت داؤدؑ اور سب پیغمبروں نے اس صنعت سے کام لیا ہے اور ان سب حاجتمندوں کو اس صنعت کی بدولت اللہ تعالیٰ نے غنی کر دیا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ یہ صنعت اپنی مخلوق میں سے برگزیدہ کو دیتا ہے۔ تاکہ ان کو دنیا میں حلال روزی ملے اور ان کے ضمیر صاف ہوں اور ان کے لیے یہ صنعت رحمت اور کافروں کے لیے موجب حسرت ہو جیسے قارون فرعون و ہامان اور شداد وغیرہ حسرت زدہ رہ گئے۔

لے اور ہم نے اتنے خزانے اس کو دیئے جن کی کنجیاں طاقتور انسان اٹھایا کرتے

سے اس نے کہا یہ [illegible]

زحل سب ستاروں سے بلند ہے اور اس کا معدن سیسہ ہے۔ زحل کے بعد ستارہ مشتری ہے۔ جس کا معدن قلعی ہے۔ اس کے بعد مریخ جس کا معدن لوہا ہے۔ پھر شمس کا معدن سونا ہے جس کے بعد زہرہ کا معدن تانبا ہے۔ عطارد کا معدن پارہ ہے اور قمر کا معدن چاندی ہے جسے ہم پہلے ہی لکھ چکے ہیں۔

جاننا چاہیئے نور ظاہر کی مثال شعاع باطن نور ہے۔ اور نور کے لیے شعاع ہے۔ اور ہر شعاع کے لیے نور ثابت ہے اپنی شعاع کے لیے نور ثابت ہے اپنی شعاع حقیقت جو مشار الیہ ہے اور یہی مشار الیہ حقیقت نور اور روح اور عالم نباتی ہے جیسے شعاع ہر ذی روح کے لیے لازمی ہے۔ حیوان پہلا اول شعاع کا جلوہ ہوا پھر نور اور شعاع کے لطیف و کثیف پر نور جلوہ فگن ہوا اسی وجہ سے سب عالم سفلی اور شعاع کے درمیان نور ہے۔ جو حیات کا سر شعاع نمو کا سر نور ہے۔ اور جسمانیات کے لیے سر غذا ہے۔ باطن نبات سے شعاع نکلتی ہے اور نور ظاہر نبات سے ظاہر ہوتا ہے یعنی ظاہر نباتات نمو پذیر ہے بسبب نمو اجساد اسی طرح باطن نباتات کی شعاع حیات نفوس ترکیبیہ کے لیے نباتات در اصل حیوانات سے شعاع کے لحاظ سے مناسبت رکھتا ہے اور نور کی طرف بھی مگر حیوان بلحاظ فرد حقیقت قلم اور عالم نباتات سے حقیقت لوح کے ساتھ ہے جیسے لوح ارض جو قلم کے لیے اسی طرح نبات ارضی حیوان کے لیے ہے اور جیسے لوح ارض ہے کتابت قلم کے لیے ہے ایسے ہی نبات جسم انسانی کی محتاج ہے۔

نیز نباتات میں شعاع کا اعتدال نور کے موافق نہیں ہوتا ہے مگر جس میں اعتدال ہو اور اس کی طبیعت موزون ہو تو اس سے جسم کے لیے صالح غذا اور عمدہ خون پیدا ہوتا ہے۔ یہ خون طاعات علویہ کی قابلیت رکھتا ہے رہا شیطان تو اس کو اس کا راستہ نہیں ملتا۔ اور اس خون میں فساد مثلاً جذام وغیرہ امراض واقع نہیں ہوتے۔

لیکن وہ نباتات جس کا نور شعاع پر شفاف ہو تو اس سے شہوت پیدا جس سے اختلاط طبائع ہوتا ہے کیونکہ قوت شفافیہ جو نور کی رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ اس میں جا نہیں سکتی حالانکہ نور رطوبت اور کثافت سے قریب تر ہے۔ دلیل یہ ہے کہ حرکت اس کی اسفل کی طرف ہے۔ جس سے افکار صالحہ پیدا ہوتے ہیں۔ اور تدبیر ممتزج سفلیات کی وجہ سے غذا حاصل کرنا اس کے بس کی بات نہیں رہتی۔ جیسے نتیجہ میراث نبات کا جو اس غذا سے جو پیدا ہوتا ہے جس میں نورانیت ہوتی ہے۔ تناول سے شہوت پیدا ہوتی ہے جس کو جلانے والی آگ ہے۔ حضرت آدم نے تناول کیا اور وہ جنت سے نکالے گئے۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو نور شعاع سے متصل ہوتا۔ اور بدن کی طرف عود نہ کرتا۔ اور کبھی اپنے ٹھکانے کی طرف واپس نہ ہوتا جس شخص پر یہ غلبہ ہوا اسے چاہیئے کہ شہوت نورانیہ کو جسمانیہ سے ترک کرے تاکہ اس سے شیطانی وسوسے دور ہو سکیں اور وہ نبات جس میں شعاع نور غالب ہے۔ وہ دوائیں ہیں جن میں موافق غلبہ شعاع کے تفاوت ہے۔ بعض دوائیں زہر ہیں اور بعض تریاق ہیں لیکن وہ دوائیں جو شعاع کے باطن سے نکلتی ہیں ان سے مادہ سموم ختم ہو جاتا ہے۔ بسبب اجزائی جواہر اجسام کے جو متصل نور ہیں اور وہ جو باطن شعاع میں ہیں تو وہ منفرد ہیں جو اجسام کو اپنی کثیف ترکیب سے خاکستر کر دیتی ہیں۔ وہ تفرقہ ڈالنے والی ہے ظاہر جسم میں لیکن نفس سے ممتزج ہو کر اس کو عالم علوی کی طرف پہنچاتی ہے۔ جس کا کشف رسولوں کے سوائے کسی دوسرے شخص کو میسر نہیں ان لوگوں میں یہ زہریلی دوا اثر کرتی ہے۔ کیونکہ وہ اس کی پوری کیفیت سے واقف ہوتے ہیں تم کو معلوم ہوگا کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زہر آلودہ گوشت نہایت بے تکلف سے نوش فرمایا اور پھر بسبب عالیہ آپ پر کچھ بھی اثر اس کا نہ ہوا اکثر بزرگ ایسی دوائیں بناتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔ جن کو عام لوگ [illegible] ہیں کا [illegible] کا کشف ہوتا ہے یہ لوگ طوبات

کو سفلیات کے درجہ میں رکھتے ہیں۔ نیز کل کو کل حیثیت سے اور جز کو جز کی حیثیت سے مشاہدہ کرتے ہیں اسی اصل کی چیزیں ان کی سمجھ بعد غیب کی کنجیاں ان کے قبضہ میں آجاتی ہیں۔

اکسیر حاصل کرنے کا مجرب وظیفہ

یاد رہے اسباب علویات دراصل شعشانیہ ہیں اور اسباب سفلیات اصل شعاعیں نور سے ملی ہوئی ہیں اور اسی وجہ سے حیوان کو نباتات کی ضرورت ہوئی۔ وَاِنْ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ نباتات پر یہ فیض نورانی ہے جو شخص ان تینوں مراتب کو سمجھ گیا وہ صنعت الٰہیہ کے راز کو بھی پا گیا وہ یہ ہے کہ روحانیات کی لطافت کی وجہ سے اجرام کثیفہ میں بھی سرّ لطافت موجود ہے اور بسبب قوت شعشانی کے ایک عالم سے دوسرے عالم کی طرف انقلاب واقع ہوتا ہے۔ اتفاق اجزاء کے رنگینی کا اثبات اجسام میں ہے اور حجر مکرم ان سب خوبیوں کا جامع ہے جس کا باطن نور شعشانیہ سے منور ہے اور اس کا ظاہر امتزاج نورانی ہے جو نباتات اور معدن سے ممزوج ہے اس سے مراد ہماری کیمیا نہیں بلکہ ہم کیمیائے سعادت مراد لیتے ہیں یعنی شعشانی ۲۳۱ اور ممتزج کو جمع کر کے اسراب جہل پر القا کیا جو ہر باطن کی طرف دل کو پلٹ دے اگر کبریت کو شہوت پر ڈالو تو نار احتراق اس کی دور کر دے گا اور اگر قلعی معاصی پر القا کر دے تو سر اطاعت کی طرف اس کو بدل دے گا اور یہ اکسیر موجود ہوگی۔ اور زیبق کو بست جلد عقد کر دے گی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے[1] صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۔

یاد رہے علم صناعی مجموعہ ہے نزدیک اتحاد کے کیونکہ اگر جسم پر اکسیر کا القا کیا تو اس کو طبیعت سے تحلیل کر دے گا لیکن مرتبہ حق جلال تک پہنچ نہ سکے گا اور اگر موافق قدر معلوم کے ڈالا تو وہ عین باطن سے عین حقیقت کی طرف بطفیل علم ربانی منقلب ہو جائے گا۔

اگر معرفتِ حق بغیر ان حیلوں کے اجسام سے متقابل ہو تو اجسام مضمحل ہو کر تحلیل ہو جائیں گے۔ اور اگر اجسام پر قدر معلوم کے موافق معرفت کو القا کیا جائے۔ تو نہایت عمدگی سے اجسام اپنے عین باطن سے عین حقیقت کی طرف بطفیل علم ربانی فرود آئیں گے۔

معرفت الٰہی بھی کیمیائے سعادت ہے۔ اور یہی غناء اکبر اور درازی عمر ہے۔ اللہ ہم کو اس طریقت سے آگاہی عنایت فرمائے۔
[2] فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۚ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۔

چھٹی وجہ سے یہ فیض ارادی ہے جو معدنیات پر منعکس ہوتا ہے۔ اور چونکہ غیب مختلف المراد ہے۔ جیسا ہم نے بھی بیان کیا اور مختلف المراد ہونا اس کا ظہور انواع اور اجناس کے لیے ہے۔ عالم مجاور کے عالم محیط سے تباین حکمت کے لیے اور اختلاف علوم و اصل اشیاء و حقائق اور آخرت غیر متناہیہ سے ہے اس سے لازم آتا ہے۔ کہ ہر عالم کے لیے ایک دار ہو اور ہر دار کے لیے ایک عالم ہو۔ یعنی تناہی کے لیے اور مطلق کے لیے ہر جو محال ہے۔ اسی لیے علویات کے ارتفاع اور انخفاض کا اختلاف عالم معدنی کی پیدائش نے دیا ہے۔ جیسے کہ معدن ظاہری طور پر ظہور علویات سے اور منکدر سے پیدا ہوتا ہے ظاہر معدن سونا چاندی ہے۔ اور یہ دونوں متغیر نہیں ہوتے اور ان کے سوائے کل دوسرے معدن متغیر ہو جاتے ہیں۔ سونا ۲۳۱ کے نور سے ہے اور چاندی ۱۶۱۴ کے نور سے اور سیسہ ح س ی کے نور سے ہے۔ اور لوہا خ م ر کے نور سے اور زہرہ ع ع ع کے نور سے اور زیبق م م ح کے نور سے ہے۔ اور قلعی م ح ح اح ح ح کے نور سے پیدا ہوتے ہیں اور

---

[1] رنگ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے زیادہ اور کون رنگ دینے سکتا ہے۔

[2] منقولہ: جب یاد کرو گے اس بات کو جو میں تم سے کہتا ہوں اور اپنا کام اللہ کے حوالہ کرتا ہوں۔

تمام انوار کرسی سے پیدا ہیں[1] تو معدنیات سے متصل اور یہ طریقہ کشف معدنیات سے وابستہ ہے۔ جب کہ نباتات نور اعلیٰ سے مخصوص ہوئیں۔ تو معدنیات ارواح عالیہ سے مخصوص ہوگئیں۔ اور محمد رسول اللہ نے اس کی تعبیر یوں دی ہے۔ اَلنَّاسُ مَعَادِنٌ كَمَعَادِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ۔ یعنی مومن اور عارف سونے اور چاندی کی طرح معدن ہیں۔ ان کے علاوہ لوگوں کا بیان نہیں کیا ہے کیونکہ وہ تانبے اور لوہے وغیرہ کے معادن کی طرح ہیں وہ تعلیم ایمانی میں داخل نہیں اسی لیے محسوسات کا تعرف معدنیات کے ذریعے ہے اور نباتات محتاج ہیں معدنیات کے ساتھ ایمان لانے کے بلکہ معدنیات کے ایمان میں متصرف ہیں واقعہ یہ ہے اجسام مرکبہ اسرار نباتاتیہ قائم ہیں نہ کہ اسرار معدنیات کے ساتھ کیونکہ معدنیات میں ارادہ علویہ کا راز ہے کیونکہ وہ اس کے ساتھ ہیں ورنہ عدم میں کوئی طاقت اور قوت نہیں ہے کیونکہ عدم نام ہے سکون محض کا اور اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا ہے قُلْ كُونُوا حِجَارَةً اَوْحَدِيْدًا لفظ حجارة سے اشارہ دوزخ کے ایندھن کی طرف اور لوہے سے اشارہ زنجیروں اور بیڑیوں کی طرف ہے۔ جن کا ظہور عالم جزا[2] میں ہوگا جس جسم خاکی کو انوار غیبی کا کشف نہ ہوا بلکہ وہ مثل پتھر کے جم کر رہ گیا اور اس کو علویات کے ادراک کی کوئی راہ نہیں ہے تو ایسے جسم والا موجب عذاب ہوگا۔ ایک وجہ یہ ہے کہ حیات ابدیہ نے کون قدرت پر محض مناسب ازلی طور سے غیر مدرک جہتہ اور شعور جاری کیا اور حیات نے فیض ظاہر کرنے والا حقائق معلومات پر علم ہے جو جدا گانہ ہے اس بات سے کہ اس کا ادراک کیا جانے نیز اعمال اور ملاحظہ احوال سے وہ بلند ہے جبکہ فرمایا ہے۔
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اس آیت میں استثناء لفظ اِلّا کیا گیا ہے تو اس کے خاص علم سے جو اللہ کی طرف مضاف ہے آگاہی بھی ہوتی اور علم اللہ کا اس کی صفت ہے اور صفت اس کی من ذات اور علم اس کا کشف ہے ماسوا کے ماسوا سے کلی اور جزوی طور پر پھر جاری کیا اس نے علم سے فیض شامل حقائق موجودات پر اپنے ارادہ سے جیسے اور اس کی شان اس کے ظہور اور سماعت اور مکاشفہ اور احاطہ معارف اور منیبات اور تعنیات اور اس کے کلیات سے واضح ہے اور وہ قائم ہے نشاۃ برزخیات لطیف کے ساتھ اور زندہ ہے احسان اور بخشش پھر اس کے مطلق پر فیض کلی جاری کیا تاکہ وہ سبب ہو جائے۔ اس کتاب عزیز کے سننے کا اور پورا فہم کرنے اور حقائق حکمتوں کے منکشف ہونے کا اور اسی باعث اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ اپنے بندوں پر اپنے غیب کو اپنا کلام سننے کی ہدایت کی پھر اپنے علم سے فیض شناسی کی بصارت دی جس وجہ سے کائنات کا ادراک ازل میں اور تکوینیات کا شہود ابد میں اور معلومات کا ظہور بصر میں ہوا اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو پھر کوئی شخص آخرت اور اس کی ذات بزرگ کی طرف نظر نہ کرتا یعنی اس کو اس کے ادراک کے ساتھ پایا دہی ادراک کرنے والا اور وہی ادراک کیا گیا ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ پھر بینائی سے اپنے فیض عمیم کو کلام قدیم پر جاری کیا جس کے سبب کلام سے فائدہ ہوتا ہے اور وہ ایسے کلام سے متکلم ہے جو اس کی صفت ذاتی ہے۔ اور مخلوق کے کلام سے بالکل الگ ہے الحاصل اس کے فیض کلام میں بینائی اور بینائی میں سماعت کا فیض اور سماعت میں ارادہ کا فیض اور ارادہ میں علم کا فیض اور علم میں قدرت کا فیض اور قدرت میں حیات کا فیض ہے اور حیات میں ذات کا فیض اور ایمان میں ذات کا فیض عقل میں حیات روح میں قدرت کا فیض نفس میں علم کا فیض قلم میں ارادہ کا فیض انسان میں سماعت کا فیض ترکیب میں بینائی کا فیض صورت میں کلام کا فیض ہے۔ غرضیکہ انسان پر اور چونکہ سابق بالقوۃ وتر ہے۔ اول بالقوۃ اور بالفعل دونوں طرح سے وتر ہے۔ اس

---

[1] اور اور حروف کا بسط و کسر کر کے استنطاق ملائکہ کے بعد اسم الٰہی کی تلاوت سے سونا چاندی ہیرا اور زمرد وغیرہ بنائے جا سکتے ہیں۔

[2] عالم جزا سے مراد یہاں دوزخ ہے۔

لیے وتر ہونا اس سے متصل ہوا یعنی وہ اول اور آخر وتر ہے اور وہ یکتا ہے۔

سونا بنانے کی اکسیر

بعض بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حکمت الٰہیہ حاصل کرنا چاہیئے اسے اسم علیم کا بکثرت ذکر کرنا چاہیئے بعض اسم علام الغیوب کا ذکر اور بعض اسم حکیم کا مشورہ دیتے۔ یا اس کے ساتھ یعنی یا علیم اور یا حکیم جو شخص اس طرح بکثرت ذکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ غیب سے کسی حکیم کو اس کے پاس بھیجدے گا اس کو یہ صنعت سکھا دے گا یا خضر اس کو یہ صنعت سکھا دیں گے اور ایسی اکسیر بن جائے گی کہ اگر ہزار مرتبہ گلاؤ جب بھی رنگ نہ بدلے اور تپانے اور کسوٹی پر لگنے سے بالکل کھرا معلوم ہو۔

یہ نسخہ سرخ رنگتا ہے اس کو سرخ اجسام اور سرخ ارواح اور سرخ سے عمدہ ترکیب و ترتیب سے بنایا جائے کہ ایک ماشہ اسکا دو سو ماشوں کو رنگ دیتا ہے اور اس میں۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ سے مدد لی جاتی ہے۔

سونا بنانے کی ترکیب

ترکیب یہ ہے کہ راس صابون عمدہ اگر اس نسخہ کے لیے خود تیار کرو تو بہتر ہے ایک رطل اور نصف اسکے نمک بھی سفید لو اور نمک طعام و نطرون و پھٹکری و ہرتال زرد و کسیس اعدا ہر ایک ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھو اور اس کے چہارم وزن سفیدی بیضہ مرغ یعنی انڈے کی جھلی ان سب کو ملا کر پھر آدمی کے سر کے بال جو بالکل سیاہ ہوں ان کو پاک صاف کر کے ان کو ایک دن رات پانی میں بھگو کر دھوپ یا ہلکی آگ پر رکھو اور مذکورہ دوائیں اس میں آمیختہ کر دو ان دواؤں کی تیزی سے بال حل ہو جائیں تو اس کو تقطیر کرو۔ اور صاف عمدہ عرق کو بحفاظت اپنے پاس رکھو پھر چاندی کو گلا کر اس کے تہائی وزن جست کو اس میں ملاؤ اور ان دونوں سے تگنا پارہ ان میں ملاؤ چاندی ایک جزو ہو۔ اول چاندی کو گلا کر اس کے اوپر جست ڈالیں اور دونوں کو ایک کر کے پھر ان کو خوب باریک پیس کر ایک پیالہ میں ڈالیں ڈھک کر گل حکمت کر کے تصعید کریں۔ اور پھر اعلیٰ کو اسفل پر کر کے اتنا تصعید کریں کہ بالکل مٹی کی شکل ہو جائے گویا اب روح اور جسم جمع ہو گئے پھر نفس منعقد کو اس میں اضافہ کرو دو نصف وزن کے برابر یہاں تک کہ روح اور جسم برابر ہو جائیں۔ پھر ان کو خوب سحق کرو۔ اور آب مذکور ڈالتے رہو تین دن متواتر پھر دھوپ یا آگ پر اس کو خشک کرو اور یہاں تک کہ سحق کرو کہ پانی قبول نہیں کرے تو پھر پانی میں اس کو ڈبو دو یہاں تک کہ سحق پورا ہو دیہ مزاج ثانی ہے جب یہاں تک عمل پورا ہو تو اس کو ایک شیشی میں بند کر کے تازہ لید میں دبا دو اور ہر ہفتہ لید بدل دو یہ دوائیں سفید پانی کی صورت میں حل ہو جائیں گے پھر جتنا تانبا چاہو اس پانی سے سفید کر لو جب بھی اس پانی میں تانبے کا ٹکڑا ڈالو گے سفید ہو گا اور کبھی رنگ نہ بدلے گا اگرچہ ہزار مرتبہ گلایا جائے اگر چند بار اس پانی کو اسی طرح سے تحلیل اور تعقید کرو تو اکسیر کامل بن جائے گی ایک رتی دو سو مثقال تانبے کے لیے کافی ہے۔ یہ پارہ کو ہر حالت کو چاندی بنائے گی۔ علماء کے نزدیک اس نسخہ میں کوئی شک نہیں ہے۔ اگر اس میں بجائے چاندی کے سونا یا تانبا یا رصاص مصفیٰ دو جائے اور پوری ترکیب حسب سابق کی جائے یعنی تصعید وغیرہ اور پانی کے نسخہ میں ہرتال کے بدلہ کبریت احمر اور مرقیشا زرد اور سفید بیضہ کے بدل زردی بیضہ اور بالوں کے ساتھ قدرے خون بھی اضافہ کر کے باقی تمام ترکیب اور کل اجزاء بدستور سابق ڈال کر عمل کرو تو سرخ تیار ہو گا۔ جو پارہ کو سونا بنا دے گا۔

سونا بنانے کی ایک اور صحیح ترکیب

ایک نیک شخص سے ملے۔ نسخہ بلا جز نہایت ہی مجرب ہے۔ مرتج۔ ابیض۔ ابلیج الکل۔ زراوند ہم قدرے تلی میں طاہر اسپر و نہ دھتور۔ ان سب کو خوب باریک پیس کر زیتون کے تیل میں لحمہ

کرو اور درمیانی درجہ کی آگ پر اس کو پکاؤ اس کے بعد سیسہ گلا کر اس سے اس پر ڈالو سرخ ہوگا۔ آٹھواں حصہ سونا ملا کر کام میں لاؤ صنعت الہیہ کے اسرار تفصیل سے آئندہ ذکر ہوں گے۔

حجر مکرم کے خواص اور ان کے راز و اشارات

حجر مکرم کے متعلق قدیم حکماء نے بہت کچھ لکھا ہے۔ جس کی تاثیر بالفعل ہے۔ یعنی اس میں تدبیر سے پہلے ہی اثر ہے۔ اور اکثر علامہ نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے کہ سب سے بہتر مثلث اور اس کے تین رنگ ہیں۔ جن سے نفس تابعہ روح واصلہ اور جسد ضابطہ مراد ہے اور یہ حجر تمیز ہے ہم نے اس میں مختلف رنگ اخذ کیے اور اس نے غلطی کی ہو کتا ہے کہ رنگ وہی ہیں جن اجساد نام رکھا گیا ہے۔ حالانکہ قدیم لوگوں نے اس پر اجماع کیا ہے کہ حجر اور تدبیر ان کے نزدیک تفصیل اور ترکیب اور حل و عقد اور نفس و روح اموات و حیات ہے۔ حالانکہ ان کلمات میں سے ہر کلمہ ایک دوسرے کی ضد ہے۔ جب سب کلمات جمع کرو تب یہ عمل پورا ہوگا۔ ورنہ ہر کلمہ نصف عمل بناتا ہے مثلاً تفصیل اور ترکیب یا جیسے تکلیس اور تطہیر اور تبییض اور تصعید ان میں سے ہر کلمہ نصف عمل پر محمول ہے۔ اور سارا عمل کسی ایک کے بس کی بات نہیں۔ جب تفصیل کیا جائے تو اس سے لطیف اجزاء کا جدا کرنا مراد ہے۔ تاکہ ہر ایک میں تمیز ہو سکے اور کثیف خشک ہو جائے۔ اور اس میں لطافت مطلق باقی نہ رہے۔ اور لطیف ایسا کہ بالکل روح ہو جائے۔ اور کثافت اس میں بالکل نہ رہے۔

ترکیب سے جمع مراد ہے۔ درمیان لطیف اور جمع ملتزم کے ہم شکل لطیف اور کثیف دونوں ہیں یہ دونوں شکل واحد میں ہوں اور رنگ طبعی میں اس طرح کامل ہوں کہ ایک دوسرے سے کچھ بھی زیادہ نہ ہو۔ یاد رہے جس جسم کو آگ سے تکلیس کیا گیا ہو اس کی روح جسم سے الگ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اگر روح الگ نہ ہو تو جسم کبھی بھی نہ ہوتا اور اس کی رطوبت ختم نہ ہوتی کیونکہ رطوبت ہی وہ چیز ہے جو آگ کا مقابلہ کرتی ہے تاکہ اس کے جسم کی شکل خراب نہ ہو جائے۔ معدنیات میں چاندی اور سونے کے سوائے کوئی جسم نہیں ہے کہ ان کے برابر آگ کا مقابلہ کر سکے ان دونوں کے سوا باقی اجساد کو جب آگ پر رکھا جاتا تو اس کے لطیف و کثیف اجزاء علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اگر ایک جسم کو تکلیس کیا اور اس میں رطوبت کا اضافہ کیا اس رطوبت کے بدلے جو اس سے خارج کرائی گئی ہے تو یہ محض تکلیف دی ہوئی اس رطوبت کے اضافہ کی ضرورت اس لیے ہے کہ طبیعت نے جو اس جسم میں رطوبت پہلے رکھی تھی معتدل نہ تھی اگر وہ معتدل ہوتی تو جسم اکسیر کامل ہوتا مگر ایسا نہ تھا لہٰذا اب اس میں رطوبت کے اضافہ کی پھر ضرورت ہوئی اور آگ کے بغیر یہ ترکیب ممکن نہیں۔ کیونکہ آگ ایسی چیز ہے۔ جو جسم کے تمام اجزاء جمع کرتی ہے اور بعض کو بعض سے ملاتی ہے۔ نیز جسم مختلفہ میں تفریق کرتی ہے۔ اسی وجہ سے بڑے بڑے حکماء کہتے ہیں۔ جس نے آگ کے راز کو نہ پایا وہ اس صنعت سے کچھ بھی نہ جانا سکا کیونکہ آگ کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ ہے۔ آگ روشن کرنے اور جلانے سے معلوم ہوگا کہ کس آگ سے یہ جسم گل سکتا ہے۔ تجربہ ضروری اور نہایت مشکل امر ہے۔ واضح باد جس جسم کی رطوبت آگ سے جاتی رہتی ہے۔ اور اس کے لطیف و کثیف اجزاء میں فرق ہو جائے تو اس کو نصف تدبیر اور نصف عمل اور مردہ کہا جاتا ہے۔

عمل کا دوسرا نصف حصہ دوائے رطوبت کو کشتہ پر اس مقدار سے ڈالنا کہ وہ پوری طرح باہم مل جائے یعنی رطوبت اور کشتہ ہر دو ملکر ایک ہو جائیں کیونکہ کشتہ اس کی اصل رطوبت کو تدبیر کے ساتھ پیا ہے۔ جب کسی چیز کو کشتہ کیا جائے تو یہ مٹی کی صورت ہو گی۔ اور اگر پھر اس کو آگ میں ڈالیں تو رطوبت اس کی جو انہ ہوگی بلکہ باقی رہے گی اور اجساد ذائبہ میں کام کرے گی۔ اور یہ رطوبت

کچھ نقصان نہیں کرتی کیونکہ نفس نے اس کو آگ میں روک رکھا ہے۔ اور اگر یہ تنہا ہوتی تو بے شک نکل جاتی۔ اور جس وقت نکلتی تو نفس سے مقابلہ کرتی تاکہ آگ کا اثر اس کے اجزا تک نہ پہنچ سکے۔ اور تمثال اس میں سے نکل جانے اس میں حرارت صرف برودت مزاج سے ہے۔ اگر اس کشتہ کو آگ میں ڈالیں تو یہ رطوبت خارج نہ ہوگی۔ بلکہ جسم غائب سے مل جائے گی۔ اور عاشق کی طرح اپنے معشوق سے چمٹی رہے گی۔ کیونکہ رطوبت اور نفس دونوں مل کر ایک چیز بن گئے ہیں قاعدہ ہے تاثیر غالب ہی کی اثر کرتی ہے۔ ان دونوں سے عمدہ رنگ پیدا ہوگا۔ کیونکہ یہ دونوں خلق ثانی کے ہیں۔ جس میں رنگ گھولا اور کپڑے کو رنگ لیا۔ حجر وہ ایک رنگنے والی چیز ہے۔ اور رطوبت جو پانی ہے۔ جس کے ملنے سے جسم میں رنگت سرایت کر جاتا ہے۔ اب وہ ترکیب یاد رکھو جس سے رطوبت کشتہ میں داخل کی جاتی ہے۔ اس کشتہ کے اہل میں کئی نام ہیں۔ کلسؔ۔ رمادؔ۔ خفؔ۔ جسدؔ۔ مقتول ارضؔ علشانہ وارثہ شلکے۔ ترابؔ۔ عکرؔ۔ زبلؔ۔ وغیرہ یہ سب کشتے ہیں۔ شیشہ کی کھرل میں ڈال کر زیبق محلول کا پانی ہم وزن ڈال کر حل کرو حل کرنے کے بعد پھر آگ پر رکھو تو سیاہ رنگ ہو جائے گا۔ جس کو نار اولیٰ کہتے ہیں۔ پھر بطریق مذکور تسقیہ و تحلیل آگ میں رکھو پہلے حد سے کم سیاہ ہوگا۔ یہ نار ثانیہ ہے۔ جس کو ابن النار بھی کہتے ہیں۔ اور یہ پگھل جائے گا اور رطوبت اس کے اوپر ظاہر ہوگی حالانکہ اس سے پہلے پگھلا نہیں اہل صنعت کے نزدیک بلا اختلاف مسلم ہے۔ کہ جب اس طرح سے تحلیل و تسقیہ اور تشویہ ۳ بار مکمل ہو جائے۔ تو اس کا رنگ سفید ہوگا۔ کھرل میں ڈال کر کبریت محلول سے بطریق مذکور تسقیہ اور تشویہ کریں تین بار یہ عمل پورا ہونے پر بالکل سرخ تمہارے ہاتھ آجائے گا۔

شاگرد کے دریافت حجر مکرم پر فلسفی استاد کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حجر مکرم جو ہر واحد ہے۔ جس کی دو قسمیں اور دو مختلف شکلیں ہیں۔ ایک روحانی دوسری جسمانی جزو اول وہ جس میں قمر و عطارد اور زہرہ حل کیے جائیں اور جزو ثانی وہ ہے۔ جس میں شمس و مریخ اور اسد حل عقد کیے جائیں اسی وجہ سے علماء اس حجر کو عالم صغیر کہتے ہیں۔ کیونکہ عالم کبیر کے افلاک و نجوم وغیرہ سب کے سب اس میں موجود ہیں۔

چاندی بنانا اب میں وہ ترکیب بتاتا ہوں۔ جسے تم اپنی جگہ خود کر سکتے ہو وہ یہ ہے کہ نوجوانوں کے سر کے بال کالے قرع انبیق میں رکھ کر آگ جلاؤ پہلے عرق نکلے گا۔ اس کو الگ رکھو۔ پھر دھواں نکلنا شروع ہوگا۔ اس وقت اس کے سر کو بند کر دو دھواں باہر نکلنے دو اور ایک سیخ اس کے اندر ڈال کر ہلاتے جاؤ آگ تیز کر دو پھر ٹھنڈا کرو۔ اور وہ نوشادر جو قرع انبیق کے اوپر آگیا ہو اس کو اٹھا کر ایک برتن میں حفاظت سے رکھو۔ پھر قرع انبیق میں سے بالوں کی راکھ بھی نکال لو جس کو اصطلاح میں معنیا کہا جاتا ہے۔ اور ایک مٹی کے پیالے میں گل حکمت کر کے بہت تیز آگ میں (جیسے شیشہ گر یا لوہار کی بھٹی ہوتی ہے) سات دن متواتر رکھو تو زعفران جب سرخ کشتہ تیار ہو گا جیسے ایک شیشی میں حفاظت سے رکھ لو اور وہ سفید پانی جو پہلے بالوں سے نکلا تھا پھر سات مرتبہ اسے کشید کرو اور جو کچھ اس کا ثفل باقی رہے زرد مرتشیشا ہے۔ اس کو ایک برتن میں خوب گل حکمت کر کے جلاؤ پھر پانی اس میں حل کر کے پھر سات مرتبہ تصعید کرو اور ہر مرتبہ فضلہ کو پانی میں اتنا حل کر لو کہ کل فضلہ مثل کافور کے ہو جائے پھر اس فضلہ کو جسم زعفرانی اور نوشادر مذکور کے ساتھ ملا کر خوب کھرل لو اور پہلے کا پانی ڈال کر تصعید کرو جس وقت سب پانی سوکھ جائے اور فضلہ بالکل خشک رہ جائے تو زیبق عربی مصفیٰ اس میں ڈال کر اتنا کھرل کرو کہ سفیدی چمکنے لگے۔ پھر اس کو جس جسم پر ڈالو گے چاندی بن جائے گا۔

سونا بنانے کا ایک اور نسخہ اگر زر د بنانا ہے تو یہ ترکیب ہے کہ بالوں کی خاک کو ارض بھی کہتے ہیں کو اس کے ساتھ تسقیہ کر کے تصعید کرو یہاں تک کہ زرد ہو جائے (جس کو خمیر کہتے ہیں) اس کا پانی جو نکلا ہو اس کو علیحدہ رکھو تو پھر جسم زعفرانی

کرنا ہو گا زیادہ نکلے ہوئے مقطر پانی میں ڈال کر، بار تصعید کر لو اور ہر بار خشک کر کے کھول پانی میں ڈالتے جاؤ پھر وہ تیل جو پہلی بار نکلا تھا۔ اس میں اس سے تین حصہ زیادہ پانی ملا کے تصعید کرو اور قرع انبیق سے نیچے مدہم مدہم آگ جلاؤ اور ٹھنڈا ہونے پر کھولو تو سرخ پانی ملے گا اس کو پھر بالوں کی خاک میں حل کر کے تین بار تصعید کر لو اب یہ ممکن ہو گیا اسے شیشے کے ایسے گلاس میں رکھو جس کا منہ کھلا ہو پھر اس کو قرع انبیق میں لگا قرع کو تلے سے برتن میں جس میں پانی رکھا ہو رکھو۔ اور نیچے آگ جلاؤ یہاں تک کہ تنگ گلاس کے اندر رہ جائے اور پانی سوکھ جائے تو ٹھنڈا کر کے ایک جزو ارض کا اور ایک جزو رنگ کا اور جزو ایک ماء الحیات اور ایک جز نوشادر کا لے کر ان سب کو ایک شیشی میں کھرل کر اس کے منہ پر ایک دوسری شیشی رکھ کر دونوں کا منہ خوب مضبوط بند کر دو اور گرمی ہو تو دھوپ میں ورنہ ہلکی آگ پر اتنا خشک کرو کہ سارا پانی ارض میں جذب ہو جائے۔ پھر اسکو بیس کر ایک شیشی میں اپنے پاس رکھ لو اور بوقت ضرورت ایک جز دس جز پر ڈالو اور اللہ کا شکر ادا کرتے رہو۔

نسخہ سونا چاندی کی تفصیل

حجر اگرچہ ایک مشہور چیز ہے۔ لیکن بعض اس کو انسان کے بال بعض راکھ بعض کچھ کہتے ہیں۔ اور دیگر مختلف اقوال بھی ہیں اس کی تدبیر کا ایک ہی طریقہ ہے۔ بعض نے بسط سے بعض نے تیم سے بعض نے رمز سے اور بعض نے ایسا خلط ملط بیان کیا ہے۔ کہ پڑھنے والا کچھ بھی نہ سمجھ سکے۔ مگر ہم نے سب اشاروں کو واضح اور صاف بیان کیا ہے۔ تاکہ ہر صاحب عقل اس کو سمجھ سکے۔

علماء صنعت گری کا بیان ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ فرد ہے حجر بھی فرد ہے۔ اس میں اکسیر اور دوئے نم ہے۔ جب میں نے حجر کی تطہیر کا ارادہ کیا تو اس کو کئی اجزاء پر تقسیم کیا جو بہت سے اجزاء ہیں۔ اور ان کا ہر جزء بہت سی چیزوں سے مرکب ہے اولاً انہوں نے ایک جزو کا تذکرہ کر کے کہا۔ کہ یہی ہے۔ پھر کہا کہ یہی جزو جب تک سفید نہ ہو رقیق ہوتا ہے جس پر کچھ غبار رہتا ہے گویا اس میں چکنائی ہے اور اس کو انہوں نے کئی نام دیئے ہیں۔ حجر۔ قمر۔ جیقی۔ ماء السحاب۔ مکر۔ لیقی۔ ذہبی۔ نحل۔ لولی۔ جو سب کے سب سیال اور مرکب ہیں۔ جب آگ کو تیز کیا۔ تو سفید ثقیل اور سفید براق سے پانی متقطر نکلا جس کی چمک آنکھ کو خیرہ کرتی ہے۔ اگر شیشی میں رکھو تو اس کی تیزی سے مشتبہ ہوتا ہے شیشی توڑ کر نکل جائے گا۔ اس کو حرکت دینے سے مختلف شعائیں اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کا نام انہوں نے زیبق عربی رکھا جس کی تاثیر سرد تر ہے پھر جب آگ کو تیز کیا۔ تو غلیظ تیل سیاہی مائل متقطر ہاتھ آتا ہے۔ اس کو زیبق شرقی کہتے ہیں تاثیر اس کی گرم و خشک اور رنگ ناری مزاج ہوتا ہے۔ مگر انحلال کا مادہ زیبق عربی میں ہے۔ جب وہ حل ہو گیا تو روحانیت صاف اور دوسرے کو رنگنے والی پیدا ہو گئی اور سفیدی یا سرخی کے لیے زمین کو بدلا گیا۔ ارض اور ہوا اور ناریہ تینوں آب مدبرہ میں اتنا حل کیے جائیں کہ مثل غبار کے بن جائیں ان کی شعاع آنکھوں کو خیرہ کرتی ہے۔ اور قمر کی شکل سے یہ دوران کرتے ہیں۔ جب اس کی ہلکی آگ سے زمین کی رطوبت دور کی جائے۔ (اور یہی حکمت اس سے مراد ہے۔ تو یہ سب ایک پانی بن جاتا ہے۔ اور ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتا جسے ماریہ کہتے ہیں اگر تم کسی کتاب میں تشمیع یا تبییض یا تعقید یا دم یا ضرب یا تحلیل یا تصعید یا تقطیر کے الفاظ دیکھو تو سمجھ لو کہ ان سب سے ایک ہی معنی مراد ہیں۔ کبھی ماء خالد مقیم ہیں جو رنگنے والا زیبق شرقی ہے۔ اور وہی نفس ہے۔ نفس روح کو رنگتا ہے۔ اور روح جسم کو رنگتی ہے۔ اور یہ بعید الصبغ ہے۔ یعنی وہ روغن جو متغیر نہ ہو کیونکہ ارواح صاعدہ جب اپنے جسد ارضی کی طرف رجوع کرتی ہیں تو ان سے علیحدہ ہونے کے بعد اور دونوں مل کر بھی صرف ایک شکل بن جاتی ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک اپنی طرف اشتیاق و اتفاق سے میلان کرتی ہے۔ یہ سب جمع ہو کر ایک دوسرے کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

اکثر سفل کو ارض وجسد وذہب دفضہ ونحاس ورمل اور رماد وغیرہ نام دیتے ہیں یہ سب ایک ہی چیز کے نام ہیں بعض زیبق کو ماء اول کہتے ہیں۔ یہ خاص ارض مدبر ہے۔ جس کو آگ سے جلا لیتے ہیں۔ اور یہی صبغ ہے۔ اور اگر یہ خوف ہو کہ آگ اس کو بالکل ہی کھا دے جلائے تو اس کو چند بار پانی سے اتنا تسقیہ کرو کہ سفید اور سخت ہو جائے کہتے ہیں۔ کہ زیبق رماد سے مل گیا، قوم کی کبریت میں تین قوتیں ہیں۔ ایک قوت مولدہ دوسری حفظیہ تیسری باضمہ نار کی سات قسمیں ہیں نار تکلیس الجسد اور نار عقد الماء جس سے زیبق مراد ہے۔ اور عنصریہ جو مکانوں میں روشن کی جاتی ہے۔ اور نار طبیعت اور نار عقد[1]

حضرت ذوالنون مصری فرماتے ہیں آگ کے سات مراتب ہیں۔ اور تین اور ہیں جس سے دس پورے ہو جاتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ نار قوت طبعیہ کبریت میں موجود ہے جس کی تین قوتیں ہیں۔ مولدہ اور مصورہ اور ہاضمہ پس مولدہ تو نطفہ کو پیٹ میں ٹھہراتی ہے کہ بچہ پیدا ہو جائے ایسے ہی مولد اہم ہے۔ اہم اول بچہ کی طرح ہوتا ہے جو آگ کی شدت پر نہیں ٹھہر سکتا جیسے بچہ سخت غذا نہیں کھا سکتا صرف دودھ ہی پیتا ہے اور بتدریج غذا کے قابل ہوتا ہے۔ ایسے ہی میزان اول لطیف ہوتی ہے اور پھر بتدریج قوت مرچہ اسے ترطیب کرتی اور اس کا جسم بڑھاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ جوان ہو جاتا ہے۔ پھر انحطاط اور نقص کی طرف پلٹتا ہے۔ ایسے ہی یہ مولود جو اس مرکب میں اور جو حالت نفس میں ہے۔ اپنے والدین سے جب منفصل ہوتا ہے۔ تو ذرا سا عرق ہوتا ہے۔ پھر تھوڑا تھوڑا بڑھتا ہے۔ اس کو اکثر لوگ مرتبہ لبن کلیہ کہتے ہیں اس کی کئی اجزاء سے ترکیب کی جاتی ہے۔ اسی طرح وہ لبن جو مرکب میں ہے۔ اول عمل کے وقت اس پر یہ عمل کرتا ہے۔ ان کے اجسام میں۔ تم اس کو کرو گے تو یہ عمل عظیم ہوگا۔ اس کے ہرم اور تحلیل میں تھوڑا تھوڑا اضافہ کرتے رہو جو اپنی انتہا کو پہنچے۔ پھر غایت صعود قدرے کمی کرتے ہو۔ بعینہ اور خیر میں بھی جو پھر رجوع کرے گا اپنے جسم عنصری کی طرف اس کی مثال اس زمین کی سی ہے۔ جس میں گھاس نہ ہو۔ اسی طرح ارواح بغیر جسم قائم نہیں ہوتیں اور اپنے مرکز کو تلاش کرتی رہتی ہیں۔ جن سے مراد ماء اور ارض ہیں جس کا مرکز اسفل میں ہے اور اس کا اعلیٰ متصل ہے اسفل سے۔ چونکہ غذاء بغیر حرارت اور رطوبت کے ہضم نہیں ہوتی اسی لیے بدم ایک قسم تعفین ہے اور تعفین حدوث غلیظ الجسد ہے۔ تم اس کو روح قرار بناؤ کیونکہ وہ جسم غلیظ تھا سخت تعفین کا اس صنعت کا بہت زیادہ استعمال ہے۔ اور تعفین ہی کے سبب سے غذا ایک کر آنتوں میں جاتی ہے۔ اسی طرح حکما جب حجر سے صاف مادہ اخذ کرتے ہیں تو اس کو نفس اور ماء کبریت وغیرہ کہتے ہیں اور جو ثفل باقی رہا اسے زبل کہتے ہیں۔ اسی وجہ اپنی کتابوں میں حکماء نے تعفین کا بہت زیادہ بیان کیا اور کہتے ہیں کہ حجر کو زبل رطب کے ساتھ تعفین کیا جائے اس زبل سے یہی ثفل مراد ہے ورنہ اس کے سوا اور کوئی زبل نہیں ہے۔ جس کے ساتھ تعفین کی جائے۔ اور اسی لیے خالد کہتے ہیں کہ یہ طبیعتوں کو ایک جا کرتا ہے۔ جو شیشے کے غیر میں اصل ہے۔ طلب کریم کے ساتھ جمع نہیں ہوتا جس سے وہی زبل ہے اور یہ اس لیے ہے کہ علمائے صنعت کے قول نیران میں یہ معنی ہیں کہ جران کا شلث الکیان تین اجزا سے مرکب ہے۔ جو نفس روح اور جسم اور مرکب الکیفیۃ ہے یعنی اس کے چار طبائع ہیں۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی۔ پانی اسی وجہ سے یہ سات ہو گئے جسم کا رنگ روح نکلنے کے بعد سیاہ ہو جاتا ہے جس کو زبل کہتے ہیں۔ یہ ظاہرا سیاہ ہے مگر اس میں ایک جوہر صافی موجود ہے۔ حکماء کہتے ہیں۔ اس سے نہ نفرت کرو کہ طبائع غلیظ اور نہایت میلے ہیں۔ کیونکہ یہ سارا میل آگ سے صاف ہو کر زندہ اور رہ جاتا ہے۔ سیاہی کا دور ہو کر سفیدی حاصل ہونا یہ سب کام پانی سے ہوتے ہیں۔ اور آگ اس کو منعقد کرتی ہے اسی کو شرقی کہتے ہیں جب دونوں ایک دوسرے میں مل گئے تو اس وقت ہوا گرم تر پیدا ہو جائے گی۔ اور نہایت قوی ہوگی جس کی قوت ارض بافتہ میں عمل کرے گا۔ نار عنصری اس کی خدمت گار

[1] اصل متن میں صرف بالا مرتبہ دو نام لکھے ہیں۔ مترجم

ہے اور نار طبعی اس کو دوم کرتی ہے اور یہی نفس ہے بعض کا قول ہے کہ نادرہ ہے جس کو نقش اٹھاتا ہے۔ اور دوسری آگ وہ روح ہے۔ جو تکلیس سے رنگ پیدا کرتی ہے۔

• ابعاع کا ادہان سے ملنا اس کے معنی ہیں کہ دھن کا زیبق ہے۔ اور ادہان منتشاو کبریتوں کے لیے زیبق ہے۔ انہیں کے ساتھ قائم ہوتا ہے۔ اور یہ زیبق کے ساتھ قائم نہیں ہو سکتے ہیں سالبتہ تکلیس ایجاد ہوتی ہے۔ اور اس پر مراد صنعت کے بعد قدرت حاصل ہو جاتی ہے۔ اور تکلیس سے مدنی بن جاتا ہے۔ اور تکلیس نہیں ہوتی مگر سیاہ جاری کو تم کون میں داخل کرتے ہو اور حالت فساد میں داخل کرتے رہو۔

بسم اللہ لکھی ہوئی ملتی اور بسم اللہ ہی قرآن کریم کے سورتوں کے درمیان کی سورتوں کے درمیان حد اور فصل بتاتی ہے البتہ امام شافعی کے نزدیک بسم اللہ ہر سورت کی مشمولہ آیت ہے اور اس کی برکات قرآن کریم سے ظاہر ہیں

بسم اللہ کے اثرات | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے چند خواص و تاثیرات یہ ہیں :۔ بسم اللہ (۷۸۶) مرتبہ سات دن تک کسی مریض پر دم کرنے سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے ۔ (۵۰) مرتبہ پڑھ کر کسی ظالم کے منہ پر دم کرے تو ظالم کے شر سے نجات ملتی ہے (۷۸۶) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ضرورت پوری ہوتی ہے ۔ سوتے وقت (۵۰) مرتبہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر موذی کے شر سے محفوظ رکھتا ہے ۔ کسی خاص مریض پر تین دن تک روزانہ سو مرتبہ پڑھنے سے مریض کو شفا ہو جاتی ہے ۔ مرگی والے کے کان میں (۴۱) مرتبہ پڑھنے سے افاقہ ہوتا ہے ۔ مصیبت زدہ یا تکلیف کا مارا یا سرخ باد کا مریض تین دن تک ایک ہزار بار پڑھے تو نجات پاتا ہے قیدی یا محصور (۷۸۶) مرتبہ پڑھے تو قید سے چھٹکارا پائے ۔ جمعہ کے دن ساتویں ساعت (۱۲۳) مرتبہ پڑھ کر اللہ سے مو نیایا آخرت کا جو سوال کرے اللہ وہ پورا کرتا ہے ۔ بسم اللہ کے حروف کو بسط کرکے ان کے اعداد کے موافق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کسی مشروب پر پڑھ کر جس سے محبت کرنا چاہو اسے پلانے سے وہ محبت کرنے لگتا ہے ۔ کسی برتن میں لکھ کر اولاد سے کم ذہن کو پلاؤ تو اس میں فہم و ذکاوت پیدا ہو جاتی ہے ، بہتے پانی پر پڑھ کر اس سے باغ سینچو تو پھل خوب آتے ہیں ۔ و ہ ہر روز تک بعد نماز فجر روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والے کو کشف قلب ، الہام اطلاع اسرار اور جو کچھ دنیا میں ہوتا ہے وہ سب دکھائی دیتا ہے ۔ پنج وقتہ نماز کے بعد (۵۰) مرتبہ پڑھنے والے کو ہر چیز کے وقوع کا مشاہدہ خود بخود ہوتا ہے ۔ اگر کسی کو شکست دینا چاہو تو ہفتہ کے دن بعد نماز عشا بارہ رکعتیں اس ترکیب سے پڑھو کہ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی و سورۃ اخلاص اور سورۃ المعوذتین دس دس مرتبہ جملہ چالیس مرتبہ پڑھو اور اس نماز کے خاتمہ پر بسملہ کے حروف بسط کے اعداد کے موافق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد نماز وتر پڑھو اور یہ عمل سات راتوں کرو اور ساتویں رات کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لو جب ایک سے لے کر ستر آدمیوں سے مقابلہ کرکے شکست دینا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کھولو ان اسماء کے موکل حاضر ہو اور ان لوگوں کو شکست دو اور اپنی انگلی سے ان لوگوں کی طرف اشارہ کرو تو یہ سب لوگ شکست خوردہ ہو کر گر پڑیں گے ۔ اور ان میں جس کو اٹھانا چاہو اس کے کان میں ایک مرتبہ بسملہ پڑھ دو تو وہ کپڑے سوا اور گرا ہوا شخص اٹھ کر کھڑا ہوگا ۔ رفع حاجت کے وقت یہ نقش اپنے بازو سے کھول کر الگ رکھ دو اور بعد فراغت فوراً باندھ لو ۔

اگر کسی حاکم عملے سے اپنی ضرورت کی تکمیل درکار ہو تو بشروط طہارت و دلجمعی و نیک نیتی و ریاضت جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور سے افطار کرکے بعد نماز مغرب (۱۰۱) مرتبہ پڑھو اور پھر سوتے وقت لیٹے لیٹے مسلسل پڑھتے رہو تاکہ نیند آجائے ۔ دوسرے دن بعد نماز فجر (۱۱۱) مرتبہ پڑھ کر عزیز خادم کی دھونی دے کر اپنی ٹوپی یا صافہ میں رکھ لو اور حاکم سے ملاقات کرو ، انشاء اللہ مطلب پورا ہو جائے گا ۔

بسملہ کے حروف تکسیر کے اعداد کو مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا بارعب اور مقبول عوام ہو جاتا ہے جب آفتاب برج حمل میں ہو تو (۳۶۰) مرتبہ لکھ کر فقیر اپنے پاس رکھے اللہ اس کے رزق میں کشادگی پیدا کرتا اور مقروض کا قرض ادا ہو جاتا ہے ۔

اگر (۶۱) مرتبہ لکھ کر کوئی عورت اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ حاملہ ہو جائے گی ۔ اور جس درخت میں پھل نہ آتا ہو اس پر باندھنے سے وہ درخت ثمردار ہو جائے گا ۔

اگر سو مرتبہ کسی پتھر پر لکھ کر اس کو پانی میں ڈال دے جس سے درخت سینچے جاتے ہیں تو انشاء اللہ ان درختوں میں خوب پھل آئیں گے
بسم اللہ کی شکل نقش مثلث اس کی تختی پر لکھ کر جو سال میں بار ہ مہ بیں تو شکار خوب ہوتا ہے۔ نقش مثلث یہ ہے ......

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
۱۴۴	۲۶۲	۲۷۵
۲۳۵	بطیت	۴۲۵

اگر اس نقش مثلث کو کسی مکان میں ڈال دے تو وہ برباد ہو جاتی ہے۔
اور اگر یہ نقش مثلث سونے یا چاندی کی تختی پر کندہ کر کے کسی بچے کے گلے میں پہنا دیں تو اس بچے کی اللہ تعالیٰ حفاظت کرتا رہتا ہے۔
چاندی کی انگوٹھی پر یہ نقش پہننے والا شخص ہر نماز کے بعد تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا ہے تو اس کے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں۔
رسول اکرم نے فرمایا ہے یقینی کامل رکھنے والے جس مسلمان کے نامہ اعمال میں (۸۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔

اسم الرحمٰن کی تاثیر اسم الرحمٰن کا ذکر دل کو نرم کرتا اور جلد مطلب بر آری کے لیے بہت سود مند ہے مطلوب کی کشش کرنے والا اسم الرحمٰن کے حروف کی الگ الگ تکسیر مع اسم الرحمٰن اور اس کی تعدادی عدد کو کاغذ پر لکھ کر اسم الرحمٰن کے اعداد وفق کے حساب سے پڑھ کر اس نقش کو اپنے پاس رکھے تو مطلوب حاضر ہو جاتا ہے۔

اسم الرحمٰن (۵۰) مرتبہ مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا اشرف قسمت مبارک اور مقبول عوام ہو جاتا ہے اور قبولیت دعا کے لیے اسم الرحمٰن کا ذکر موثر و مشہور ہے اسم الرحمٰن کے موکل کا نام طرفیائیل ہے جس کے تحت (۵) سردار ہیں اور ہر سردار کے تحت (۷۰) صفیں ہیں۔
اسم الرحمٰن کا ذاکر خلوت میں (۳۲۹) مرتبہ الرحمٰن ہر نماز کے بعد پڑھتا ہے تو موکل آ کر ذاکر کی ضروریات پوری کرتا ہے۔
اسم الرحمٰن کسی سعد و نیک ساعت میں سونے یا چاندی کے نگینہ پر ہے۔ اسم موکل لکھے اور ریاضت کے ساتھ خلوت میں اسم الرحمٰن (۲۰۹) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھتا ہے تو موکل حاضر ہوتا ہے پھر ذاکر جب چاہے اس موکل کو طلب کر سکتا ہے۔ نقش مربع یہ ہے ......

الر	ح	م	ن
۵۱	۳۹	۲۹	۹۹
۱۰	۲۰۲	۲۸	۱۸
۴۷	۴۹	۲۰۱	۱۱

نقش الرحمٰن جو شخص اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد الرحمٰن کا ذکر جاری رکھے تو سب لوگ اس ذاکر پر لطف و کرم کرتے ہیں۔

ذکر بسملہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ذکر یہ ہے۔

اِلٰہِی رَحْمَتُكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ قَدَّرْتَ الْاَشْیَاءَ وَ اَحْكَمْتَهَا بِحِكْمَتِكَ وَرَحِمْتَ الْعِبَادَ بِرَحْمَةِ الْعُمُوْمِ وَرَحْمَةِ الْخُصُوْصِ، سُبْحَانَكَ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ احاطہ مراس ادیۃ مُلْكِكَ احاطۃً ابدیۃً اَحَدِیَّةً اَسْئَلُكَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی ان تنبہنی فِیْ حَقَائِقِ الْاَشْیَاءِ اَنْ تُوَفِّقَنِیْ لِحِفْظِهَا وَاَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ الرَّحْمٰنُ عَلَیْنَا فِی الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ بِالْکَشْفِ عَنْ سِرِّ النَّفْسِ وَالْجِسْمِ وَحَقِیْقَتِهَا یَا اَللّٰهُ - یَا مٰلِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ سَخِّرْ لِیْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ الشَّرِیْفِ وَاَمِدَّنِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِكَ لِاَحْظٰی بِهَا بَیْنَ اَبْنَاءِ جِنْسِیْ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ۔

تو اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سے اپنی مراد پائے گا۔

اسم رحیم کے عظیم الشان فوائد!

اس سے قبل اسم الرحمٰن کا بیان کرنے کے بعد اب اسم رحیم کا بیان ہوگا۔ ان دونوں عظیم الشان اسماء کا اشتقاق ایک ہی ہے لیکن ان کے استعمال میں خصوصیت ہے، جب تم آثار رحمت مثلاً بارش رزق تناسل مہربانی نزول عالم تبلیغ نباتات ورحیا نات کا نمو وغیرہ کا مشاہدہ کرو جو سب رحمت جو عموم اور خصوص کے ساتھ سب پر ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وکان بالمؤمنین رحیما یعنی دنیاوی رحمت خداوندی وہی ہے، جو دنیا میں ہے۔ مگر آخرت کی رحمت اس کے علاوہ ہے جو قیامت کے لئے امانت ہے یعنی اہل اسباب پر رحمت کے آثار ظاہر ہیں تاکہ آخرت پر یقین رکھیں اور اہل عرفت کے لئے رحمانیت تامہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دین و دنیا دونوں کی جامع ہے۔ یہ سب سے اول حضرت آدم پر نازل ہوئی پھر حضرت ادریس اور حضرت سلیمان پر چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور خدا تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کے لئے دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں جمع کی تھیں رحمت عام سلطنت ہے اور رحمت خاص میں نبوت ہے اور نبوت اس لئے رحمانیت کے اثر کے ذریعہ تمام عالم کو ان کا مسخر کیا اور رحیمیت کے راز سے اسم اعظم عطا کیا گیا چنانچہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

ادائے قرض کا عمل حضور اکرم فرماتے ہیں جس کسی پر احد پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو، اور وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اس کا قرض ادا ہو جائے گا جو اسم رحیم ہر نماز کے بعد اس کے عدد کے موافق پڑھے تو وہ اخلاق حسنہ سے بہرہ ور ہو۔ اہل خلوت کے لئے یہ اسم نہایت ہی موزوں ہے۔ اسم رحیم اسکے عدد کے موافق لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں تو بچہ رونے سے محفوظ رہتا ہے۔

اگر کوئی شخص اس اسم کی خلوت کرنا چاہے تو اسے لازم ہے کہ کسی مخلوق سے عاجزی نہ کرے بلکہ اپنے اعمال و افعال کی پوری نگرانی کرے اور کسی سے کوئی چیز طلب نہ کرے بلا تجریدی قدم رکھے دل کا غنی اور صابر ہو واضح یاد رہے جو قوت اور جتنی نفع کی چیزیں اس میں ہیں سب ان ہی دونوں اسماء رحمٰن و رحیم کی تجلی سے ہیں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا - یہ رحمت عام ہے یعنی جس قدر روئیدگی ہوتی ہے اور سب حیوانات سے مستفع ہوتے ہیں یہ سب اسم رحیم کی تجلی ہے۔

اسم رحیم کا خادم جبرائیل علیہ السلام کے عوالم میں سے ہے جو شخص ورد کرتا ہے۔ تو خدا تعالیٰ اس پر دنیا و آخرت میں رحم کرتا اور بلند مراتب سے نوازتا ہے۔

اللہ کی رحمت کا نزول اور بچہ کا رونا بند ہو چاندی کی تختی پر لکھ کر رونے اور ڈرنے والے بچہ کے گلے میں ڈالیں تو اس کو فائدہ ہو اور جو کوئی اس کو انگوٹھی پر نقش کرکے پہنے خدا تعالیٰ کی شفقت اور رحمت حاصل ہوتی ہے اور جو شخص اس کے بسط عدد کے موافق اس کا ذکر کرے گا خدا تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند فرمائے گا۔

اسم رحیم کی خلوت ۴۰ دن بشرط ریاضت اور مداومت ہے ذکر اسم رحیم کا نقش اپنے پاس رکھنے والا ہر نماز کے بعد اسم تلاوت کرنے والے کے پاس جس کا نام جبریال ہے حاضر ہوتا ہے جو چار افسروں کا سردار ہے۔ جن میں ہر ایک سردار (۲۰۰) دو سو صفوں کا حاکم ہے۔ ذاکر کے پاس مؤکل آ کر حاجت پوری کرتا ہے اسم رحیم

ل	ر	حی	م
۱۹	۲۹	۲۲	۱۹۹
۳۸	۱۶	۲۲	۳۳
۲۰۱	۳۳	۳۷	۱۷

کا نقش اور دعا مع خواص ذکر ہے۔ شکل نقش اسم رحیم یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحِیْمُ عَلَی الْمَخْلُوْقَاتِ وَ کَاشِفُ کُلِّ الْمَوْجُوْدَاتِ وَ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَکَ جِبْرَائِیْلَ یَقْضِیْ حَاجَتِیْ وَ مَا اُرِیْدُ اِلٰھِیْ اَسْئَلُکَ الْکَشْفَ عَلٰی وُجُوْدِیْ وَ نَیْلَ مَقْصُوْدِیْ وَ عُدْ اَطْلِعْنِیْ عَلٰی وُجُوْدِ شَمْسِیْ لَا تَحْتَجِبُ فِیْ کُلِّ دَقِیْقَۃٍ وَ اَبْیَضُ وَ اَسْوَدُ شُھُوْدًا تَصَوَّاعَنِّیْ نُقْطَۃَ غَیْرِکَ وَ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ اِسْمِ الرَّحِیْمِ لِتَتَعَلَّمَ لِیْ اَرْوَاحُ الْجَبَابِرَۃِ وَ تَنْقَادُ لِیْ نُفُوْسُ الْمُتَمَرِّدِیْنَ وَ اکْشِفْ لِیْ عَنْ حَقِیْقَۃِ الْعَالَمِ الْمُلْکِ وَ الْمَلَکُوْتِ وَ الْجَنَّۃِ وَ الْجَبَرُوْتِ لَا تَخْلُ بِالْقُرْبِ مِنْکَ یَا قَرِیْبُ یَا وَدُوْدُ یَا رَحِیْمُ۔

اسم ملک کے خواص اور فائدے

اسم ملک کے معنے وہ ذات ہے جو ہر چیز کی حقیقی مالک ہے اور ہر چیز کی انتہا اسی کی جانب ہے اور یہ صفت اللہ تعالیٰ ہی کی ہے کیونکہ اس کا مالک عالم ملک و ملکوت و جبروت کو شامل ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اس اسم میں تین حروف ہیں م ل ک میم کسرا عداد اور دوائر حروف میں سے ہے جو حروف کے لئے ظاہر ہے اللہ تعالیٰ نے جب اس کو ظاہر کیا تو یہ حرف اپنی ظاہری شکل میں نمودار ہوا اور باطن میں دراز ہے کیونکہ اس کی کچھ حقیقت نہیں ہے جس پر حروف اس سے ملیں۔ اسی لئے میم پیدا کرکے اس کی شکل احاطی بنائی تاکہ اس کا دائرہ اپنے باطن تک بدون سقوط عبادت سے متصل ہو چنانچہ میم اس کا ظاہر ہے اور خدا تعالیٰ نے اس کے ہر ملکوتی پیدا کئے ہیں اور اسی کے لئے کرسی پیدا کی جو بصورت مناجات کے موجودات کے لئے احاطہ ہے پھر اسی نور سے اللہ نے لوح پیدا کی اور کلمہ اعلیٰ سے اس کو خاص کیا پھر جس سے کلمہ احاطہ پر بنا اطلاق ربوبیت کیا آسمانوں کے تیر ربوبیت اور سر احاطہ کو اسرار ملک سے پیدا کیا اور اس کے اسرار انوار کو خاص کیا کیونکہ اس کا تعلق عرش کے ایک پایہ سے ہے، جو علوم علویہ کو اسم ملک اور حرف میم کے ساتھ عام کرتا اور اس کی خدمت کرتا ہے اس طرح یہ حرف ہمارے حضور اکرم کے نام نامی میں تین اشاروں سے مکرر ہے۔ اگر اسم ملک مقابل کرو تو عوالم ملکوت تمہارے مقابل ہونگے اور ملکوت سے مقابل کرنے پر انوار ملکوت تمہارے عقول میں مقابل ہونگے اسم ملکوت کا حرف میم پہلا حرف ہے پھر لام وہ حرف ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے جبروت کی مدد فرمائی اور جب اس کا وزن انوار ملکوت پر بھاری ہوا اور کوئی حرف اس کا بدل نہ تھا تو اللہ تعالیٰ نے عالم کاف کو باطن لام سے ظاہر فرمایا جس سے کن مراد ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے عالم ملک کو مع اسرار جبروت اور ملکوت سے پیدا کیا۔

ایک راز کی بات اور حصول کمال

جب اللہ تعالیٰ نے عالم کو پیدا کیا جس کے ہر فرد کو اس کی حیثیت کے موافق عقل دی پھر انسان کو پیدا کیا اور جس میں مختلف ہستیں قبول نورانیات اور کشف اسرار ملکوتیات کی پیدا کی ہیں پھر پہاڑ اور ان کے اندر معدنیات پیدا کئے جس کا مبداء میم ہے کیونکہ یہ احاطہ دور عقول جس کے [illegible] اللہ [illegible] خلقت میں سالک کرکے خطاب فرمایا

اور اول الصورہیں ان میں کو جواب دیا اور روح کو روح کے ساتھ پیدا کیا جس میں ہیبت کی حکمت رکھی (اس بارے میں تفصیلی گفتگو ہے) سو روح ہی عالم جبروت اور عالم ملکوت ہی عقل اول ہے اور عقل ان ہی عوالم کے ساتھ مربوط ہے جو اپنی قوت ان کو عطا کرتی اور امداد پہنچاتی ہے۔ کمالات اور اسرار حاصل کرنے کا وجہ بھی یہی ہے۔ اسی وجہ سے اس کو مواہب ربانی کہتے ہیں۔ روح کے لئے اللہ تعالیٰ نے بہت لیسے فرشتے مقرر کر رکھے ہیں جو حقائق ملکوت اور اسرار محبوب کے حامل ہیں اسی عالم کو عالم ملکوت قرار دیا گیا ہے اور یہ عالم تین عالموں پر مشتمل ہے۔ عالم نباتات۔ عالم حیوانات۔ عالم معادن۔ تمام حیوانات میں احسن اور اشرف انسان ہے جو بہت سی ذاتوں نفس اور قلب پر مشتمل ہے اور چونکہ عالم قدرت سے عالم نباتات استفادہ کرتا ہے اس لئے نباتات جنگلوں اور بیابانوں میں پائی جاتی ہیں اور کسی ایک گھر میں مقید نہیں ہیں ایسے ہی دل میں بے شمار خطرے پیدا ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جس طرح زمین پر سات اقلیمیں ہیں۔ اس لئے کہ قلب حقیقت صورت ہے جس پر روح اور سیر ایمان کے دو حصوں کا فیض پہنچایا جاتا ہے، نیز نفس و عقل اور سیر کو بھی فیض پہنچایا ہے۔ سات اقلیموں میں سے قلب کی پہلی اقلیم فواد ہے یہ بادشاہ کا مقام ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔۔ دوسری اقلیم سویدا ہے جو دل میں بمنزلہ وزیر قائم ہے۔ تیسری اقلیم شغاف ہے اس کی بھی وزیر کی حیثیت ہے چوتھی اقلیم محبت ہے جو سویدا اور شغاف کا درمیانی مقام ہے پانچویں اقلیم ضمیر ہے جو محل سِر ہے۔ چھٹی اقلیم غلاف اور ساتویں اقلیم احاطہ قلب ہے ان میں سے ہر اقلیم کا ایک علیحدہ دروازہ ہے اور پہلی اقلیم کا دروازہ سِر حیات دوسری کا دروازہ سِر علم ہے تیسری کا سِر قدرت چوتھی کا سِر ارادہ ہے۔ پانچویں کا سِر حرکت چھٹی کا سِر حکمت اور ساتویں کا سِر عمل ہے

انسان کی تعریف بندہ اور اللہ کے درمیانی حجاب

سات اقلیموں کے (دس) حجابات ہیں اور یہ وہی حجاب ہیں جو بندہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہیں ان حجاب کو دور کرنے کے لئے چالیس دن کی ریاضت مقرر کی گئی ہے کیونکہ ہر ایک دن کی ریاضت سے ایک حجاب اٹھتا جاتا ہے۔ اور سالک ان ساتوں کی سیر اور عجائبات قدرت دیکھتا ہے اور حیوانات نباتات اور مخلوقات وغیرہ جس قدر ہیں یہ سب کو دیکھتا ہے۔ حجابات در بدر یہ ہیں۔ پہلا پردہ خاکی پھر پانی پھر ہوا پھر آگ پھر خشکی پھر رطوبت پھر حرارت پھر برودت پھر صفرا پھر بلغم پھر خون پھر سودا پھر جہل پھر گناہ پھر غفلت پھر کثافت پھر مخالفت پھر چھپنے خاتوں کا پھر خواہش پھر دعویٰ باطل پھر خوف پھر امید پھر عبادت پھر قبضہ پھر تیند پھر دن پھر رات پھر سابقہ کا پردہ اور آخری پردہ خاتمہ ہے۔ یہ کل چالیس پردے ہیں۔ جو ساتوں دروازوں کے حجابات ہیں اور یہ کل حجابات چار قسم سے اٹھتے ہیں کہ ہر قسم سے دس حجابات رفع ہوتے ہیں۔ حیات کے نور سے پہلے دس پردے اٹھتے ہیں۔ دس پردے نور علم سے دس پردے نور قدرت سے رفع ہوتے اور دس پردے نور ارادہ سے اٹھ جاتے ہیں۔ ان کی تعریف یہ ہے ۱ صافات صفًا میں ۲ فالزّٰجِرٰتِ زجرًا ۳ فالتّٰلیٰت ذکرًا میں ۴ ذاریٰتِ ذروًا میں ۵ حاملاتِ وقرًا میں ۶ جاریاتِ یُسرًا میں ۷ مُقسّماتِ امرًا میں ۸ والطُّورِ میں ۹ کتابٍ مّسطُورٍ میں ۱۰ رقٍّ منشورٍ میں ۱۱ البیتِ المعمُورِ میں ۱۲ السّقفِ المرفُوعِ میں ۱۳ مُرسلاتِ عُرفًا ۱۴ عاصفاتِ عصفًا میں ۱۵ ناشراتِ نشرًا میں ۱۶ فارقاتِ فرقًا میں ۱۷ مُلقیاتِ ذکرًا میں ۱۸ نازعاتِ غرقًا میں

ؕ انسان نام ان قوتوں اور جذبات کا جو قدرت نے اس کے جسم میں ایک خاص انداز سے اور ترتیب سے ودیعت کئے ہیں یہی بیان ہے مولوی عبدالوہاب خان [illegible]

۲۰ نَازِعَاتِ غَرْقًا میں ۲۱ نَاشِطَاتِ نَشْطًا میں ۲۲ سَابِحَاتِ سَبْحًا میں ۲۳ سَابِقَاتِ سَبْقًا میں ۲۴ مُدَبِّرَاتِ اَمْرًا میں ۲۵ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا میں ۲۶ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا میں ۲۷ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا میں ۲۸ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا میں ۲۹ والسماء وما بناها میں ۳۰ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا میں ۳۱ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ میں ۳۲ طُوْرِ سِيْنِيْنَ میں ۳۳ بَلَدِ الْاَمِيْن میں۔

۳۴ جملہ اسماء الٰہی میں مخلوق کی تفصیلی حیثیت سے تصرف کرتا ہے۔ واضح ہو کہ دونوں پردے استارکل ہیں اور سینتیسواں استارکل اور تمام استار میں ہے۔ اڑتیسواں پردہ لَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ میں منصرف ہے۔

پردہ ہائے کلیات وجزویات یہ سب پردے کلیات وجزویات علویات وسفلیات فردیات ومرکبات مزدوجات خمسیات اور ملکوتیات اقسام الٰہی ہیں جن کا ذکر قرآن پاک میں ہے اگر طالب اشارات کی معرفت وریاضات اس راز میں تحقیق کرے تو ریاضت کے وسیلے سے یہ سب راز معلوم ہو جاتے ہیں۔ جاننا چاہیئے یہ اسماء اولیاء اللہ میں سے اہل عقل کے لئے بہت سود مند ہیں۔ جو اس کا ذکر کرتا ہے اسے یہ اسم ہیبت وعظمت دلاتا ہے۔

ال	م	ل	ک
۲۱	۱۹	۲۲	۲۹
۲۸	۱۸	۴۲	۳۳
ام	۲۴	۱۷	۲۹

اسم ملک کے خواص حکام کی نظر میں عزت ہو اسم ملک کو پیر کے دن چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اس کے گرد موکل کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اس کے عدد مضروب کردہ کے موافق اس کا ذکر کرتے رہیں تو اللہ تعالیٰ مراتب بلند کرے گا۔ موکل ہمہائیل اس کے عدد مضروب کردہ ۱۲۱ ہیں جس شخص کے نام سے یہ اعداد مطابق ہو جائیں اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے اور موکل اس کی حاجت پوری کرے گا اگر حاکم کے سامنے یہ اسم پڑھا جائے تو حاکم اس کی عزت کرتا ہے۔ اسم ملک کا کثیر الفوائد نقش اور دعا تسخیر ومحبت کا عمل۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ مُحْيِي الْاَرْوَاحِ وَالنُّفُوْسِ مَالِكُ الرِّقَابِ وَمُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ مَلِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ وَمُقَرِّبُ الْبَعِيْدِ وَمُجِيْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ذَلَّتْ لَكَ رِقَابُ الْمُلُوْكِ وَصَارَ كُلُّ مَلِكٍ لَكَ عَبْدًا مَمْلُوْكًا۔ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ اَنْ تُمَلِّكَنِيْ نَاصِيَتِيْ وَتَكْشِفَ لِيْ عَنْ حَقَائِقِ عَالَمِ الْجَبَرُوْتِ لِاَحْظٰى بِالْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَالْاٰيَاتِ الْمَلَكُوْتِيَّةِ وَاُسَوِّدَ بِاِشْرَاقِيْ عَلٰى اَبْنَاءِ جِنْسِيْ وَمَكِّنِّيْ اَللّٰهُمَّ نَاصِيَةَ عَوَالِمِ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ تَعَزَّزْتَ بِهٖ وَلَا يُسَمّٰى بِهٖ غَيْرُكَ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَجِبْ اَيُّهَا السَّيِّدُ الْجَلِيْلُ هٰذَا الْاِسْمَ الْجَلِيْلَ وَاَمِدَّنِيْ بِرُوْحٍ مِنْ رُوْحَانِيَّتِكَ يَخْدِمُنِيْ فِيْ حَوَائِجِيْ۔

اسم ملک تسخیر ومحبت میں عجیب وغریب پر تاثیر ہے اور قضائے حاجات کے لئے بھی پورا اثر دکھاتا ہے یہ نقش مربع لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اور اسم ملک عدد مذکورہ کے مطابق پڑھ کر موکل کو حکم دے تو وہ اس کا حکم پورا کرے گا۔

اسم قدوس کے عجیب وغریب فوائد وخواص

قدوس کے معنی نقص سے پاک ہونے کے ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات کمال وتقدیس سے موصوف ہے اور بندہ کے لئے قدوس کے معنی طہارت وپاکیزگی کے ہیں اور دیگر مقامات میں جیسے بیت المقدس وغیرہ میں بھی اس کا اسی طرح استعمال ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عرش کو اٹھانے والے فرشتوں کو پیدا کیا ان کے لئے ایک ذکر خاص کیا اسی طرح ان فرشتوں کے لئے جو کرسی کے گرد ہیں ایک ذکر خاص کیا اور ان فرشتوں کے لئے بھی جو قلم اور لوح پر مقرر ہیں سب کے لئے ایک ایک ذکر خاص کیا ہے اور ساتوں آسمانوں اور ملاء اعلیٰ کے فرشتوں کا ذکر قدوس مقرر ہے اہل کرسی کا ذکر سبوح قدوس اور اہل لوح کا ذکر قُدُّوْسٌ سُبُّوْحٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ہے۔ در اصل قدوس کے معانی لطائف و جبروت میں ارفع ہوتا ہیں۔ اور قدوس اس عالی ذات کو کہا جاتا ہے جس کے انوار ادراک سے برتر و اعلیٰ ہیں۔

کشف عالم علوی اور عالم ملکوت وجبروت

اسم قدوس کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جس شخص کے نام کے اعداد کے مطابق ہو اور وہ اس کا ذاکر بھی ہو یا اس کے ساتھ اسم سبوح ملا کر اس کی ملازمت کرے تو اسے عالم علوی کا کشف نصیب ہوتا ہے اگر سبوح قدوس رب الملائکہ والروح کا ذاکر ہے تو عالم ملکوت و جبروت کا اسے کشف ہوتا ہے۔ حاملانِ عرش کا بھی ذکر یہی ہے، ایک دفعہ یہ اسم اور ایک دفعہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا جاتا ہے اور صرف اسم قدوس کو دیگر فرشتوں نے لیا۔

جبریل کا قیام ومقام

واضح باد روح القدس کا مقام سدرۃ المنتہیٰ ہے۔ اور تخلیق ایمانی کے لئے پاک دلوں میں تجلی وحی اور اولیاء اللہ پر الہام کرتا ہے۔ اس کے پانچ مراتب ہیں سر، عقل، روح، نفس، قلب اور عالم انسانی اپنی وضع میں تو جسد کے سوا دیگر تمام چیزوں سے پاک منزہ ہے اللہ نے اپنا راز عین قرب میں ظاہر کیا اور عقل کو انوار شہود ظاہر کیا اور روح کو انوار مخاطبہ اور نفس کو حقائق بہجت سے قلب کو نور ایمان سے ظاہر کیا ہے کیونکہ یہی اسرار ایمان کے لطائف ہیں۔

طہارت کی تین اقسام ہیں ایک طہارت ایوان، صفا وقت کے ساتھ دوسری طہارت تفکر تیسری طہارت سر مراقبہ ہے جہاں زمانہ میں متروک ہے۔ تاکہ تجلی موافق ہو کل اس کے رہی طہارت کا ملہ جو در اصل تقدیس اصلی ہے جو دریائے عظمت میں مستغرق رہتا اور انوار ازل میں غرق رہتا ہے۔ صدیقین و انبیاء اور اولیاء مقربین کا مرتبہ ہے۔

عقول وارواح و نفس کی اقسام

تقدیس عقول کی بھی تین اقسام ہیں قسم اول عقل کی تقدیس جو برائی سے دور رہتا ہے یعنی حکمت کے پیش نظر دوسری تقدیس ثبوت ہے خطاب اول بدوام مشاہدہ سے جو توفیق الٰہی ملتی ہے مری تیسری تقدیس جو انتہا ہے، مخاطبہ اولیٰ سے ہر قلب کے مشاہدہ مخاطبہ اولیٰ میں اور یہی مقام اسرار ہے۔

ارواح تقدیس کی بھی تین قسمیں ہیں۔ ایک عالم نفخ کے مشاہدہ پر ثبوت ہے دوسری حقائق لوح پر جو محقق ہے تیسری قلم سے مبادی ارواح اعلیٰ میں ہے، جو تلویات نمائی سے ہے یہاں تک کہ عقل عقل سے متصل ہو گئی ہے۔

نفوس کی تصدیق کی بھی تین اقسام ہیں اولاً اس کا ثبوت سمع اول پر اس راز کو اس کی قبولیت ہے جو اس کے لئے مقدر ہے اور یہ امر شہوت کو ریاضت سے دور کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دوسری قسم وہ اکوان ہیں جو اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں رکھے ہیں جن کا شہود حاصل کرتا ہے اور یہی لوح عالم انسانی ہے ان اسرار حرکات کے سبب سے جو اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھے ہیں یہ مرتبہ علوم ربانی کے مطالعہ اور رموز اہل معرفت و تحقیق اول سے جو امر مطلق کی طرف راجع ہے اسی طریقہ

یہ عالم سفلی سے مکمل انقطاع کر لیا جائے۔

تقدیس قلب و جسم و اعمال تقرب الٰہی

تقدیس قلب کی بھی تین اقسام ہیں ایک شرک کی ظلمت اور اعمال میں ریاکاری سے تقدیس دوسرے مرتبے پر اخلاص حاصل کرنا ایمان کی تقدیس کے معنوں میں مصروح الفقاس کا دیکھنا یہ مقام بجز تائید الٰہی حاصل نہیں ہو سکتا۔ اعمال کی تقدیس حق کی اپنا قبلہ بنانا ہے اور اس کے سوا کسی دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہو اور حقائق کو دیکھتا ہے تیسری قسم قیام خدمت نفس سے ہے یعنی ہر سانس میں ذکر الٰہی کرتا رہے۔ اور دولت دنیا سے محبت نہ رکھے کیونکہ قلب میں ذرہ برابر بھی محبت دنیا ہوگی اس پر حلاوت ایمان حاصل کرنا حرام ہے اس لئے کہ یہ شخص اس کا مدعی ہے جس کی اس میں قابلیت نہیں اور ایسے ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَيُحِبُّونَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا۔

اسی طرح تقدیس جسم کی بھی تین اقسام ہیں۔ پہلی حلال روزی کی طلب۔ یہ بات توکل سے حاصل ہوتی ہے۔ دوسری طہارت حلال سے پرخشوع جسم کی ساری کثافت دور کر کے لطیف حصہ باقی رکھتی ہے اور یہ امر ذکر الٰہی اور خلوت اور خاموشی سے ہاتھ آتا ہے تیسری جسم کا ہمیشہ رات دن پاک طہارت سے رہنا اور بیداری اور عبادت کرتے رہنا ہے اور یہی کلام مقام ورع اور تقویٰ کی ابتداء ہے جب ان طریقوں سے خود کو صاف کر لو گے تو روح القدس تمہارے سامنے آئے جہاں تک ہو سکا اسکی تعریف کرتا وہ محکم ہیں تکمیل عجائب ملکوت کے راز بتلائے گا۔ اس حال کا حامل عالم کرسی میں ارواح کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور اہل مکاشفات سے بلند ہوتا ہے۔ اور یہ مرتبہ شہوات نفسانی دور کرنے سے حاصل ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں حکمت ہے۔ گیلانی علیہ ہے اس اسم کے خواص میں سے یہ بھی ہے کہ اسم اس کے اعداد کے موافق سوا سے پڑھے اور پوری ریاضت کرے تو اسے قابلیت اور تقرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اس طرح پڑھنا چاہیئے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔ اسمائے الٰہی کے تلاوت کے زمانہ میں خاموشی ضروری ہے کیونکہ حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ ایمانہ محفوظ رکھو اس لئے کہ اسی سے قرآن شریف تلاوت کرتے ہو اس اسم کو سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر چاہیئے پاس رکھے اور بکثرت پڑھتا رہے۔ تو خلق پر ہیبت اور مقبول عوام ہوگا۔

س	دو	ق	ال
۹۹	۳۲	۵۹	۱۱
۳۳	۱۰۲	۱۸	۵۸
۸۱	۷۵	۳۴	۱۰۱

دل کی صفائی مقبول عوام کے لئے اسم اعظم کا نقش اور دعا

اگر کوئی اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس کی مداومت کرے تو انشاء اللہ اس کا دل پاک صاف کرتا ہے۔

اس میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے اور اس کے باہمی ضرب دے کر پڑھنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ قَرِّبْنِيْ مِنْ شُبُهَاتِ الْاَغْيَارِ وَاشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ وَاكْشِفْ لِيْ مَعَالِمَ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ لِاُخْلٰى بِالسِّرِّ الْاَقْدَسِ النَّفِيْسِ الْاَنْفُسِ وَاكْشِفْ عَنْ قَلْبِيْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ وَقَرِّبْنِيْ اِلَيْكَ زُلْفٰى يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ وَاَمِدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِنْ رَقَائِقِ اِسْمِكَ الْقُدُّوْسِ لَاقْدَسَ بِهَا وُجُوْدِيْ بِتَقْدِيْسِ الْاَبْرَارِ الْكَامِلِيْنَ الْاَخْيَارِ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَسَخِّرْ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ لِاُخْلٰى بِالتَّحْقِيْقِ وَالتَّمْكِيْنِ يَا مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اَجِبْ تَقْيَائِيْلُ وَاَعْوَانَكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ الْقُدُّوْسِ

اسم سلام کے خواص اور اعمال

سلام کے معنی ہیں ذاتی طور پر محدثات سیعہ سے اور دیگر مخلوقات سے اپنی صفات میں پاکیزہ ہونا اور یہ صوصیت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ لفظ سلامت اسی سے بنا ہے جیسا کہ حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

نیز لفظ سلامت اللہ تعالیٰ کے اسم سلام سے مستخرج اور اسلام خالص مسلمانوں کا خاصہ ہے جس میں خواص اور عوام دونوں شامل ہیں۔ عمومی طور پر اللہ نے کہا ہے۔ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور خواص لوگوں کے حق میں فرمایا ہے وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ اسلام کو اللہ نے اپنی طرف منسوب کیا ہے تمام علوی اور سفلی مخلوق سب اسی کی ہے۔ تمام اس سے کہ حیوانات ہوں، جمادات ہوں یا نباتات سب سلامتی کے خواہاں ہیں۔

جسم کو اعمال کے لئے اور فکر کو تفکر کے لئے بہرا سلام سپرد کرنا چاہیے نفس کو خواہشات کی مخالفت اور روح کو ذکر الٰہی کے لئے مع قیام و رکوع و سجود کے پوری توانائیوں کے ساتھ خالص کرنا لازمی ہے۔

شہود و اسلام کے درجات: شہود اسلامی کے تین درجے ہیں اعلےٰ۔ اوسط۔ ادنیٰ۔ اولاً پانچوں فرائض بجا لانا چاہیے دوم تقدیر الٰہی کو بغیر اعتراض بخوشی تسلیم کرنا موت کے بعد دارالسلام میں حشر ہوگا۔ یہ عقائد لازمی ہیں۔ عقل کی سلامتی یہ ہے کہ غیر سے محفوظ رہے یعنی کسی حال میں بھی شرک نہ کرے روح کی سلامتی یہ ہے کہ جسم کا قدرے لحاظ رکھے نفس کی سلامتی یہ ہے کہ ایمان کو برقرار رکھے اجسام کا ایمان یہ ہے کہ اپنی طاقت کے مطابق احکام اسلامی پر کاربند رہے۔ مرد کی نماز یہ ہے کہ ہیبت و عظمت الٰہی میں غرق رہے۔ روح کی نماز یہ ہے کہ اسماء الٰہی کی تجلی سے مسرور رہے نفوس کی نماز یہ ہے کہ علائق جسمانی (جو اللہ سے غافل کرنے والے ہوں) سے بالکل الگ رہے۔ قلوب کی نماز یہ ہے کہ مسمیات قدس حظیرہ کی تسبیح بھی رہے اجسام کی نماز یہ ہے کہ امر و نہی کرتے ہوئے ہر وقت اللہ کے سامنے خود کو حاضر جانے۔

قبلوں کے درجوں کی اقسام اور سوداویت کا علاج

اسرار کا قبلہ ذات ہے عقل کا قبلہ صفات رحمانی ہیں۔ ارواح کا قبلہ اسمائے مکرم ہیں نفوس کا قبلہ افعال پاکیزہ ہیں، قلب کا قبلہ اللہ رحمٰن و رحیم پر مکمل ایمان و یقین ہے۔ اجسام کا قبلہ بیت الحرام اور اسرار کا لزوم قیامت تک ہے عقول کا حج بیت الحکمت ہے۔ ارواح کا حج مکاشفہ نفوس کا حج بیت الفراست دل کا حج طواف بیت مواہب لدنیہ اور اجسام کا حج مکہ معظمہ ہے۔

اسرار اذان دراصل رازداری کا اعلان ہے عقول کی اذان دراصل ثبوت اسماء ہے ارواح کی اذان دراصل ثبوت مقبولیت ہے نفوس کی اذان دراصل قیام جنت ہے۔ قلوب کی اذان دراصل ہمیشہ ذاکر رہنا ہے اور اجسام کی اذان غافلوں کو آواز دے کر عبادت کرنے کے لئے بلانا ہے۔

مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے [illegible] اسم سلام کی ریاضت سلم من ہے

اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے تو مؤکل حاضر ہوگا اور اگر حقائق اشیاء کو اپنی نظر سے دیکھے گا یہ مربع لکھ کر سودا وی مریض کو پلائیں تو تندرست ہو جائے اس کو چاندی پر نقش کر کے اطراف میں مؤکل کا نام کندہ کریں اور تنہائی میں ہر نماز کے بعد اس کی تلاوت بموافق اعداد کریں یعنی ۲۱۳ اور اس کے اندر حروف ہیں اور ضرورت کے لئے پڑھیں تو ضرورت پوری ہوگی خلوت کی ابتداء جمعہ کے دن اور تلاوت عصر کے بعد سے شروع کریں۔

جو آدمی یہ اسم ۶۶ مرتبہ کسی برتن میں لکھ کر چالیس دن نفسانی وسواس کے مریض کو پلائے تو وسواس دور ہو جائیں۔

ظلم ظالم سے نجات اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس اسم کو بعد ہر نماز بموافق اعداد پڑھے تو اللہ تعالیٰ ظلم سے **اور ہر حاجت پوری ہو** نجات دے کر سلامتی نصیب فرماتا ہے۔ جس کا نام اس اسم کے عدد کے موافق اس کے لئے یہ اسم اعظم کی حیثیت رکھتا ہے جس حاجت کے لئے پڑھو گے پوری ہوگی۔ اس نقش کے مربع کو پاس رکھنے والا ہر طرح سلامت رہے نقش اسلام اور اس کی دعا کے عجیب اثرات ہیں اسم اعظم اور وظیفہ ہے۔

ال	س	لا	م
۹۳	۳۹	۴	۳۹
۲۸	۴۹	۳۲	۳
۳۱	۴	۲۷	۳۰

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنِيْ مِنَ الْخَوَاطِرِ النَّفْسَانِيَّةِ وَاحْفَظْنِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ الْقُدْسِيَّةِ وَسَلِّمْنِيْ مِنَ الْكُدُوْرَاتِ الظُّلْمَانِيَّةِ وَالرُّعُوْنَاتِ النَّفْسَانِيَّةِ وَجَنِّبْنِيْ عَنْ مَكْرُوْهٍ وَّاَبْلِغْنِيْ كُلَّ رِفْعَةٍ وَّاكْشِفْ يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ وَمَلِّكْنِيْ نَاصِيَةَ الْمَلَكِ الْخَادِمِ بِعَطْيَائِيْلَ وَاكْشِفْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ الْحِجَابَ وَاقْضِ حَوَائِجِيْ بِحَقِّ اِسْمِكَ السَّلَامِ۔

پیر کے دن صبح سویرے اسم کے ذاکر کی اللہ تعالیٰ عزت بلند کرتا ہے اور ہر بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔

اسم مومن کے خواص و اعمال

مومن کے معنی لغت میں ہیں اسلام کی تصدیق کرنے والا اور اصطلاح میں اس کو کہتے ہیں جس کی طرف تمام کام منسوب کیے جاتے ہیں اسلام کا محل کرسی الٰہی ہو اور ایمان کا محل قلب عرش ہے۔ اس لئے کہ قلب تجلی اور عنایت الٰہی کا محل ہے جیسا کہ فرمایا ہے اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ. اور یہی محل روح ہے حقیقت یہ ہے کہ روح ملکوتی میں تبدیلی نہیں ہوتی بلکہ وہ ایمان محل ہے۔ اور ایمان نام ہے۔ زبان سے اقرار ہے اور اعضاء سے عمل کرنے کا۔ ذیل کی چیزوں پر ایمان لانا چاہیے اللہ اس کے فرشتوں اس کی کل کتابوں اور جملہ رسولوں، آخرت اور خیر و شر منجانب اللہ ہونے پر اور یقین کرو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جن چیزوں کے درمیان ساتھ ایمان لائے وہ حق ہیں۔ میزان حق۔ حوض حق۔ شفاعت حق اور اللہ تعالیٰ سے ملنا حق ہے۔ اور قیامت ضروری ہے۔ اس میں شک نہیں ہے۔ اور مُردوں کو قبروں سے اللہ تعالیٰ اٹھائے گا۔

ایمان کی اقسام اسرار کا ایمان معرفت سے ہے عقول کا ایمان علم سے ہے۔ روح کا ایمان کشف سے ہے نفوس کا ایمان تحقیق سے ہے دلوں کا ایمان اخلاص سے ہے اور اجسام کا ایمان افعال پر منحصر ہے جو ارواح پر نور ایمان کی رحمت سے ہوتا اور اس سے محبت ہوتی ہے جب نور ایمان نفوس پر جلوہ کرتا ہے تو اس سے دلوں میں فراخی ہوتی اور جب نور ایمان اجسام پر جلوہ فرما ہوتا ہے تو اس سے عبادت میں قیام ہوتا ہے۔

ذاکر اسم مومن کو تجلی قلب حاصل ہوتی ہے اور وہ متوکلوں کا مقام پاتا ہے اور ما سوائے سے روگرداں ہو کے طرف عنایت واحد کی طرف رجوع ہو جاتا ہے۔ ایمان کا پہلا درجہ فراست ہے۔ اس لئے کہ فراست کے ذریعہ قلب میں قوت ایمان حاصل ہوتا ہے ایمان کا دوسرا درجہ رؤیت اور مشاہدہ ہے۔ جو سالکوں کو اعلیٰ مراتب میں نصیب ہوتا ہے

یہ بھی معلوم رہے۔ فراست ایک قوت بھی ہے اس لئے کہ جو دل پر ہجوم کر کے شک کو نکال دیتا ہے۔ مکاشفہ وہ نور ہے جو دل میں آ کر ہو کے الوان پر روشنی ڈالتا ہے اور حال وجود کے دریا میں غوطہ زن کرتا ہے یہ دنیا میں حفظ مراعات ادب اور خروج حق سے قولاً و فعلاً مراعات احوال ہے۔ اور فنا و غلبیت پر حضوری کا ثبوت ہے اور یہی ایمان کی حقیقت ہے۔

افلاطون کو کشف اور وساوس کا علاج ۶ حکیم افلاطون کو کشف ہوا اور وہ اس اسم کی برکت سے عبادت گزار شب زندہ دار اور اسم مومن کے مراعات سے متعلق تھا اسی باعث اسے مشاہدہ کی حقیقت ملی مریدوں کے لئے اس اسم میں خصوصیت ہے۔ کوئی ایمان کی حقیقت مشاہدہ کرنا چاہے وہ پنجوقتہ نماز کے بعد اس کا ذکر کرتے اور جو شخص ہر نماز کے بعد خلوت میں اسم مومن سو بار پڑھے تو مشاہدہ کی قوت اسے حاصل ہو شہوات نفسانیہ اور وسوسے دور ہوں حرام کی جانب کوئی خیال اس کے دل میں نہ آ سکے گا۔ اسم مومن کی ریاضت چالیس دن ہے جس کے بعد وہ امور منکشف ہوتے ہیں جو بیان نہیں کئے جا سکتے۔

شک یا وسواس کا مریض اسم اسم کو لکھ کر نہار منہ ۲۱ دن پئے تو انشاء اللہ شفاء ہو گی۔ اور اس کا نقش رکھنے والا ہر مرض سے نجات پاتا ہے۔　　　نقش المومن یہ ہے۔

ام	و	م	ن
۴۱	۴۹	۷۲	۵
۴۸	۲۸	۱۷	۷۰
۷	۷۴	۴۷	۲۹

۴۰ دن تک ہر نماز کے بعد اس کے اعداد ۱۳۶ کو باہم ضرب دے کر پڑھنے والے کے پاس اس کا موکل قلیاثیل آ کر حاجت پوری کرتا ہے جس کے ماتحت ۴ حاکم ہیں۔ اور ہر حاکم کئی صفوں کا نگران ہے۔ اسم مومن کے موکل کی تسخیر اس کا نقش اور دعا

رَبِّ اٰمِنِّیْ فِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِ اِسْمِكَ نَشْرَحُ بِهَا صَدْرِیْ وَاٰمِنِّیْ فِیْ بِبَارِقَةٍ مِّنْ فَیْضِكَ الْاَقْدَسِ النَّفِیْسِ الْاَنْفَسِ فَاَنْتَ سَامِعُ الْاَصْوَاتِ وَمُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ سَرَیَانِ نُجُوْمِكَ الْقَدِیْمِ اَنْ تَهْدِیَنِیْ اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ وَتُجِیْرَ وُجْهِیْ بِالْاِیْمَانِ وَالْتَعْبِیْرِ فَاَنْتَ رَبِّیْ وَبِیَدِكَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ اَللّٰهُمَّ مَلِّکْنِیْ نَاصِیَةَ خَادِمِ الْعَوَالِمِ اِسْمِكَ الْمُؤْمِنِ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ بِمَلَاقَاتِ عَبْدِكَ وَقَلْیَاثِیْلَ لِیُمِدَّنِیْ فِیْ بِعَوَالِمِهٖ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

جو شخص اس اسم کے ورد پر مداومت کرے خدا تعالیٰ اس کو ہیبت اور ایمان کی حلاوت عطا کرے گا۔

اسم مہیمن کے خواص و اعمال

وہ ذات جو اپنی مخلوق کے اعمال ان کی زندگی موت اور پھر زندہ کرنے پر قادر ہے مہیمن ہے یہ اسم سلام کا جامع ہے۔ اسی میں ظاہری و باطنی دلیل بھی ہے اس کے پانچوں حروف ملکوتی نیز لطائف الوان پر شامل ہیں میم حروف ملکوتی اور انکا ظہور ہے۔ ھا بھی ظہور ہے اور ھا کے دونوں حرف جس سے اسم ھو مراد ہے اور یہ ھو حقیقت نفس ہے اور

حرف یا تیا ہے سب سے پہلا ہے جو عقل اول ہے اور ملکوت اعلیٰ کا اشارہ کرتا ہے اور دوسرے حقیقت علم کی جانب اشارہ ہے کیونکہ یہی اس کا باطن ہے اور اسی نون پر ملک ہے الحاصل اسم مہیمن تمام اسرار کا جامع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے امر کو عقل پر عقل کو روح پر روح کو نفس پر نفس کو حرکات پر اور حرکات و سکنات کو حروف پر اور حروف کو معانی پر اور معانی کو اسرار پر مہیمن بنایا ہے۔ اور اسی کے ذریعہ سے عالم میں ربط قائم کیا ہے اور اشیاء کو باہمی طور پر مربوط کیا ہے اور سب اسی سے متعلق ہیں پہلا حرف دوسرے پر مہیمن ہے یعنی الف بار پر اور با تا پر وغیرہ وغیرہ۔

جس اسم سے تم کام لوگے وہ دوسرے اسم پر مہیمن ہے۔ اسماء ذاتی اسماء غیر ذاتی پر مہیمن ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اسے لازمی ہے کہ تمام افعال کا پاس و لحاظ رکھے۔ یہ اسم اولیاء اللہ کا ذکر رہا ہے اسم کا ذاکر خوب مشاہدہ کرتا ہے اور خوف الٰہی سے کانپتا رہتا ہے۔

اسم مہیمن کے معانی اور اثرات | اور اصل مہیمن وہ ہے جس نے ہر عقل کا الہام کیا اور ہر امر کو انہیں تصرف دیا اور ہر عنایت کے طفیل سماعت دی ہے۔ اور ہر روایت اور ہدایت سے عمل کرایا اس اسم کے ذریعہ تقرب خدا حاصل کرنے والا یکے بعد دیگرے مدارج حاصل کرتا رہتا اور عروج پاتا ہے اس اسم کی تلاوت تدبّر اور تفکر سے کرنا چاہیئے۔ تدبّر کا مراقبہ ہیبت سے تفکر کا حیات سے روح کا مراقبہ تسکین سے نفس کا خوف الٰہی سے قلب کا مراقبہ علم سے جسم کا مراقبہ عمل کے ذریعہ کرو، کیونکہ یہی مراقبے دراصل علوم غیب کی کنجیاں ہیں ان مقامات پر پہنچنے کے لئے خلوت میں شب و روز اس اسم کا ذکر کرنا چاہیئے دوران ذکر میں حیات سے بسط کا دروازہ اور مراقبہ روح سے امن کا دروازہ اور مراقبہ قلب سے علم کا دروازہ اور خوفِ الٰہی کے ساتھ اس کا دروازہ کھل جائے گا۔

جس کے نام کے عدد اسم مہیمن کے عدد کے برابر ہوں اور اس کا وظیفہ کرے تو اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے جسے خوب تر برکات ملتی ہیں، اس اسم کے ذاکر کو ابدالوں کا درجہ حاصل ہوتا اور حقائق علم اس پر منکشف ہوتے ہیں۔ کسی کے نام کے حروف اس اسم کے برابر مربع میں رکھنے والا کبھی اس سے جدا نہ ہو۔ نقش اسم مہیمن یہ ہے۔

ال	م	هی	من
۱۶	۸۹	۳۲	۳۹
۸۸	۱۳	۴۲	۳۲
۴۱	۴۴	۸۷	۱۴

حافظہ قوی ہونے کا عمل اور اسم مہیمن کا نقش و دعا | چاندی پر اس نقش کو کندہ کرا کے رکھے تو اس کا حافظہ قوی ہو جائے خواب میں تجلیات سے بہرہ یابی ہو تو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر اپنے سر کے کا نزول کیجیے نیک وقت میں رکھوا اور اسم کو اعداد کے موافق پڑھ کر سو جاؤ اللہ تعالیٰ تم پر تجلیات کرے گا۔ اور دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ سُبْحَانَكَ مَا اَعْظَمَ شَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْاَرْبَابِ وَمَالِكُ الرِّقَابِ اَنْتَ الْمُهَيْمِنُ الْوَهَّابُ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِسَرَيَانِ حِكْمَتِكَ فِي الْقُلُوْبِ وَالْاَسْرَارِ وَنُوْرِ تَجَلِّيْكَ عَلَى الصَّالِحِيْنَ الْاَخْيَارِ اَنْ تَكْسُيَنِيْ هَيْبَةً وَقَبُوْلًا بَيْنَ اَبْنَاءِ جِنْسِيْ وَاَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ اَسْرَارِ الْمُهَيْمِنَةِ يَا مُهَيْمِنُ اَنْتَ الْعَالِمُ بِمَا يَكُوْنُ صَرَفْتَ الْاَفْهَامَ وَالْاَلْسُنَ عَنْ وَصْفِ كَمَالِكَ وَاَنْتَ اَجَلُّ وَاَعْظَمُ اَنْ تُدْرَكَ ذَاتُكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَمُدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِنْ رَقَائِقِ اِسْمِكَ الْمُهَيْمِنِ وَاَنْ تُمِدَّ فِيْ بِخَادِمِ هٰذَا الْاِسْمِ عَلَيْيَائِيْلَ لِاَعْرَافِ الْمَرَاتِبِ السَّنِيَّةِ مِنَ الْعُلُوْمِ اللَّدُنِّيَّةِ يَا اللّٰهُ يَا مُهَيْمِنُ۔

اسم عزیز کے خواص و اعمال

عزیز بے مثل و بے نظیر اور سب پر غالب و قاہر ذات ہے عزت ہی اصل بقا ہے اللہ تعالیٰ ہی کو بقا ہے اور بقاء کی مداومت مسلمانوں کو جنت میں عزت سے ملے گی اور رسول اکرم کی عزت بھی حیات اخروی سے ہے۔ جو تو نبوت سے ان کو حاصل ہے آپ کی رسالت بقاء سے باقی ہے اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نازل کیا ہے۔ اسی لئے علماء انبیاء کے وارث ہیں کیونکہ علم ان کو وراثت میں ملتا ہے۔ قومی حیات و ایمان کی حقیقت در اصل قلوب کی حیات ہے دل کی حیات محبت الٰہی سے ہوتی ہے اور حیات اجسام در اصل احکام الٰہی ثبات کی وجہ سے ہے بندہ ان مقامات میں ترقی کرتا ہے۔ تو عزیز کہلاتا ہے اسم میں کی تحقیق کرنے والے پر لازم ہے کہ ربوبیت پر عبودیت کے راز تسلیم کرے حضرت اکرم نے فرمایا ہے جس شخص نے متمول سے اس کی تونگری کے پیش نظر اس کی عزت کی تو اس کا دین دو تہائی برباد ہو گیا اس لئے کہ انسان میں تین چیزیں ہیں زبان ہاتھ اور دل اگر زبان سے تواضع کی تو اس کا تہائی دین جاتا رہا اگر دل سے تواضع کی تو دین جاتا رہا ہر بات ضمیر پر منحصر ہے نیک ہو یا بد۔

اس اسم کے ذاکر کو لازمی ہے کہ جملہ دیگر خواہشوں کو چھوڑ کر خلوت میں بیٹھ کر اپنی ضروریات کا اظہار نہ کرے یہ اسم متوکلین کا ذکر اس کے مداومت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بے گمان رزق دیتا ہے۔

عزت کی زندگی اور بے گمان رزق ملنے کا عمل

جو اس مربع کو چاندی کی انگوٹھی میں پہنے اور اس کا ذکر جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ عزت کی زندگی دیتا ہے۔

جس کے نام کے اعداد اس اسم کے مطابق ہو اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے۔ اس کے ذاکر اللہ تعالیٰ عزت و ہیبت کے دروازے کھولتا اور تمام عالم علوی و سفلی میں ہیبت عطا کرتا ہے۔ اس اسم کا یہ ذکر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یُغْلَبُ قُوَّتُہٗ غَالِبٌ اَسْئَلُکَ اَنْ تُقَوِّیَنِیْ عَلٰی طَاعَتِکَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عِبَادَکَ بِعِنَایَتِکَ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ وَتَمُدَّنِیْ بِالْھَیْبَۃِ وَالْوَقَارِ وَیَقْضِیْ حَوَائِجِیْ وَاَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ وَرُوْحِیْ بِبَارِقَۃٍ مِّنَ الْبَوَارِقِ النُّوْرَانِیَّۃِ تُعِزَّنِیْ بِعِزِّ عِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ وَاحْفَظْنِیْ وَارْفَعْنِیْ اِلٰی رُتْبَۃِ الْاَوْلِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَثَبِّتْنِیْ کَمَا ثَبَّتَّ اَوْلِیَاءَکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَھْلَ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ ۝

جبار کے معنی ہیں غلبہ کے ساتھ ہر ایک پر اس طرح حکمرانی کرنا کہ کوئی چیز اس کی حکمرانی میں مانع نہ ہو۔ اور یہ قوت اللہ تعالیٰ کی ہے وہی جبار مطلق ہے جو ہر ایک پر قادر ہے۔ اسم جبار پر تفصیل نظر کرتے وقت بہت ہی اشیاء ہیں جیسے بڑا مشاہدہ عالم ملک ہے جس کو عالم شہادت بھی کہتے ہیں اعتبار کرنے والوں کے لئے یہی نزدیک تر ہے۔ اور ان کی ذوات کا محل اور محط تدبیر الٰہی اللہ ہے اللہ اپنی رحمت سے پانی برساتا ہے۔ اور ایک مقدار معلوم سے ابر بھرتا ہے پھر مختلف اطراف زمین پر بارش ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ بعض نباتات سے انسان کا ثبات اور بعض سے ہلاکت ہے۔ بعض چھوٹی نباتات پر اگر پانی کی کثرت ہو تو پانی بند مضر ہوتا ہے چاہے وہ میٹھا اور رحمت کا پانی ہو اور بڑی نباتات کو پانی کی زیادتی مضر نہیں ہوتی۔ [illegible] مثلاً درخت کے اندر جڑ شاخیں پتے اور پھل

مجرد یا فقت ہیں۔ اسم جبار میں جبر و قہر کا وہ راز ہے اگر نہ ہوتا تو نظام عالم برباد ہو جاتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ عناصر اربعہ ہی کے ذریعہ نظام عالم چل رہا ہے۔

اسم جبار کے اسرار انسان اور تہذیب اخلاق | انسان اپنے نفس کو ہدف بنا کر طاقت اور جباریت حاصل کرتا ہے اور اس کی روح پاک ہو کر اس میں عمدہ اخلاق پیدا ہو جاتے ہیں۔ اگر اسرار امداد اور اقامت طبائع کی نسبت سے جبر و قہر کی طرف نہ ہوتی۔ اور ان سے اسرار قائم نہ ہوتے تو جسم فاسد اور برباد ہو جاتا جبار نے تیرے جبار سے اس پر قابو کیا ہے۔ اسی سے جسم اور نظام عالم کو بقا و فساد کا انتظام و ثبات ہے۔ اور اسی وجہ سے نظام عالم تہ نسبت اور اضافات نئے ہویدا ہے اس کا ایک سبب یہ بھی ہے نسبتیں سلسلہ الٰہی سے ہیں اور نسبتیں کسی غیر کا احتیاج نہیں رکھتی ہیں۔ جسم کا نظام حرارت غریزی سے قائم ہے اور طبائع اربعہ معاون ہیں اور طبائع کا راز قوت قہریہ سے متصل ہے۔ جب کوئی دار آخرت کو سفر کرتا ہے تو قدرت قہر اور جبر کا راز طبائع مرکبہ پر سے اٹھ جاتا ہے۔ اسی طرح عالم غائب و شہادت کے راز ہیں اور دوسرا اشاہد اللہ تعالیٰ ہے، جس نے ایک عالم عالم سے تدابیر پیدا کی ہے۔ جس طرح عالم علوی کے نظام میں وہ اپنی قوت جباریت سے تدبیر کرتا ہے اسی طرح ہر عالم سفلی کی بھی تدبیر کرتا ہے تقدیر اور روح کو ترکیب میں اپنی حکمت و مشیت سے لازم کیا ہے۔

ہر تکلیف زائل | اس اسم کی چالیس دن کی ریاضت سے اگر تکبر یا رعونت پیدا ہوتی دیکھو تو اس اسم کا خوب ذکر کرو۔ ہر تکلیف زائل اور دور ہو جائے گی۔

عوام و حکام میں عزت دشمنوں کی بربادی | اس اسم کو مربع تکسیری میں رکھنے والا عوام میں صاحب عزت ہوتا اور حکام تعظیم کرتے ہیں۔ اس مربع کو چاندی نقش کرا کے اور اس کے گرد موکل کا نام لکھوا کر پہنے اور ذکر جاری رکھے اور حکام سے ملے تو وہ اس سے محبت تکرار سے پیش آئیں گے اور دشمن برباد ہوں گے ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ‎اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْجَبَّارِ اَنَّ فُلَانًا عَبْدَكَ اٰذَانِیْ وَتَجَبَّرَ عَلَیَّ وَاَنْتَ جَبَّارُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُجْبِرَهٗ وَتَقْهَرَهٗ بِالْمَحَبَّةِ الْمَوَدَّةِ لِیْ یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰهُ اور یوں بھی پڑھ سکتے ہو۔ اَجِبْ یَا اَیُّهَا الْمَلَكُ وَتَوَكَّلْ بِفُلَانٍ بِحَقِّ هٰذَا الْاِسْمِ الْجَبَّارِ اور یہ بھی پڑھو هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ سے آخر تک یہ تمام اسمائے مشتقات ہیں صرف اسم اللہ ہی وہ نام ہے جو کسی سے مشتق نہیں ہے۔

الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر
الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله
القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک
السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس
المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام
المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن
العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن
الجبار	المتکبر	الله	[illegible]	القدوس	[illegible]	المؤمن	المهیمن	العزیز
[illegible]	[illegible]	[illegible]	القدوس	[illegible]	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار

اسم جبار کا نقش و دعا اور اس کے موکل کی تسخیر | فائدہ از فاق میں اسم جبار باب الروح ہے اس کے مربع کو بروز جمعرات مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور آیت اس کے عدد حسب ذکر کرے اور موکل کا نام لے تو موکل حاضر ہوگا۔

یہ مؤکل عوالم عزرائیل سے ہے جب اس کو حاضر کرتا ہو تو اسم موافقت عدد کے ساتھ حضور جبرائیل کو مل کر حاضر ہو گا اور حاجت روائی کرے گا۔ تحت چار سردار ہیں اور ہر سردار ۶ صفوں کا حاکم ہے۔ نقش سابقہ صفحہ پر دیکھئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مُعَلِّلَ الْعِلَلِ وَ یَا رَبِّیَ الْاَزَلِ قَبْلَ الْاَزْمَانِ الزَّائِلَۃِ وَالْاَمَانِ الْفَانِیَۃِ یَا جَبَّارُ یَا قُدُّوْسُ یَا مَنْ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالْبَاطِنُ یَا مُکَوِّنَ التَّکْوِیْنِ یَا مُغَیِّرَ الْوَقْتِ وَالْحِیْنِ اَنْقِلْنِیْ مِنْ ھٰذَا الْبَحْرِ الَّذِیْ اِلَی الْفَانِیْ وَالْخَلِیْقَۃِ الْفَانِیَۃِ وَاجْمَعْ رُوْحِیْ مَعَ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْاَخْیَارِ وَانْقُلْ طَبْعِیْ مِنْ طَبَائِعِ الْبَشَرِیَّۃِ یَا اَزَلِیَّ الْاَزَلِ یَا مُغْنِیَ الْخَلْقِ الدَّوَالِ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ مُلْکِہٖ جَبَّارٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَمُدَّنِیْ بِعَوَالِمِ ھٰذَا الْاِسْمِ لِتَقْھَرَ لِیْ کُلَّ مُتَکَبِّرٍ یَا اَللّٰہُ ۳ یَا جَبَّارُ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلِکُ جَفَائِیْلُ وَ تَوَکَّلْ بِکَذَا وَکَذَا بِحَقِّ اِسْمِہِ الْجَبَّارِ اور پوری آیت ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ انشاءاللہ کامیابی ہو گی۔

اسم متکبر کے خواص اور فوائد

متکبر کے معنی ہیں اپنی ذات کے سامنے ہر چیز کو حقیر دیکھنا اور اپنی ہی ذات کے لئے کبریائی کو خاص کرنا اور غیر کی طرف ایسے دیکھے جیسے بادشاہ غلاموں کو دیکھتا ہے۔ واضح رہے۔ یہ ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اس کے سوائے جو اپنے لئے کبریائی خیال کرے وہ جاہل و گمراہ ہے۔ متکبر مطلق صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بلند آسمانوں اور پست زمینوں کو قبل ایجاد موجودات پیدا کیا اور عجیب مصنوعات ظاہر فرمائیں پھر اپنے رحمت کے انوار فراخ کئے۔ جو عالم توحید میں ثبوت ہیں جن سے حقائق اعمال کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ ہر ذرہ کے لئے جو قہر لازم ہے۔ وہ عبودیت کی ذلت کی وجہ سے ہے اور یہ صفت کرنیں میں ظاہر ہے۔

مغرور شخص اللہ کا دشمن ہے اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کی خیر کا ارادہ کرتا ہے تو پہلے اس کو اپنی کبریائی کی بصیرت عطا کرتا ہے۔ پھر اپنی رحمت سے اس کی مدد فرماتا ہے تب جا کر موجود و نعمت الٰہی سے وہ شخص خوش ہوتا ہے۔ جو شخص نفس پر تکبر و غرور کرتا ہے وہ دراصل اللہ تعالیٰ کی ذات کا دشمن ہے۔ اور جو لوگ ایسی باتوں پر اپنی تعریف چاہتے ہیں، جو انہوں نے نہیں کی ایسے اشخاص اہل شہوت ہیں جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں صاحب تمکین جس نے اللہ کی کبریائی دیکھی ہے اسے اللہ تعالیٰ جو کہ اس کے جان و جسم میں تصریف کی قوت دیتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر حرکات خاکساری پائی جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے اس کا تقرب بڑھتا ہے اور اتنا خشوع و خضوع اس پر طاری ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت کانپتا رہتا ہے۔ حضور نبی کریم نے ایک شخص کو نماز میں داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو اس کے اعضاء پر بھی خشوع طاری رہتا یعنی یہ شخص اپنی داڑھی سے نہ کھیلتا بلکہ خشوع و خضوع سے نماز پڑھتا رہتا۔"

حصول عزت اور حاجت برآری اسم متکبر دراصل عابدوں کا ذکر ہے۔ اس کے ساتھ تذکری آیات بھی پڑھنا چاہیئے۔ دل کا خشوع و خضوع بہت ضروری ہے حصول عزت جو شخص اسے لکھ کر اپنے سر سے باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت کرتا ہے اور قدر بڑھتی ہے۔

اس اسم کی ریاضت ۲۱ دن ہے روزانہ اس کے اعداد کے موافق اسے پڑھتا جائے تو مؤکل جبرائیل حاضر ہو کر ضرورت پوری کرتا ہے۔ ذاکر کے حکم پر دشمنوں کو ہلاک کرتا ہے۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُتَكَبِّرُ الْكَبِیْرُ كِبْرِیَاءُكَ لَكَ الْكَمَالُ الْمُطْلَقُ ذٰلِكَ الْجَبَرُوْتُ الْقَهْرِیُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ اَسْئَلُكَ یَا قَهَّارُ یَا اَللّٰهُ یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْ اَعْدَائِیْ وَاَحْیِ قَلْبِیْ وَ اَیِّدْنِیْ بِالْخُشُوْعِ وَالْخُضُوْعِ عَلٰی بُعْدِهِمْ لَكَ قَلْبِیْ وَجَوَارِحِیْ بِالْخُضُوْعِ اِلَیْكَ یَا مُتَكَبِّرُ یَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

جو اس دعا کو ہمیشہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے اور دولت کثرت سے مالا مال کرتا ہے۔

اسم خالق کے خواص و اعمال اور فوائد

خالق نام ہے اس صانع کا جو ہمیشہ سے پیدا کرتا رہا ہے۔ اس کا کوئی مظہر مثال نہیں ہے۔ خلق کے معنی ابداع کے اور ابداع بغیر مثال اور نمونہ پیدا کرنے کو کہتے ہیں۔ عالم ملک اور ملکوت ہی اختراع ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ عالم امر اور علوی ہی عالم رقیق ہے اور عالم غیب و سفلی عالم خلق ہے اور یہ سب اسرار الٰہیہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ الا له الخلق والامر۔

اللہ کے ملنے سے ہر چیز ملتی ہے اللہ جو اہر خلق اور امراس کے لئے یہ اسم بہت مؤثر ہے۔ اس کا ذاکر مخلوقات کے اصول مبادی میں غور کر کے مقام کشف حاصل کرتا ہے اور ترقی کرتے ہوئے اس کے قلب میں سب حالات آجاتے ہیں اس کے بعد ترتیب، روحانیات اور ان کی غایت ترتیب کا راز ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہ ذاکر زمین و آسمان کی ہر چیز معلوم کر لیتا ہے۔ اور وہ مراتب عالی پاتا ہے جو نفس کے لئے مراتب ثابت ہیں نفس کے اندر اور قلب کے مطابق یہ دنیا صورت معلوم ہے اور علم الٰہی و علویات اپنے وجود کے موافق موجود ہیں اور ان کا وجود ہی حصول کا سبب ہے۔ اللہ کے ملنے سے یہ سب مل جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ساتوں آسمان پیدا کر کے ان کو نورانی حجاب اور حالات کرامات سے نوازا ہے اور ساتوں زمینوں کو پیدا کر کے اپنی نعمتوں کا خزانہ بنایا۔ جس طرح علویات کے چار مراکز ہیں۔ اس طرح سفلیات کے بھی چار ہیں۔ علویات کا پہلا مرکز عقل ہے جو مدارک معقول ہے۔ دوسرا مرکز روح جو مدارک نفوس ہے۔ تیسرا مرکز قلب جو مدارک قلوب ہے۔ چوتھا مرکز کرسی ہے جو وسیع ہے اسی طرح زمینوں میں اپنے خزانے اور جہنم کے طبقات اور اپنی رحمت کے ظلمانی حجاب رکھے ہیں نیز ہر زمین کو گنہگاروں کے لئے ایک طرح کے عذاب کا حامل بنایا ہے۔"

انسان کی جامعیت کی تفصیل اللہ نے یہ سب امور انسان میں رکھ کر اس کا نام اصغر رکھا ہے۔ بعض محققین کہتے ہیں۔ شعر

وَتَزْعَمُ اَنَّكَ جِرْمٌ صَغِیْرٌ وَفِیْكَ انْطَوَی الْعَالَمُ الْاَكْبَرُ

انسان چھیاسٹھ ہزار اطوار کا اور چوبیس ہزار نقوش کا جامع ہے۔ جس کی چوبیس ساعتیں رات دن پر منقسم ہیں۔ اس میں عمل کرو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے قلبی اطوار سفلی ترتیب پر رکھے ہیں۔ ہر زمین کے لئے ایک طور ہے جس پر ظلمات کے حجابات پڑے ہیں اور تمہاری ابتدائی حالت کو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا ہے مِنْ مَّاءٍ مَّهِیْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً۔ یہ سات اطوار مشکلات چھ اطوار غیر مشکلات ہیں جن کا حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ملائکہ عرش کو مخلوق اور غیر مخلوق نطفوں کی شناخت کا حکم دیتا ہے۔ جو ان نطفوں کو علیحدہ کرتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کرنا چاہا ہے اور اس نطفہ کو باپ کی پشت سے ماں کے رحم کے اندر پہنچا کر اللہ کا نام لے کر نطفہ پر چالیس دن تک دم کرتے ہیں

اس دوران شیطان اس نطفہ کے قریب نہیں بھٹک سکتا۔ حضور اکرم نے فرمایا جب اپنی بیبیوں کے پاس جاؤ تو وضو اور طہارت سے جاؤ اور بسم اللہ کہہ کر یہ دعا پڑھو اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا وَلَدًا صَالِحًا۔ عرش کے فرشتے نطفہ پر مقرر ہونے کی تخصیص اس لئے ہے کہ عرش پر اللہ تعالیٰ کا نام رحمٰن ہے اور رحم لفظ رحمٰن سے مشتق ہے اسی لئے حضور اکرم کا ارشاد ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وہ رحم ہے اور میں رحمٰن ہوں میرا نام اس کے ناموں سے مشتق ہے جس نے اس کو ملایا مجھے ملایا۔ جس نے اس سے قطع کیا تو مجھ سے قطع کیا ملائکہ نطفہ کی حفاظت چالیس دن اس لئے کرتے ہیں کہ پیدائش کے بعد چالیس سال اس کے تجربہ کار ہونے کے لئے ضرور کار ہیں۔

پیدائش انسان کے عجائبات

پیٹ میں چار ماہ کا بچہ حرکت کرنے لگتا ہے۔ اور سریع النزول ہوتا ہے۔ اطباء کا قول ہے کہ سات ماہ کا بچہ پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے اور آٹھ ماہ کا پیدا ہونے والا اکثر زندہ نہیں رہتا۔ اس مسئلہ میں نجومیوں اور حکماء کی باہمی نزاع ہے حکماء کہتے ہیں پورے سات مہینہ کا بچہ نکلنے کے لئے حرکت کرتا ہے۔ اگر نکل آئے تو زندہ رہتا ہے۔ آٹھویں ماہ میں حرکت نہیں کرتا اسی لئے حرکت بھاری ہو جاتی ہے۔ یہی امر بحران کا ہے: بحران کے ایام میں طبیعت کدہ کا بحران دفع کرتا ہے۔ ایک شب و روز تک پھر راحت کے لئے ساکن ہو جاتی ہے۔ اگر چہ بچہ آٹھویں ماہ میں بھی حرکت کرے تو دو حرارتوں کے قائم مقام ہو جائے گا۔ اسی باعث اس مہینہ میں بچہ بہت کمزور ہوتا اور زندہ نہیں رہتا ہے۔ نجومیوں کا خیال ہے کہ پہلے ماہ بچہ پر زحل ستارہ اثر کرتا ہے پھر مشتری پھر مریخ یہاں تک کہ آٹھویں مہینہ زحل کی نوبت آتی ہے اسکی طبیعت سرد خشک اور اثر موت کا ہے اسی وجہ سے بچہ زندہ نہیں رہتا۔ ہمیں پہلا قول صحیح معلوم ہوتا ہے۔

حضرت عمر خراسانی سے حکایت ہے کہ ایک سال میں حج کے لیے جا رہا تھا۔ میں ایک کنوئیں میں گر پڑا میں نے اپنے دل میں کہا میں اللہ کے سوا کسی اور سے فریاد نہیں کروں گا اور چند لوگوں کا وہاں سے گزر ہوا میں نے کچھ بھی نہ کہا پھر کچھ لوگ آئے جو اس کنوئیں کا منہ بند کرنا چاہتے تھے تاکہ اس میں کوئی نہ گر پڑے چنانچہ انہوں نے کنوئیں کے منہ پر ایک پتھر رکھ دیا اور مٹی ڈال کر چلے گئے۔ اور میں کنوئیں میں خاموش بند ہو گیا ان لوگوں کے جاتے ہیں ایک درندہ نے وہ مٹی اور پتھر ہٹا دیئے۔ اور اپنی دم کنوئیں میں لٹکا کر بیٹھ گیا۔ میں اس کی دم پکڑ کر اوپر آگیا میں نے اللہ کا شکر ادا کیا ایک غیبی آواز آئی تو نے خاص ہم سے فریاد کی ہم نے تجھے نجات دی جس کا تجھے شان گمان بھی نہ تھا۔

سالک کے لیے لازمی ہے شریعت پر مضبوطی سے عمل کرے قضائے الٰہی پر راضی ہو کسی امر پر معترض نہ ہو اور صدمہ پر صبر کرے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا ہے فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ اسم باعث کی تاثیر یہ ہے۔

سختی سے خلاصی سختی میں جو شخص اس کا ذکر کرے تو اللہ اس کو خلاصی دیتا ہے۔ اگر اسم فتاح کے ساتھ اسم باعث پڑھے تو اس کا موکل بشیائیل اگر فرد تمیں پوری کرتا ہے۔ اگر اس موکل کا نام لکھ کر کسی مکان میں رکھا جائے تو بہت برکت اور فائدے ہوتے ہیں۔ ذکر یہ ہے۔

ث	ع	با	ال
۲	۳۲	۴۹۹	۷۱
۳۳	۵	۶۸	۸
۶۹	۴۹۷	۳۴	۴

نقش اسم الباعث یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْبَاعِثُ عَلَى الْإِطْلَاقِ فِيْ كُلِّ الْأَحْوَالِ أَوْجَدْتَ الْأَحْيَاءَ مِنْ نُطْفٍ بِيَسِيْرِ الْمَاءِ السَّيَّالِ وَبَعَثْتَ كُلَّ رُوْحٍ إِلٰى جَسَدِهٖ بِأَمْرِكَ الْعَزِيْزِ الْمُتَعَالِ فَعَرَفْتَ بِلَطِيْفِ الْأَرْوَاحِ فِيْ كَثِيْفِ الْأَشْبَاحِ عَلٰى مَا اخْتَرْتَ مِنَ الْفَسَادِ وَالصَّلَاحِ يَا ذَا الْكَامِلِ فَيْضِ كُلِّ لَطِيْفٍ وَتَنَاهِيْ فِيْهِ أَعْدَدْتَ لِكُلِّ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ وَبَعَثْتَ [illegible] مِنْ جَرَيَانِ الْقَلَمِ

فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ الْمَسْتُوْرِ اَسْئَلُكَ بِسَرَائِرِ هٰذَا الْبَعْثِ الْعَظِيْمِ وَمَافِيْهِ مِنْ خَفَايَا الْاَمْرِ الْقَدِيْمَاتِ تَبْعَثُ لِيْ مِنْ سَرَائِرِ لُطْفِكَ مَاتَدُوْمُ بِهٖ عَنِّيْ قَضَايَا بِاِسْمِكَ وَتُوْجِبُ فِيْ خَفَايَا رَحْمَتِكَ وَتَوَامِيْ حِفْظِكَ مِنْ لَطَائِفِ رَحْمَتِكَ وَصْفِ قَلْبِيْ بِوَصْفِ اِلٰهِيَّتِكَ يَطْلَعُ عَلٰى فُؤَادِيْ بِرَحْيَا وَرَحْمَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا بَاعِثُ۔

اسم الشہید کے خواص

اسم شہید بھی اسم علیم ہی کی طرح ہے اس لیے کہ اس غیب اور شہادت دونوں صفات موجود ہیں غیب سے باطن اور شہادت سے ظاہر مراد ہے۔ اکل حلال کے ساتھ خلوت میں اسم باعث کا ذاکر ہر نماز کے بعد چالیس دن تک اس کے اعداد کے موافق پڑھے تو زبائیل مؤکل حاضر ہوتا ہے جس کے ماتحت چار سردار ہیں یہ ذاکر سے حجابات اٹھا دیتا ہے روحانی اشخاص ذاکر کو دکھائی دیتے ہیں ذکر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلشَّهِيْدُ عَلٰى كُلِّ ذَرَّةٍ بِمَا اَظْهَرْتَ فِيْ عَالَمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ بِمَا جَرٰى بِهٖ قَلَمُ التَّفْصِيْلِ فِيْ صَفَحَاتِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ بِشَهَادَتِكَ عَلٰى كُلِّ ذَرَّةٍ فِي الْمَوْجُوْدَاتِ وَبِقُدْرَتِكَ عَلَى الْمَوْجُوْدِ وَبِمَا سَبَقَ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ مِنَ الشَّقَاوَةِ وَالسَّعَادَةِ وَبِمَا سَبَقَ فِي الْعِلْمِ الْمَكْنُوْنِ اَشْهِدْنِيْ بِفَضْلِكَ تَفْصِيْلَ الْمَقَامَاتِ الَّتِيْ هِيَ مَقَامَاتُ الشُّهَدَاءِ وَاَشْهِدْنِيْ فِيْ ذٰلِكَ وَحَقِّقْنِيْ بِحَقَائِقِ الْمَعْلُوْمَاتِ يَا اَللّٰهُ يَا شَهِيْدُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ يَا اَللّٰهُ يَا شَهِيْدُ۔

امور غیبیہ کا انکشاف اس اسم کے ذاکر پر اللہ تعالٰے امور خفیہ واضح کرتا ہے اس کے مال رزق میں برکت دیتا اور سینہ منور ہوتا اس کا نور باطن سے معمور کر دیتا ہے۔

اسم الحق کے خواص

اسم حق دراصل اللہ تعالیٰ کی زمینی تلوار ہے جس سے باطل کے پہاڑ قلع کیے جاتے ہیں باطل کی ضد کا نام حق ہے حق تعالٰے نے موجودات کو جس طرح چاہا ظاہر کیا۔ اور ہر موجود کے لیے اپنے اسماء میں سے ایک اسم ظاہر پر حق کو محیط کر کے توحید فطرت کی جانب متوجہ ہوا اور اپنے اسم حق کے معانی و مفاہیم موجودات پر بسط فرمائے الحاصل اسم حق کا ذکر عجائبات الہٰی مشاہدہ کرتا ہے۔ اور ایک ایک حرکت و نفس اور فعل دیکھتا ہے ذاکر جب اخلاص سے ریاضت و ذکر کرتا ہے تو مؤکل بر میائیل حاجت روائی کرتا ہے اور ذاکر کو حق و باطل میں تمیز ہو جاتی ہے۔ کسی بات کے سننے ہی نتیجہ سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ اسم حق کا ذکر قضائے حوائج کے لیے بہت سود مند ہے اس کا نقش جس ضروریات کے لیے باندھو مطلب بر آری ہوتی ہے۔ اسم حق کے عدد جس شخص کے نام کے برابر ہوں اور وہ اسے پڑھتا ہے تو عجائبات قدرت زیر نظر آتے ہیں۔

ا	ل	ح	ق
۹	۹۹	۳	۲۹
۹۸	۶	۳۲	۳
۳۰	۴	۹۷	۷

اگر چہ چاندی کی تختی پر لکھ کر بلغمی مریض استعمال کرے۔

مرض سے شفا اور ہر مراد پوری ہو | از رحمت ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُطْلَقُ الْمَوْجُوْدُ فِیْ حَقِیْقَتِہٖ ذَاتُكَ الْمَوْصُوْفُ ، بِحَقَائِقِ الصِّفَاتِ الْعُلْیٰ فِیْ قُدْسِہٖ وَ سَیِّدُكَ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ اَنْوَارِ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی اَنْ تُحَقِّقَ لِیْ كُلَّ حَقٍّ فِی الْوُجُوْدِ وَتُبْطِلَ لِیْ كُلَّ بَاطِلٍ تَعَنْدُ بِہٖ یَفْقُوْدُ وَاَسْئَلُكَ بِسِرِّ وُجُوْدِكَ الَّذِیْ حَقَّقْتَ بِہٖ حَقَائِقَ صِفَاتِكَ اَنْ تُحَرِّمَ فُرَادِیْ بِحَقِّ الْحَقِّ اِلٰی شُهُوْدِ حَقَائِقِ ذَاتِكَ فَاَكُوْنَ بِكَ مَعَ وُجُوْدِیْ بِكُلِّ مَوْجُوْدٍ اَبَدًا اَیْ یَا بَاقِیْ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ۔

اسم الوکیل کے خواص

وکیل وہ ذات برحق ہے جو سب امور کا مالک ہے۔ وہ جس طرح چاہتا ہے ہر ہر کام کی تدابیر کرتا ہے۔ وکیل دو قسم کے ہوتے ہیں۔ جو ایک وہ جن کو بعض کام سپرد کیے جائیں۔ وہ تو ناقص ہیں اور ایک وہ جس کو کلیۃً سب کام سپرد کیے جائیں وہ کامل ہے اور یہ اللہ تعالٰی ہے وکالت کے معنی کفالت کے بھی ہیں جو شخص اپنے باطن کی اصلاح مکمل ارادے اور خود اعتمادی سے کرتا ہے۔ اللہ تعالٰی اس کو استغنا اور اطمینان کا نور عنایت کرتا ہے توکل کی پانچ قسمیں ہیں۔ پہلی قسم توکل مع لزوم قلب ہے اللہ تعالٰی نے دلوں کے صحیفہ میں ایمان لکھا ہے اور اپنی روح سے اس کی معنی امداد سے مرتب کرکے ایمان میں اضافہ وقوت کے لیے اطمینان دیا ہے انسان اپنے ایمان کی ہر سانس میں زیادتی دیکھے تو یقین کرے توکل درست ہے یہ کیفیت دل میں دوام ذکر سے پیدا ہوتی ہے اور اسی سے متصل ایمان ثانی جو ان اعمال پر ایمان لانا ہے جن پر معرفت کا انحصار ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالٰی نے ایمان کی نشانی معرفت کو قرار دیا ہے جس سے اس کا مومن ہونا ہو جاتا ہے ارشاد ہے وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَیْكُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ۔ اللہ تعالٰی ہی نے ایمان کو تمہارا محبوب بنا دیا اسے تمہارے دلوں میں زینت دی اور کفر وفسق اور گناہ کو تمہارے لیے ناپسند کیا ہے ان علامات سے ایمان کا وجود معلوم ہو جاتا ہے اور یہی فطرت اولیٰ کا منشا ہے۔ جو حقیقت میں حق کے خصوصی عارف کی علامت ہے۔

ہر ایک اپنا رزق پورا کر لیتا ہے

حضور اکرم نے فرمایا روح القدس نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ کوئی شخص نہیں مرتا جب تک کہ اپنا رزق پورا نہ کرے اس اسم کے ذاکر کے لیے ظاہر وباطنی تقویٰ سے آراستہ ہونا لازمی ہے اور بالکل اللہ کی جانب متوجہ رہے یہ اسم اولیاء کا ذکر جو تصرف اسم اللہ کرتا ہے۔ وہی تصرف اسم حق بھی کرتا ہے کیونکہ دونوں کے اعداد مساوی ہیں اعداد کے موافق خلوت میں ذاکر کے پاس اسم حق کا موکل کہیائیل حاضر ہوتا ہے اور ذاکر کو معارف سے آگاہ کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَكِیْلُ الْحَافِظُ بِمَا اَوْجَدْتَ فِیْ تَفَاصِیْلِ الْجَبَرُوْتِ وَفِیْ عَالَمِ الْمُلْكِ الْمُلْكِ وَخَزَائِنِ الْمَلَكُوْتِ الْمُتَصَرِّفِ فِیْ عَالَمِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَاَسْرَارِ الْعَوَالِمِ الْعِلْوِیَّةِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُشْهِدَنِیْ فِیْ مَقَامِ التَّوَكُّلِ وَاَشْهَدَ فِیْ ذٰلِكَ فِیْ اُمُوْرِیْ مِنْ عَالَمِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَاَسْرَارِ الْعَوَالِمِ الْعِلْوِیَّةِ اِلٰی عَالَمِ الْیَمُوْتِ وَاَنْ تُحَقِّقَ تَوَكُّلِیْ عَلَیْكَ وَاعْتِمَادِیْ لَدَیْكَ لِاَكُوْنَ بِتَوَكُّلِیْ عَلَیْكَ مَسْتُوْرًا بِسِتْرِكَ الْوَافِیْ مَلْحُوْظًا بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِكَ الْاَسْنٰی یَا اَللّٰهُ یَا وَكِیْلُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

اسم القوی کے خواص واعمال

قوی وہ ذات مستحکم جو پوری قوت رکھتا ہو یقین کرلیا جائے قوت اور قدرت یہ دونوں اپنے موصوف کی صفتیں ہیں اللہ نے فرمایا ہے وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۔ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۔ اللہ تعالیٰ نے جس امر کا ارادہ کیا ۔ اسے اپنی حکمت سے وجود کی حیثیت دے کر ایجاد کیا اور وجود شئے پر پُرقوت احسان کر کے اس کے مزاج میں بھی ایک مناسب قوت ودیعت کی ۔ جس کی وجہ سے توحید اور امانت کا بار اٹھانے کے قابل ہوا اللہ تعالیٰ نے عرش کو عظمت اور وسعت کے ساتھ پیدا کر کے اپنی عظمت وجلال کی اس پر تجلی کی اور توحید پر قائم رہنے کی اسے قوت دی پھر لوح کو پیدا کر کے اسے بھی توحید کا حکم دیا پھر آسمان و زمین پیدا کر کے ان کو بھی توحید کا حکم فرمایا جو توحید کی تاب نہ لاسکے وہ دریائے جبروت میں سرگذشت ہو گئے ان سرگشتگان کو پھر اللہ کریم نے انوار الٰہی کی تب وتاب سے انہیں توحید کی دولت عطا کی جس کے باعث یہ سرگشتہ وگم ہو گئے اس نے اپنے انوار سے ان کو ایک نور بخشا تب انہوں نے توحید کی نفس اور اجسام کی صورت میں حاضر ہوئے اللہ کی ہیبت سے آسمان و زمین پھاڑ دیا اور ہوا سب کے سب اپنے محل اور مقام پر قائم ہوئے اللہ کے احکام کی تعمیل کے لیے رات اندھیری اور دن روشن ہے جنت درخشاں اور دوزخ مشتعل ہے کان سنتے اور آنکھیں دیکھتی ہیں رہائیں گویا اور حواس حرکت کرتا

کمزوری دور ہو قوت حاصل ہو خلوت میں اسم قوی کے ذکر سے تمام حواس اور اعضاء میں قوت ظاہر ہوتی ہے ۔ شخص کمزور ہو تو پھر اسے لکھ کر روزانہ نہار منہ بارہ دن پئے تو قوت آجاتی ہے ۔ خلوت میں ہر نماز کے بعد اس کے اعداد بسط ذکر کرنے والے کے پاس مؤکل یہ آتا ہے ۔ اس مؤکل کے ماتحت چار اعلیٰ سردار ہیں اس مؤکل کا نام موطیائیل ہے ذاکر کے پاس خواب یا بیداری میں آتا اور اس کی ضروریات پوری کرتا ہے ۔ اور بیماری صحت سے بدل جاتی ہے ذکر یہ ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَوِيُّ الشَّدِيْدُ التَّمْكِيْنُ الْمَتِيْنُ قُوَّتُكَ قَادِرَةٌ عَلٰى جَمِيْعِ الْمَقْدُوْرَاتِ وَشَأْنُكَ هُوَ شِدَّةُ نُفُوْذِ الْقُدْرَةِ عَلٰى اِظْهَارِ الْمُخْتَرَعَاتِ اَسْئَلُكَ بِشِدَّةِ قُوَّتِكَ عَلٰى اِيْجَادِ الْكَائِنَاتِ وَتَكْوِيْنِ الْمُوَكَّدِ بِالتَّفْصِيْلِ النَّافِذِ مِنْ اَسْفَلِ السَّافِلِيْنَ اِلٰى عِلِّيِّيْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَشُدَّ قُوَّةَ قَلْبِيْ عَلٰى مُخَاطَبَةِ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَقُوَّةَ لُبِّيْ عَلٰى تَرْكِيْبِ الْمُخْتَرَعَاتِ وَالتَّكْوِيْنِ وَاَنْ تَشُدَّ قَلْبِيْ بِمَحَبَّتِكَ وَاَعْضَائِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَاِخْلَاصِ سِرِّيْ فِيْ مَعْلُوْمَاتِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَهْلِ كَرَامَتِكَ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ اَرَادَ فِيْ بِسُوْءٍ وَمَكْرُوْهٍ وَرُدَّ مَكْرَهٗ بِوَجْهِ الْخِذْلَانِ وَالْعَجْزِ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ لَا تُمْهِلْهُ وَعَاجِلْهُ قَبْلَ اَنْ يُّعَاجِلَنِيْ وَخُذْهُ قَبْلَ اَنْ يَّاْخُذَنِيْ يَا اللّٰهُ يَا قَوِيُّ يَا

اللہ تعالیٰ اس اسم کے ذاکر کو حاسدوں کے مکر اور ظالموں کے شر سے بچاتا ہے ۔ اسم کے دوامی ذاکر کو اللہ تعالیٰ ثابت قدم رکھتا ہے ۔ اور مؤکل سے گفتگو کرنے کی اسے پوری قوت عطا کرتا ہے ۔

اسم المتین کے خواص

جس شخص کا نام متین ہو [illegible] کیونکہ متانت یا [illegible] اجسام کے لیے خاص ہے حق تعالیٰ ان سے پاک اور منزہ ہے

متین کے معنے یہ ہیں مناسب قوت کی شدت پر دلالت کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کا پورا کرنے والا اور پوری قوت والا ہے اللہ تعالیٰ چونکہ زبردست قوی ہے۔ اس لیے متین کے معنے قوت قرار دینا زیادہ مناسب ہیں اکل حلال کے ساتھ اس اسم کو اسم قیوم کے ساتھ پڑھنے پر مؤکل آ کر خلعت پہناتا ہے اور فرمودہ میں پوری کرتا ہے اس اسم کا ذاکر اگر فاسق کو دیکھے تو وہ فوراً توبہ کرتا ہے۔ اور اگر جب اشیاء کا کشف ہوتا ہے۔

شکل نقش المتین یہ ہے

قوت اور چلنے پھرنے کی طاقت

جب قمر نحوست سے خالی ہو اس وقت نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جس کی قوت کسی مرض کی وجہ جاتی رہی ہو صحت ہوتی ہے۔ نقش کے گرد مؤکل کا نام بھی لکھنا چاہیئے۔ جو بچہ چلنے پھرنے کی سکت نہ رکھتا ہو اس کے گلے میں باندھنے سے وہ جلد چلنے پھرنے لگتا ہے مسافر کو اگر سفر میں یہ نقش رکھے سے راہروی کی تکلیف سے نجات پاتا ہے اس کا ذکر اسم قوی میں بیان کیا گیا ہے۔

م

ال	م	ت	ین
۴۵۱	۵۹	۳۲	۳۹
۵۸	۱۹۸	۴۲	۸۲۳
۴۱	۳۴	۵۰	۳۹۹

اسم الولی کے خواص

ولی وہ ذات کریم ہے جو بندوں کے امور کا متولی و مجیب ہے اور اپنے اولیاء کی بخشش کرتا ہے فرمان ہے۔ تعالیٰ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکَافِرِیْنَ لَا مَوْلٰی لَھُمْ۔

اللہ مسلمانوں کا مددگار و کارساز ہے اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں ولی کے معنے نزدیک کے ہیں جب کہ فرمایا ہے۔ اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی بارش کو بھی ولی کہتے ہیں کیونکہ بارش ہی کی وجہ سے زمین زندہ ہوتی ہے اور سبزیاں اگاتی ہے۔ نیز مرنے والے کے بعد جو شخص رہتا ہے۔ وہ ولی کہلاتا ہے۔ اور حاکم کو بھی ولی اور والی کہتے ہیں۔

یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَیَنْشُرُ رَحْمَتَہٗ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت بندوں پر کی ہے۔ اس سے پہلے ان کے دلوں میں کفر کی آگ شعلہ زن تھی اللہ نے باران رحمت بھیجی یعنی ایمان عنایت کیا پھر تھوڑی تھوڑی بارش ہوتی رہی سبزہ کے بعد قاعدہ ہے کبھی ہلکی بارش ہوتی ہے اور کبھی تیز کیونکہ اللہ اپنی مخلوق کے احوال سے خوب واقف ہے۔ وقت پہان کو غذا پہنچاتا ہے۔ وقت پر مینہ برساتا ہے اور روئیدگی اپنے کمال تک پہنچتی ہے یہی مثال پنجوقتہ نمازوں کی ہے۔ جو روحانی غذا اور نورانی دریا ہیں نماز پڑھنے والا ہمیشہ دریائے رحمت و نور میں نہاتا رہتا ہے اور ملکوت سے غذا حاصل کرتا رہتا ہے اور جب وصل کی خواہش ہوتی ہے تو فرائض کے ساتھ نوافل ادا کرتا ہے اور اسے اپنا معمول بنا لیتا ہے ایسے شخص کا نامہ اعمال لپیٹ کر ذخیرہ کے طور پر رکھ دیا جاتا ہے۔ جیسے گرانی غلہ کے لیے غلہ روک رکھتے ہیں۔ یہی راز نماز اور روزہ کے بارے میں ہے۔ جیسے ہر ساعت بڑھتی ہے ایسے ہی مہینہ اور سال بڑھتے اور اعمال نیک ذخیرہ آخرت بنتے جاتے ہیں۔

مرض ام الصبیان دور ہو

اسم ولی کی ریاضت سے مقامات بلند اس ذاکر پر کھلتے جاتے ہیں۔ ابواب خیر کھلتے اور تکلیفیں دور ہو جاتی ہیں۔ خلوت میں باشروط مقررہ داخل ہو کر اسم اور آیت اتنی پڑھو کہ مستغرق ہو جاؤ تو مؤکل کہیا ٹیل خواب یا بیداری میں تمہاری استعداد کے موافق تمہارے پاس آتا ہے۔ اور تمہارا اشارہ اوامر ہوگا۔ اس اسم کے اکثر خواص میں سے چند یہ ہیں۔ ام الصبیان کے

سیاہ بکرے کے گلے ڈالیں محفوظ رہے گا حاکم سونے یا چاندی کی انگوٹھی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں اس کا رعب داب غالب رہے گا جو شخص برتر داخل سے واقفیت پیدا کرے گا۔ وہ دنیا میں جس طرح چاہے تصرف کرے گا۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَوَالِیُ الْمُتَوَالِیْ لِاَمْرِ الْعِبَادِ بِاَحْسَنِ التَّدْبِیْرِ وَالتَّفْضِیْلِ عَلٰی کُلِّ شَھِیْدٍ فَبُشْتُھُمْ لَہٗ بِرِمِیْقِ التَّحْرِیْرِ اَجَبْتَ قَوْمًا وَتَعَرَّفْتَ اِلَیْھِمْ بِاللُّطْفِ وَاللّٰہُ بِیْرٌ وَخَفِیْتَ الْاُمُوْرَ وَتَطَرَّفْتَ اِلَیْھِمْ بِعَیْنِ الْبُعْدِ وَالتَّحْقِیْرِ اَسْئَلُکَ یَا مَنْ یَتَجَلّٰی وَیَا مَنْ یُحْیِی الْعِظَامَ الْعِظَامِ الرَّمِیْمِ ؕ اَسْئَلُکَ بِالْکَرَمِ وَالْعِلْمِ الْمُحِیْطِ الْقَدِیْمِ وَمَا سَبَقَ فِیْہِ مِنْ تَفَاصِیْلِ النَّعِیْمِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ فِیْ خَاصَّۃِ اَحْبَابِکَ وَاَوْلِیَائِکَ وَفِیْ خَفَایَا التَّقْدِیْسِ وَالتَّنْجِیَۃِ مِنْ جَذْبِ الشَّیْطٰنِ وَمِنْ وَسَاوِسِ اِبْلِیْسَ اَللّٰھُمَّ اَحْرِسْنِیْ بِوَلَایَتِکَ مِنْ اِکْتِسَابِ الْخَطِیْئَاتِ وَمِنْ تَوَلِّی الْحَنِّ وَالْبَلِیَّاتِ وَاجْعَلْ اَھْلًا لِلْاُنْسِ بِکَ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ مُنْعِمًا بِتَوْحِیْدِکَ مَعَ الْمُوَحِّدِیْنَ یَا اَللّٰہُ یَا وَلِیَّ الْخَیْرَاتِ۔

اسم الحمید کے خواص

حمید وہ ذات والا صفات ہے۔ تعریف کا سزاوار ہے اور جس کی تعریف معرف نے خود آپ کی ہے۔ جلال و جمال و کمال کے بموجب حق ہیں حمد بقا کی حقیق ہے جو دوام کا راز و اساس ہے اسے باعث اللہ تعالیٰ نے آپ اپنی حمد و تعریف کی ہے اور عرش ذکر سے وقلم کو بجا حمد کرنے کا حکم دیا ان سب نے بشمول جملہ مخلوق اس کی حمد بجالائی اور اللہ تعالیٰ نے سب کی حمد کو قرآن شریف میں جمع کرکے ارشاد فرمایا۔

آثار قرآن کریم میں بھی اُلحمد ہے جس شخص نے حمد فی الجنۃ کا راز بھی لیا وہ حمد کتاب کو حمد جنت سے ملانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

سامان آخرت

حمد کی چار قسمیں ہیں۔ حمد تعظیم ہر حال میں محمد۔ الامی محمد۔ اللہ کا آپ اپنی حمد کرنا جو کوئی حمد سے تقرب اسے لازمی ہے کہ حمد و ثنا الٰہی کرتا رہے کائنات کا ہر ذرہ گواہی دے رہا ہے۔ کہ حکمت الٰہی میں اسرار ہیں رنج و تکلیف کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ کہنا چاہیئے ہر چیز ذاکر کی تعریف کرے کسی کی برائی نہ کرے غیبت اور جھوٹ بالکل ترک کردے غیبت کرے گا تو حمد قبول نہ ہوگی۔ اگر جسمانی عالم میں صحت پر شکر کرو اہل قلوب سے ہو تو اللہ کے فضل پر شکر کرو کیونکہ ایمان سب سے زیادہ عظیم نعمت جس پر شکر کرنا واجب ہے۔ ذکر بکثرت کیا جائے دنیا میں آخرت کے لیے سامان مہیا کرلو ہمیشہ اور ہر آن وظائف و حمد الٰہی میں مشغول رہنا چاہیئے اگر اس اسم کا اعداد کے مطابق خلوت میں ذکر کرو تو مقصد حاصل ہوتا ہے۔ مرتبہ بلند اور مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُدْرِکُ الْحَمِیْدُ حمدت نفسک بنفسک فِیْ اَزَلِ قدسک ثم اعلنت الخاصۃ من عبادک بحمدک بما ولیتھم من لطف اِنْیِکَ وَاظْھَرْتَ مِنَ الْاَنْعَامِ مَا اوجب الحمد والثناءُ مِنَ الخاص وَالعَامِ علٰی مَمَرِّ الشُّھُوْرِ وَالْاَعْوَامِ بِجَمِیْعِ الْجَلَالِ وَلُطْفِ انس الْجَمَالِ وَبِتَمَامِ اَوْصَافِ الْکَمَالِ اَنْ تجعلنی عندک مشکورًا محمودًا مُبتھجا بقربک مسرورا بنور العقل مَعَ اولی الْاَلْبَاب مَرْفُوْعًا عَنْ ظُلْمَۃِ الْحِجَابِ شَاھِدًا الکَمَالِ وَالْجَمَالِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ حَمِیْدُ الْفَعَالِ۔

اسم المحصی کے خواص

محصی وہ ذات علیم ہے جو ہر چیز کا اجمالی و تفصیلی علم رکھتا ہے اس اسم محصی کی بیان اسم علیم میں تفصیل مذکور ہے اس محصی میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے اس کے اعداد کے برابر ذکر اسم محصی کے پاس خواب یا بیداری میں مؤکل آکر اس کی حاجت پوری کرتا ہے مؤکل یہ کہتا ہوا آتا ہے

اضافہ عقل و حافظہ و حقائق اشیاء کا علم

اسم محصی کا ذکر حافظہ درست کرتا ہے نماز مغرب میں ہفتہ تک پڑھے اور یا چاندی کی تختی پر کندہ کرکے گلے میں ڈالنے سے فہم و عقل میں اضافہ ہوتا ہے۔ ذاکر کو حقائق اشیاء اللہ عطا فرماتا ہے ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُحْصِی الْمَوْجُوْدَاتِ قَبْلَ وُجُوْدِ مَا فِی الْقُبُوْرِ وَالْمِثَالِ وَاَنْتَ الْعَالِمُ بِمَثَاقِيْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَالْحُجُبِ الْعَوَالِیْ وَعَدَدِ النُّجُوْمِ وَاَوْزَانِ الْاَظْلَالِ الثِّقَالِ وَاَوْزَانِ الْاَرْضِ وَالْجِبَالِ وَقَطْرِ الْبِحَارِ وَالْاَمْطَارِ وَجَمِيْعِ النَّبَاتَاتِ وَاَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدِ الرَّمْلِ وَالْاَحْجَارِ وَعَدَدِ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ وَعَدَدِ مَا يَصْدُرُ مِنْهُمْ مِنَ الْاَنْفَاسِ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ وَالْمُحْصِیْ لِجَمِيْعِ الْمَعْلُوْمَاتِ مِمَّا عَلِمْتَنَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ وَمَا لَمْ نَعْلَمْهُ مِنْ اَسْرَارِ الْمُغَيَّبَاتِ اَنْ تَسْتُرَ عَوْرَاتِیْ وَتُاٰمِنَ رَوْعَاتِیْ وَتَغْفِرَ سَيِّئَاتِیْ وَتُضَاعِفَ حَسَنَاتِیْ وَتَحْشُرَنِیْ مَعَ اَوْلِيَائِكَ وَاَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَتُعْلِیْ دَرَجَاتِیْ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُطْلِعَنِیْ عَلٰی حَقَائِقِ الْمَوْجُوْدَاتِ يَا اَللّٰهُ يَا مُحْصِیَ الْمَوْجُوْدَاتِ يَا رَبُّ ۔

اسم المبدئ المعید کے خواص گم شدہ چیز کی بازیابی حاکم کی قوت و عزت و حکومت میں اضافہ

مبدی وہ ذات خلاق ہے جس نے از سر نو ہر چیز پیدا کی اور معید وہ ذات ازلی و ابدی ہے جو عدم سے وجود میں لاتا ہے اللہ تعالیٰ ہی نے تمام خلق پیدا کی اور نیست کے بعد دوبارہ پیدا کرے گا۔ سب چیزوں کی ابتداء اور انتہاء کا مرجع صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

اسم مبدی کا مؤکل خیائیل ہے۔ موافق اعداد پڑھنے والے کو حضوری اشیاء پیدا ہوتی ہے۔ اگر چیز گم ہو گئی تو اسی اسم کے اعداد کے برابر ذکر کرنے سے وہ چیز مل جاتی ہے۔ یہ اسم حاملین کا ذکر ہے۔ حاکم یا امیر کی چاندی پر لکھ کر پہننے سے عزت زیادہ ہوتی اور حکومت مضبوط ہوتی ہے اسم المبدی اور المعید کا مربع حرفی رکھنے والے کو منجانب اللہ قوت ملتی اور عزت دوبالا ہوتی ہے۔ ذاکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ بَدَاْتَ الْخَلْقَ وَاَوْجَدْتَهُمْ عَلٰی غَيْرِ شَكْلٍ وَلَا مِثَالٍ سَبَقَ وَلَا دَلِيْلٍ وَّتَعَدَّدَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحَقِّقَ عَلٰی مَا اَبْدَعْتَ مِنْ اَنْوَارِ الْاَسْرَارِ وَلَطَائِفِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَاخْتَرَعْتَ تَفَاصِيْلَ اللَّطَائِفِ وَالْكَثَائِفِ الْجِسْمَانِيَّاتِ وَاَخْرَجْتَهَا مِنَ الْعَدَمِ وَجَعَلْتَهَا مَوْجُوْدَاتٍ ثُمَّ تَحْكُمُ عَلَيْهَا بَعْدَ وُجُوْدِهَا بِالْفَنَاءِ وَتُعِيْدُ مَا عَلٰی مَا تَشَاءُ مِنْ اَصْنَافِ اِعَادَتِ الْكَائِنَةِ ، اَسْئَلُكَ بِنُفُوْذِ قُدْرَتِكَ عَلَى الْاِبْدَاءِ بِتَفَاصِيْلِ حِكْمَتِكَ اَنْ تُبْدِیَ فِیْ قَلْبِیْ لَطَائِفَ اَنْوَارِكَ تُشْهِدُنِیْ بِهٖ حَقَائِقَ اَسْرَارِكَ وَتُعِيْدُنِیْ اِلٰی حَظَائِرِ قُدْسِكَ فَاَكُوْنَ فِیْ قُرْبِكَ وَجِوَارِكَ اِنَّكَ اَنْتَ

اَللّٰہُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ ۔

ان دونوں اسماء کے ذکر کے لیے علوم اور خوبیوں کے دروازے کھل جاتے ہیں اور صراط مستقیم ملتی ہے۔

اسم المحی الممیت کے خواص

ان دونوں اسماء کے معانی ایجاد اور اختتام کے ہیں۔ وجود نام ہے حیات کا اس کے فعل کو امانت کہتے ہیں صرف اللہ تعالیٰ ہی موت و حیات کا خالق و مالک ہے۔ تمام شرائط کے ساتھ ان دونوں اسماء کا ذاکر نفس کو پاک و صاف کرتے ہوئے اہل حاجات کی فوقت میں پوری کرتا ہے اور امامت کی معلقوں کے کام کرتا ہے۔

اسم المحی کے ذکر سے عبادت دائمی کے راز حاصل ہوتے اور راز حیات سے واقف ہو کر حصول راحت کے کام کرتا ہے۔ اسم المحی کا مؤکل کیائیل ذاکر کو وہ خلعت پہناتا ہے جس سے قلب ذاکر کی حفاظت ہوتی اور اس کی نظر میں یہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ بیمار کو دیکھے تو وہ تندرست ہو جاتا ہے۔

لوگوں میں عزت اور ابواب خیر مفتوح | اسم الممیت کے مؤکل کا نام عطیائیل ہے پلک کے زمانہ میں اس کی حکومت واضح ہوتی ہے بعض ان اسماء کو مع اعداد لکھ کر اپنے پاس رکھ کر جو دعا مانگو گے اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ ان دونوں اسماء کے ذاکر کی لوگ بے حد عزت کرتے ہیں اور اس کے لیے ابواب خیر مفتوح ہو جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِ الْمُمِیْتُ
خَلَقْتَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاۃَ
حَتْمًا عَلَی الْعِبَادِ بِلَا ابْتِدَاءٍ
بِمَا تَخْتَارُ مِنَ الصَّلَاحِ وَ
الْفَسَادِ وَقَدَّرْتَ لِکُلِّ اَحَدٍ
بِرِزْقِہٖ وَاَجَلِہٖ وَاخْتَرْتَ
اَقْوَامًا بِالْمَعَاصِیْ وَجَازَیْتَھُمْ
بِالْخِزْیِ وَالْاَخْذِ بِالنَّوَاصِیْ
اَسْئَلُکَ یَا مُقِیْمَ الْاَرْزَاقِ بِمَا
ثَبَتَ مِنَ الْاَزَلِ فِی الْاَزَلِ
وَبِقُدْرَتِکَ عَلَی الْاَحْیَاءِ
وَالْاَمْوَاتِ فَاَنْتَ الْمُتَّصِفُ بِالْبَقَاءِ وَالدَّوَامِ اَنْ تُمِیْتَ کُفْرِیْ مِنَ الشَّھَوٰتِ الْغَاشِیَۃِ وَ تُوْمِنَ مَسَاوِیْ فِیْ مُحَاسَبَۃِ الدُّنْیَا الصَّلٰوۃِ تُلِیْ بِمُحَاسَبَۃِ الدَّارِ الْبَاقِیَۃِ یَا اَللّٰہُ یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ ۔

نقش الحی اور الممیت یہ ہے۔ م

ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت
ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا
م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل
ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م
ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح
ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی
ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی
ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا
م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل
م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م
ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م
ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی

اسم اَلحَیُّ کے خواص عجیبہ

جاننا چاہیئے کہ یہ اسم قرآن شریف میں اس آیت میں ہیں یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ حیات کے معنی سِرّ الٰہی کے ساتھ گویائی کے ہیں۔ وہی ظاہراً اور باطناً حرکت ہے اسی سے لطف حرارت اجزائی اجراء حرارت نفس و معدن سرا و تدریج قدیم سر طور ترابی ملکوت اور حیات جمادات وغیرہ کی ہے۔ حکمت اور قدرت الٰہی ظاہر ہوتی ہے اثبات توحید اور اقرار اللہ کا یہ راز وار ہے۔ حیّ کے فاعل مدرک کے بھی آتے ہیں۔ بشروط اسم کا ذاکر اگر اپنی سانس جاری رکھے اور کھاتا کم کھائے کیونکہ سیر شکمی کے باعث نور و حکمت کی گنجائش نہیں ہوتی۔ حضور اکرم نے فرمایا ہے لا تدخل الحِکْمَۃُ مِعْدَۃً مُلِئَتْ طَعَامًا ۔ طہارت اور پاکیزگی سے جسم کو زندہ رکھتے ہوئے اور اسم قیوم کا بھی اسم الحی کے ساتھ ذکر کرے تو موکل حیائیل آکر ذاکر کو وہ خلعت پہناتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ انت الحی لا نزل الذی حیا له ضل الموت ونزال الباقی الابد الذی لا یطلع علیه شیٔ من الحی والفقر ولا انتقال انت القدیم لمیا ابدیٌ الوجود بالذات السرمدیۃ صفاتک ان نسئلک والصفات اسئلک بقدیم حیاتک وابدیۃ وجود ذاتک وسرمدیۃ صفاتک ان تسئلک فی مسالک الخواص من العباد والصدیقین من الاولیاء اہل تجلی الحی السادۃ الاصفیاء واحی قلبی یا حی قبل کل

حي يا قيوم القائم بتدبير الموجودات من العوالم والخلائق في كل عالمها اسئلك ان ترزقني مما قسمت لي به في علمك من غير معنة وحركة المتحركات وسكنة المسكنات وجعلت كل شئ في رتبة من المخالفات والمساوات من كل صامت وناطق اسئلك بسر القيومية في الموجودات وبقوة الايجاد في خفايا المعلومات واحاطة نفوذ القدرة في الملك الملكوت اسئلك ان تقيمني بطاعتك في كل ما يذهب عني ظلمة البشرية ويكشف لي سر القيومية وترفعني الى المواصلات القلبية يا الله يا حي يا قيوم۔

اسم القیوم کے خواص

اسم قیوم لفظ قیام سے اسم مبالغہ ہے۔ اور قائم و قیوم وہ ذات مجمع الکمال ہے جس سے تمام موجودات قائم ہیں بغیر وجود قیوم کے کسی چیز کا بھی تصور نہیں کیا جا سکتا اللہ ہی قیوم ہے۔ اس لیے کہ اس کا قوام ذاتی ہے اور ہر چیز کا قوام اس کے ہاتھ میں ہے۔

اسم قیوم کی تجلی دنیا و آخرت میں ظاہر ہے۔ اس کا ظاہر ایک دائرہ ہے جو وجود میں ظاہر ہے اسی نے ملکوت آسمان و زمین کے عوالم اپنی قیومیت سے قائم اسی نے عقول اور عالم ملکوتی الطوار کی تدبیر بھی اسی کی قیومیت قائم ہے۔ اسی نے عقول اور عالم ملکوتی فطرت کو قائم کیا اور عہد لیا اور تمام اجسام وارواح و جنت و دوزخ وغیرہ کو قائم کیا۔ اللہ تعالیٰ مشہود و شہود جمع کے ساتھ قائم ہے۔ سال دنوں سے دن ساعات سے ساعات درجوں سے درجے دقیقوں سے اور دقیقے۔ ثانیوں سے مرتب و قائم ہیں۔

اللہ قیوم لطائف عوالم میں ذات سے ظاہر ہے اور یہی طریقہ قائم ہے۔ علقہ نطفہ سے قائم ہوا علقہ سے گوشت و ہڈیاں اور عضلے اور عضلے روابط سے اور اغشیہ شباک سے اور شباک عروق سے اور عروق گوشت خون سے قائم ہوا اور خون کی صفت قوت سے قائم ہے اللہ تعالیٰ کی صفت اختراعی یہ ہے کہ غذا جسم سے اور پانی رحمت سے اس کی ذاتی صفت ہے۔ اور ان سب چیزوں سے قائم مجموعہ کا نام انسان ہے یعنی انسان اپنے عوالم سے قائم ہے۔ جس کی وجہ اعمال علم سے قائم ہیں۔ اور طلب علم دراصل طلب ترک سے ہے قائم اور دوائر علامات اطوار و احکام و افعال و دوائر مقام صرف راز قیومیت سے قائم ہیں اسم قیوم دار آخرت میں بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اس دنیا میں اس امانت کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے کرسی میں ودیعت کیا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آسمان و زمین کو اٹھائے ہوئے ہے۔

اصل اسم اعظم کونسا ہے اور اسمائے الٰہی کا علم بڑا جلیل القدر ہے۔ اسم اعظم کی بابت علماء کے اکثر اقوال ہیں اضطراب میں جس اسم کے ساتھ دعا کی جائے اور قبول ہو وہ اسم اعظم ہے اسم اعظم دراصل اسم اللہ ہے اور یہی قول راجح ہے۔

بعض ذوالجلال والاکرام کو اور بعض یا لطیف کو اسم اعظم بتاتے ہیں بعض کے نزدیک سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ ہے بعض کے نزدیک حنان منان ذوالجلال والاکرام ہے بعض کے نزدیک شروع سورۃ حدید میں اور بعض کے نزدیک آخر سورۃ حشر میں بعض یا ودود کہتے ہیں بعض سورہ حج کی اس آیت میں بتاتے ہیں وَالَّذِيۡنَ هَاجَرُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوۡۤا اَوۡ مَاتُوۡا لَيَرۡزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزۡقًا حَسَنًا بعض حروف نورانیہ یعنی مقطعات کو اسم اعظم کہتے ہیں بعض اسم یا مانع کو بعض اسم اللہ مکرر کرنے کو۔ بعض اسم حلیم بعض علی العظیم کو بعض کلمۂ لا الٰہ الا اللہ کی گواہی کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ سب یہ صحیح روایات ہیں اور ایک حدیث میں ہے کہ حضور اکرم نے فرمایا ذوالجلال والاکرام کہہ کر

دعا کرو۔ یہ دلیل اسم ہونے پر قطعی ہے۔ سریانی زبان میں بھی اسی طرح ہے یا مبار کہ تجیر چیر شا عبرانی زبان میں اہیا شراہیا ادونائی اصباؤت آل شدائی اسم اعظم کہے جاتے ہیں۔ قرآن کریم تین مقامات میں اسم اعظم ہے سورۂ بقرہ آل عمران اور طٰہٰ میں بعض کے نزدیک اسم اعظم ہو بعض کے نزدیک ھُوَ الرَّبُّ ہے۔ دراصل اسم اعظم قطب الاسماء ہے۔ جس سے تمام اسماء مدد لیتے ہیں جیسے غوث یا قطب سے اکثر لوگ مدد لیتے اور ان کی دعا قبول ہوتی ہے حقیقت یہ ہے کہ تمام ارواح و موکلات اسم اعظم کی اطاعت کرتے ہیں۔

ذاکر کو اکل حلال اور ریاضت کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ اسم کریم سے حیات قائم اور امداد لیتی ہے چلہ ختم کرنے پر موکل تقیائیل آکر ذاکر کا مرتبہ بلند کرتا اور اقرار کے مقام پر پہنچاتا ہے یہ موکل چار سرداروں پر حکم ہے۔ جن میں ہر حاکم کے موکلوں کی ۰۰ صفیں ہیں۔

محبت و قبولیت عوام جنگ میں فتح و حاجت براری

ان دونوں اسماء کے اکثر خواص میں سے بعض یہ ہیں۔ محبت کے لیے ان کو مربع یا مسدس میں شرف شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے قبول عظیم حاصل ہوتا ہے۔ اور سونے کی تختی پر لکھنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے۔ اگر مطلوب کے نام سے نیک طالع میں لکھے اور اپنے پاس رکھے تو محبت اور قبول عظیم ہو اگر پرچم پر لگائیں تو فتح نصیب ہو اس اسم کا دوامی ذاکر جو چاہے تصرف کر سکتا ہے ان دونوں اسماء الحی اور القیوم کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِتَضَرُّعِ نَسِیْمِ نَسَمَاتِ اَرْوَاحٍ رُوْحَانِیَّةٍ جَوَاهِرِ نُفُوْسٍ بُحُوْرِ اَنْوَارِ سِرِّ اِسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ رَوَیْتَ بِهٖ عَطَشَ اَكْبَادِ وَارِدِیْ حَوْضِكَ وَقَاصِدِیْ مَشْرُوْحِ سِرِّكَ یَا مَنْ لَهُ الْاِسْمُ الْاَعْظَمُ وَهُوَ اَعْظَمُ یَا مَنْ تَقَادَمَ عَلَاؤُهٗ عَلَى الْقِدَمِ وَهُوَ اَقْدَمُ یَا مَنْ لَیْسَ لَهٗ حَدٌّ یُعْلَمُ وَهُوَ اَعْلَمُ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ الْاَكْرَمِ وَبِمَا جَرٰی بِهِ الْقَلَمُ وَبِمَا قَرَّبْتَ بِهِ الذَّبِیْحَ اِسْمَاعِیْلَ فَسَلِمَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِهٖ یُوْنُسَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَظُلُمَاتِ اَحْشَائِهٖ فَسَبَّحَ وَقَدَّسَ وَتَنَدَّمَ وَرَجَعَ وَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَسْئَلُكَ بِمَا رَفَعْتَ بِهٖ اِدْرِیْسَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِهٖ نُوْحًا مِنَ الْغَرَقِ وَبِمَا كَلَّمْتَ بِهٖ مُوْسٰی وَنَجَّیْتَهٗ مِنْ فِرْعَوْنَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِهٖ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلَكَ وَالْكُلَّ بِبَرَكَةِ اَسْئَلُكَ الْحَیَّ الْقَیُّوْمَ وَبِمَا بِهٖ عِیْسٰی وَبِمَا اصْطَفَیْتَ بِهٖ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَجَبْتَ دُعَاءَهُمْ وَسُؤَالَهُمْ بِاِسْمِكَ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُنْجِحَ مَطَالِبِیْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْمُلْكَ الْمَلَكُوْتَ وَاَنْ تُجْرِیَ سَحَائِبَ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ بِمُرَادِیْ وَاقْضِ حَوَائِجِیْ بِاِسْمِكَ الْحَیِّ الَّذِیْ نَجَّیْتَ بِهٖ مَنْ نَجَا وَاَضْلَلْتَ بِهٖ مَنْ ضَلَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ قَلْبِیْ حَیًّا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا وَوَفِّقْنِیْ بِطَاعَتِكَ سَرْمَدًا وَكَثِّرْ كَمَا رَزَقْتَنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَتَلَطَّفْ بِنَا فِیْمَا قَدَّرْتَهٗ عَلَیْنَا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ یَا هُوَ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

ان دونوں اسماء الحی اور القیوم کا ذکر دراصل اجر عظیم ہے۔ جس سے ہر ضرورت پوری ہوتی اور مسرت و خوشی ہوتی ہے نیز اس ذکر سے تمام ارواح اور موکلات مطیع ہوتے کل حاجتیں پوری ہوتی اور کمال حاصل ہوتے ہیں۔

اسم الواجد کے خواص موجودات کے اسرار ظاہر ہوں

واجد وہ ذات کامل ہے۔ جس سے ایسی بات فوت نہ ہوئی ہو جو اس کے لیے صفات الٰہیہ میں سے ضروری ہو واحد و واجد مطلق اور اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کے سوائے اور کوئی معبود اور موجود نہیں ہے۔

اسرار موجودات معلوم کرنا اس اسم کے ذاکر کو لازمی ہے۔ کہ یہ یقین کرے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے اشیاء کو عالم عدم سے وجود دیا ہے اس اسم کے اعداد کے برابر اس کا ذاکر یا حی یا قیُّ بھی ذکر کرے تو موکل ہیطائیل ذاکر کے پاس خواب میں حاضر ہو کر موجودات کے اسرار بتاتا اور حجابات دور کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا وَاجِدُ اَنْتَ الَّذِی اَوجدت کل ظاھر وَمَکْنُوْنٍ فِیْ خَزَائِنِ غَیْبِکَ بِکُلِّ جَلِیْلِ الْقَدْرِ وَعَنْ سِتِّ الوُجُوْدِ فِیْ مَخْزُوْنِ سِرِّ اَوْ اَمْرِکَ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ وَّاَمْرِ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اَسْئَلُکَ یَا مُخْرِجَ الْاَشْیَاءِ مِنَ الْعدم اِلَی الْوُجُوْدِ مِنْ غَیْرِ عَجْزٍ مِنْ ایجاد کل شیءٍ یا موجود یا حی یا قیوم یا ذالجلال والاکرام۔

اسم الماجد کے خواص

ماجد مجید کی طرح ہے جیسے عالم بمعنی علیم۔ اس کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اللھم انت الماجد المجید الفعال لما تریدُ ذو الوعد الشدید اَسْئَلُکَ ان تقضی حَاجتی یا موجب الحی من المیت وموجب المیت من الحی امرہ بین الکافِ والنُّوْنِ وَنَقُوْلُ لِلشَّیْءِ کُن فیکون حی قیوم مکون الاشیاءِ کلھا من غیر مثال ولا مشیر ومد برھا سُبْحٰنَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ انت الواحد الماجد اَسْئَلُکَ ان قدم علی الخیرات وان نرزقنی المسرات تُتِمّ صدقک علی فرحی بکمال السرور انک انت الواجد الموجود وَاسئلک وتقضی حاجتی وتسخر لی خادم الاسم الملک میکائیل عَلَیْہِ السَّلَامُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اسم واحد الاحد کے خواص

ذرہ اصطلاح میں واحد ایک کو کہتے ہیں۔ اور احد کے معنی ہیں یکتا جس کے حصے نہ ہو سکیں اور کوئی اس کے مماثل نہ ہو۔ مثلاً ذرہ۔ جوہر یا فرد یا نقطہ کہ وہ بھی غیر متجزی ہے۔ اللہ تعالیٰ واحد ہے اور اس کا جوہر منقسم ہونا محال ہے۔ جس چیز کا شنیہ اور جمع نہیں وہ بے نظیر ہے اس کی جنس میں اس کے مماثل نہیں اور یہ بے مثالی وقت سے بھی محدود نہیں ہے کہ دوسرے وقت میں اس کی نظیر پیدا ہو سکے اللہ تعالیٰ تمام قسمان کے ساتھ احد ہے۔ اور یہ وحدت علی الاطلاق اللہ تعالیٰ ہی کے لیے خاص ہے۔ اس کی صفات میں سے تخصیص کی جہت سے بیان کی گئی ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اس کی احدیت تقریب کی جہت سے بھی ہے۔ سر لطیف اور کشف شریف یہ ہے کہ جو اسم لطیف اور بزرگ ہوگا۔ اس کی ... کا علم ادراک سے پرے ہوگا

اور جو اسم ایسا ہو وہی اسم اعظم سے قریب تر ہے چنانچہ اسم احد صرف جہت اور وحدیت کے سوائے کسی دوسری جہت سے نہیں جانا جاتا ہے۔ یہ اسم اسمائے الٰہی سے قدیم اور ازلی ہے۔ کیونکہ اللہ احد کے سوائے کوئی دوسرا موجود نہیں تھا اور اب بھی اللہ کے سوائے کوئی اور احد یکتا نہیں ہے۔

تمام عالم کی مثالیں بنائی ہیں جیسا کہ تمام کائنات چودہ دائروں پر مشتمل ہے۔ جن کے اندر نقطے اور مرکز ہیں جو نقطے سے جتنا قریب ہوگا اتنی ہی امداد اس کو قطب کل سے ملے گی بعض مرتبہ اس سے کشف بھی حاصل ہو کر اکثر امور سے واقفیت ہوگی۔

دائروں کے حالات

کائنات میں اکثر دائرے ہیں ملک سعادت اور شقاوت کے دائرے سبھی ہیں۔ اور ان سب کے گرد آسمان کا دائرہ ہے جس کا احاطہ اللہ خالق کل نے کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ یہ دائرہ فلک البشیر کا ہے جو عالم ملک پر محیط یہ عرش کا فلک بروج کا دائرہ ہے۔ جس میں نو آسمان اور زحل مشتری مریخ شمس زہرہ عطارد اور قمر کے افلاک ہیں پھر ان کے نیچے آتش ہوا پانی اور خاک کے دائرے ہیں اور زمین ہی میں پہاڑوں کی میخیں گڑی ہوتی ہیں نیز زمین کے گرد کوہ قاف محیط ہے اور اس کے بعد زمین سفید ہے۔

بعض کے نزدیک اسی سفید زمین میں جنت ہے۔ فلک کے آٹھوں دائروں میں سے ہر دائرے میں بہت وسعت ہے۔ اور آخرت کا دائرہ

ان سب سے الگ ہے جو بعث ونشور کی زمین ہے جس کے ساتھ سات دائروں میں سے دائرہ فلک، دائرہ علم اور دائرہ رسالت وغیرہ ہیں ان میں بہت سی آیتیں اور ہر آیت میں مرکزی دائرے ہیں اور انہی میں دوائر تحقیقات اور دائرہ قطب دائرہ اولیاء ہے دائرہ اولیاء بہت عظیم ہے اس کا پہلا حصہ دائرہ کشف پھر دائرہ نفس پھر دائرہ مرکز ہے جس سے اولیت ظاہر ہوتی ہے جب دور مکمل ہوگا تب ظاہر جانیں گے آخرویت ازلاً ابداً اللہ کے لیے ہے۔ وہی اول اور وہی آخر ہے۔

مثال اس لیے بیان کی گئی ہے۔ کہ عالم ملک اور آخرت میں اس کے دوائر نظر ڈالتے ہوئے کہو کہ دائرہ میں چار احکام ہیں ایک ذات وجود قطب جسے وضع دائرہ کی اصطلاح میں اسم مجرد کہتے ہیں۔ پھر فروع نقطہ علم انہی امور میں سے ہے پھر قطب محل روح اور پھر جسم کا دائرہ ہے اور یہ سب کے سب ان ہی دائروں میں موجود ہیں علم اور ارادہ کو راز بھو اور نقطہ اولیت جو نفس دائرہ کا راز ہے یہی صدیقوں کا محل ہے کیونکہ وہی لوگ قرب حقیقی کے مالک ہیں۔ جنہیں عالم سرالامر سے علم ہوتا ہے۔ اور ایسی صدیقیت ہی دائرۃ الامر کا موضوع اول ہے۔

اطوار بلحاظ قطب الامر میں نبوت ہی موضوع اول ہے۔ پھر نقطہ انتہاء ہے۔ جو صدیقوں کے مقامات کامل کرنے کے لیے بتر ارادہ ہے۔

اگرچہ علماء عاملین ان مراتب سے واقف ہیں لیکن میں نے شوق پیدا کرنے کے لیے ان کا تذکرہ کر دیا ہے تاکہ علم کی فضیلت و ماہیت سے واقف ہوں اور اسم کے اسرار کا انکشاف کر سکیں۔ اور ان اسماء کی دعا کوئی خاص نہیں البتہ ان کے خواص میں نے اپنی کتاب قبس الابتداء میں تحریر کیے ہیں، جو ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

د	ح	ا	ل	ا
ا	د	ح	ا	ل
ل	ح	ا	ل	ا
ا	ل	ح	ا	د
ح	ا	ل	ا	د

نقش الاحد یہ ہے

اسمائے القادر المقتدر کے خواص

ان دونوں اسماء کے معانی قدرت والے کے ہیں لیکن اسم مقتدر میں مبالغہ ہے۔ یعنی بہت زیادہ قدرت والا اور قدرت کے معنوں میں جس کے ساتھ چیز پائی جاتی۔ قادر وہ ذات ہے۔ جو جس چیز کو کرنا چاہے۔ اس کو کر لے مگر شرط نہیں ہے کہ ضرور ہی کرے۔ اگر اللہ تعالیٰ قیامت برپا کرنے پر قادر ہے لیکن جس وقت چاہے گا۔ اسے برپا کرے گا۔ اس لیے اپنے علم میں قیامت کے لیے ایک وقت رکھا ہے۔ اور اس سے اس کی قدرت میں کوئی فرق نہیں ہوتا اس لیے کہ وہی سب کا اختراع کرنے والا فقط تنہا اکیلا اور واحد ہے۔ نیز اپنی قدرت میں کسی ضرورت نہیں رکھتا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بھی کچھ قدرت دی ہے لیکن اپنی قدرت کی طرح نہیں بلکہ اللہ کی قدرت سے تعاون بندہ بھی عمل کر لیتا ہے جس کی تفصیل ہم نے اپنی کتاب علم الدنی میں کی ہے۔ ان اسماء کا ذاکر اشیاء کے قدرت کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور اللہ نے جو کچھ تقدیر میں لکھ دیا ہے۔ وہ ہو کر رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی اشیاء کے وجود کا خالق ہے۔ اور فاعل انسان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آگ کو پیدا کیا اور اسے جلانے کی بھی قوت دی ہے مگر کہاں آگ جلائی جائے یہ انسان کا فعل ہے سالک ان امور پر غور کرے۔

امراض سے شفا	دشمن کی ہلاکت	حقائق اشیاء کا علم
امراض دور کرنے کے لیے ان دونوں اسماء کو دو مربعوں میں لکھ کر شہد اور پانی سے دھو کر پلائیں۔ حکم الٰہی سے مریض شفا پاتا ہے۔ اگر چاندی کی تختی		

یہ دونوں اسماء کو ورد کرنے کے پڑھنے سے دشمنوں کی زبانیں بند ہو جاتی ہیں۔ اور دل نرم ہوتے اور کل مطالب پورے ہوتے ہیں۔

اس اسم کا ذاکر خواص میں شامل ہو جاتا ہے ان اسماء میں سے ہر اسم کی خلوت الگ الگ ہے اسم القادر بالشرط مقررہ پڑھنے سے عزرائیل جبرائیل حاضر ہوتا ہے۔ جو جبرائیل کے ماتحتین میں سے ہے۔

امور آخرت کی جھلکیاں

ذاکر کسی دشمن کی طرف غصے سے دیکھے گا تو وہ فوراً ہلاک ہو جائے گا۔ اسم مقتدر کے ذکر سے حقائق اشیاء مع تفاصیل کا علم ہوتا ہے۔ جس کا موکل خیائیل ہے جو میکائیل کا ماتحت ہے ذاکر کے پاس خواب یا بیداری میں اکر مقدرات کے راز بتاتا ہے۔ ذاکر اپنے سامنے آنے والے کی بات بتا دیتا ہے۔ کہ یہ شخص خوش نصیب ہے یا بدبخت اور جو ذاکر ہو جاتا ہے وہ اسے حاصل ہو جاتا ہے۔ اس ذاکر پر امور آخرت کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔

ر	د	ا	ق	ل	ا
ا	ر	د	ا	ق	ل
ل	ا	ر	د	ا	ق
ق	ل	ا	ر	د	ا
ا	ق	ل	ا	ر	د
و	ا	ق	ل	ا	د

ر	د	ت	ق	م	ل	ا
ا	ر	د	ت	ق	م	ل
ل	ا	ر	د	ت	ق	م
م	ل	ا	ر	د	ت	ق
ق	م	ل	ا	ر	د	ت
ت	ق	م	ل	ا	ر	د
د	ت	ق	م	ل	ا	ر

نقش مربع القادر اور المقتدر۔ دونوں اسماء کا ذکر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الَّذِیْ اَبْدَعْتَ بِقُدْرَتِکَ مَا اَوْجَدْتَ مِنَ الْمُقَدَّرَاتِ وَقَدَّرْتَ الْقُدْرَتَ الَّتِیْ اخْتَرَعْتَ وَوَضَعْتَ بِقُدْرَتِکَ وَمَا وَضَعْتَ بِھَا اِخْتِرَاعًا وَّوَضْعًا وَاَنْتَ مُسْتَغْنٍ عَنْ مُعَاوَنَۃِ شَیْءٍ مِّنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَنْتَ الْقَادِرُ الَّذِیْ تَقْدِرُ بِقُدْرَتِکَ عَلٰی سَائِرِ الْمَخْلُوْقَاتِ مِنْ غَیْرِ مُمَاسَۃٍ وَّلَا مُعَالَجَۃٍ بِالْمُعَالَجَاتِ وَالْاٰلَاتِ اَسْئَلُکَ یَا قَدِیْرُ بِاِحَاطَۃِ قُدْرَتِکَ عَلَی الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ قُوَّۃً عَلٰی مَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْکَ مِنْکَ وَلَا تَقْطَعْنِیْ اَبَدًا عَنْکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ تَصْرِیْفِکَ حَبِیْبًا مِّنَ الْاَحْبَابِ وَلَا تَبْتَلِنِیْ بِتَبْدِیْلِ الْوَصْلِ وَالْحِجَابِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَھَّابُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ ط۔

اسم المقدم المؤخر کے خواص

مقدم اور موخر وہی ذات مقدر اعلیٰ ہے۔ جو دور اور قریب ہے۔ جسے اس نے نزدیک کیا وہی مقدم ہے اور جسے دور کیا وہی موخر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو اپنے قرب اور ہدایت سے مقدم کیا ہے۔ اور اپنے دشمنوں کو دوری سے موخر کیا ہے۔ اپنے اور ان کے درمیان حجاب حائل کر دیتا ہے۔ اور اولیا کو بھی اللہ تعالیٰ کی قربت کی دولت [illegible] عطا فرماتا ہے

حاکم اعلیٰ جسے اپنا مقرب بنالے۔ تو لوگ کہتے ہیں کہ حاکم اعلیٰ نے فلاں شخص کو مقدم کیا ہے۔ اور یہ تقدم کبھی مکانی ہوتا ہے اور کبھی درجات میں اور لازمی طور پر اپنے متاخر کا مضاف الیہ ہے۔ تقدم میں قصد فوری ہے جو اضافت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف جس نے اس چیز کو مقدم کیا اور اس کی دوری سے یہ چیز مؤخر ہوئی تقدم و تاخر صفات توقیری ہے۔ جو علم پر محمول ہے۔ اور اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی مقدم اور مؤخر ہے جیسے اس آیت میں تصریح فرمائی ہے اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى ۔ اور فرمایا ہے۔ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا ۔ یعنی مسلمانوں کو مقدم اور کافروں کو مؤخر کیا ہے سالک و ذاکر پر یہ دونوں حالتیں منکشف ہیں۔

جسمانی قوت لوگوں میں محبوبیت مرتبہ کی بلندی

اسم مقدم کے ذاکر کے پاس مؤکل طرفائیل خواب یا بیداری میں آکر آفاق کی سیر کراتا ہے۔ ان اسماء کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے لوگ محبت کرتے اور بلند مرتبہ ملتا ہے۔ اسم مؤخر کے ذاکر کے جسمانی اعضاء طاقتور ہو جاتے ہیں۔ مؤکل خرجیائیل ذاکر کے پاس آکر ذاکر کے پاس آکر ذاکر کی ہر طرح مدد کرتا ہے۔ یہ دونوں اسماء مع معکوس اسم مؤکل سیسہ کی تختی پر نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا نور حاصل کرتا ہے۔

نقش المقدم المؤخر۔

ال	مق	د	م
۵	۳۹	۳۱	۱۳۹
۲۸	۲	۱۴۲	۲۳
۴۱	۳۴	۱۲۷	۳

ال	مو	خ	ر
۹۰۱	۱۹۹	۳۳	۲۵
۹۸	۵۹۸	۴۸	۲۳
۴۷	۳۳	۱۹۷	۵۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ سَبَقَتْ مَشِيْئَتُكَ فِيْ خَلْقِكَ لِكَلِمَةِ الرَّحْمَةِ عَلٰى كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَاَحْيَيْتَهُ مِنَ الْجِبِلِّ الْحَقِيْرِ وَحَكَمْتَ بِالشَّقَاوَةِ عَلٰى مَا اَبْعَدْتَهُ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَسْئَلُكَ بِجَرَيَانِ قَلَمِ الْقَضَاءِ وَالتَّحْرِيْرِ وَاِتْقَانِ حُسْنِ التَّصْوِيْرِ وَالتَّقْدِيْرِ وَاِحَاطَةِ عِلْمِكَ بِالتَّسْيِيْرِ اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ اِلَيْكَ بِحُسْنِ الْمُوَاصَلَاتِ وَقَضَاءِ الْحَاجَاتِ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَاَخِّرِيْنَ اَسْبَابَ التَّدْبِيْرِ وَاَهْلِ الْغَبْنِ وَالتَّقْصِيْرِ اَللّٰهُمَّ قَدِّمْنِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ يُعَادِيْنِيْ وَاَخِّرْ بِالْعَجْزِ وَالْخِذْلَانِ مَنْ يُرِيْدُ ضَرَرِيْ وَاَيِّدْنِيْ بِالنَّصْرِ يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

اللہ تعالیٰ ان اسماء کے ذاکر کا سینہ نور ایمان سے بھر دیتا ہے۔ اور ذاکر نام کل موجودات میں پھیلاتا اور نیک عمل کی توفیق کرتا ہے۔

اسم الاول الآخر کے خواص

اوّل وہ ذات ازلی ہے۔ جو ہر چیز سے اوّل ہے۔ اور آخر بھی وہی ہے۔ جو ہر چیز سے آخر ہے۔ یہ دونوں اسماء اگرچہ متناقض ہیں اور یہ تصور کیسے ہو سکتا ہے۔ کہ ایک ہی چیز اوّل بھی ہو اور آخر بھی ہو لیکن جب ترتیب وجود اور سلسلہ موجودات اسی کے وجود سے موجود ہیں۔ اور سالکوں کے سلوک کی ترتیب پر نظر کرو گے تو اللہ ہی کو آخر پاؤ گے کیونکہ ارتقاء کا آخری مقام وہی ہے۔ جس کی جانب عارف ترقی کرتا ہے۔ اور جو معرفت اللہ تعالیٰ کی معرفت سے پہلے ملتی ہے۔ وہ دراصل اللہ تعالیٰ کی معرفت کی ابتدائی سیڑھی ہے۔ سلوک کی اضافت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ ہی اوّل ہے اور وجود کی اضافت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ ہی مبداء اوّل ہے اور اسی کی طرف کل امور رجوع کے جاتے ہیں سالک جہاں بھی ہو یا انتہا

موجودات کی طرف نظر کرنے سے ان میں قدرت الٰہی صاف نظر آتی ہے۔ کیونکہ ان کا وجود اللہ تعالیٰ ہی کے وجود سے ہے۔ وہی سب چیزوں کا موجد ہے اور خود کسی وجود استفادہ نہیں کیا ہے۔ متقامات مذہبی پر نظر کرنے سے اللہ تعالیٰ ہی آخر میں رہتا ہے۔ جب کہ فرمایا ہے۔ اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی وجود کی اضافت کے لحاظ سے وہی اول ہے۔ اور سیر کی اضافیت سے وہی آخر ہے۔ یہ حقیقت معلوم ہونے پر یقین کامل کر لو وہی اوّل ہے وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن ہے۔ اس کی اولیت اس کی صفت ذاتی ہے۔ اور اس کے وجود کی توحید ہے۔ اور اس کی آخرویت اس کی خلق کے لیے صفت قائم ہے۔ جو بقا دیتا اور فنا کرتا ہے۔ وہ تمام اشیاء کے وجود سے بھی قبل موجود تھا۔ اس کی ولایت ترتیب مقامی اور تعدادی نہیں ہے۔ اس لیے اس کی اوّلیت و آخرویت میں کسی غیر کی شرکت ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ وہ امر ایسا ہے۔ جس کی جانب عارفوں کے عوارف فنتی ہوتے ہیں۔ وہی اول و آخر ہے ہر اس امر سے جس کا اس نے ارادہ کیا اور اس کی قدرت مقدرہ سے اس کی قدامت کی اور اس کی آخرویت اس کے استحالہ عدم کی خبر دے رہی ہے۔ جب کہ حضرت شبلیؒ[1] نے فرمایا ہے۔ حدود سے پہلے حروف سے بھی پہلے اللہ تعالیٰ موجود تھا اس میں اللہ تعالیٰ کے تقدم ذاتی کی جانب اشارہ ہے۔ یعنی ذات الٰہی کے لیے کوئی حد نہیں ہے۔ اور اس کے کلام میں جو حروف ہیں وہ اس کی اولیت ابتداء پر شاہد عادل ہیں۔

حضرت جنید بغدادی سے کسی نے توحید کے بارے میں سوال کیا فرمایا توحید دراصل موحد کا افراد اس کی وحدانیت کی تحقیق اور احدیت کا کمال ہے اس طرح سے کہ وہی واحد واحد ہے۔ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ کسی سے جنا گیا نہ کوئی اس کی ضد نہ کوئی شریک اور نہ کوئی اس کی شبیہ اور مثل نہیں ہے۔ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔

اے بھائی اس کے قرب کے لیے اول ہو اور وصل عبودیت میں اس کے آگے آخر ہو۔ اگر اس کے حضور قیام میں اول رہو گے تو وہ تمہارے باطن کو توحید میں اولیت کا مشاہدہ کرا دے گا۔ اور اگر عبودیت میں آخر ہو گے وہ تم کو انتہا مقرب کر دے حقائق آخرت تم پر واضح کر دے گا۔

توحید کے باریک لطائف الفاظ میں بیان نہیں کیے جا سکتے اول کے معنی یہ ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ ایسا قدیم ہے جس کی ابتدا اور انتہا نہیں ہے اس کا وجود اتفاقی نہیں ہے۔ اس کے اوّل ہونے سے یہ امر بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ اس کے ساتھ کوئی غیر نہیں ہے اور اس کی ازلیت کی کوئی ابتداء نہیں ہے۔ نیز اس کی ابدیت دائمی ہے۔ اللہ واحد مشابہت سے بری اور اس کی احدیت برتر از ہمہ ہے۔ اللہ احد کی احدیت میں کوئی شریک نہیں ہے۔ اور اس کی توحید اس کے سوائے کوئی اور بیان کر سکتا ہی نہیں اسی لیے حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لیے اپنی معرفت کی صرف ایک راہ رکھی ہے۔ کہ اس کی معرفت کے ادراک سے بندہ عاجز رہے۔

بعض صوفیائے کرام نے کہا ہے اللہ کو نہیں پہچانا مگر اللہ نے اس اسم کے ذاکر کو لازم ہے اپنے خطرات کو ہمیشہ میزان اصول اور قواعد میں ظاہراً اور باطناً وزن کرتا رہے۔ دنیا پر نظر رکھے اور مقام آخرت کو دیکھتا رہے۔ اور اس آیت میں غور کرے اَلَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ اِلَی الْمُرْدٰنَ اگر ایمان میں کمی ہوئی اور ذات مسکنت مولیٰ لی تو اسفل السافلین میں گر پڑے گا۔ وہاں بھی اللہ تعالیٰ تیرے لیے اولیت اور آخرویت جمع کرے گا اور حساب کتاب ہو گا نتیجہ نکلے گا۔ مسلمانوں کے لیے فرمایا ہے۔ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ۔ ان دونوں اسماء کا کوئی ذکر خاص نہیں۔ بلکہ یہ اسم اعتقاد صحیح کرنے کے ہیں مرید ابتداء میں ان دونوں اسماء کا ذکر کرے تاکہ اپنی ذات میں توحید دیکھے گے۔

[1] بزرگ شبلی ۳۳۴ھ سے پہلے گذرے ہیں۔

پھر تو موحد ہے۔ اور حقیقت توحید کا معترف ہے۔

ذاکر بننے کے لیے اپنے اعمال خالص کرو اور بغیر کسی عوض کے عمل کرو اس لیے عوض کی غرض سے کام کرنا موجب غضب ہے نعوذ باللہ منہا۔ بہر حال خلوص لازم ہے۔ اگر تمہارے نفس میں کوئی اغراض ہو تو کسی طرح کا تصرف نہیں کر سکتے۔ تکبر و خود غرضی اپنے ظاہر و باطن سے باہر نکال پھینکو۔ سورۂ اخلاص اور ان اسماء کا ذکر کرو ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۔ فضول باتیں چھوڑ دو یا ہر جمعہ بلکہ روزانہ غسل کرنا اور ان اسماء کا ذکر کرتے رہنا کیونکہ یہ اساس ہیں۔ ان ہی سے ذاکر کو فتوحات ملتی ہیں۔ اعداد کے برابر ہر نماز کے بعد خلوت میں پڑھنے سے کشف ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو اپنے افعال میں جلوہ گر پاؤ گے اس کی ذات و احد کا نور تم پر جلوہ کرے گا جس کے مشاہدہ سے اپنے باطن میں معلوم کرو گے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری رگ و جان سے بھی زیادہ قریب تر ہے۔ اس حقیقت کے بعد تمہیں لازم ہے کہ اس پہ ثابت قدم رہو اور تمہیں کشف نصیب ہو ان اسماء کے ذکر پر اسم اول کا خادم طیطیائیل اور اسم آخر کا خادم ارحنائیل دونوں حاضر ہو کر علویات میں قبولیت کا خلعت تمہیں پہنا کر مقام بلند اور برزخ کا کشف کرائیں گے

نقش الاول الآخر

ال	ا	د	ل
۱۱	۲۷	۲۲	۴
۳	۷	۲۸	۲۲
۵	۲۲	۲۸	۱

ال	ا	غ	ر
۱۹۹	۹۰۱	۴	۲۸
۳	۲۹	۱۹۸	۹۰۴
۱۹۹	۲۰۱	۳۰	۲

ان اسماء مربع عددی دشمن کو دور کرنے اور عالم علویات میں قبولیت کے لیے بہت سود مند ہے۔ چاندی کی تختی پر کندہ کر کے گلے میں ڈالنے سے بچہ باتیں کرنے لگتا ہے اسے گلاس میں لکھ کر پاک پانی سے دھو کر نوش کریں تو اللہ اس کو علم نصیب کرتا ہے۔ جو لوگوں کو عام طور پر معلوم بھی نہیں ہوتا حفظ محبت اور قبول عام کے لیے پر تاثیر عمل ہے۔

محبوب محبت سے بے چین ہوتا ہے | یہ اسماء کسی شخص کے نام کے ساتھ سے سر سمۂ اول نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے مطلوب محبت سے بے چین ہو جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ الْقَدِيْمُ لَا نِهَايَةَ الْوُجُوْدِكَ اَنْتَ الْاَبَدِيُّ مُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ وَمُعَلِّلُ وَمُوْجِبُ الْاَكْوَانِ وَمُؤَخِّرُ كُلِّ مِّنْهُمْ اِلٰى اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ اَسْئَلُكَ يَا مَنِ افْتَقَرَ اِلَيْهِ كُلُّ شَيْءٍ فِيْ وُجُوْدِهٖ اِلٰى اِيْجَادِهٖ وَاِثْبَاتِهٖ وَاضْطَرَّ كُلُّ حَيٍّ فِيْ حَيَاتِهٖ وَانْتَهٰى وُجُوْدُ كُلِّ شَيْءٍ بِالرَّجْعَةِ اِلَيْهِ بَعْدَ فَنَائِهٖ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَنِيْ بِحَيَاتِكَ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

اسمائے الظاہر الباطن کے خواص

یہ دونوں اسماء دراصل متقابل ہیں۔ ظاہر جو ایک وجہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ دوسری وجہ سے باطن نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ تم کو ادراک دے تو اس نسبت کو سمجھو گے جو باطن سے ہے۔ استدلال اور نقل کے ذریعہ جس کو طلب کرو گے تو ظاہر ہے۔ یہ مسئلہ طولانی ہے۔ تاہم ہم حسب ضرورت اشاروں پر ہم اکتفاء کرتے ہیں۔ اللہ کی قدرت سے اخبار ظاہر ہیں اور اس کی حکمت سے کچھ اشیاء باطن میں موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ ظاہری و باطنی عبادت چاہتا ہے۔ جو یہ ہے۔ وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۔

ظاہری عبادت سے ظاہر … اور جو عبادت صرف باطن سے ہوتی ہے

یہ ہے۔ وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ اور فرمایا ہے۔ اَوَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا فِیْٓ اَنْفُسِہِمْ مَا خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اِلَّا بِالْحَقِّ۔ غیر باطن کے ظاہری عبادت کی مثال یہ ہے۔ اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کَیْفَ خُلِقَتْ۔

اہل باطن کو اللہ تعالیٰ نے عبادت کے لیے جمع کرکے عبادت میں ظاہر کو پیش نظر رکھا اور باطنی اسرار کے لیے۔ صادقان اخلاص کے لیے ظاہری و باطنی اسرار جمع کرکے فرمایا۔ الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ تا مُفْلِحُوْنَ۔

یہ وہ لوگ ہیں جن کے ایمان بالغیب لانے کو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔ یہی صاحبان اخلاص اول ہیں اور ان ہی پر عنایت ازلی ہوئی ہے۔ حاصل غیب عالم ملکوت میں لطیف ترین شئے ہے۔ غیب کے اسباب اخروی کی رسولوں نے خبر دی ہے۔ ایمان بالغیب کے متعلق قاعدہ کلیہ ہے کہ کوئی چیز ادراک نہیں کی جاتی۔ مگر اس چیز کے ذریعہ سے جو اس سے زیادہ لطیف ہے اور جو چیز اس سے کم لطیف ہو اس کے ذریعہ ادراک نہیں کیا جا سکتا اللہ تعالیٰ نے عقول پیدا کرکے ان کو اپنے لطائف حقائق اور عالم اسرار الٰہیات سے خاص کرکے سرّ نورانی عطا کیا پھر اس سے خطاب کیا اس میں دو قوتیں ہیں ایک سماع کی قوت دوسری اجابت کی بر شمول فرمانبرداری عقل اور یہی اس کی قوت اور نعمت ہے۔

رازکی بات اور غیب کا سوال معلوم کرنا

ذاکر کو لازمی ہے کہ تقویٰ خشوع اور خاموشی سے روزہ اور نماز کے ساتھ خلوت و دونوں میں اسماء پڑھے اور سورۂ اخلاص روزانہ ایک ہزار بار دل جمعی سے پڑھے۔ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ پڑھتا ہے۔ تاکہ نورانی تجلیات جلوہ گری کریں حتیٰ کہ موکل کے پاس آکر غیب کے پردے ہٹا دے گا اور بقدر استعداد خوش اسلوبی سے گفتگو کرے گا۔ کوئی راز کی بات معلوم کرنی ہو تو ان دونوں نقشوں کے گرد ذکر اور موکل کا نام لکھ کر ان اسماء کو موافق اعداد پڑھے اور جو راز معلوم ہو وہ کسی سے نہ کہو۔ مطلب برآری ہوگی۔ ذکر یہ ہے۔

نقش الظاھر والباطن

ر	ھ	ظا	ال
۹۰۰	۳۲	۱۹۹	۶
۳۲	۴۳	۳	۱۶۸
۴	۱۹۷	۲۴	۴۳

ن	ط	با	ال
۲	۲۲	۴۹	۱۰
۳۳	۵	۷	۴۸
۸	۴۷	۳۲	۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الظَّاھِرُ بِالصِّفَاتِ الْبَاطِنِ بِالذَّاتِ الَّذِیْ لَا تُدْرِکُہٗ بِاِدْرَاکِ الْحَوَاسِّ وَقُوَّۃِ الْوَھْمِ وَالْخَیَالِ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ مُخْتَصٌّ بِالرَّحْمَۃِ وَالْاَفْضَالِ وَتَنْظُرُ بِعَیْنِ الْفُؤَادِ بِقُوَّۃِ الْعَقْلِ بِطَرِیْقِ الْاِسْتِدْلَالِ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ بِالْغَلَبَۃِ وَالْقَھْرِ وَالْجَلَالِ وَصِفَاتِ الْکِبْرِ وَالْکَمَالِ اَسْئَلُکَ بِجَمِیْعِ اَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی وَکَلِمَاتِکَ الْعُلْیَا اَنْ تُظْھِرَ عَلَیَّ مِنْ قُوَّتِکَ مَا اَقْھَرُ بِہٖ عَلٰی شَھْوَتِیْ وَاَقْھَرُ بِہٖ اَحَدَ اِلٰی وَتَنْفِرَسَ بِنَفْسِیْ ذٰلِکَ وَاَبِیْ یَا اَللّٰہُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

اسمائے الوالی المتعال کے خواص

اسم الوالی اگرچہ قرآن شریف میں نہیں ہے۔ لیکن اس کے معنی کل چیزوں کے مالک اور ان پر اپنی مرضی کے موافق تصرف کرنیوالے کے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بلا شرکت غیرے ہر چیز پر متصرف و حاکم ہے۔ قرآن شریف میں اَلْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ آیا ہے اس کے معنے بہت ہی مرتبہ والے ہیں اور ان معانی میں حاوی ہے۔

اسم البَرُّ کے خواص

لفظ بر کے معنی حق کے ہیں نیز لفظ بر اسم مطلق ہے۔ جس سے تمام خوشیاں اور احسان معلوم ہوتے ہیں بندہ بھی اپنی نیکی کے لحاظ سے بَرّ کہلاتا ہے۔ خاص کر اپنے والدین اور اساتذہ سے بھلائی کرتے وقت بر کہلایا جاتا ہے۔

موسیٰ نے اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے کے بعد ایک شخص کو عرش کے پایہ کے پاس دیکھ کر تعجب کیا۔ اور پوچھا اے پروردگار یہ بندہ مرتبہ تک کس طرح پہنچا جواب آیا یہ کسی سے حسد نہیں کرتا تھا اپنے والدین سے بہتر سلوک سے پیش آتا تھا یہ ہے بندہ بَرّ کی تفسیر

اللہ تعالیٰ الطاف اور بَرّ نے مسلمان کو امل یمن میں سے کر کے اس کی دعا کو الہام بخشا اور اجابت نصیب کی اس کی پر شہوتوں اور طبعی ظلمتوں کی شدت دور کر کے ایمان طرف رجوع کو توفیق دی۔

دنیا میں اللہ تعالیٰ نے رسول اور کتابیں دے کر احسان کیا ان رسولوں اور کتابوں کو قبولیت بھی عنایت کی اور انسان کو عمل کرنے کا نصیب سمجھائی اور خواہشوں سے محفوظ رکھا اللہ تعالیٰ نے بے حد احسان و اکرام کیے ہیں۔ برزخ میں اس کے احسان یہ ہیں۔ کہ مسلمانوں اور شہداء کی روحیں سبز پرندوں کی صورت میں جنت میں کھاتی پھرتی ہیں۔ پھر مردوں کو اپنے کرم و احسان سے زندہ کرے گا۔ اور صراط مستقیم پر ثابت رکھے گا تاکہ دوزخ میں گر نہ پڑیں۔ اس لیے کہ مسلمانوں نے ایمان کو ابتداء سلام دائیں جانب سے اور قرآن کریم کو آگے سے حاصل کیا اور سنت پر عمل کیا پھر اس کا کرم ہو گا حوض کوثر سے ایک گھونٹ پلائے گا۔ جس کے بعد کوئی پیاسا نہ رہے گا۔ پھر یہ احسان ہے۔ کہ جنت میں داخل کر کے اپنے دیدار کا بہت بڑا احسان فرمائے گا۔ اور مزید احسان یہ ہے کہ اس نعمت میں ہمیشہ رکھے گا اور اللہ تعالیٰ کا ایک احسان یہ کیا ہے۔ کہ اپنے کلام میں کائنات نے ذاکر کا خادم بنایا فرمایا ہے۔ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۔ یہ تمام احسانات الٰہی اپنے بندوں پر فرمائے ہیں۔

حضرت امام حسن سے مروی ہے کئی دن آپ نے اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ کھانا نہ کھایا جب انہوں نے پوچھا بیٹا ہمارے ساتھ کھانا کیوں نہیں کھاتے تو عرض کیا اس بات سے ڈرتا ہوں کہ آپ کی نظر کسی چیز پر ہو اور میں کھا لوں تو عاق ہو جاؤں گا۔ والدہ محترمہ نے فرمایا خوف نہ کرو تم کو کھانے کی اجازت ہے۔ اس کے بعد آپؓ والدہ کے ساتھ کھانا نوش فرماتے رہے۔ [1]

اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے مسلمانوں کو دیگر امتوں پر قیامت کے دن شاہد بنایا اور استغفار کرنے والوں کے برے اعمال کو فرشتوں سے پوشیدہ کر دیا ہے۔

مسلمانوں کو لازم ہے کہ جو اس سے نیکی چاہے اس سے نیکی کرے خصوصاً فقراء اور مساکین سے پورے خلوص کے ساتھ نیکی کرے تاکہ عجائب ملکوت کے کشف کا سبب بن سکے اور اپنی نفسانی خواہشوں سے مخالفت کرے جو نیک نیتی کے ساتھ متفرق ریاضتوں کے باعث رب کی معرفت کا ذریعہ ہو۔ کیونکہ نفوس سے اپنے اعمال صالح کے ذریعہ نیکی کرو گے تو اس کے اوصاف تم پر ظاہر ہوں گے جس کی طرف حضور اکرمؐ نے فرمایا ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ روح کے ساتھ نیکی کرنا یہ ہے کہ حقوق الٰہی ادا کرتے رہو امانت ادا کرو جو تم پر واجب ہے اور نماز خوش ہو کر پڑھتے رہو کیونکہ یہی اساس شرائع اور اسی سے موجودات میں اسرار قدرت کے کشف ہوں گے اور اس کے جب

[1] یہ عاق ہو جانے کی روایت بہ لحاظ تاریخ کی نظر میں ثابت نہیں ہے۔ از مترجم

سے دنیاوی فانی اور جسمانی ظلمت سے پاک صاف ہو جاؤ گے۔

ذاکر کو لازم ہے ایسی چیزوں کو ترک کرو جو نفس کو مرغوب ہوں کیونکہ استعمال اشیاء در اصل ہلاکت روح و پاکیزگی ہے۔ حق سے ہمیشہ کام لو اور نفس کو پاک و صاف بناتے رہو تاکہ تم علم نصیب ہو کر علوم باطنی اور حقائق ایمانی تم پر جلوہ گری کریں جن کے باعث تم دنیائے ظلمت اور مشاہدہ انوار میں تیراکی کر سکو گے۔

حتیٰ کہ بالا خوبیاں در اصل امہات اور اساس اعمال ہیں۔ جب ان امہات کے ساتھ ہر اسم حاصل کرو گے تو کل مقامات اور راہ سلوک کے ساتھ بے چون و چرا باغات معارفت میں داخل ہو گے جہاں تم پر حقائق کی جلوہ گری ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے کرم و احسان سے جنت میں رہو گے۔

جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہونے میں یہاں سے یہی امہات مراد ہیں۔ اسم کا ذاکر والدین کے ادب کی طرح شریعت اسلامیہ کے مطابق شروع کرو۔ اور ظاہر و باطن میں شریعت کی مخالفت نہ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ راہ شریعت پہ چلنے والے کو پسند کرتا ہے۔

حضرت بایزید بسطامی سے حکایت ہے۔ ابتدائی زمانہ میں جب میری عمر دس سال تھی۔ میں رات کو سوتا تھا۔ میری والدہ نے ایک شب مجھے قسم دی کہ میں ان کے بچھونے پر لیٹوں میں اس طرح لیٹا کہ میرا ہاتھ ان کے سر کے نیچے دبا ہوا تھا مجھے نیند نہ آئی۔ اس حالت میں دس ہزار مرتبہ قل ہو اللہ احد جو میرا معمول تھا پڑھا۔ اور ان کے جاگنے کے خیال سے اپنا ہاتھ ان کے سر کے نیچے سے نہ نکالا۔

اپنے مرشد سے نیکی کرنا بڑا اجر رکھتا ہے۔ اور یہی بقاء کا سبب ہے۔ مرید کے لیے لازمی ہے۔ کہ مرشد سے کوئی پوشیدہ نہ رکھے تاج العارفین شیخ ابوبکر قرشی سے حکایت ہے میں اس سے تونس میں تھا کہ آپ کا ایک مرید با اطلاع لیے آیا اور عرض کیا حضرت اس کا کیا کروں فرمایا افطار کے لیے رکھو میں نے کہا اطلاع بھی ایسی چیز ہے۔ جس میں آپ سے دریافت کی ضرورت ہے۔ فرمایا اگر مرید ایک بات بھی پوشیدہ رکھے۔ تو کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔

اسم البر کے ذاکر اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق کی رعایت کرنا ان کے ساتھ نیکی کرنا قرآن کریم پڑھنا اور نماز پڑھنا روزہ رکھنا اور نیک لوگوں کی ہم نشینی کرنا چاہیے اور کسی شخص پر اعتراض نہ کرنا لازمی ہے خلوت اور ریاضت کے ساتھ اس اسم کو اس کے اعداد کے موافق پڑھنے سے خواب یا بیداری میں آکر علم اکسیر بتاتا ہے۔

ر	ب	ل	ا
۳۵	۲۲	۴۰	۱۰
۳۲	۵	۱۷	۴۸
۲۴	۴۷	۳۴	۳

با برکت بننا اور فلاح پانا

نماز کے بعد یہ اسم پڑھنے والے کی زبان سے اللہ تعالیٰ حکمت کے جاری کرتا ہے۔

یہ نقش رکھنے والا با برکت ہو جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ نُوْرُ الْبَرَكَاتِ الْمَعْرُوْفُ بِالْجُوْدِ وَالْاِكْرَامِ فِي الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ تَفَضَّلْتَ بِالْاِحْسَانِ وَالْاِمْتِنَانِ عَلٰى سَائِرِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَاَبْرَزْتَ لَطَائِفَ بِرِّكَ عَلٰى ذَوَاتِهِمْ بِرُوْحِ الْحَيَاتِ بِحَسْبِ ذَاتِ كُلِّ شَيْءٍ بِنِهَايَتِهٖ بِالْعَدَدِ وَالسِّمَاتِ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ الْمُحِيْطِ الْعَظِيْمِ وَذُرْوَةِ قُدْرَتِكَ عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ بِاَحْكَامِ التَّفْصِيْلِ وَالتَّبْجِيْلِ اَنْ [illegible] النِّعَمِ التَّابِعَاتِ وَكَمِّلْ

سرورِی بِالنَّظرِ اِلَیکَ فِی الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃِ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ

اسم تواب کے خواص قبولیت توبہ گناہوں سے نجات رزق میں وسعت

تواب وہ ذات الٰہی ہے۔ جو توبہ کی لوگوں کو توفیق دیتا ہے۔ اپنی نشانیاں تنبیہات ان کے سامنے کرتا ہے۔ جس سے لوگ متاثر ہو کر توبہ کرتے ہیں اور اللہ اپنے فضل سے ان کو توبہ قبول فرماتا ہے۔

دم نکلنے سے پہلے تک توبہ کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔ چھوٹے بڑے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ جب کہ یہ قصد ہو کہ پھر جرم نہ کروں گا۔ جن لوگوں کی چیزیں ظلم سے لی ہیں۔ ان کو واپس کر دینا چاہیئے یہ اسم اولیاء کا ذکر خاص ہے اس کو لکھ کر سخت گنہگار کو پلائیں تو وہ گناہوں سے توبہ کرتا ہے۔ اس اسم کا ذاکر جس گنہگار کی طرف توجہ کرے گا وہ فوراً توبہ کرے گا۔ اس اسم کا موکل حاملان عرش کے خدام میں سے ہے۔ اسکے ستر صلیں دیگر موکلوں کی ہیں۔ جو ذاکر کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جس شخص پر تنگی ہو وہ بکثرت استغفار پڑھے اسم کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دیتا ہے مطلب حاصل ہوتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔ نقش التواب یہ ہے

ال	ت	وا	ب
۳	۹	۴۹۷	۳۴
۳۹۸	۴۳	۴	۵۸
۸	۱۸	۲۲	۳۹۹

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنتَ التَّوَّابُ عَلَی العُصَاۃِ اِذَا نَدِمُوا وَاَنتَ اَوَّابٌ عَلَیھِم بِلُطفِکَ اِذَا سَمِعُوا فَاَظھَرتَ لَھُمُ الدَّلِیلَ وَالاٰیَاتِ وَنَشَرتَ لَھُم مِّن جَنَابِکَ الحَسَنَاتِ وَتُرِیھِم مَوَاقِعَ التَّحرِیفَاتِ فَتَجتَمِعُ لَھُم اَسبَابُ القُرُبَاتِ اَسئَلُکَ اللّٰھُمَّ یَا مُقَدِّرَ التَّوفِیقِ بِالاِرَادَاتِ وَمُسَبِّبَ ھٰذِہِ الاَسبَابِ بِسِرِّ تَجَلِّیکَ یَا رَبَّ الاَربَابِ اَسئَلُکَ اَن تَقبَلَ تَوبَتِی وَتَجعَلَنِی عِندَکَ مِن خَالِصِ الاَحبَابِ حَتّٰی لَا یَبقٰی بَینِی وَبَینَکَ حِجَابٌ وَاَن تَغفِرَ خَطِیئَاتِی وَزَلَّاتِی وَتُضَاعِفَ اَجرِی وَحَسَنَاتِی وَتَجعَلَنِی فِی خَاطِرِ قُدسِکَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

اسم منتقم کے خواص

منتقم وہ احکم الحاکمین ہے۔ جو نافرمانوں اور سرکشوں کو عذاب کی تنبیہ کرتا اور عذاب سے قبل مہلت اور فرصت دیتا اس عرصہ میں ان کو خوف بھی دلاتا ہے۔ تاکہ اپنے کرتوت سے باز آجائیں یہ طریقہ انتقام جلد عذاب دینے سے زیادہ دردناک ہے۔ لوگوں کا انتقام اس طرح لینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں یا سب سے بڑے اپنے دشمن نفس سے انتقام لے انتقام کا وقت وہ ہے۔ جب وہ گناہ کا مرتکب ہو یا عبادت میں خلل ڈالتا ہو۔

حضرت بایزیدؒ سے حکایت ہے۔ ایک دن میرے نفس نے ذکر کرنے سے مجھے کاہل سا بنا دیا۔ میں پانی بہت پیتا تھا۔ چنانچہ میں نے ایک سال تک پانی نہ پیا نفس کو عذاب دیا۔ اور قریب تھا کہ میں پانی پیئے بغیر ہلاک ہو جاؤں گا لیکن عبادت کے مقابلہ میں نفس کو سزا دینا ضروری ہے۔

اسم التواب کا ذاکر قطب وقت کا نمایاں ذریعہ ہوتا ہے۔ اولیاء پر جو لوگ اعتراض کریں وہ ان سے انتقام لے اپنے ظالم کے لیے یہ بموافقت اعداد پڑھے [illegible] کا حکم دو تو موکل جس کا نام طیطائیل ہے خواب

یا بیداری میں تمہارے پاس آکر تمہارے حکم کی تعمیل کرے گا اسم جبار کے ساتھ اس کو ذکر پڑھنا برکت کے لیے بہت نافع ہے۔ جماعت کو اس اسم سے جلانے کی ترکیب یہ ہے کہ اسم کے تکسیری حروف میں جلانے کا اضافہ کرو پھر اس کا نقش بیسی کی تختی پر کندہ کرے اور مؤکل کا نام بھی اسکے گرد لکھکر آسیب کرے تو جو اسکے قریب نہ آوے اگر آئیگا تو جل جائے گا۔

قم	ت	ص	ال
۲۹	۳۲	۱۳۹	۲۰۱
۳۳	۹۲	۲۹۸	۱۳۸
۱۹۹	۱۳۷	۳۴	۹۱

کسی کو مرض میں گرفتار کرنے کا عمل

بہر تماعمل کے ساتھ اس اسم میں جس مرض کا نام اضافہ کرو وہ مرض اس شخص میں پیدا ہو جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُنْتَقِمُ مِنَ الْجَبَابِرَةِ وَالْعُصَاةِ وَقَاهِرُ ظُهُوْرِ الْمُتَكَبِّرِيْنَ وَالطُّغَاةِ الشَّدِيْدُ نِقْمَتُكَ وَسَطْوَتُكَ عَلَى الظَّالِمِيْنَ الْعُتَاةِ اَسْئَلُكَ بِمَكْرِ سَطْوَتِكَ وَشِدَّةِ اَخْذِ نِقْمَاتِكَ وَقُوَّةِ قَهْرِ نِقْمَتِكَ اَنْ تُعَاجِلَ اللّٰهُمَّ بِالْقَهْرِ مَنْ يُرِيْدُنِيْ بِالسُّوْءِ وَالضَّرَرِ وَتُمْهِلَهُ قَهْرًا عَلَيْهِ وَاَيِّدْنِيْ بِالنَّصْرِ عَلَيْهِ وَالظَّفَرِ اَللّٰهُمَّ اَخْرِسْنِيْ مِنْ شَرِّ الْاِنْتِقَامِ بِمَنْظَرِ الْمُقَدَّسِ وَعَلَيْكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ شَرِّ الْاَنَامِ وَاَنْتَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ مَ لَكِ الدَّوَامِ يَا مُنْتَقِمُ يَا سَلَامُ۔

اسم عفو کے خواص

معلوم ہو کہ عفو وہ ذات ارحم الراحمین ہے جو برائیوں کو معاف اور گناہوں سے درگذر کرتی ہے اس کا تذکرہ اسم رحمان ورحیم میں بیان ہو چکا ہے یاد رہے غفران سراسر اس سے پیدا ہوتا اور عفو اس سے ہو پیدا ہوتا ہے۔ اور عفو اس سے زیادہ بلیغ ہے مسلمان کا کام یہ ہے کہ جو اس پر ظلم کرے اسے معاف کر دے اور اس سے نیکی کرے۔ اللہ تعالیٰ محسن علی الاطلاق ہے وہ نافرمانوں کی سزا میں جلدی نہیں کرتا بلکہ انکی توبہ قبول کرنا چاہتا اور اپنے فضل وکرم سے ان کو معاف فرماتا ہے۔ یہ اسم بہ شکل مربع دشمنی کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مفید ہے۔

نقش العفو یہ ہے۔

د	ف	ع	ال
۶۹	۳۲	۵	۸۱
۳۲	۷۲	۷۸	۴
۷۹	۲	۳۳	۷۱

اسم رؤف کے خواص

رؤف کے معنی ہیں بہت زیادہ رحمت والا اسکی تفصیل اسم رحیم میں بیان کی گئی ہے۔ اور اس کا تعلق روحانی اسم وورد میں لکھے جاتے ہیں ۲۰۱ اسم کو اگر کسی شخص کے نام کے ساتھ ترکیب دیکر لکھا جائے تو بڑی محبت پیدا ہوتی ہے۔ اس اسم کے ذاکر کو کشف ہوتا ہے۔ اس اسم کے

نقش الرؤف یہ ہے

ف	و	ء	ال
۱۹۹	۳۲	۶۹	۷
۳۳	۲۰۳	۴	۷۸
۵	۷۰	۲۴	۲۰۱

مؤکل کا نام عیائیل ہے۔ جو میکائیل کا خاص ماتحت ہے ذاکر کی صلاحیت کے لحاظ سے اگر کام پورے کرتا ہے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّؤُفُ الرَّحِيْمُ الْمَوْجُوْدُ الْغَنِيُّ الْقَيُّوْمُ مُحْدِثُ الرَّحْمَةِ لَوْ اَبْعَدُوْا مَا حَسَنَ الْحَسَنَاتِ وَرَفَعْتَ الدَّرَجَاتِ اَسْئَلُكَ الرَّحْمَةَ الْوَاسِعَةَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُعْطِيَنِيْ قَصْدِيْ وَلَا تُخَيِّبْ رَجَائِيْ وَمُتَغَنِّيْ بِشُهُوْدِ ذَاتِكَ وَعِلْمًا بِمَحَاسِنِ صِفَاتِكَ اَبَدًا مَا دَامَتْ حَيَاتِيْ اَللّٰهُمَّ نَجِّنِيْ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ مِنْ كُلِّ مَا ظَهَرَ وَبَطَنَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

اسمائے الغنی المغنی کے خواص

غنی وہ ذات ہے۔ مستغنی جو دوسرے کی محتاج نہ ہو نہ بلحاظ ذات اور نہ بلحاظ صفات اور تمام علائق سے پاک ہو جس کا وجود کسی خارجی شے پر موقوف ہوتا ہے۔ وہ فقیر اور محتاج ہے اور غنی صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ غنی مطلق ہے جسے چاہتا ہے غنی کر دیتا ہے۔ جو انسان غنی کہلاتا ہے وہ دراصل مغنی یعنی غنی بنانے والے کا محتاج ہے اور غنی وہ ہے جو غیر سے بے پرواہ اور اللہ تعالیٰ کا محتاج ہو اللہ ہی سب کی امداد فرما کر احتیاج سے دور رکھتا ہے۔ اور حقیقتاً مغنی وہی ہے جسے کسی چیز کی حاجت نہیں ہے۔ اور جن لوگوں کو غنی کہا جاتا ہے مجازاً غنی کہے جاتے ہیں۔ محض حاجت نہ ہونے سے غنی نہیں کہا جاتا بلکہ حاجت باقی ہی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہی غنی ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۔ اللہ کے سوائے سب باقی فقیر و حاجت مند ہیں۔

رسول اکرم کا ارشاد ہے۔ کثرت مال سے امیری نہیں بلکہ امیری دل سے ہے بعض لوگوں کے پاس اتنی دولت ہوتی ہے کہ عمر بھر خرچ کریں تب بھی ختم نہ ہو مگر کوڑی کوڑی کے لیے جان دیتے ہیں۔ تونگری کا اعلیٰ مرتبہ یہ ہے کہ جو کچھ موجود ہو اسی پر قناعت کی جائے کیونکہ تونگری سے ہوتی ہے۔ اور وہی تونگر ہے جسے اللہ تونگری اور غناء دیتا ہے۔

بعض متقی انسان از حد مفلس ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی خودداری کی وجہ سے ان کو بہت بڑا امیر سمجھتے ہیں جیسا حکم الٰہی ہے۔ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ جو انسان سیرت حیوان ہے وہ نہایت نالائق اور بے کار ہے پوری دنیا اسے ذلیل اور فقیر کہتی ہے۔ جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے وہ دل کا تونگر خوددار و پروقار مخلص اور پاکیزہ نیت رکھتا ہو۔ ان دونوں اسماء کو ملا کر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اور جی چاہے تو الگ الگ پڑھنے سے مؤکل حاضر ہو کر ذاکر کے حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ اسم غنی کے مؤکل کا نام علیائیل اور اسم مغنی کے مؤکل کا نام عطیائیل ہے ان دونوں اسماء کا مربع ۱۰×۱۰ کا ہے۔

محبت کا عمل اور رزق کی کشادگی محبت کے لیے اسم غنی کا نقش طالع سعد میں لکھ کر اس کے اطراف مؤکل کا نام لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے تو محبوب کا دل اس کی طرف رجوع کرے گا۔ اگر مفلس اسے اپنے پاس رکھے تو اس کا رزق کشادہ ہوتا اور لوگوں کے سامنے عاجزی کرنے سے نجات پاتا ہے۔

حاکم سونے یا چاندی کے برتن پر نیک طالع میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مزے سے حکومت کرے اگر فقیر ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ اسے غنی کرتا ہے۔ اگر یہ نقش بخودی یا صندوق میں رکھیں تو اللہ مال میں برکت دیتا ہے۔ اور گنہگار اسے اپنے پاس رکھے تو اللہ اسے ہدایت دیتا ہے اور نیک اعمال کی توفیق دیتا ہے اور برائی اس سے دور کر دیتا ہے۔

لوگوں سے مستغنی ہو نیک عمل کی توفیق

ان دونوں اسماء یا کسی ایک اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ لوگوں سے مستغنی کر کے ذاکر کو استقامت بھی عطا کرتا ہے۔

اسم مغنی کو مربع ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے کے دل کو اللہ غنی کر دیتا اور اس کے سب کام آسان کر دیتا ہے۔ ہر اچھے کام کے لیے یہ نقش لکھا جاتا ہے۔ یہ اسرار قرونیہ کا قول ہے۔ ان دونوں اسماء کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ فِیْ وَحْدَانِیَّتِکَ بِالذَّاتِ الْمُنْفَرِدُ فِیْ تَنْزِیْہِ النُّعُوْتِ وَالصِّفَاتِ الْمُغْنِیْ عَنِ التَّحْقِیْقِ فِی الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ الْاَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ اَسْئَلُکَ بِغِنَا ذَاتِکَ وَ تَنَزُّہِ صِفَاتِکَ اَنْ تَکْشِفَ لِیْ عَنْ اَحْوَالِ الْمُحْدَثَاتِ وَاَنْ تُغْنِیَ ذَاتِیْ بِالتَّوْحِیْدِ لِذَاتِکَ وَتُطَہِّرَ صِفَاتِیْ بِصِفَاتِکَ یَا غَنِیُّ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ اَغْنَیْتَ مَنْ شِئْتَ مِنْ عِبَادِکَ بِالْعَرَضِ الْفَانِیْ وَاَغْنَیْتَ مَنْ شِئْتَ بِالْبَقَاءِ بِمَزِیْدِ الْمَعَانِیْ اَغْنَیْتَ اَہْلَ الدُّنْیَا بِوُجُوْدِ الْمَالِ وَاَغْنَیْتَ اَہْلَ الْاٰخِرَۃِ بِحُسْنِ التَّوَجُّہِ بِالتَّوْحِیْدِ اِلَیْکَ النَّازِلَ فِی الْمَلَلِ وَاَنْ تُغْنِیَ بِغِنَائِکَ فِیْ کُلِّ اٰنٍ یَا اللّٰہُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاہِرُ یَا بَاطِنُ یَا مُغْنِیْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

نقش اسم الغنی

۲۹	۸۸	۱۳۹	۱۵۱	۵۴	۴۹	۱۰۳	۱۲۷	۹۱	۲
۸۱	۱۳۰	۱۱۸	۱۲۷	۶۹	۷۰	۱۵۸	۱۰۲	۳۳	۹۸
۱۳۷	۱۰۳	۴۹	۹۰	۸۹	۸۹	۷۱	۵۴	۱۱۹	۱۳۶
۱۰۹	۱۴۱	۷۱	۹۳	۱۲۸	۱۳۵	۸۷	۷۳	۱۶۰	۳۷
۱۴۳	۱۶۸	۹۲	۱۳۰	۲۵	۱۰۶	۱۲۱	۷۵	۶۴	۱۵۶
۱۴۴	۷۸	۷۴	۱۳	۱۷	۱۶۰	۱۴۱	۸۵	۸۴	۶۲
۶۵	۲۸	۱۴۰	۴۰	۱۴۲	۱۵۹	۱۱۷	۱۲۱	۷۴	۷۳
۱۵۷	۹۹	۸۰	۱۲۳	۱۰۸	۱۱۳	۱۳۵	۲۹	۹۲	۹۴
۱۱۱	۱۵۴	۷۷	۸۳	۱۲۸	۱۲۳	۹۵	۶۷	۱۲۵	۱۱۰
۱۲۴	۱۳۰	۱۵۴	۷۸	۸۲	۹۷	۲۴	۱۴۹	۱۶	۱۳۲

نقش المغنی

۸۲	۹۱	۱۳۳	۱۱۸	۱۵۶	۱۳۹	۱۰۷	۱۳۰	۹۳	۳۳
۷۴	۱۳۵	۱۲۱	۱۵۰	۷۲	۷۳	۱۴۱	۱۰۵	۱۳۹	۴۱
۲۳۰	۱۰۶	۴۲	۶۹	۹۲	۹۳	۷۳	۱۵۹	۱۲۲	۱۳۹
۱۱۲	۱۴۳	۶۳	۴۶	۱۳۱	۱۳۸	۹۰	۷۰۶	۱۲۳	۱۱۷
۱۴۲	۶۲	۹۵	۱۳۳	۱۱۹	۱۰۹	۴۴	۸۸	۸۶	۱۵۸
۶۸	۴۹	۴۳	۱۰۱	۱۴۵	۱۵۴	۱۲۰	۲۳	۷۸	۶۵
۱۶۰	۷۹	۷۳	۳۶	۱۱۱	۱۰۰	۶۷	۱۰۲	۵۴	۱۵۱
۱۱۴	۱۵۵	۸۰	۹۷	۱۴۱	۱۲۶	۹۸	۲۷۰	۱۲۸	۱۴۳
۱۲۷	۱۲۳	۵۰	۸۱	۹۰	۱۱۰	۶۷	۱۵۲	۱۰۴	۱۲۵
۹۰	۱۲۷	۱۱۰	۱۵۷	۷۸	۱۳۷	۵۴	۱۱۵	۱۴۲	۸۹

اسمائے مالک الملک ذوالجلال والاکرام کے خواص

مالک الملک وہ مالک حقیقی ہے جو اپنی مخلوق میں جو چاہے تصرف کرے جسے چاہے موجود یا معدوم کرے ملک کے معنی ملک ہیں۔ مالک وہ ہے۔ جو مکمل قوت رکھتا ہے۔ اور تمام موجودات اس کی مملوک ہیں۔ وہی سب کا مالک و مختار ہے اور قادر مطلق ہے۔ تمام موجودات ایک مملکت ہے۔ جن میں سے بعض سے مربوط ہیں جیسے انسان جو ایک ہے۔ لیکن جس کے اعضاء مختلف ہیں۔ لیکن تمام اعضاء ایک ہی وجود کے حکم میں ہیں اسی طرح کائنات کے اجزاء اعضاء انسانی کی طرح ہیں جو مقصود کی مدد کرنے میں ایک ہیں۔ اور یہی کمال ملک ہے۔ جس کی وجود الٰہی بسبب تنظیم متقاضی ہے رابطہ واحدہ دراصل اللہ کی ملکیت ہے جس کا اللہ تعالیٰ مالک ہے۔ اسی طرح ہر انسان کی مملکت اس کے بدن میں ودیعت ہے اور اس کی مشیت انسان کے صفات قلب وجوارح میں نافذ ہوتی رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی مالک الملک اور قادر مطلق ہے جلال اس کی صفت ذاتی اور کرم اس کی صفت فعلی ہے۔ جس کے لیے اس کی مخلوق موجود ہے۔ جس پر وہ کرم کرتا رہتا ہے۔ ذوالجلال والاکرام لوگوں کی کرامت سے مخصوص جب کہ فرمایا ہے۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ بنی آدم کا مکرم و معظم ہونا اور قدرت الٰہی کے مظاہر سے کرنا وغیرہ یہ سب

اسم کریم میں بیان کیا گیا ہے۔ یہاں اسے طول دینا نہیں ہے۔ اکرام کے معنی انعام ہیں یعنی ہر مطیع اور گنہگار و مومن و کافر پر اس کی مسلسل نعمتیں اور افضال و اکرام جاری ہیں۔ جب کہ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ یہیں فرمایا ہے یہ کرم تمام عالم انسانی پر ہے لیکن وہ کرم جو مسلمانوں سے مخصوص ہے وہ یہ ہے۔ کہ اس نے مسلمانوں کو اپنی خدمت کے لیے بنا کر اپنی قدرت کے اسباب اسے سکھائے اور حقائق مراتب پر مطلع کیا اور اپنے نبی مکرم کی زبان ان سے وعدہ کرم فرمایا ہے۔ اور اس سے بڑھ کر اور کیا کرم ہوگا کہ اس نے ہمیں اصحاب یمین سے کیا ہے۔ اس کا دنیاوی کرم یہ بھی ہے کہ قلب کو مع اجزاء کے مستحق کیا ہے۔ آخرت کی نعمت یہ ہے کہ جزائے اعمال کو پورا دیا جائے گا اور اس کا جلال تمام اکوان پر حاوی ہے۔ جس کے باعث دنیا میں اس کا دیدار نہیں ہو سکتا قیامت کے بعد جنت میں دیدار عام ہوگا اور ناظر کی نظر میں انوار و روشنی جگمگ جگمگ کریں گے جن سے آنکھوں میں نئی قوت ادراک پیدا ہو گی جس سے نظر جنت میں کامیاب ہوگی۔ مذکورہ کا وجود بذاتہ تاثیر ہے۔

جن و انس کے لیے عظمت و جلال ابتدائی حالتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے احوال میں استغراق اور فنائے انتہائی کے امکانی ہیں جو اول حال ہے۔ جس پر صفت جلال کی جلوہ گری ہوگی اور متوسط پر بسط ظاہر ہوگا اور جو انتہا میں ہو اس پر ظاہری و باطنی تمکین احوال کی صورت گری ہوگی۔ ابن جلال حکایت کرتے ہیں۔ میں اونٹ پر سوار تھا کہ اونٹ کا پاؤں ریت میں دھنس گیا تو میں نے کہا اللہ جل اللہ تو اونٹ نے بھی کہا جل اللہ اونٹ میں یہ کہنے کی قوت دو اسباب سے تھی ایک یہ کہ اونٹ اللہ کا قصد کرنے والا تھا جس پر حضور اکرم کی یہ حدیث شاہد ہے۔ لَوْ كُنْتُمْ فِيْ جَبَلٍ لَعَجِبْتُمْ عَلَى اللهِ اور دوسرا سبب یہ تھا کہ اونٹ کثافت کے باوجود جب ابتدائی احوال جلال برداشت نہ کر سکا۔ تو اللہ تعالیٰ نے حقیقت حال جل اللہ اس سے کہلوا دی جو شخص اللہ تعالیٰ کے کرم و فضل جانتا ہے۔ وہ اپنے دل و جان اللہ کے سپرد کر دیتا ہے۔ اور اسی کے تصرف پر بھروسہ کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے ظاہری و باطنی دشمنوں سے نجات دیتا ہے۔

موسیٰ کی والدہ ماجدہ نے جب اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا تو ان کے فرزند کو کس طرح ظلم سے نجات ملی کہ فرعون جیسے سفاک دشمن سے ان

کو پرورش کرایا۔ حالانکہ موسیٰ کے آنے سے پہلے اسی دن حتیٰ ہزار بچوں کو وہ ہلاک کر چکا تھا۔

انسان جب نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاَنِیْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ[1] اور جب گناہ کا قصد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّیَّتَهٗٓ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِیْ[2] لوگو اپنے تمام کام اللہ کے حوالہ کردو اگر اپنے باطن کو اس سے محفوظ کرو گے تو وہ تمہاری ظاہری حرکات کو محفوظ رکھے گا اور جب دوسرے لوگ ڈریں تو وہ تم کو امن دے گا۔

اسم اعظم اور اس کی بے شمار برکات

حضرت مریم کی والدہ نے اپنا حمل اللہ کے نذر کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے انکو فضیلت دی اور انکے گھر مریم پیدا ہوئیں۔ اور ان سے حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے آخری زمانہ میں دمشق کے شرقی منارہ آسمان سے اتر کر صلیب توڑیں گے۔ خنزیر ہلاک کریں گے شریعت محمدیہ پر عمل کریں گے اور کانے دجال کو قتل کر کے دنیا پر حکومت کریں گے۔

اسم اس کے اکثر خواص میں سے چند یہ ہیں۔ یہ اسم اعظم ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم نے جاتے جاتے سنا ایک اعرابی یہ دعا مانگ رہا ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ مَالِكِ الْمُلْكِ ذِی الْجَلَالِ ۔۔۔ وَالْاِكْرَامِ تو فرمایا اس شخص نے اسم اعظم کے ساتھ دعا کی ہے۔ جو شخص اس اسم کے ساتھ دعا کرتا ہے تو قبول ہوتی ہے۔ اور جو مانگتا ہے دیا جاتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر کے لیے مراقبہ کرنا اور اس اسم کے کو اسکے اعداد کے موافق پڑھنا لازمی ہے۔ تاکہ کو ہمائیل اور طغیائیل اور مرحیائیل موکل حاضر ہوں ان میں سے ہر ایک کے تحت ۔۔ صفیں ہیں حاکم مہربان ہو۔ مشکلات میں آسانی مکان میں برکت عمل کی حفاظت جو ذاکر کو بخششیں کرتے ہیں اور ذاکر کو اسرار مخلوقات کا کشف ہوتا ہے اور دنیا میں قوت ہوتی ہے۔ اس اسم کا نقش ۱۵ ضرب ۱۵ ہے جو بہت عظیم خواص رکھتا ہے۔ یہ نقش شرف شمس میں لکھ کر اس کے اطراف سورۂ حدید لکھیں پھر دعوت حروف جامعہ اور سورۂ ملک اس پر دم کریں پھر اس نقش کو پاس رکھیں تو کوئی ہتھیار اس پر اثر نہ کرے گا۔ زبان بندی کے لیے مطلوب کے نام کے ساتھ یہ نقش لکھ کر سورۂ یٰسین اس پر دم کریں۔ یہ نقش تینوں کاموں کے لیے عام طور پر لکھا جاتا ہے۔ حکام کو مہربان کرنے کے لیے حکم جاری کرنے کے لیے اور مشکلوں کی آسانی کے لیے ریشم پر لکھ کر انگوٹھی کے اندر رکھ کر پہننے سے رعب و داب قبولیت عامہ ہوتی ہے۔ ایک صفحہ پر اسے لکھ کر مکان میں رکھنے سے برکت ہوتی ہے۔ اور لوگ اس کی جانب مائل ہوتے ہیں جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہو وہ اپنے پاس رکھے تو حمل قائم رہے گا۔ چیچک کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا سلامت رہتا ہے۔ دو آدمیوں میں صلح کرانے کی خاطر اسے گھول کر کھانے یا پانی میں دونوں کو کھلا دیں تو باہم صلح ہو جائے گی جس کام کے لیے معدن مقررہ پر موافق طالع میں لکھا جائے فائدہ دیتا ہے۔ بعض علماء نے اسے سیسہ کی تختی پر لکھا جائے اور اس پر مطلوب کی صورت بنا کر گھر میں رکھ دیا تو اس کی تکسیر جاری ہوگی کپڑے پر لکھ کر اور اس کو سکھا کر ظالم کے گھر ڈال دے تو وہ گھر برباد ہوتا ہے۔

دلہن کی خوبصورتی میں اضافہ اور دوسرے خواص

اگر ریشم پر لکھ کر دلہن اپنے پاس رکھے تو اس کی زیبائش بہت اچھی معلوم دیتی ہے۔ نیز دیگر ضروریات کی تکمیل کے بھی اس میں اثرات ہیں۔ اس نقش کے گرد عوالم ثلثہ لکھ کر جس عمل کے لائق جو خوشبو ہو اس کی دھونی دینا چاہیئے۔

---

[1] اللہ کی طرف رجوع اور اسی کی فرمانبرداری کرو۔

[2] کیا تم شیطان اور اس کی ذریت کو میرے سوائے اپنا دوست بناتے ہو

نقش مالک الملک ذوالجلال والاکرام یہ ہے۔ ص

م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م
ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م
ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا
ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل
ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک
ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا
م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل
ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م
ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل
ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک
و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ
ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و
ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا
ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل
ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج
ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل
ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا
و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل
ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و
ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا
ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل
ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا
ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک
ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر
م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا

اسم المقسط کے خواص

مقسط و صفات عادل سے ہے جو مظلوم کا ظالم سے بدلہ لوانے میں انصاف کرے ظالم کو کفر کردار تک پہنچائے اس امر کو عدل و انصاف کرتے ہیں۔ اور اس پر صرف اللہ تعالیٰ قادر ہے۔

روایت ہے۔ ایک مرتبہ رسول اکرمؐ اتنا مسکرائے کہ آپ کی کچلیاں دکھائی دیں حضرت عمر بن خطاب نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ آپ کس چیز پر مسکرائے فرمایا میرے دو امتی اللہ کے حضور کھڑے ہو گئے ایک نے کہا اے اللہ میرا اس شخص سے بدلہ لے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تونے اس پر جو ظلم کیا ہے وہ اسے واپس دے دے اس نے کہا اے رب اب میرے پاس کوئی نیکی نہیں رہی پھر مظلوم نے کہا۔ میرے گناہ اپنے اوپر لادے اتنا فرما کر رسول اکرمؐ کے آنسو بہنے لگے۔ اور آپ نے فرمایا بے شک وہ دن بڑا سخت ہو گا۔ اور لوگ اس دن حاجت مند ہوں گے کہ کوئی ان کا بوجھ اٹھالے پھر فرمایا اللہ تعالیٰ اس مظلوم سے فرمائے گا۔ سر اونچا کر جب وہ سر اٹھا کر جنت دیکھے گا تو کہے گا اے رب یہ کس نبی یا مقرب کے لیے ہے۔ ارشاد ہو گا اس کے لیے جو قیمت دے وہ مظلوم عرض کرے گا میرے پاس کیا اللہ فرمائے گا اپنے بھائی کا ظلم معاف کر دے اور جنت میں داخل ہو جا۔

اس کے بعد رسول اکرمؐ نے فرمایا اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو اور باہم صلح رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مسلمانوں میں عدل و انصاف فرمائے گا۔

نقش المقسط یہ ہے۔

ال	مق	س	ط
۶۱	۸	۳۲	۱۲۹
۷	۵۸	۱۴۲	۳۳
۱۴۱	۳۴	۲	۵۹

حضور اکرمؐ سے انصاف کی نسبت کسی نے پوچھا۔ فرمایا رب العزت ہی عدل و انصاف کرتا ہے۔ اور وہی عادل ہے۔ غصہ دور کرنے کی اس نقش میں عجیب خاصیت ہے۔ بشرطیکہ اسمیں اسم عزیز بھی شامل کر لو اور لڑائی کے وقت اس طرح کہو۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْعَزِیْزِ الْمُقْسِطِ اَلاَّ مَا اَطْفَاْتَ عَنِّیْ غَضَبَ تو دور ہو جائے گا۔

غصہ دور ہو تمام ناراض راضی ہوں

یہ نقش مع اس کے ذکر جو شخص اپنے پاس رکھے تو تمام ناراض اور خفا لوگ سب کے سب راضی ہو جائیں گے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُقْسِطُ الْعَادِلُ تُنْصِفُ الْمَظْلُوْمَ مِنَ الظَّالِمِ الْمُحِیْطُ فِیْ دَقَائِقِ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ فِی الْعَوَالِمِ الْمُطَّلِعُ عَلٰی مَا تُخْفِیْہِ النُّفُوْسُ فِی الصُّدُوْرِ وَمَا تُظْھِرُہُ الْاَفْعَالُ وَالْاَقْوَالُ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ طَلَبْتَ الْعَدْلَ وَنَھَیْتَ عَنِ الظُّلْمِ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ اَوْجَبَ الْعَدْلَ فِی الْعَالَمِ الْجُسْمَانِیِّ الرُّوْحَانِیِّ وَنَصَّلْتَ اِقَامَۃَ الْعَدْلِ فِیْ عَالَمِ الْمُلْکِ الْاِنْسَانِیِّ بِحَمْلِکَ الْمُخْتَمِ الْمُقَدَّرِ فِیْ عَالَمِ الْبَسْطِ وَالنُّوْرَانِیَّاتِ وَتُعَدِّلُ اَوْزَانَ الْمَوْجُوْدَاتِ فِی الْاَرْضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَیَتَعَادَلُ فِیْ ذَاتِ الْقُوَّۃِ الْجُسْمَانِیَّۃِ وَفِیْ جِسْمِ الْقُوَّۃِ الروحانیۃِ اَنْ تُشْرِقَ فِیْ فُؤَادِیْ مِنْ اَنْوَارِکَ الرَّبَّانِیَّۃِ لِشُھُوْدِ ذَاتِکَ الْوَحْدَانِیَّۃِ یَا مُقْسِطُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

اسم الجامع کے خواص

جامع وہ ذات مستجمع ہے۔ جو مماثل متبائن متضاد اشیاء کو جمع کرے اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو ایک جگہ پر جمع کرے گا۔ یہ مماثلات جمع کرنے کی مثال ہے متبائنات کو جمع کرنے کی مثال یہ ہے کہ آسمان وزمین ستاروں جمادات نباتات اور معدنیات وغیرہ کو جمع کرے گا حالانکہ ان میں سے ہر چیز باہمی طور پر شکل وصورت اور رنگ وغیرہ میں مختلف ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے سب کو کائنات میں جمع کیا ہے۔ اور تمام عالم جمع کیے ہیں۔ اور تمام جانداروں میں گوشت خون اور رگ پٹھوں کو جمع کیا ہے۔

اور متضادات جمع کرنے کی مثال یہ ہے کہ حرارت و برودت اور رطوبت و یبوست کو جسم میں جمع کیا ہے۔ حالانکہ یہ باہمی ضدین ہیں۔ انسان میں بصر و بصیرت جمع ہیں۔ اس اسم کے ذاکر کو کشف ہوتا ہے۔ اس کے قلب کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ اور متضاد اشیاء وغیرہ بخوبی دیکھتا اس کا ذکر اعداد بساط سے کرنے پر مؤکل حاضر ہوتا ہے جس کے تحت ستر ہزار مؤکل سردار یہ کمال کا خلعت پہناتا اور تمام ضرورتیں رفع کرتا ہے۔ اس کے مؤکل کا نام بلیائیل ہے جو ذاکر کی حیثیت کے لحاظ سے کام کرتا ہے۔ گم شدہ اشیاء کی واپسی کے اس میں خاصیت ہے۔ یہ نقش مکان میں رکھنے اور اعداد کے موافق پڑھنے اور۔ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْنِیْ عَلٰی کَذَا وَکَذَا۔ کہنے سے گم شدہ چیز واپس آجاتی ہے۔

نقش الجامع یہ ہے ۸

ال	اج	م	ع
۴۱	۶۹	۴۳	۳
۶۸	۳۸	۹	۳۲
۵	۳۳	۱۰	۲۹

میاں بیوی میں صلح گمشدہ چیز کی بازیابی وغیرہ

اگر خاوند اپنی بیوی سے ناراض ہو اور تم ان میں صلح چاہو تو قاعدہ مذکورہ سے اس اسم سے کام لو۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی نیکیاں عطا کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ جَامِعُ الْمَوْجُوْدَاتِ بَعْضِھَا عَلٰی بَعْضٍ وَجَمِیْعِ مَا لَا تَتَنَاھٰی اِلَا بْرَارِ وَالْغَضَبِ مَنَعْتَ الْاَشْیَاءَ عَنْ مَقَاصِدِھَا بِالْاَمْرِ الْقَاھِرِ وَاَوْصَلْتَ بَعْضَھَا لِبَعْضٍ بِالرَّحْمَۃِ وَالْخَطِّ اَسْئَلُکَ بِمُبَارَکٍ مِنْ مَنْعِ الْاَحْکَامِ اَنْ تَقْطَعَ عَنِّیْ کُلَّ قَاطِعٍ یَقْطَعُنِیْ عَنْکَ وَیَحْجُبُنِیْ مِنْکَ یَا اَللّٰہُ یَا جَامِعُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَجْمَعَ عَلٰی اَذْکَارِیْ وَذِکْرِیْ بِالسَّلَامَۃِ الْقُدْسِیَّۃِ وَتَتَحَوَّلُ عَلٰی رُوْحِیْ دَوَامَ حِفْظِکَ وَوَفِّقْنِیْ بِخِدْمَتِکَ وَحُضُوْرِیْ بَیْنَ یَدَیْکَ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْجَامِعُ لِکُلِّ خَیْرٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

اسم مانع کے خواص اعمال

مانع وہ ذات کامل ہے جو اسباب ہلاکت و نقصان کو مذہب اور جسم سے دور کرتی اور ان کی حفاظت کرتی ہے۔ جس شخص نے حفیظ کے معنے سمجھ لیے وہ اسم مانع کے معنی بھی بآسانی سمجھ لیتا ہے۔ لفظ منع کے معنی حفاظت اور حفاظت کے معنی نقصانات دور کرنا۔ یعنی ہر حافظ مانع

روکنے والا ہے۔ اور ہر مانع حفاظت کرنے والا نہیں ہے بشرطیکہ مانع مطلق ہو۔

بعض اسی اسم کو اسم اعظم کہتے ہیں کیونکہ اس میں اسم اعظم کے تین حرف ہیں اس اسم کے مؤکل کا نام طمیائیل ہے۔ اور یہ مانع مؤکل ہے۔ بعض دوزخیوں کو جنت میں جانے سے روکتا اور اہل جنت کو دوزخ میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔ اور مسلمانوں کو کافروں سے ملنے نہیں دیتا اس کا نقش مثلث نہایت سودمند ہے۔ آندھی اور بارش روکنے کے لیے یہ نقش ہوا میں لٹکاتے ہیں۔ اہل اسرار جس طرح چاہے تصرف کرتے ہیں۔

نقش المانع یہ ہے۔

ال	ما	نع
۴۹	۴۱	۴۳
۴۲	۴۰	۵

دشمن کو روکنا اور اسم اعظم کے فائدے

جو شخص اپنے دشمن روکنا چاہے وہ یہ اسم اعداد کے موافق پڑھے اللہ اس دشمن کے شر سے حفاظت میں رکھے گا۔

اسم اَلضَّارُّ النَّافِعُ کے خواص

دراصل ضار اور نافع وہ ذات اعلیٰ ہے۔ جس سے خیر و شر اور نفع و ضرر دونوں صادر ہوتے ہیں۔ اور یہ تمام امور اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔ فرشتوں انسانوں اور عادات کے ذریعہ یا بغیر ذریعہ اپنے احکام جاری کرتا ہے ہرگز یقین نہ کرو کہ زہر بذاتہ مارتا یا نقصان پہنچاتا ہے۔ یا فرشتہ، انسان، شیطان، کوئی اور مخلوق، اور ستارہ نیکی یا بھلائی پہنچاتا ہے۔ بلکہ یقین رکھنا چاہیئے کہ یہ اسباب ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جس کام کے لیے انہیں مقرر کیا ہے۔ وہ انجام دیتے ہیں۔ اس اسم کا عمل قلم کی طرح ہے۔ جو کاتب کی طرف منسوب ہے۔ جس انسان کو کرامت یا خدا ہوا سے قلم سے نہ نفع ہوگا نہ ضرر بلکہ جس کے ہاتھ میں قلم ہے۔ اس سے جزاء ملتی ہے۔ اور یہی کیفیت تمام وسائط کی ہے۔ بہ ثبوت حضرت ابراہیم کا واقعہ ملاحظہ ہو کہ ان کے لڑکے حضرت اسماعیل پر چھری نے کوئی اثر نہ کیا۔ جاننا چاہیئے کہ قلم اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔ جو کاتب کا ہاتھ ہے کاتب جو لکھتا ہے۔ وہ اللہ ہی کا لکھا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ اللہ تعالیٰ ہی نے قدرت جاریہ پیدا کی ہے۔ جس سے انگلیاں حرکت کرتی ہیں یہ دقائق بمجو معرفت کمل ہوگی اور موجودات کے ہر ذرہ میں خود کو موجود پاؤ گے۔

اسم ضار کے مؤکل کا نام صرفیائیل اس اسم کے ذاکر کی اللہ تعالیٰ تمام حاجات پوری کرتا ہے کسی کو نقصان پہنچانا چاہو تو اس اسم سے کام لیا جائے۔

نقش اسمائے الضَّارُّ النَّافِعُ یہ ہے۔

ال	ض	ا	ر
۴	۱۹۷	۳۰	۸۰۱
۱۹۵	۳	۸۰۲	۲۹
۱۹۹	۳۲	۹۹	۳

ال	ن ا	ف	ع
۸۱	۷۹	۳۲	۵۱
۲۸	۷۸	۵۲	۲۳
۵۲	۳۴	۷۶	۷۹

اسم اللہ قبولیت و محبت اور سب بلائیں دور رزق میں برکت

نافع کے مؤکل کا نام ضیائیل ہے۔ یہ دونوں اسماء چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھنے سے تمام آفات اور بلیات دور ہوتی ہیں۔ جس طرح اسم ضار میں ضرر پہنچانے کا اثر ہے اسی طرح اسم نافع میں نفع رسانی کی تاثیر ہے۔ بارش رزق اور ہر قسم کی بھلائی حاصل کرنے کا قاعدہ اہل تکسیر سے اس اسم میں بڑی تاثیر ہے محبت اور قبولیت کے لیے بھی چاندی پر نیک ساعت میں یہ نقش لکھا جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الضَّارُّ النَّافِعُ اَوْجَدْتَ مَا شِئْتَ مِنَ الْخَلْقِ وَالْعِبَادِ وَالْمَجْمُوْعِ الْاَنْدَادِ وَالْاَفْرَادِ وَجَعَلْتَ فِیْ کُلٍّ مِّنْھَا نَفْعًا وَّضَرًّا عَلٰی مَا سَبَقَ مِنَ الْمُرَادِ فَمَا فِیْھِمَا نَفْعٌ اِلَّا اِذَا شِئْتَ وَمَا فِیْھِمَا ضَرَرٌ اِلَّا اِذَا اَرَدْتَ اَلَا وَھِیَ اَسْبَابُ قُدْرَتِكَ مُسَخَّرَۃُ الْاَتْلَامِ الْمُسَطَّرَۃِ اَسْئَلُكَ بِنَافِعِ عِلْمِكَ الْمُحِیْطِ الَّذِیْ یَبُوْحُ مِنَ الْاَمْرِیِ الْجَلِیِّ لِخَفِیٍّ مِّنَ الْمُرَادِ وَالْقَضَاءِ مَا النَّفْعِ وَالضَّرَارِ اَنْ تُعْطِیَنِیْ نَفْعَ کُلِّ شَیْئٍ وَّاَنْ تُیَسِّرَ لِیْ اَسْبَابَ الطَّاعَاتِ بِمَا یُوْصِلُنِیْ بِھَا اِلَی الْوَصْلَاتِ یَا کَاشِفَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرُبَاتِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ وَ الْکَرَامَاتِ یَا اَللّٰہُ یَا ضَارُّ یَا نَافِعُ ۔

اسم نور کے خواص

نور وہ خالق کل ہے۔ جس نے تمام چیزیں ظاہر کی ہیں اللہ تعالیٰ ہی فی نفسہٖ مظہر ظاہر ہے۔ جس کا نام نور ہے وجود در اصل عدم کے مقابل ہے۔ اس سے ثابت ہے کہ وجود ظاہر و روشن ہے۔ اور عدم ظلمت کدہ و تاریک ہے۔ وجود کا نور در حقیقت ذات وجود پر نور ہے جو فیاض ہے اور وہی آسمان و زمین کا نور ہے جو اللہ تعالیٰ ہے۔

نور کی دو قسمیں ہیں ایک حسی دوسری معنوی محسوس اور حسی نور آنکھ کا نور ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے آنکھ میں ودیعت کیا ہے۔ اسی طرح معنوی کے لیے ان کے قلوب میں تدبیر و اعتبار کا نور رکھا ہے جو بصارت کو ظاہر کرتا ہے اور یہ نور اقتدار نور سائل اور نور علیم کا نور ہے۔ جو حقائق عالم پر سلوک معلوم سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ سلوک چاہے سلوک عقلی ہو یا سلوک شرعی۔

شہود حکمت اور ظہور عبودیت کی حقیقت در اصل تنزیہ ربوبیت کی طرح ہے اور یہ نور آٹھ قسم کا ہے۔ نور قلبؔ۔ نور ایمانؔ۔ نور نفسؔ۔ نور روحؔ۔ نور عقلؔ۔ نور سرؔ۔ نور قلبؔ۔ نور کشفؔ۔ ان میں سے ہر نور کے اسرار ہیں۔ یہ سب کے سب حقائق عرش ہیں اور ان ہی سے وہ آٹھ نورانی ہیں۔ جو عرش اٹھانے ہوئے ہیں۔ وَیَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَھُمْ یَوْمَئِذٍ ثَمٰنِیَۃٌ ۔ قیامت کے دن تیرے رب کے عرش کو آٹھ فرشتے اٹھائیں گے قلب کا نور ایمان کے نور سے ہے جس طرح ایمان نوری صفت ہے۔ جن لوگوں پر نور ایمانی کا فیضان ہے جو تمام تکالیف شرعیہ اور اوامر شہودیہ کو قبول کر کے ان ہی کی بابت اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ ۔

جب دل کی آنکھیں نور ایمانی سے مقابل ہوئیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے علم ملک کو اجمالاً و تفصیلاً منکشف کر دیا اور اسرار عالم ترکیب سے وہ واقف ہو گئیں اور اللہ تعالیٰ جو کچھ ان میں ودیعت کیا ہے۔ اس کے ایک ایک ذرہ میں نور حقانی انہوں نے دیکھ لیا در حقیقت انوار الٰہی میں سے ہر نور کا یہی عالم ہے۔ جس نے اس کا نور دیکھ لیا وہ اگر دیواروں کو شعاع نور سے جل رہی ہیں تو کونسا تعجب ہے۔ جبکہ دھوپ سے ہر چیز روشن ہو جاتی ہے۔ اور ایسا مسلمان اپنے قلب جسم میں نور ہی نور دیکھتا ہے۔

نفس کا نور روح کے نور سے منور ہے۔ جس کا نفس اطاعت الٰہی اور طہارت ظاہری و باطنی رکھتا ہے۔ فکری کثافتوں سے الگ ہو گیا۔ تو اس کا نور روح کے نور سے بہرہ مند ہو گیا۔ اور جنت میں استغراق شہود سے مالا مال رہتا ہے۔ یہ وہ مسلمان ہے۔ جس کے نفس اور روح کو خدا تعالیٰ نے جبروت کے انوار حقائق کا کشف دیا ہے یہ مسلمان موجودات میں لطائف تصرف الٰہی کا ملاحظہ کرتا اور ملائکہ کو کہ طبقہ آسمان پر سے جاتے ہوئے دیکھتا ہے۔

عقل کا نور اسرار کے نور کے محاذ ہے۔ جس شخص کی عقل معرفت مستقیم ہو گئی وہ سب سے الگ ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے اسرار الٰہی دیکھتا اور عجائبات ملکوتیہ مشاہدہ کرتا ہے عالم علوی اور عالم سفلی میں جزوی وکل ارتباط جو ایک کلمہ سے قائم ہیں ان کی حقیقت مجمل اور مفصل اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اسرار کا نور قرآن کریم کے نور سے مستمد ہے۔ جس مسلمان کے اسرار بلا حظہ اعیان سے بہ توسط ایمان اور خاص باطن ظاہر ہوتے ہیں جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ظاہر کی ہے ان انوار تحقیق دحقائق معارف اور انوار تجلیات کو حاصل کرتا ہے۔ اور قرآن کریم کے انوار میں غوطہ زن ہو کر موتی نکالتا ہے۔ قرآن کریم کا نور اسی کشف الحق کا نام ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا۔ اس اسم کے ذاکر کا دل انوار افکار کے آئینے کو روشن کرتا ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ حلال روزی کھانا آرام کی چیزیں ترک کرنا ہمیشہ روزے رکھنا ہر وقت وضو اور طہارت سے رہنا اور پچاس دن اسی طرح ریاضت کرنا ذاکر کے لیے لازمی ہے۔ بشرائط بالا پچاسویں دن ذاکر اپنے منہ سے بوقت تلاوت نوری شعاعیں نکلتے دیکھے گا۔ اور عرش وکرسی کی طرف دیکھے گا تو انوار جمال دیکھے گا تمام دنیا اور علویات اس پر ہویدا ہوں گے نور کشف کی تاثیر تھی جو حضرت عمرؓ نے مسجد مدینہ میں سے اسلامی لشکر مقیم نہاوند کے کمانڈر کو حکم دیا تھا۔ یَا سَارِیَۃُ الْجَبَلِ۔

ظاہر و باطن معلوم کرنا اور انوار و برکات کا حصول

حضور اکرم نے بر حافظ بنی ابجائ

نقش اسم النور یہ ہے ہ

ال	ن	و	ر
۷۰	۱۹۹	۲۲	۴۹
۱۹۸	۴	۵۲	۲۳
۵۱	۲۴	۱۹۷	۵

میں دوزخ وجنت کا کشف ہوا تھا اور وہ زمین جو حضور اکرم کی امت کے فتح کی۔ آپ کی نظر سے گذری تھی ذاکر یہ اسم مع اس آیت کے پڑھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تو موکل مسمی رہیائیل حاضر ہوتا ہے۔ اور ابواب جو ظاہر و باطن اس پر کھول دیتا ہے۔ سونے یا چاندی کی انگوٹھی پر یہ نقش کندہ کر کے جو اپنے پاس رکھے اور یہ اسم موافق اعداد پڑھے تو اس کا دل روشن ہوتا اور ظاہر و باطن منور ہو جاتا ہے۔ اور ہیبت ووقار حد سے زیادہ ہوتا ہے اور رزق کشادہ ہوتا ہے۔ ذکر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ النُّوْرُ نَوَّرْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِنُوْرِ هٰذِهِ اٰيَاتِكَ بِالْغَيْبِ فِيْ ذَوَاتِهِمْ عَلٰى تَوْحِيْدِكَ وَمَعْرِفَتِكَ النُّوْرُ الْمُبِيْنُ الْهَادِيْ الْقَوِيُّ الْمَتِيْنُ وَنُوْرُهٗ لَيْسَ لَهٗ كَيْفِيَّةٌ فِي الْعَالَمِيْنَ وَاٰيَاتُكَ الْوُجُوْدُ الْحَقِيْقِيُّ الَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ كَيْفِيَّةُ الْمُتَمَاثِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ نِيْ بِنُوْرِ صِفَاتِكَ النُّوْرَانِيَّةِ وَذَاتِكَ الْقُدُّوْسِيَّةِ عَنِ التَّقْدِيْسِ وَالتَّنْزِيْهِ وَالْكَيْفِيَّةِ وَعِلْمِكَ الْمُحِيْطِ بِالدَّقَائِقِ وَالْمَوْجُوْدَاتِ اَنْ تُظْهِرَ فِيْ فُؤَادِيْ مِنْ نُوْرِكَ مَا تُزِيْلُ بِهٖ عَنِّي الظُّلُمٰتِ الْكَوْنِيَّةِ وَنُوْرًا يُزِيْلُ عَنِّيْ مِنَ الْحُجُبِ الْبَشَرِيَّةِ وَيَذْهَبُ عَنِّي الْاِرَادَاتِ الْاِنْسَانِيَّةِ لِيَفْنٰى بِهٖ وُجُوْدِيْ فِيْ وُجُوْدِ ذَاتِكَ وَهٰذِهٖ اٰيَةٌ نُوْرَانِيَّةٌ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ النُّوْرُ نَوِّرْ نِيْ يَا نُوْرُ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ نِيْ بِنُوْرِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ وَنُوْرًا فِيْ عَظْمِيْ وَ نُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ وَنُوْرًا عَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَعَنْ يَّسَارِيْ وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِيْ وَنُوْرًا مِّنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا يُحَاطُ بِيْ يَا نُوْرَ النُّوْرِ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

اسم الہادی کے خواص دلوں کی ہدایت اور کند ذہنی و مالیخولیا کا علاج

ہادی وہ ذات کمال ہے جس نے مخلوق پیدا کر کے اسے اپنی معرفت ذات کی ہدایت دی اور ہدایت کو اپنی ذات سے منسوب کیا جبکہ ارشاد ہے۔ اِنَّ الْھُدٰی ھُدَی اللّٰہِ ہدایت یقیناً اللہ ہی کی ہدایت ہے۔ جو ہدایت کی طرف چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت نصیب کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے نشاۃ اول میں وجود کو قدم سے پیدا کر کے اس کی دو قسمیں کی ہیں جیسا کہ فرمایا ہے۔ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّۃِ وَ فَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ اول فریق جو اہل یمین ہے۔ جنت میں ہے۔ اور دوسرا فریق جو اہل یسار ہے دوزخی ہے۔ ان کے وجود پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان شاہد ہے۔ فَھَدَی اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یعنی اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ نے توحید قبول کرنے کی ہدایت دی اور کافروں کو ان کے وجود کے تحت اضطرار دے کر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ہدایت دے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی ہادی حقیقی ہے دیگر معبودوں پر ہدایت کا اطلاق جمانا بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ اصل حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے اعمال کے لحاظ سے اصل کی طرف ہدایت ہی نہیں کی جس پر وہ پہنچے بلکہ وہ خود اصل ہدایت سے دور ہو گئے ہیں۔ یہ تمام امور اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر ہے اس کے احکامات جور و ظلم سے منزہ ہیں لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ اس اسم کے ذاکر کو چاہیئے کہ اعمال خیر کرتے ہوئے ذکر جاری رکھے اگر اسم بدیع کو بھی ملا کر پڑھے تو بہتر ہے اس اسم کے مؤکل کا نام اطیائیل ہے۔ ذاکر اس اسم کا ذکر کرنے سے ہدایت کا مظہر ہو گا۔ دلوں کی ہدایت اور کند ذہنی کے لیے یہ اسم بے حد سودمند ہے۔ یہ نقش گھول کر پئے ذیل کی دعا پڑھنے والے اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے پکا مسلمان بناتا اور عمل صالح کی توفیق دیتا ہے۔ اگر یہ نقش ذکر مالیخولیا کے مریض کے گلے میں ڈالے تو اس کو صحت ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

نقش الہادی یہ ہے

ال	ھا	د	ی
٥	٩	٣٢	٥
٨	٢	٨٠	٣٣
٧	٢٢	٧	٣

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْھَادِیْ لِکُلِّ مَخْلُوْقٍ لِمَعْرِفَتِہٖ مَالَابُدَّ لَہٗ مِنْ قَضٰی حَاجَتِہٖ مِنَ الْاَقْدَامِ عَلَیْکَ وَالتَّقَرُّبُ مِنْہُ فِیْ مَوْرِدِہٖ وَتَقَلُّبَاتِہٖ ھَدَیْتَ الْعَالَمِیْنَ مِنَ النَّاسِ بِدَلَائِلِ اِلْقَابِ مُنْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَھَدَیْتَ الْعَاصِیَ اِلٰی مَعْرِفَتِکَ وَاَظْھَرْتَ لَھُمْ مِنْ لَطَائِفِ الْکَرَامَاتِ وَھَدَیْتَ الْاَطْفَالَ فِیْ صِغَرِھِمْ اِلَی الْاِرْتِضَاعِ وَالطَّیْرِ اِلَی الْاِلْتِقَاطِ فِی الْبَقَاءِ وَھَادِی النَّحْلِ وَکُلِّ ذِیْ رُوْحٍ اِلٰی صَلَاحِ حَالِہٖ وَالْاِنْتِفَاعِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَزِیْدَ فِیْ مِنْ حُسْنِ التَّوْفِیْقِ مِمَّا تُکْمِلُ بِہِ الْھُدٰی وَتَجْعَلَنِیْ مِنْ اتِّبَاعِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اسم بدیع کے خواص اسرار مخلوق کا انکشاف وغیرہ

بدیع وہ ذات والا صفات ہے جو اپنی ذات میں انوکھی ہے۔ اس کے احکام یا اس کی صفات کے ہم مثل اور کوئی چیز نہیں ہے ہر چیز نو ہے۔ اور ہر چیز مقصود ہو وہ ہرگز بدیع نہیں ہو سکتی نہ مطلقاً مشہور جیسا کہ فرمایا ہے بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰی یَکُوْنُ لَہٗ وَلَدٌ ۱۲

اس اسم کا ذاکر مصنوعات الٰہی میں بہ لطافت تدابیر ملاحظ عین اعتبار مشاہدہ کرتا ہے۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ اول عقل۔ حقیقت بلوغ علوم علویہ۔ حکمت۔ لطائف وہبیہ اور اسرار غیبیہ۔

دوسری انواع کا حفظ جس میں کلام اللہ پڑھتے اس میں غور و فکر کرتے اور دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس بحر عمیق میں کیا عجائبات رکھے ہیں۔ تیسری وقت تعیین یعنی طہارت اور ذکر الٰہی کرنا اور اسم بدیع کا ورد رکھنا تاکہ ملکوت ظاہر ہوں۔ چوتھی وقت دل خطرات قبضہ میں لا کر ان پر حکم جاری کرنا پانچویں وقت جسم حقوق عبادات اور ریاضت سے جسم کو آراستہ کرنا تاکہ مقام اعلیٰ حاصل ہو سکے۔

مال و اسباب کی حفاظت معزول حاکم کی بحالی

یہ اسم بابدیع اول وسط کے برابر پڑھنا چاہیئے اس کے مؤکل کا نام حنیائیل ہے جو خواب یا بیداری میں اکثر اسرار مخلوقات منکشف کرتا ہے۔ جو حاکم اپنے عہدہ معزول ہو گیا ہو وہ اس اسم کے ذکر سے اپنا عہدہ پالے گا۔ یہ نقش مال و اسباب کی حفاظت کے لیے بڑا پر تاثیر ہے۔ یہ دعا پڑھنے سے دل کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمُبْدِعُ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ عِلْوِيِّهَا وَسُفْلِيِّهَا خَالِقُهَا مُوْجِدُهَا بِغَيْرِ مِثَالٍ وَاخْتَرَعْتَهُمْ بِلَا مُعِيْنٍ وَّلَا شَرِيْكٍ وَّدَلِيْلٍ وَعِمَادٍ اَسْئَلُكَ بِقُوَّتِكَ عَلٰى اِخْتِرَاعِ اَنْوَاعِهَا وَاَجْنَاسِهَا وَتَاْلِيْفِ ذَوَاتِهَا وَبَيَانِ اَوْصَافِهَا وَتَصْوِيْرِ هَاكَمَا اَوْجَدْتَ فِيْ اَكْنَافِهَا اَنْ تَكْشِفَ عَنْ قَلْبِيْ ظُلُمَاتِ الْكَثَائِفِ وَتُبْدِعَ فِيْ فُؤَادِيْ اَنْوَارَ الْمَعَارِفِ وَتَوْدِعَ فِيْ سِرِّيْ مِنْ اَنْوَارِكَ الْمُقَدَّسَةِ اَصْنَافَ اللَّطَائِفِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ بَدِيْعُ الْعَظِيْمِ۔

نقش البدیع

یع	د	ب	ال
۱	۳۳	۴۹	۱۵
۲۳	۴	۱۲	۸
۲۳	۱۷	۲۴	۲

اسم باقی کے خواص

باقی وہ ذات مکمل باقی ہے جس کا وجود کبھی منقطع نہیں ہوتا اور واجب الوجود بذاتہ ہے۔ اس اسم کی ذہن کی طرف اضافت کرنے سے مستقل شمار ہوتا ہے اور نام باقی رہتا ہے اگر ماضی کی طرف اضافت کی جائے تو قدیم نام رہتا ہے۔ دراصل باقی وہ ہے۔ جس کی قسمت ماضی میں ختم نہ ہو اسی کو اقل ازلی اور واجب الوجود بذاتہ کہتے ہیں۔ اس کے یہ مختلف نام ماضی، مستقبل اور منقلبات کی اضافت کی وجہ سے کہے جاتے ہیں کیونکہ ماضی وغیرہ زمانہ ہے اور تغیر و حرکت زمانہ ہی میں ہوتا ہے۔ اور حرکت بذاتہ ماضی و مستقبل پر منقسم ہے۔ اور متغیر زمانہ میں تغیر و انقلاب کی وجہ سے آتا ہے۔ اور جو چیز تغیر سے خالی ہو وہ زمانہ میں نہیں آسکتی اور ماضی و مستقبل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اسی طرح امور متوجہ کا بھی وقت میں ہونا ضروری ہے۔ جو تھوڑے تھوڑے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ جو گزر گیا وہ ماضی ہوا جس کا انتظار ہے۔ وہ مستقبل ہوگا۔ ان تمام امور کے پیش نظر واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ زمانہ کے پیدا کرنے سے پہلے بھی موجود تھا اور زمانہ کے فنا کرنے کے بعد بھی رہے گا۔ اور درحقیقت اللہ ہی باقی ہے۔

چھونے سے مریض کو صحت اور تمام حاجات پوری ہوں اگر کوئی شخص اسم باقی کے ذکر سے باقی نہیں بن سکتا بلکہ یقین کرے

کہ میں فنا ہونے والا ہوں خلوت میں ارواح کے ہجوم کے وقت بھی اسم یاباقی کو اسم یاثابت کے ساتھ پڑھنے سے اس کا موکل۔ عطیائیل ذاکر کے پاس آ کر تمام ضروریات پوری کرتا ہے۔ اور ذاکر جس مریض کو ہاتھ لگائے وہ فوراً اچھا ہو جاتا ہے۔ یہ اسم ابدالوں کا ذکر خاص ہے۔ جس شخص کے نام کے اعداد اس نقش کے اعداد کے موافق ہوں تو اس کے حق میں یہ اسم اعظم ہے۔ وہ جو کام چاہے لے سکتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر اللہ تعالیٰ خوشی و خوبی کے دروازے کھول دیتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

نقش الباقی

ال	با	ق	ی
۱۰۱	۹	۲۲	۲
۸	۹۸	۵	۲۳
۴	۲۴	۷	۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاقِیْ فَلَا اِنْتِهَا بِوُجُوْدِكَ وَاَنْتَ الصَّمَدُ الْقَيُّوْمُ الْاَزَلُ وَاَنْتَ الْحَیُّ الْبَاقِیْ فِی الْاَزَلِ بَعْدَ زَوَالِ الْاَسْبَابِ وَالْعِلَلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَيَاتِكَ الَّتِیْ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا وَبِقَائِكَ الَّذِیْ لَا يَنْتَهِیْ وَلَا يَفْنٰی وَبِعِلْمِكَ الْمُحِيْطِ بِكُلِّ شَیْءٍ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِرَفْعِ الْحِجَابِ لَا تَنْعَمَ بِحَيَاتِكَ اَبَدًا وَاَتَفَ عَلٰی تِلْكَ الْحَيَاةِ مُبْتَهِجًا سَرْمَدًا يَا غَايَةَ الْمَقْصُوْدِ وَالْمَآلِ يَا مُنْتَهَی الْاٰمَالِ يَا ذَا الْبَقَايَاءِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْتَ اللّٰهُ الْبَاقِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

اسم الوارث کے خواص

وارث وہ شخص ہے۔ جو اپنے مورث کے انتقال کے بعد اس کی وراثت کا وارث اور مالک ہو لیکن در اصل اللہ تعالیٰ ہی مالک ہے وارث ہے۔ جو تمام مخلوق کے ختم کے بعد بھی باقی رہے گا۔ اور اسی کے حضور میں ہر چیز رجوع کرے گی اور وہی اس وقت کہے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ آج کس کی حکومت ہے؟ پھر خود ہی جواب دے گا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۔ اللہ واحد قہار کی حکومت ہے اکثر آدمی سمجھتے ہیں۔ ہم ہی صاحب ملک حاکم اعلیٰ اور صاحب اقتدار ہیں۔ ان کے اس خیال باطل کو اللہ تعالیٰ باطل کر کے حق الیقین کے دروازے ان کے سامنے کھول دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی مالک و مختار اور وارث ازلی و ابدی ہے۔

ہم نے اپنی کتاب مقصدِ اسنیٰ شرح اسماء حسنیٰ میں اس کی تفصیل و تشریح کی ہے۔ جو دیکھی جا سکتی ہے۔ اس اسم کی تاثیر مناصب اور درجات کے حصول کے لیے بہت زیادہ ہے۔ خلوت میں یہ اسم مع دعا اپنے اعداد کے برابر پڑھنے سے موکل دردیائیل حاضر ہوتا اور ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ اور صاحبان کمال کا وارث بناتا ہے۔

نقش الوارث یہ ہے

ال	وا	ر	ث
۲۰۱	۴۹۹	۳۲	۹
۱۹۸	۴۹۸	۴۹۷	۳۳
۸	۳۴	۴۹۰	۱۹۹

دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَارِثُ الَّذِیْ تَرِثُ كُلَّ شَیْءٍ مِّنَ الْاَرْزَاقِ وَالْاَمْلَاكِ وَالْبِحَارِ وَالسَّمٰوٰتِ وَالْاَفْلَاكِ وَاِلَيْكَ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ يَا حَیُّ اَنْتَ الْحَیُّ الْبَاقِیْ اَسْئَلُكَ بِتَقْدِيْسِ اَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ وَاٰخِرِيَّتِكَ وَثُبُوْتِ ذَاتِكَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الْوَارِثِيْنَ بِحَقَائِقِ اَسْرَارِكَ الْمُتَوَفِّيْنَ فِی الْحَيَاةِ وَالْمَمَاتِ

يَا تَوَّابُ ذٰلِكَ دَائِمًا عَلٰى ذَالِكَ اَنْ تَشْكُرَنِيْ فِيْ جَوَابِكَ ثُمَّ تُرْشِدُكَ وَلِجَنَابِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْبَاقِيْ التَّوَّابُ۔

اسم رشید کے خواص

رشید وہ ذات ہے۔ جو کل امور کی بغیر کسی مشیر کے خود مرجع اور خوبی ان کا مدبر ہو۔ اور یہ ذات والاصفات اللہ تعالیٰ ہی کی پاک ذات ہے۔ جس نے تمام مخلوق کو رشد و ہدایت کا راستہ بتایا یہ اسم اعداد کے موافق خلوت میں پڑھنے سے ذاکر میں یہ تاثیر پیدا کرتا ہے۔ کہ جس پر نظر ڈالے اس کو ہدایت ہو اس اسم کا موکل سرطیائیل ہے جو ذاکر کے پاس آکر ہدایت تعلیم کرتا ہے۔

معاصی و شراب ترک جس پر نظر ڈالے وہ تائب ہو یہ نقش ہو اپنے پاس رکھے گناہوں سے باز رہے۔ اور شرابی کو ہر روز نمک ملائے پھر وہ شراب نوشی سے توبہ کر لیتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّشِيْدُ الَّذِيْ اَلْهَمْتَ اَهْلَ طَاعَتِكَ الرُّشْدَ بِالصَّوَابِ وَ الدَّاعِيْنَ التَّوْفِيْقَ بِالْاِقْبَالِ وَالْاِعْتِمَادِ عَلَيْكَ اَسْئَلُكَ يَا مَنْ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ وَدَبَّرَهٗ بِمَا مِنْ شَانِهٖ مِنَ الْمُدَبِّرَاتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُدِيْمَ نَظْرَتِيْ اِلٰى بَالتَّدْبِيْرِ وَالرُّشْدِ يَا اللّٰهُ يَا رَشِيْدُ

نقش الرشید یہ ہے۔

ال	ر	ش	ید
۲۰۱	۱۳	۳۲	۱۹۹
۱۲	۲۹۸	۲۰۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۱۱	۲۹۹

اسم صبور کے خواص

صبور وہ ذات ہے۔ جو وقت پر کام کرے اور جلدی نہ کرے بلکہ تمام امور کو مقدارات پر رکھے اور سنتوں کے موافق کام کرے اور مدت مستقیں میں پس و پیش نہ کرے۔ اور ہر چیز میں حکمت الٰہی کو مقرر جانے کہ اللہ جیسے چاہتا ہے کرتا ہے۔

صبر کی کئی قسمیں ہیں ایک صبر روح جو جنت کی نعمتوں کے حصول پر صبر کرنا۔ اور ایک صبر قلب۔ ان چیزوں پر جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو دی ہیں۔ ایک صبر عقل ان امور پر صبر جن کی دلیل افعال متقاضی ہے۔ ایک صبر جسم یعنی امراض جسم پر صبر کرنا جیسا کہ رسول اکرم نے فرمایا ہے۔ ایک دن کا بخار ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

کسی شخص کا نام صبور نہیں رکھا جاتا اس لیے کہ جلدی کے وقت انسان صبر پر قائم نہیں رہ سکتا۔ اور اللہ تعالیٰ جلدی کرنے سے پاک ہے۔ اس سے زیادہ کوئی صبر کرنے والا نہیں ہے گناہگاروں کو وہ مہلت دیتا ہے کہ توبہ کر لیں۔ حالانکہ وہ ہلاک کرنے پر قادر ہے۔ مگر پھر بھی دنیا میں کوئی ایسا عذاب نہیں دیتا جو ظاہر آنکھ فوراً دیکھ سکے۔

اسم صبور ہم معنی اسم کے تواب ہے۔ اور تواب وہ ہے۔ جو گناہ کا فوراً مواخذہ نہ کرے تاکہ انسان کبھی تو اس کی رحمت سے توبہ کرے۔ بعض لوگ اس کے عذاب کے خوف سے فوراً توبہ کرتے ہیں۔ توبہ کے معنی انسان کا اللہ کی طرف رجوع کرنا اور رجوع کا مطلب یہ ہے کہ شریعت اسلامیہ کے احکام بجا لائے اللہ کی اطاعت کرے اور یہ اللہ تعالیٰ ہی کی رحمت ہے۔ جو ایسی توفیق عطا کرتا رہتا ہے۔

گناہ کی اقسام بندہ جب گناہ کرتا ہے تو اس کا ضمیر [illegible] جاتا [illegible] توبہ کرنے پر انوار الٰہی اس پر رحمت

کرتے ہیں۔ توبہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اصلی جو اللہ تعالیٰ کا توبہ کی توفیق دینا ہے جیسا کہ ارشاد ہے۔ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ لِیَتُوبُوْا۔ تم فرعی وہ ہے جس کی بابت ارشاد ہے۔ وَتُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰهِ جَمِیْعًا۔ یعنی تم سب کے سب اللہ کے حضور توبہ کرو۔

جس طرح گناہ بعض ظاہری ہوتے ہیں۔ اور بعض باطنی اسی طرح توبہ بھی ظاہری اور باطنی ہے۔ ظاہری توبہ یہ ہے کہ ظاہری گناہوں سے توبہ کی جائے اور باطنی توبہ یہ ہے کہ باطنی گناہوں سے توبہ کی جائے ظاہری گناہ وہ ہیں جن کے کرنے سے شریعت نے منع کیا ہے۔ ان سے توبہ کا یہ مطلب ہے۔ کہ اعضاء کو عبادت الٰہی میں مشغول رکھا جائے۔ اور باطنی گناہ دراصل دل کے گناہ ہیں۔ جو ذکر الٰہی سے غفلت کرنا۔ بدگمانی کرنا اور خیالات فاسدہ رکھنا ان سے توبہ کرنے کا مطلب یہ ہے۔ کہ ان کو دل سے دور رکھ کے ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔ اگرچہ زبان خاموش رہے۔ مگر دل خاموش نہ رہے۔ بلکہ ذکر الٰہی سے دل جاری رہے۔

نفس کے گناہ یہ ہیں شہوت پوری کرتے رہنا عیش و آرام سے الفت رکھنا۔ ان سے توبہ کرنا یہ ہے کہ علائق دنیا سے منقطع ہونا۔ قناعت کرنا پرہیزگار اور متقی بننا۔ عقل کے گناہ یہ ہیں کہ کرامات کی تلاش کرنا اور میدان مناجات میں فنائی حقیقت کے لیے مستغرق رہنا۔

حضرت موسیٰ سے ستر حکیموں نے سوال کیا اللہ کی بخشش کیا ہے۔ آپ نے فرمایا میں صرف وہی بات جانتا ہوں۔ جو میرے خدا نے مجھے تعلیم کی ہے۔ جب جبرائیل آئے تو ان سے دریافت کیا۔ پھر جبرائیل آسمان پر گئے اور عرض کیا اے پروردگار موسیٰ نے پوچھا ہے بخشش کیا ہے۔ حکم ہوا اے جبرائیل ہماری بخشش یہ ہے کہ بندہ گناہ کر کے توبہ کرے۔ اور دوبارہ گناہ کر کے پھر توبہ کرے تو میرا حکم یہ ہے کہ پہلی اس کی توبہ کے باعث میں اس کو بخش دیتا ہوں اور اسے نیکی کی ہدایت دیتا ہوں اور اسے توبہ کی توفیق ہوتی ہے۔ توبہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ برے کام چھوڑ کر اچھے اخلاق پر عمل کرے اور اچھے اخلاق وہیں جنہیں رسول اکرم نے اچھا فرمایا توبہ کرنے کا اثر یہ ہے کہ گناہ کرنے سے انسان کا دل پھر جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے تائب بندہ کو اپنی طرف پھیر لیتا ہے جس کی وجہ سے طاعت و عبادت میں یہ شخص غرق ہو جاتا ہے اور غربت و تونگری کی ہر حالت میں بندہ صابر رہتا ہے۔ اس اسم کا کوئی ذکر خاص نہیں ہے۔ یہ نقش دلوں کو صبر دلانے کے لیے بے حد مفید ہے۔ جس کا بچہ گم ہو گیا ہو یا مالی نقصان ہوا ہو اس کو پلانے سے اللہ درست کر دیتا ہے اور سخت کام آسان کر دیتا ہے۔

نقش یہ ہے

ال	ص	بو	ر
۹	۹۹۹	۳۱	۸۹
۱۹۸	۶	۳۲	۲۲
۹۱	۳۲	۱۹۷	۷

۹۹ اسمائے حسنیٰ بموجب حدیث شریف ہم نے لکھے جو کافی بیان ہے۔ ہم نے اپنی کتاب علم الہدیٰ میں انہیں دوسری ترکیب سے لکھا ہے۔ ہر اسم کی خلوت اور اس کے مؤکل وغیرہ کی تشریح کی ہے۔ بعض علماء فن نے فرمایا ہے یہ کام فی نفسہ مشکل مثل غامض المدرک ہے کیونکہ یہ بلند مقام ایسے اعلیٰ درجہ کا ہے کہ اہل عقل جہاں حیران رہ جاتے ہیں۔

خصوصیت اسماء الٰہی

اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں اور ہر سال اللہ تعالیٰ اپنے ایک نام سے جلوہ گری کرتا ہے اس حساب سے ہر اسم کا ایک دور سو سال کا ہوگا جو ... نبویہ کے لحاظ سے ان اسماء کے دس دور سنہ ۹۹۰ تک ختم ہو گئے اب سنہ ۵۲ تک ایک ہزار میں سے دس سال رہتے ہیں

جس سال اسم ممیت یا اسم قابض کی جلوہ گری ہوگی تو دنیا میں قتل و غارت اور ہلاکت بکثرت ہوگی۔ اور جس سال اسم حی کی تجلی ہوگی تو حیات و پیدائش زیادہ ہوگی اور جس سال اسم فتاح یا رزاق کی جلوہ پاشی ہوگی تو خیر و خوبی ہوگی۔ اس سے زیادہ ہم یہاں بیان نہیں کر سکتے اور یہ بھی بہت کافی ہے۔
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

فصل ۴ مقبول دعائیں جو ہر وقت پڑھی جا سکتی ہیں

يَا هَادِيْ۔ يَا مُبِيْنُ۔ یہ دونوں اسماء مکاشفات اور اسرار معلوم کرنے کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ اسرافیل سے منسوب ہیں۔ اور اسم مُبِيْنُ جبرائیل سے مناسب ہے۔ يَا هَادِيْ خَبِيْرُ مُبِيْنُ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔ کے ذاکر کو اسرار و معارف حاصل ہوتے ہیں اگر کوئی تعبیر معلوم کرنا ہو تو روزہ اور شب بیداری سے ان اسماء کا ذکر کرے اور ہر سینکڑہ پر کہے۔ اِهْدِنِيْ يَا هَادِيْ خَبِّرْنِيْ يَا خَبِيْرُ بَيِّنْ لِيْ يَا مُبِيْنُ عَلِّمْنِيْ يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ۔ اس دعا کے بعد اپنی ضرورت بیان کرتا رہے۔ یہ عمل رات سونے پر کیا جائے خواب میں حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔

عوام کو مطیع کرنے کا عمل جو حاکم لوگوں کی اطاعت چاہے وہ اسم یَا هَادِيْ کا بکثرت ذکر کرے اور جس کو مطیع کرنا ہو۔ اس کے حروف بسط و تکسیر کے ساتھ اپنے پاس رکھے مقصد حاصل ہوگا۔ تکسیر کی صورت یہ ہے۔ (ا ر ی ل ع ہ ق ا ف د ب ی) اور یہاں تک تکسیر کرے کہ سطر اول آخر میں ظاہر ہو اس پاک کاغذ پر آخری سطر نہ لکھے کیونکہ وہی اول سطر ہے۔ جس کے لکھنے سے تکرار ہو جائے گی۔ د ع ی لا ب ال ہ ا وی۔ مقررہ خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے اور بکثرت اسم ہادی اٹھتے بیٹھتے ہر حالت میں یا ہادی کہتا رہے۔ اور ستر دفعہ کے بعد یہ پڑھے۔ يَا هَادِيْ مَنِ اسْتَهْدٰى اِهْدِ فُلَانَ ابْنَ فُلَانَةَ وَاجْعَلْهُ طَوْعَ يَدِيْ وَمَكِّنِّيْ مِنْ نَاصِيَتِهٖ وَقَلْبِهٖ یہ عمل جمعرات کو پہلی ساعت سے شروع کرے۔ تکسیر کے دوسری طرف یہ نقش لکھے۔

دعا جلد قبول ہو اور ہر کام میں بھلائی دعا یہ ہے۔ يَا رَبِّ صَفِّنِيْ مِنْ كُدُوْرَاتِ الْاَشْيَاءِ صَفَاءً مِنْ صِفَةِ عِنَايَتِكَ وَقُرْبَةً اِلَيْكَ وَاحْفَظْنِيْ مِنْ نَقْصِ التَّكْوِيْنِ حَتّٰى تَنْجَلِيَ فِيْ مِرْاٰةِ قَلْبِيْ وَمَسْتُوْرِ نَفْسِيْ كُلُّ اِسْمٍ اَنْطَمَعَ فِيْ قُرَّةِ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالتَّقْوٰى بِهٖ عَلٰى كَشْفِ مَا فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ مِنْ اِسْرَارِ اَسْمَائِكَ وَمُجَامِعِ هٰذِهِ الرَّقَائِقِ فِيْ رَقِيْقَةِ الْاِسْمِ الْجِبْرِيْلِيِّ الْعَالِمِ الْعَلِيْمِ الْعَلَّامِ يَا ذَا الْكِرَامِ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ فُؤَادَ الْوَحْيِ وَالْاِلْهَامِ وَالْحِسِّ وَالْفَهْمِ يَتَسَرَّبُ مِنِّيْ بِنَفْحَةٍ مِّنْهُ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ اِلٰى مِثْلِهَا اِلٰهِيْ اَنْطِقْنِيْ بِالرَّقِيْقَةِ الْعُظْمٰى حَتّٰى اَتَلَقّٰى مِنْكَ مَا لَا تَبْلُغُ بِهٖ وُجُوْدِيْ حَتّٰى اَتَلَذَّذُ بِمَا فَاتَكَ تَلَذُّذَ جِبْرِيْلَ بِرِسَالَتِكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلَّامُ الْغُيُوْبِ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ آخر آیت تک يَا هَادِيْ يَا رَشِيْدُ يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔ یہ دعا ۱۰۱ مرتبہ دو رکعت نماز کے بعد پڑھنے سے ہر کام میں بھلائی کی توفیق ہوتی ہے نقصان سے محفوظ رہتا ہے یہ دعا کبریت احمر اور مجرب ہے۔ جلد قبولیت

دعا کے لیے یہ آیت پڑھنا مناسب ہے۔

اسمائے الٰہی کے اثرات عجیب

جو شخص متواتر سات دن اسم یا خبیر کا ذکر کرے تو مؤکل اس کے پاس معلومات بہم پہنچاتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ اسم مبین بھی ایک ہزار مرتبہ روزانہ ملا کر پڑھے۔ اور خوشبو جلاتا رہے۔ تو تمام ارواح میں سے جسے چاہے اپنے پاس متعین کر لے یہ اسم طلوع آفتاب کے وقت پڑھنا چاہیے کیونکہ اس وقت طبیعت اور روح معتدل ہوتی ہے۔ اس کے ذاکر کو وہ حکمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ جو اوروں کو نصیب نہیں هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِیْمُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ الْحَافِظُ الرَّقِیْبُ الْمُبِیْنُ الْهَادِیْ جس چیز کا یاد رکھنا مشکل ہوتا ہو اس کا ان دس اسماء کے اسرار کی برکت سے حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔ اور یہ آیت بھی ساتھ ہو پڑھے۔ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ الخ یہ دعا پڑھنے سے علوم حاصل ہوتے اور صاحب الہام ہو جاتا ہے۔ اور جانوروں کی بولی سمجھتا ہے۔ مشکل امور سمجھنے کے لیے یہ دعا پُر تاثیر ہے۔

ساعت مشتری میں یہ دعا شروع کی جائے جبکہ قمر اور عقرب نہ ہو۔ کیونکہ بھولی ہوئی بات یاد دلانا اس ستارے کی خاص تاثیر ہے تھیگا محبت یاد دلانا۔ حفاظت و رعایت پر آمادہ کرنا، حکماء اور اہل صنعت سے دوستی کرنا وغیرہ اس کے اثرات ہیں اس دعا کو وظیفہ بنانے والے کو اللہ تعالیٰ صاحب علم و فضل کرتا اور اہل علم کو اس کا مسخر کرتا اور کشف دیتا ہے۔ اس کی گفتگو شیریں کرتا اور خواب میں اس کو ہر بات بتاتا ہے اس دعا کی بدولت اسرار معلوم ہوتے ہیں۔ اور علوم حاصل کرنے کے لیے یہ وظیفہ نہایت ہی زود اثر ہے۔ اسمائے۔ اَلْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ الْهَادِیْ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۔ صبح صادق کے وقت پڑھی جائے جب کہ اللہ تعالیٰ کے احکام آسمان دنیا کی طرف نازل ہوتے ہیں وہ فرماتا ہے کوئی ہے۔ پکارنے والا جس کی دعائیں قبول کروں کوئی ہے مغفرت مانگنے والا جسے میں بخش دوں کوئی ہے سوال کرنے والا جس پر میں بخشش کے بادل برساؤں۔

اصلاح قلوب۔ حصول علم و فہم اور اسباب خیر کا حصول

متذکرہ ذیل دعا دلوں کی اصلاح اور علوم فہم کے لیے بہت ہی موثر ہے جو شخص شب کی آخری تہائی میں جو قمر سے منسوب ہے۔ یہ دعا شروع کر کے صبح تک پڑھتا رہے۔ اور صبح صادق میں نماز سے فارغ ہو کر ذکر اللہ اور استغفار میں مشغول رہے۔ تو اللہ تعالیٰ خیر کے کل اسباب اس کے لیے مہیا کرتا ہے۔ اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے میں صفاتِ جمال اور حسن حال ظاہر ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے علم و معرفت بھی عنایت ہوتی ہے۔ دعائے خاص یہ ہے۔

اِلٰهِیْ اَسْئَلُكَ الْمَكْنُوْنَ الَّذِیْ فَعَدْتَ بِهٖ قَوَاصِلَ التَّفْصِیْلِ فِی الْمَوْجُوْدِیْنَ فَتَفَصَّلَ كُلُّ شَیْءٍ تَفْصِیْلًا اَظْهَرْتَ فِیْ تُبَایِنِهٖ كَلِمَةَ الْعَدْلِ فَاخْتَلَفَتِ اللُّغَاتُ وَظَهَرَتِ الْاَسْمَاءُ وَتَقَابَلَتِ الْاَفْعَالُ وَتَنَوَّعَتِ الْاَنْوَاعُ وَتَجَنَّسَتِ الْاَجْنَاسُ وَتَرَتَّبَتِ الْاَنْسَابُ وَقُلْ فِیْ فَلَكِ عِلْمُكَ تَكَ یَسْبَحُوْنَ وَبَقَهْرِعَدْلِكَ یَسْتَدِیْرُوْنَ اَقْبِضْ عَنِّیْ ظُلَمَ جِسْمِیْ اِلَیْكَ قَبْضًا یَسِیْرًا وَابْسُطْ لِیْ نُوْرَ عِنَایَتِكَ بَسْطًا كَبِیْرًا فَاَنْتَ الْمُتَصَرِّفُ الْمُقْتَدِرُ حَتّٰی تَلْقَیٰ عَنْكَ وَبِمَا فِیْ سِرِّ الْاَسْرَارِ مَعْنًی مِّنْ مَعَانِیْ عِلْمِكَ وَاَنَسَ بِهٖ فِیْ غُرْبَةِ وَفِیْ غُرْبَةِ الدُّنْیَا اُنْسًا یُغْنِیْنِیْ عَنْ كُلِّ مُؤْنِسٍ وَیَبْقِیْنِیْ مَعَ كُلِّ مَا یُؤْنِسُنِیْ بِهٖ مِنَ الْعَوَالِمِ اَجْمَعِیْنَ حَتّٰی یَتَقَرَّبَ اِلٰی قَلْبِیْ غَرَائِبُ الْمَوْجُوْدَاتِ فَاشْهَدُ اَنْصِرْهَا وَبِهٖ تَرْمُ مُشْتَعِلَةً اِلٰی ذَالِكَ السِّرِّ الْقَهْرِ

وَكُلِّ مَوْجُوْدٍ وَبِيَدِهٖ يُبْدِيْ كُنُوْزَ ذِيْ غَيْبٍ مَعْنَاهُ فَقُلْنَا فِيْهِ بِحُكْمِكَ الَّذِيْ لَا يُرَدُّ وَلَا يَبِيْدُ ثُمَّ إِنَّكَ تُقَوِّيْ
بِالْقَوِيِّ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ يَا قَاضِيًا بِالْحَقِّ أَنْتَ الْحَقُّ وَأَسْمَائُكَ الْحَقُّ وَأَفْعَالُكَ الْحَقُّ وَإِنْ تَبَاعَدَ الْكُلُّ بِعِزَّتِكَ الْحَقِّ وَكَيْفَ
بِالْقُوَّةِ تُقَوِّي الْحَقَّ مِنْ لَّدُنْهُ مَا أَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَعْلَمُ مَا لَمْ أَكُنْ أَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ

دشمنی و فساد کرانے کا عمل

یہ دعا چونکہ جن آیتوں میں اسم قدوس کا ذکر ہے۔ وہ بھی پڑھے تو زیادہ مناسب ہے۔ ستارہ مریخ میں غلبہ مدد دینے اور دشمنی پیدا کرنے کی قوت ہے۔ بہت مؤثر ہے۔ اس کے اعمال ستارہ زحل کی قوت سے زیادہ ہیں۔ فساد ڈالنے میں یہ کرشمہ رکھتا ہے۔ گرم امراض پیدا کرنے تکبیر جاری کرنے اور چشم بد وغیرہ ڈالنے عجیب ہی پر تاثیر ہے۔
دائم بلا جادو کرنے میں یہی کرو اور بھائی سے ساتھ کھینچو۔

یا اسماء: اَلشَّهِيْدُ الْمُحْصِيْ الْحَلِيْمُ۔ ذاکر کی اللہ تعالیٰ تمام ضروریات فوراً پورا کرتا ہے۔ یہ ذکر بھی دعا کے بعد کیا جاتا ہے۔ اور اس تختی کی قدر کرو جو ہم تک پہنچایا گیا ہے۔ ان اسماء میں عجیب و غریب اسرار ہیں جو کوئی اتوار کے دن کسی مطلب سے سرخ تانبے پر یہ نقش کرکے اپنے پاس رکھے تو مقصد تک جلد رسائی ہوگی۔

ذیل کی دعا نہایت ہی سودمند ہے۔ جو کوئی رات کے آخری تنہائی میں دو رکعت نماز نفل کے بعد حضور قلب اور خلوص عقیدہ سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے عزت و رعب کا جامہ پہناتا ہے۔ اور اسی کی برکت سے بے کس کی مدد ہوتی ہے۔ دشمنوں پر غلبہ پاتا ہے۔ حکام کے لیے یہ دعا مفید تر ہے۔ اس ذریعہ سے حکومت وسیع اور دبدبہ ہوتا ہے۔ حکام کے لیے یہ دعا کے ساتھ آیت

بے کس کے لیے مدد الٰہی اور حکام کیلئے بہترین عمل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا آخر تک۔ اور یہ اسماء يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا قَهَّارُ بھی پڑھنا چاہیے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ أَوْقِفْنِيْ مَوْقِفَ الْعِزَّةِ وَالْكَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْجَلَالِ حَتّٰى لَا أَجِدَ فِيْ ذَرَّةٍ وَلَا دَقِيْقَةٍ إِلَّا وَقَدْ غَشَّاهَا مِنْ عِزِّ عِزَّتِكَ مَا يَمْنَعُهَا مِنَ الذُّلِّ لِغَيْرِكَ حَتّٰى أُشَاهِدَ ذُلَّ مَنْ سِوَائِيْ لِعِزَّتِيْ بِكَ مُؤَيَّدًا بِرَقِيْقَةٍ مِنَ الرُّعْبِ يَخْضَعُ لَهَا كُلُّ شَيْطَانٍ مَرِيْدٍ وَجَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَأَبْقِ عَلَيَّ ذُلَّ الْعُبُوْدِيَّةِ فِي الْعِزَّةِ بَقَاءً يَبْسُطُ لِسَانَ الْاِعْتِرَافِ وَيَقْبِضُ لِسَانَ الدَّعْوٰى إِنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ وَالْقَهَّارُ۔

اس دعا کے بعد قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا۔ آخر آیت تک بھی پڑھنا قبولیت دعا کے لیے مناسب ہے۔
یہ دعا خلوص عقیدہ اور حضور قلب سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں پر غالب کرتا ہے۔ ان اسماء میں عظمت دشمنوں کو مغلوب کرنے اور ان کے دلوں میں رعب ڈالنے اور ذاکر کے لیے ہر چیز کے مطیع ہونے کے زبردست اثرات ہیں۔ یہ اسماء دشمنوں کے لشکر کو متفرق کرتے ہیں۔ اور ذاکر کو تمام موذی حیوانات کے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔ سخت دلوں کو نرم کرتا اور بھاری سے بھاری بوجھ اٹھانے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو حاکم ان کا ذکر کرے تو اس کے تمام ماتحت اس سے خوف زدہ رہتے اور ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔ تمام مخلوق ذاکر کی مطیع نظر آتی اور وہ خود اپنے نفس کو اللہ کی بارگاہ میں متواضع پاتا ہے۔

ضعیف کو قوت و ہیبت ملے دشمن کی بربادی وغیرہ

جو شخص یہ ذکر کرے اس کا مرتبہ بلند ہو اگر ذلیل ہوگا تو صاحب عزت بن جائے گا اگر ضعیف ہوگا تو قوی ہو جائے گا کسی ظالم کی ہلاکت کے

کے آخر ماہ قمری میں جمعرات کی رات کو نویں ساعت میں یا مریخ کی ساعت میں ذیل کے اسماء اور دعا پڑھے تو دشمن ذلیل ہو گا کسی اندھیرے مکان کے میں ہوش وحواس کے ساتھ زمین پر کوئی چیز بچھائے بغیر بیٹھ کر پڑھنے سے ظالم ہلاک و برباد ہوتا ہے۔ اسماء یہ ہیں۔ اَلضَّارُّ الْمُذِلُّ الْمُؤَخِّرُ الْمُنْتَقِمُ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ يَا شَدِيْدَ يَأْخُذُ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَاعْتَدٰى عَلَيَّ وَكُفَّ شَرَّهُ عَنِ الْخَلْقِ یا یوں پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَهْلِكْهُ تو وہ دشمن ہلاک ہو گا۔ ہر حال میں اللہ سے خوف کر کے ناحق کسی کو دستایا جائے یہ دعا بھی پڑھی جاتی ہے۔ اَللّٰهُمَّ يَا شَدِيْدَ يَأْخُذُ حَقِّيْ مِنْهُ وَاقْصِمْ ظَهْرَهُ وَاقْطَعْ دَابِرَهُ وَاَثَرَهُ وَاكْفِنِيْ شَرَّهُ - اور یہ جملہ تیرہ اسماء ہیں هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْقَادِرُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ذُو الْجَلَالِ الْقَوِيُّ الْقَائِمُ الْمُبِيْنُ الشَّدِيْدُ الْقَاهِرُ الْقَهَّارُ وَالْبَطْشُ الشَّدِيْدُ جو کوئی اسمائے قادر اور مقتدر چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے موجودات پر غلبہ پائے اور سب کام لوگوں میں مقبول ہوگا جو کوئی سیاہ موم پر یہ مذکورہ اسماء لکھ کر کسی جگہ ڈال دے تو وہ جگہ کبھی آباد نہ ہو بلکہ ہمیشہ برباد رہے۔

اسمائے المقتدر القوی القائم کی تکسیر کر کے چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرا کے اس کے گرد بطور دائرہ کے آیت اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ۔ لکھ کر اسطراک افریقی اور اذخر کی کی دھونی دے کر پہننے والا جس کے پاس جائے گا وہ اس سے خوف زدہ ہو گا۔ اگر یہ انگوٹھی کسی ظالم کے گھر ڈال دی جائے تو اس کی حکومت وجاہ جاتی رہے گی۔ اور لوگ دشمن ہو جائیں تکسیر یہ ہے۔ ال ال ع ح م ا ب ن ی اک ق ی د ے
اسماء۔ اَلْجَبَّارُ الْعَزِيْزُ الْمُتَكَبِّرُ۔

دشمن پر غلبہ ظالم کی بربادی

جو دشمنوں پر غلبہ کرنا چاہے اس طرح تکسیر کر کے اپنے پاس رکھے۔ ال ال ع ح ا ب ی اک ہ ب د اور اس کے گرد یہ آیت لکھے۔ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا سے عَزِيْزًا تک مثل کے دن سورج نکلتے لکھے اگر طالع منحوس یا مریخ کا ہو تو بہت بہتر ہے۔ اور عنبر النار کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے جو شخص دیکھے گا اس کے رعب میں آجائیگا بادشاہ شاہ پور والی ایران نے یہ عمل کیا تھا۔ جس کے سبب بر آنکہ کو بہت شکستیں دی تھی۔ اور جب وہ مرگیا تو اپنے بیٹے کو یہ تعویذ ہمیشہ پاس رکھنے کی وصیت کی تھی۔ جو کہ اسمائے ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کا آنا ذکر کرے کہ حال غالب آجائے۔ تو وہ تمام لوگوں میں عزیز اور عزت والا ہوگا کیونکہ ان اسماء کی ارواح میں انکی تعریف ہے۔ حضور نبی اکرم کا ارشاد ہے يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کے ساتھ دعا کیا کرو۔

تخت بلقیس لانے کا اسم اعظم

امام محمد بن ادریس رازیؒ نے کتاب کبیر میں لکھا ہے۔ جو عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے خزانے سے حاصل کی گئی تھی کہ یا ذو الجلال والاکرام کہ اسم اعظم ہے۔ اور یہی وہ اسم ہے جس کے ساتھ آصف بن برخیا نے دعا کر کے حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں بلقیس کا تخت حاضر کیا تھا یہ اسم قبولیت دعا کے لیے زود اثر ہے کیونکہ یہ اسم اللہ تعالیٰ سے مخصوص ہے۔ اور رسول اکرمؐ نے شفقت سے اپنی امت کو سکھایا ہے۔ اس اسم اعظم کا جنگل کی رات کی آخری تہائی میں ذکر مناسب ہے۔ اس اسم کے وظیفہ کرنے والے کے لیے دروازۂ قرب الٰہی کھل جاتا۔ اور وہ رازدل سے واقف کار ہو جاتا ہے۔

ایک اعرابی نے رکوع سے سیدھا ہوتے وقت پڑھا تھا۔ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ ـــــــ جس پر رسول اکرم نے فرمایا یہ کلمات کہنے والا کون ہے۔ اس اعرابی نے کہا یا رسول اللہ میں ہوں۔ ارشاد ہوا میں نے ستر فرشتوں کو دیکھا جو اسے لکھ رہے تھے۔

زید بن حارث سے منقول ہے۔ ایک کردی لٹیرے نے مجھے گھیر لیا اور قتل کرنے کا ارادہ کیا اور کہا اے زید قتل کے لیے تیار ہو جاؤ

میں نے کہا نماز پڑھنے کی مہلت دے۔ اس نے کہا بہتوں نے پڑھی ہے کسی کو اس نے فائدہ نہیں پہنچایا مگر زید نے وضو کر کے دو رکعتیں پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھی۔ اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ ۳ مرتبہ

پھر قزاق نے اپنا حربہ اٹھایا کہ اس کو قتل کرے اتنے میں ایک گھوڑا سوار آیا اور آواز دی خبردار اس کو قتل نہ کرنا تو میرے سامنے آ تیرا مقابل میں ہوں آپ لپٹ پڑا اور متوجہ ہوا سوار نے ایک ہی وار میں اس لٹیرے کے دو ٹکڑے کر دیئے اور زید سے کہا جب تو نے پہلی مرتبہ دعا پڑھی تو جبرائیل نے آواز دی اس نے کس کی امداد کرنی چاہئے مگر میں نے کہا میں جاتا ہوں لیکن اس وقت میں ساتویں آسمان پر تھا جب تم نے دوسری مرتبہ دعا پڑھی تو میں آسمان دنیا پر تھا اور جس وقت تیسری مرتبہ دعا پڑھی تو میں فوراً تیرے پاس تھا اور میں نے اسے قتل کر دیا اے زید جو شخص یہ دعا پڑھے جو مانگے فوراً ملتا ہے۔

زید نے مدینہ آ کر حضور اکرم سے یہ واقعہ سنایا آپ نے فرمایا اے زید اللہ نے تجھے اپنا اسم اعظم الہام کیا جو شخص یہ دعا مانگتا ہے۔ اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔

خیر و برکات کے لیے تیز اثر دعا جو شخص ذیل کی دعا سرخ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو خیر و برکات اس طرح ملیں کہ اس کو خبر بھی نہ ہو۔ جو شخص رات کے آخری حصہ میں طلوع فجر تک یہ دعا پڑھے اور جو ضرورت اللہ سے مانگے پوری ہوتی ہے اس دعا کا ہمیشہ پڑھنے والا اپنے منہ سے نور نکلتا ہوا دیکھتا ہے جس سے اطراف جگمگا جاتا ہے۔ غم دور کرنے دشمن کو مغلوب کرنے خوش عیشی کے حصول یا کوئی راز معلوم کرنے کے لیے جو شخص پڑھے اللہ تعالیٰ جلد تر اس کا مقصد پورا کرتا ہے اور وہ دعا یہ ہے۔ اِلٰهِیْ مَا اَسْرَعَ التَّكْوِیْنُ لِہِمَّتِكَ وَاَقْرَبُ الْاِنْفِعَالَاتِ بِاَمْرِكَ اَسْئَلُكَ بِمَا اَظْهَرْتَ بِالتَّرْتِیْبِ مِنْ سِرِّ نُوْرِ اِسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی التَّرْتِیْبِ الْمَجِیْدِ الْمُحِیْطِ وَاَنْشَاْتَ مَلَائِكَتَكَ اِنْشَاءً مُنَاسِبًا لَّدَیْكَ الْحَرْفُ فَكُلٌّ مِّنْهُمْ رُوْحٌ وَكُلُّ نَفْسٍ مِّنْ اَرْوَاحِهِمْ رُوْحٌ وَكُلُّ ذِكْرٍ مِّنْ اَذْكَارِهِمْ رُوْحٌ وَكُلٌّ مِّنْهُمْ اَذْهَلَتْهُ عَظَمَةٌ مِّنْ تَجَلِّیْكَ فِیْ اَسْمَائِكَ فَانْفَعَلَتْ ذَوَاتُهُمْ بِتِلْكَ الْاَذْكَارِ فَهُمْ ذَاكِرُوْنَ مِنَ الذُّهُوْلِ وَذَاهِلُوْنَ مِنَ الذِّكْرِ كَذَا نَزْعُمُ مِنْ حَیْثُ الْاِسْمِ اَنْتَ اَنْتَ وَمِنْ حَیْثُ الذُّهُوْلِ هُوَ هُوَ وَمِنْ حَیْثُ الْعَظَمَةِ اَلَا اَهْوَ مِنْ حَیْثُ التَّجَلِّیْ هَا هَا وَمِنْ حَیْثُ الشُّهُوْدِ سُبْحَانَكَ مَا اَعْظَمَ سُلْطَانَكَ وَاَعَزَّهٗ اَحَاطَ عِلْمُكَ وَسَبَقَ تَدْبِیْرُكَ وَنَفَذَتْ اِرَادَتُكَ وَجَعَلْتَ لِیْ وِجْهَةً مُّرْضِیَةً مِّنْ تَصْرِیْفِ قُدْرَتِكَ فِیْ كُلِّ عَزْمٍ وَّاِرَادَةٍ وَّفِكْرَةٍ وَّمَعْرِفَةٍ وَّذِكْرٍ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا فَاِنَّ حَضْرَتَكَ لَا تَقْبَلُ الْغَیْرَ حَتّٰی یَصِیْرَ اِلٰی اَفْعَالِكَ الْاَكْوَانِ وَمِنْ تَمَّتْ وَاحِدَةٌ اَنَّا هُوَ مِنْ غَیْرِ سِتْرٍ فَالْمُقْبِلُ فَالْمُدْبِرُ مَاْخُوْذٌ مِّنْ وَّصْفِ نَفْسِهٖ وَاِرَادَتُهٗ مَقْهُوْرٌ بِاَمْرِ مَا ظَهَرَ مِنْ تَعَلُّقِكَ یَا اَلْطَفَ اللُّطَفَاءِ وَیَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

ظالموں کے لیے بددعا

ذیل کے اسماء جبروت ظالموں کی بربادی اور ان کی پریشانی کے لیے سریع الاجابت ہیں۔ جو شخص ان کے ساتھ دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے ہر قسم کا شر و فساد دور کرتا ہے۔ ان اسماء کے ذاکر کو جو شخص ستاتا ہے وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ جس ظالم کے سامنے یہ اسماء پڑھو تو وہ ظالم اس ذاکر کا کہا ماننے لگا۔ اسماء یہ ہیں اَلْعَزِیْزُ اَلْقَهَّارُ اَلْمُقْتَدِرُ اَلْقَوِیُّ اَلْقَائِمُ ذُوْالْقُوَّةِ اَلْمَتِیْنُ اَلْقَوِیُّ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَکَبِّرُ اَلشَّدِیْدُ اَلْقَاهِرُ اَلْقَهَّارُ اَلْقَائِمُ اسم قائم اور قیوم کے دو حالات ہیں اگر یہ دونوں اسم فعل ہوں تو ان کے معنے تدبیر کے ہیں یعنی کوئی شخص اگر کسی چیز کی تدبیر کرتا ہے تو عرب کہتے ہیں کہ یہ شخص اس پر قائم و قیوم ہے۔ اور اگر ان کے معنی ذات کے ہوں تو ان سے قائم بنفسہ مستغنی عن غیرہ مراد ہے۔ الحاصل یہ دونوں اسم ذات کے اوصاف ہیں۔ اسم قائم و اسم قیوم میں یہ فرق ہے کہ قائم اپنے سے غیر کیلئے حفاظت یا رعایت کے لیے ہوتا ہے۔ جیسے اس آیت میں ہے۔ اَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ ۔ اور اس آیت میں قَائِمًا بِالْقِسْطِ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر انصاف سے قائم ہے۔ اور معانی قیوم یہ ہیں کہ ذاتی طور پر قائم ہو۔ اور دیگر چیزیں اس کی محتاج ہوں۔ جیسے مخلوق جو خالق حقیقی کی محتاج ہے۔ ان دونوں اسماء کا فرق باہمی آپ سے بیان کر دیا گیا اس کا وزن فیعول ہے اور قائم بروزن فاعل ہے۔ اور اسم فاعل ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے وجود میں قائم بنفسہ ہے۔ اور اس کے سوا کوئی اور چیز قائم بنفسہ نہیں اللہ اپنی قدرت سے قائم ہے اور سب چیزیں اپنے وجود کے لیے اللہ کی محتاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی صفات ذاتی علم ارادہ قدرت سمع اور بصر وغیرہ ثابت و قائم ہیں۔ اور وہی مدبر مطلق ہے۔ دشمنوں کو مغلوب کرنے کی دعا یہ ہے۔ رَبِّ اَغْمِسْنِیْ فِیْ بَحْرِ هَیْبَتِکَ حَتّٰی اَمْتَزِجَ بِجَمِیْعِ کُلِّیَّتِیْ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا حَتّٰی اَخْرُجَ مِنْهُ وَفِیْ وَجْهِیْ شُعَاعٌ مِّنْ هَیْبَتِکَ یَخْطَفُ اَبْصَارَ الْحَاسِدِیْنَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فَتَمْنَعُهُمْ وَتَمْنَعُهُمْ عَنْ رَّمْیِ سِهَامِ الْحَسَدِ فِیْ قِرْطَاسِ نِعْمَتِیْ وَتَحْجُبُنِیْ مِنْهُمْ بِحِجَابِ النُّوْرِ الَّذِیْ بَاطِنُهُ النُّوْرُ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ النُّوْرِ بِوَجْهِکَ النُّوْرِ النُّوْرِ الَّذِیْ اَضَاءَ بِهٖ کُلَّ نُوْرٍ یَا نُوْرَ النُّوْرِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَحْجُبَنِیْ بِنُوْرِ اِسْمِکَ حِجَابًا یَمْنَعُنِیْ مِنْ کُلِّ ظَالِمٍ غَاشِمٍ وَّجَبَّارٍ عَنِیْدٍ یَخْرُجُ مِنْ کُلِّ لِّقُعْسٍ یَمَارِجٍ بِبَنِیْ جَوْهَرًا وَّاَعْرَاضًا اِنَّکَ اَنْتَ نُوْرٌ لِّکُلِّ نُوْرٍ یَا اللّٰهُ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ یَا نُوْرُ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ [illegible]

عظیم منافع دشمن پر غلبہ دشمن کی زبان بندی

دو رکعت نماز کے بعد ۲۸ مرتبہ یہ دعا پڑھنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ غلبہ کرتا ہے دلوں میں اس کا رعب و جلال عظمت ڈال دیتا ہے دشمنوں کے مغلوب کرنے کی دعا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوتی ہے۔ یہ دعا اندھیری کوٹھڑی میں آنکھیں بند کر کے پڑھنے والے کو انوار عجیبہ کے مشاہدے ہوتے ہیں۔ اس دعا پر مداومت کرنے والے کو عالم غیب سامنے دکھائی دیتا ہے۔

صاحبان فہم و ارباب قلوب کے لیے یہ ذکر بہت سود مند ہے۔ اس دعا کے کاتب اور عامل کے قویٰ میں قوت پیدا ہوتی اور دشمن مغلوب ہوتے ہیں دشمنوں کا مغلوب کرنا، زبان بند کرنا اور گرمی کے امراض مثلاً سودا وغیرہ پیدا کرنا ہیں یہ سب شمس کی خاصیت ہے۔ مالیف قلوب میں بھی یہ پائیدار عمل ہے۔ صاحب عقل اس دعا سے امراض خصوصاً باطنی امراض کا علاج خوب کرتا ہے۔ عقلمند را اشارہ کافی است۔

جو شخص یہ آیت۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ ساعت مقررہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کا سینہ علوم کے لیے کھل جاتا ہے۔
اس کا اندرونی فراخ ہوتا اور ہر قوت و ہیبت ظاہر ہوتا ہے۔ یہ دعا آٹھویں ساعت میں پڑھنا چاہیے۔ اِلٰھِیْ اَظْلَمَ عَلٰی وُجُوْدِیْ شَمْسُ شُھُوْدِیْ مِنْکَ فِی الْاَکْوَانِ وَالْاَلْوَانِ عَلٰی اَنْحَیْ بِھَا اَشْھَدَنِیْ مِنْ اٰفَاقِ الْمَلَکُوْتِ فَرْدًا مُنْفَرِدًا وَاکْشِفْ فِیْہِ سُحُقَ الْکَلِمَۃِ الْکُلِّیْنِ یَنْفَعِلُ لِیْ فِیْ کُلِّ مُکَوَّنٍ وَمَا اُنْشَاءُ لَہٗ بِکَلِمَۃِ الْکُلِّیَّۃِ بِاِذْنِکَ الَّذِیْ سَخَّرْتَ لَھَا مَا فِی الْوُجُوْدِ بِلَا ظُلْمِہٖ ثُمَّ اِنَّکَ مُنَوِّرُ الْکُلِّ بِجَلَالِکَ وَمُنَوِّرُ الْاَنْوَارِ بِنُوْرِکَ الَّذِیْ صُدُوْرُہٗ عَنْ اِسْمِکَ النُّوْرُ الْقَاھِرُ وَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ط۔

کشف کی دعا

مذکورہ دعا ساعت مقررہ میں ۹۰ بار پڑھنے والے کے دل میں اللہ تعالیٰ نور عنایت کرتا ہے۔ رزق وسیع دیتا اور علم عجیب عطا کرتا ہے۔ یہ دعا طہارت ظاہر و باطنی اور حضور قلب سے پڑھنا چاہیے کیونکہ اس سے کشف ہوتا ہے۔ یہ آیت اس ذکر کے لیے مناسب ہیں۔ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ شَیْءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُہٗ۔ تا آخر آیت اور اسم الٰہی عَلِیٌّ عَظِیْمٌ کَبِیْرٌ اس کے لیے مناسب ہیں۔

جو ان اسماء کو تکسیر کر کے چاندی کی انگوٹھی ساعت شمس میں نقش کر کے اس پر آیت وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ بطور دائرہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اسے دیکھنے والا اس سے محبت کرے گا۔ اور اس کی محبت چاہے گا۔ اور نظر بد سے اسے دیکھنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

جو کوئی اسم الحفیظ کے حروف تکسیر کر کے رکھے اور اس اسم کا ذکر بھی کرتا رہے۔ تو کوئی چیز خوف زدہ نہ کر سکے گی اور چور ڈاکو اس پر زیادتی نہ کر سکے گا۔ خوف کی جگہ میں بھی سلامت رہے گا۔ دل مطمئن رہے گا۔

خوفناک امور دور کرنے کی دعا

ذیل کے اسماء قہر و غلبہ دفع وسواس و رعب اور خوفناک امور کو دور کرنے کے لیے بہت زود اثر ہیں حکام اور دولت مند اس کا ورد رکھیں تو مناسب رہتا ہے۔ ان اسماء کی برکت سے ملک و قوم کی دولت کو قیام خواہشات و غصہ مغلوب رہتے ہیں۔ اہل سلوک کا یہ وظیفہ رہے ہیں۔ ان اسماء میں جلال و ہیبت دل کی صفاء تمام رذائل سے پاک کرنے بہت رکھنے کے خواص ہیں۔ اور ذوکر ملائکہ بھی یہی ہیں۔ اولیاء کو ان کی برکت سے کشف ہوتا اور معرفت کی توفیق ہوتی ہے۔ تمام اسماء الٰہی کی تاثیر اور کل حروف کے خواص ان میں موجود ہیں۔ اسم اعظم بھی ان میں ہے۔ یہ جملہ ۱۲۴ اسم ہیں اور اسم ذات ان کے علاوہ ہے۔ اور اسم ان میں مکرر نہیں ہے۔

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْجَلِیْلُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ الْمَجِیْدُ الرَّفِیْعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِی الْوَاجِدُ الْوَلِیُّ الْحَفِیْظُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْمُعِزُّ

ان سے اسماء اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ جس حاکم کے روبرو ذکر کیے جائیں تو وہ حاکم مطیع ذاکر ہو جاتا ہے۔ حکام کے لیے یہ ذکر مناسب تر ہے۔ ان کی برکت سے حکومت رہتی ہے۔ سالک کے لیے خلوت میں ان کا ذکر بہت سود مند ہے۔ اسم قُدُّوْسٌ قَائِمٌ کو جو کوئی نقش کر کے رکھے اور ان کا ذکر کرتا رہے۔ تو دوسروں پر سبقت لے جاتا ہے۔ ان کے ذکر نقش کرتے وقت گوگل و قسطل کی دھونی دینا چاہیے یہ نقش سر پر رکھنے سے درد جاتا رہتا ہے۔ اسم قدوس قدس سے ماخوذ ہے اس کے معنی پاکی اور پاکیزگی ہیں۔

عوام میں مقبولیت اور حکومت کا قیام اور جو چاہے حاصل ہو

اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ کو طلائی انگوٹھی میں نقش کرے عود اور عنبر کی دھونی دے کر اپنے ہاتھ میں پہننے والے سے ہر آدمی محبت کرتا ہے۔ سفاح کے بعد سے خلفائے بنو عباس ہمارے زمانہ تک یہ منقش انگوٹھی ہمیشہ اپنے پاس رکھتے تھے اس کی برکت سے ان کی حکومت قائم رہی

الکبیر المتعال کو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر پاس رکھنے والا جو چاہے وہ اس کے لیے موجود ہوتا ہے

زہر و غلبہ شہوت دور کرنے کے لیے اسم اعظم

ذیل کے آٹھ اسماء عظمت و دبدبہ حاصل کرنے کے لیے اسم اعظم کا اثر رکھتی ہیں زہر کا اثر دور کرنے وسواس و غلبہ شہوات اور خوفناک امور دفع کرنے کے لیے زود اثر ہیں ان کے پڑھنے کا وقت صبح صادق کا ہے۔ اور وہ آٹھ اسماء یہ ہیں۔ اَلْمَلِكُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْغَنِیُّ الْمُتَعَالُ ذُوالْجَلَالِ الْمُغْنِیُ الْكَبِیْرُ ——— اسم ذوالجلال کا بیان گزر چکا الباسط الفتاح الجواد۔ کی تکبیر کر کے رکھنے والے پر جس کی نگاہ پڑے وہ اس سے محبت کرتا ہے اہل قبض کے لیے یہ ذکر بہت مفید ہے۔ اہل خلوت ان کے ذکر سے اپنی خلوتوں میں شرح صدر حاصل کرتے ہیں۔ اور مختلف باتیں سنتے ہیں۔ جو اشخاص اسماء اور دعوت کے رازوں سے واقف ہیں۔ وہی یہ باتیں خوب سمجھ سکتے ہیں۔

رنج و غم دور قیدی کی رہائی تمام حاجات پوری ہوں

ذیل کی دعا نہایت سود مند ہے۔ اتوار کے دن زہرہ کی ساعت میں جو دو رکعت نماز کے بعد یہ پڑھے اس کے دل سے سب رنج و غم دور ہوتے ہیں قیدی اس کے پڑھنے سے قید سے رہائی پاتا ہے۔ یہ آیت ملا کر پڑھنا مناسب ہے۔ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اس کی برکت سے تمام مطالب حاصل ہوتے ہیں۔ اور دعا یہ ہے۔ رَبِّ فَرِّحْنِیْ بِمَا تَرْضٰی بِهٖ عَنِّیْ فَرْحًا یُهَیِّجُنِیْ بِمَیْلِ التَّاجِرِ حَتّٰی لَا یَنْبَسِطَ شَیْءٌ مِنْ وُجُوْدِیْ اِلَّا بِمَا مَحْفُوْظًا بَسْطَ وُجُوْدِكَ الْعَلِیِّ رَبِّ فَرِّحْنِیْ بِنَیْلِ الْمُرَادِ مِنْكَ اِبْتِغَاءَ اِرَادَتِیْ حَتّٰی لَا یَكُوْنَ فِیْ كَوْنِیْ اِرَادَةٌ اِلَّا اِرَادَتُكَ مَحْفُوْظًا مِنْ عَوَارِضِ التَّكْوِیْنِ وَابْهِجْنِیْ بِذٰلِكَ بِنَیْلِ الْاِفْتِتَاحِ فِی الْوُجُوْدِ اِنَّكَ یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ وَالرَّحْمَةِ یَا ذَا الْجُوْدِ یَا بَاسِطُ یَا جَوَادُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ۔

مندرجہ ذیل دعا بھی رنج و غم دور کرنے میں لاجواب ہے۔ اتوار کے دن نویں ساعت میں دو رکعت نماز کے بعد ۵۰ بار یہ دعا پڑھنے سے تمام کلفتیں دور ہوتی ہیں۔ سَیِّدِیْ اَدْخِلْنِیْ فِیْ رِیَاضِ اَسْمَائِكَ مِنَ الْبَابِ الْخَاصِّ الَّذِیْ لَا یَحْجُبُ بِنُوْرٍ وَلَا یَغْلِبُهٗ وَلَا یَشْتَغِیْ مِنْهُ وَلَا یَشْتَغِلُ خَارِجٌ عَنْهُ وَاَطْلِقْ یَدَیْ قُوَّتِیْ فِیْ نَیْلِ النِّعْمَةِ وَاَذِقْنِیْ طَعْمَ كُلِّ مَذُوْقٍ مِنْهُ حَتّٰی اَكُوْنَ لَكَ وَاَكُوْنَ بَیْنَكَ بِكَ مُبْتَهِجًا بِحَلَاوَةِ ذٰلِكَ مِنْكَ اِنَّكَ لَطِیْفٌ رَحِیْمٌ رَءُوْفٌ كَرِیْمٌ۔

یہ آیت اس کے ساتھ پڑھنا مناسب ہیں۔ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ اور اسمائے حسنیٰ میں سے یہ بارہ اسمائے اس کے مناسب ہیں۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اللَّطِیْفُ الْعَلِیْمُ الرَّءُوْفُ الْغَفُوْرُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْمُجِیْبُ الْمُغِیْثُ الْقَرِیْبُ السَّمِیْعُ الرَّفِیْعُ الْكَرِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ذُوالطَّوْلِ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْمُطْلِیْمُ۔

ہر مراد حاصل اور حل مشکلات [illegible] سے اپنی حاجت اور سوال کا

اپنی ہتھیلی پر لکھ کر آسمان کی طرف بلند کرے اور اس اسم کو ہفتہ کے دنوں میں ضرب دے کر اس کے مطابق پڑھنے سے مراد حاصل ہوتی ہے اس اسم کے ذکر کے بعد ذیل کی دعا حضور قلب سے پڑھے دعا یہ ہے۔ اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا سُبحٰنَکَ السریع القریب المجیب الذی اجیبت بہ فاتح برحمتک وختما تمدادتک وسرعۃ اجابتک یا سریعا لمن قصدہ یا منیبا لمن سالہ یا مجیبا لمن دعاہ اسرع بقضاء حاجتی و بلوغ ارادتی یا سمیع یا قریب یا مجیب یا سریع۔

یا سریع ہفتہ کے دنوں میں ضرب دینے سے ۲۲۰۰ اعداد موافق ہو اسم پڑھے اور اسم قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ کی تکسیر کر کے سریع حقیقی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے اساس کے گرد بطور دائرہ آیت۔ بدیع السمٰوٰت والارض۔ الخ ـ لکھے نماز اور ذکر اسم کے بعد یہ انگوٹھی پہنے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمنا پوری کرتا ہے۔ اور ایسا فرد یہ اس کے لیے پیدا کر دیتا ہے۔ جس کی خبر بھی نہیں ہوتی اور جس شخص سے جو کام ہو وہ پورا ہو جاتا ہے۔ اور روحانی ارواح بوقت ذکر حاضر رہتی ہیں۔

اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ کا ذکر مضطر کو نفع دیتا اور خائفوں کے لیے امان ہے۔ ان اسماء کو جمعہ کے دن آخر دن تک نقش کر کے جو اپنے پاس رکھے تو کوئی برائی نہ دیکھے اور بکثرت ان کے ذکر سے خوشحالی اور فارغ البالی قدم بوس رہتی ہے۔

رنج دور کرنے کی زود اثر دعا

اللطیف الواسع الشھود خلوت میں توجہ کرنے والوں کے لیے یہ اسماء نہایت ہی زود اثر ہیں جس نے محبت کی چاشنی چکھی اور کوئی وصف اس میں پیدا ہوا ہے تو ان اسماء کے احوال اسی کی طرف ختم ہوتے ہیں۔ خصوصاً اسم لطیف رنج و غم دور کرنے میں زود اثر ہے۔ یہ اسماء تنہا پڑھے جائیں خاص اسی کا ذکر کیا جائے تو عجیب آثار پیدا ہوتے ہیں۔ اگر کسی خوفناک بات سے خوف ہو تو وہ امر فوراً اپنی صورت میں سامنے آتا ہے اور اس امر کو مضمحل ہو یہ ذاکر دیکھتا ہے۔ جب یہ اسم پڑھ چکے گا تو کوئی خوف وخطر باقی نہ رہے گا۔

ظالم کا غصہ ٹھنڈا کرنے کا عمل

اَلرَّؤُوْفُ الْحَلِیْمُ الْحَنَّانُ وَالْمَنَّانُ ـ ان اسمائے عظیمہ کا ذکر ہر برائی سے امن میں رہتا ہے۔ بعض اہل بصیرت نے مجھ سے کہا جو شخص خلوت میں ان اسماء کا اتنا ذکر کرے کہ حال غالب آجائے اور وہ ہاتھ میں آگ لے لے تو کوئی ضرر اسے نہ پہنچے گا۔ اگر جوش کھاتی ہنڈیا میں پھونک مار دے تو اس کا جوش ختم ہو جاتا ہے۔ جو یہ اسماء لکھ کر کسی ظالم کے روبرو جائے۔ جس سے ضرر کا خوف ہو تو وہ اس کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا اور اس کا غصہ اس ذاکر کو دیکھتے ہی ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ جو خواہشوں سے مغلوب ہو یہ اسماء ذکر کرے تو اس کی خواہشات کو اللہ تعالیٰ دور کر دیتا ہے۔

اسمائے الٰہی کے زود اثر اور عجیب و غریب فوائد

اسمائے اَلْغَفُوْرُ الْغَفَّارُ بڑے موذی کو دور کرنے کے لیے بہت زود اثر ہیں اللہ تعالیٰ نے بہت اسرار ان اسماء میں ودیعت کیے ہیں اسمائے الرؤف الحنان المنان الکریم کی تکسیر کر کے مثلث متساوی الاضلاع میں جو لکھے اس پر برہان الٰہی ظاہر ہوتی ہے۔ یہ اسماء اہل اللہ کا ذکر ہیں۔ ان کی تکسیر اس طرح ہے ۔ ال ال رم ک ون رف ای ل م) سونے کی تختی پر جمعہ کی اول ساعت میں نقش کر کے آیت ذیل بطریق دائرہ کندہ کرے۔ وَھُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ خَبِیْر۔ تمک تو دلائل الٰہی اس ذاکر کو صاف نظر آتے ہیں۔

ذیل کے اسماء دینی اور دنیاوی فوائد کے لیے مفید ترین ہیں۔ جو شخص ہیبت ایمان طاری اور وحشت دور کرنے کو انس تو اسماء یہ ہیں ——

اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الرَّؤُوْفُ الْعَفُوُّ الْمَنَّانُ الْکَرِیْمُ ذُوالطَّوْلِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ـ
ان کے پڑھنے والے سے تمام مرادیں ملتی ہیں اسم سریع کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے کے تمام کام جلد بخوبی انجام پاتے ہیں۔

امور غیب معلوم ہوتے ہیں

کسی راز کا انکشاف درکار ہو تو اس اسم کا ذکر کرے وہ راز منکشف ہو جائے گا۔ اس اسم میں امور غیب معلوم کرنے کا بڑا اثر ہے اہل تکوین کو مطرات کی کدورت دور کرنے کے لیے یہ ذکر بہت موجب ہے اور دعا یہ پڑھنا بہتر ہے۔ رَبِّ اَغْنِنِیْ فِیْ اَطْوَارِ بِحَارِ مَعَارِفِ اَسْمَائِكَ تَوْلِیْنًا یُشْهِدُنِیْ ذَوَاتِ وُجُوْدِیْ مَالَوْ دَعْتَهٗ فِیْ ذَرَّاتِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ حَتّٰی اُعَایِنَ حَرَکَاتِ سَرَیَانِ سِرِّ قُدْرَتِكَ مَعَالِمَ الْمَعْلُوْمَاتِ فَلَا یَبْقٰی مَعْلُوْمٌ اَوْ یَنْتَدِیْ سِرِّ دَقِیْقَةٍ مِنْهُ مَجْذُوْبَةً بِکَیْدِ کَمَالِ نُوْرِ التَّطَلُّعِ حَتّٰی یَذْهَبَ ظُلْمَةُ الْاِنْکَارِ وَاَتَعَرَّفَ بِتَقِیْحَاتِ الْمَوْهِبَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْمُحِبُّ وَالْمَحْبُوْبُ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ اِلٰی طَاعَتِكَ وَاتِّبَاعِ مَرْضَاتِكَ اَوْ قَلِّبْ کَذَا وَکَذَا یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ـ

اور اس کے مناسب یہ آیت ہے۔ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ جدیلوں کو یہ ذکر مفید اس لیے ہے۔ کہ اس کے ذریعہ ان کو مشکل معانی سمجھنے کی قوت نصیب ہوتی ہے۔ اور یہ اسماء ان کے مناسب حال ہیں۔ اَلْعَالِمُ الشَّهِیْدُ الْمُحْصِیُ الْحَکِیْمُ۔

حصول علم و فہم و باطنی قوت

ان اسماء کے ذاکر کو ان امور کی سمجھ اور وہ علم نصیب ہوتا ہے جسے وہ نہ جانتا ہو اسماء گوشہ نشینوں کے ذکر ہیں۔ وہ ان سے خلوتوں میں امور باطنی میں قوت پاتے ہیں۔ یہ دعا بے حد فائدوں سے مالا مال ہے۔ اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ نَبَّهَ الْعُلُوْمَ اِلٰی عِلْمِهٖ نَبَّهَهٗ لَا شَیْءَ اِلَّا شَیْءٌ لَاَیْتَنَا هِیَ اَظْهَرْتَ الْحُرُوْفَ بِالْقَلَمِ فَکَانَ لَهَا تَصْرِیْفٌ فِیْ اَلْوَاحِ الْمَلَکُوْتِ فَقَامَ لَهَا مَقَامُ مَخَارِجِ الْحُرُوْفِ مِنَ الْحَلْقِ وَالصُّدُوْرِ وَاللَّهَاةِ وَاللِّسَانِ فَکُلُّ اِسْمٍ صَدَرَ عَنْهُ جِنْسٌ لَا یَعْلَمُ تَرْکِیْبَهٗ سِوَاکَ مِنْكَ تَمُدُّكَ وَکُلُّ نَوْعٍ صَدَرَ عَنْهُ مُرَکَّبٌ فَلَوْ عَ اِسْرَافِیْلُ اَظْهَرَهٗ بِقُوَّةٍ فِیْ اٰحَادِ کُلِّیَّاتِهٖ مِنْ جُزْئِیَّاتِ تَرَاکِیْبِهٖ اَسْئَلُكَ بِهٰذَا السِّرِّ الْخَفِیِّ الَّذِیْ وَقَفَ اَهْلُ الْعَقْلِ دُوْنَهٗ وَتَقَدَّمَ اِلَیْكَ التَّدْبِیْرُ اَوْدَعْتَهٗ فِیْهِ یَا مُهَیْمِنُ یَوْمَ اَمْکَانِ وُجُوْدِهَا اَسْئَلُكَ کَشْفَ حِجَابِ الْغَیْبِ حَتّٰی اُعَایِنَ الْغَیْبَ بِمَا فِیْهِ بِمَنَامِهٖ حَتَّی الرُّوْحِ الْبَاقِیْ یَا حَیُّ یَا هُوَ یَا مَنْ هُوَ یَا اَنْتَ یَا خَالِقُ یَا بَارِیُٔ یَا مُصَوِّرُ اَنْتَ هُوَ ـ ۵

کونسا اسم کس شخص کے لیے ہے

دعائے متذکرہ بالا کے علاوہ اسمائے ذیل پانچ اذکار پر مشتمل ہیں جو اہل طریق مختلف طور سے ادا کرتے ہیں ان کا اثر یہ ہے کہ عاقل کو ہشیار اہل معاملہ کو خوش رکھتے ہیں جدیلوں کو قریب اہل ہدایت کو کشف دلاتے ہیں اور ہر ایک کو اس کی توجہ اور لیاقت کے موافق فوائد پہنچاتے ہیں مناسب معدن پر انہیں کندہ کر کے دھوکر پئیں یا اپنے پاس رکھیں اور ذکر کرتے رہیں تو عظیم منفعت حاصل ہوتی ہے۔ عامل کے لیے عام محرمات سے اجتناب خوف و تقرب کامل حلال حضور قلب تقدیر الٰہی پر راضی اور اس کے حضور اپنے آپ کو ذلیل اور عاجز تصور کرنا مقدم اور ضروری ہے اسماء شریفہ یہ ہیں۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلْوَاحِدُ اَلْفَرْدُ اَلصَّمَدُ اَلرَّبُّ اَنْتَ کَاشِفُ الْاَسْرَارِ وَالْقُلُوْبِ ـــــ
ان اسماء میں معبود واحد کی صفات کا بیان ہے۔ جسے ہمارے حضور اکرم نے ہمیں ظاہر فرمایا ہے۔ اَفْضَلُ مَا قُلْتُ اَنَا وَالنَّبِیُّوْنَ مِنْ

تَجَلّٰی لَکَ اللّٰہُ فَاَلْطَفَ الْمُنْعَمَۃَ الْکَنْزِیَّۃَ لَہٗ ــــ اسی باعث مشائخ اپنے مریدوں کو اولاً یہ ذکر کرتے ہیں یہی ذکر کل اسرار کا سرچشمہ اور کل اشیاء کی اصل ہے اسم تواب توبہ کرنے کے لیے اسم شکور شکر گزاری کے لیے اسم حسیب کفایت کے لیے اسم وکیل توکل کے لیے ہے واضح ہو ہر اسم ہر شخص کو اس کے حال کے موافق فائدہ دیتا ہے اسی وجہ سے اہل تفرید دوسروں سے ممتاز ہوتے یا رب ہے اللہ اور الاحد اور اسماء ذکر فکر اور احد واحد صمد ذکر سالکین ہیں۔ جو اسرار اعداد و حید سے متعلق ہیں اور اسم صمد کی ریاضت کرنے والوں کا ذکر ہے۔ ذیل کی دعا جمعہ کی رات میں پہلی ساعت سے پڑھنا شروع کی جائے۔

اِلٰہِیْ تَعَالٰی مَعْبُوْدُکَ تَعَالٰی جَدُّکَ تَعَالٰی قُدْسُکَ تَعَالٰی بِرُّکَ تَعَالٰی جَلَالُکَ یَا جَمِیْلَ الْاَسْمَاءِ یَا جَلِیْلَ الْاَفْعَالِ یَا مُتَعَالِیْ عَلٰی عَلِیَّاتِ کُلِّ مِعْرَاجٍ یَا اَلْبَابُ اِسْمُکَ الْعَلِیُّ اِنْتِهَاءُہٗ وَکُلُّ سُمُوٍّ لِلْمَشْعُوْرِ فَبِاِسْمِکَ مَرْجِعُہٗ وَاِبْتِدَاءُہٗ تَجَلَّیْتَ فِیْ اَسْمَائِکَ فَظَهَرَتْ لِتَجَلِّیْ فِیْ اَفْعَالِکَ حَتّٰی اَشْرَقَ الْکَوْنُ بِاَشْرَاقِ تَمْلِیْکِکَ وَکُلُّ مُوَحِّدٍ اِنَّمَا یُوَحِّدُ بِمَا ظَهَرَ لَہٗ مِنْ تَجَلِّیْکَ وَیَتَصَرَّفُ بِسِرِّ مَا اَسْرَرْتَ فِیْهِ مِنْ مَعْرِفَتِہٖ اَسْمَائِکَ وَیَعْرِفُ بِمَا تَعَلَّقَ بِہٖ مِنْ تَحَکُّمِ عِلْمِکَ فِیْ اَزَلِیَّتِہٖ مِنْ اِیْجَادِہٖ بِکَ کَانَتْ رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ فَلِکُلٍّ بِکَ تَرْتِیْبُہٗ وَمِنْکَ تَقْرِیْبُہٗ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَسْرَارِ اَسْمَائِکَ وَخَصَائِصِ عِلْمِکَ اَنْ تَرْفَعَ وُجُوْدِیْ اِلٰی سَمَاءِ عِزَّتِکَ عَلٰی مِعْرَاجٍ مِنْ عِنَایَتِکَ وَاِسْمِکَ الرَّفِیْعِ کَوِّ اِسْمِکَ الْقَوِیِّ عَمَّنِیْ وَاِسْمِکَ الْمُقْتَدِرِ اِمَامِیْ وَاِسْمِکَ الْهَادِیْ خَلْفِیْ وَاِسْمِکَ الْحَفِیْظِ عَنْ یَمِیْنِیْ وَاِسْمِکَ الْمَنِیْعِ عَنْ شِمَالِیْ فَلَا اَزَالُ فِیْ حِصْنِ اَسْمَائِکَ مُتَشَرِّفًا عَلٰی مِنْ سَرَائِرِ اَسْتِشْرَافِ الْغَیْبِ عَلَی الشَّهَادَۃِ وَلَا تَوَصَّلُ اِلَی الْقُلُوْبِ بِتَاثِیْرِ عَلَیْهِمَا اَلْهَمْتَنِیْ بِہٖ وَلَا یَنَالُ الْاَنْفُسُ بِالْحُرُوْفِ اِلَّا بِمَا سَلَّطْتَنِیْ بِہٖ بِسَهْمِ عِنَایَتِکَ تَرُوْهُنَّ بِمَا فِیْ نُفُوْسِہٖ یَا رَبَّ اِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَجِبْرَائِیْلَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

صبح تک یہ دعا پڑھنے والے پر مشاہدات کا ظہور ہوتا اور حقیقی علوم ظاہر ہوتے ہیں اس کی علامت یہ ہے کہ ذاکر کے دل میں اندھیری رات میں خوف پیدا ہوتا ہے۔

محبت میں پختگی اور دشمن کو حاضر کرنے کا عمل

جو تھوڑی دیر بعد جاتا رہتا ہے خلاصہ ذیل دعا اتوار کے دن چوتھی ساعت میں جو قمر سے متعلق ہے۔ اور جس کی طبیعت سوداوی ہے پڑھنے سے دشمن کو حاضر کرنے اور محبت ڈالنے میں نعم ہے۔ یہ محبت کبھی زائل نہیں ہوتی اور دیگر امراض کا بھی اس سے بہترین علاج ہوتا ہے۔ دعا یہ ہے

رَبِّ قَابِلْنِیْ بِنُوْرِ اِسْمِکَ الْمَکْنُوْنِ مُقَابَلَۃً تَمْلَأُ بِهَا وُجُوْدِیْ ظَاهِرًا اَوْ بَاطِنًا حَتّٰی تَمْحُوَ مِنِّیْ حُظُوْظَ الْاَشْکَالِ کُلِّهَا فَیَبْقٰی فِیْ وُجُوْدِیْ مِنْ وُجُوْدِیْ سِرُّ مَا کَتَبْتَہٗ فَلَمْ تَقْتَبِسْ نِیْرَانُکَ مِنْ کُلِّ مُوْدَعٍ فِیْ مُسْتَقَرٍّ وَمُسْتَقَرٍّ فِیْ مُسْتَوْدَعٍ فَلَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰہِ شَیْءٌ مِمَّا غَابَ عَنِّیْ فَانْظُرْنِیْ بِکَ وَانْظُرْنِیْ مِنْ حَوْلِیْ بِنُوْرِ اِسْمِکَ الْمَکْنُوْنِ حَتّٰی اَرَی الْکَمَالَ الْمُطْلَقَ فِی الْمَلَکُوْتِ وَالسِّرَّ الْمُحَقَّقَ یَا ذَا الْکَمَالِ یَا مُوْدِعَ الْاَنْوَارِ فِیْ قُلُوْبِ عِبَادِہِ الْاَبْرَارِ یَا سَرِیْعُ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا وَهَّابُ ۔

یہ دعا ساعت نیک میں دو رکعت نماز نفل کے بعد ١٦ مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے ملتا ہے جس چیز پر یہ ذاکر اپنا ہاتھ رکھے اس میں برکت ہوتی ہے۔ یہ اسمائے بھی اسی دعا کے مناسب حال ہیں۔ اَلسَّرِیْعُ الْقَرِیْبُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ وغیرہ ۔ جو شخص اسماء السریع القریب کو تکبیر کرکے پاس رکھے کوئی کام اس پر مشکل نہ رہے۔ اور ہر چیز اس پر منکشف ہوگی یہ ذکر اہل خلوت کو مناسب ترین ہے۔ بروقت ضرورت ذاکر

کو اللہ تعالیٰ ارتقاء کا الہام فرماتا ہے یہ آیت بھی مناسب تلاوت ہے۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ اسماء۔ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ وَدُوْدٌ کا جو کوئی وظیفہ پڑھے تو کوئی کام اس پر مشکل نہ ہو اہل مکاشفات کو یہ ذکر مناسب تر ہے۔

عقل بڑھانے اور سینہ فراخ کرنے اور ہر چیز کی تسخیر

ذیل کی دعا عقل بڑھاتی اور سینہ فراخ کرتی ہے۔ يَا مَنْ وُجُوْدُهٗ اَصْلٌ لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ وَحَصَلَ مِنْ وُجُوْدِهٖ اِسْمٌ يَّلِيْقُ بِهٖ وَهُوَ مِفْتَاحُهُ الْخَاصُّ فِيْ حَقِيْقَتِهِ الْوُجُوْدِيَّةِ وَسَتَرَهُ الْقَابِلُ فَتَانِ الْكَوْنِ جَوْهَرٌ تَوَّدَّمِنْ جَوَاهِرِ اَجْزَاءِ الْعَالِمِ الْعُلْوِيِّ وَالسُّفْلِيِّ الَّذِيْ مَقَالِيْدُ اَحْكَامِهٖ مُتَعَلِّقَةٌ بِاَسْرَارِ اَسْمَائِهٖ وَاَخْتَامِهَا بِرَقَائِقِهَا فِيْ سِرِّ اِسْمِكَ الَّذِيْ شَدَدْتَ بِهٖ جَمِيْعَ خَلْقِكَ فَلَا يَظْهَرُ لَهُمْ اِلَّا مَا نَسَبَ الْاَفْعَالَ فَاَسْمَاؤُكَ يَا اِلٰهِيْ لَا تُحْصٰى وَمَعْلُوْمَاتُكَ لَا نِهَايَةَ لَهَا اَسْئَلُكَ غَمْسَةً فِيْ بَحْرِ هٰذَا النُّوْرِ حَتّٰى اَدْعُوَ الْكَمَالَ الْاَوَّلَ فَاَتَصَرَّفَ بِهٖ فِي الْاَكْوَانِ الْكَمَالِ تَصَرُّفًا يَنْفِي النَّقْصَ عَنِّيْ بِالْوُقُوْفِ عَلٰى عُبُوْدِيَّةِ النَّقْصِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ لَمْ يَزَلِ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْعَلِيُّ الْعَدْلُ الْمُجِيْبُ۔

دریا کا طوفان دور کرنا و بے شمار خواص

یہ دعا ۱۶ مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر کام پورا کرتا اور غافل کو وسواس سے محفوظ رکھتا ہے یہ آیت اس دعا کے لیے موزوں ہے۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْبَاءِ الرُّسُلِ۔ اور یہ اسم مناسب ذکر ہے۔ اَلْمُغِيْثُ الْقَوِيُّ الْحَسِيْبُ اس پر مداومت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ زندہ عقل دیتا ہے۔ سینہ کھولتا اور جو کچھ مانگے اللہ اس کو دیتا ہے۔ فراخی رزق، دریا کا طوفان فرو کرنے، حاکم کا غصہ دور کرنے جنات دور کرنے کے لیے دعا کی جائے قبول ہوگی۔ مگر خلوت میں دوگانہ ادا کرکے اسے حضور قلب سے پڑھنا ضروری ہے۔ یہ دعا بھی سودمند ہے۔ اسے اتوار کے دن پانچویں گھڑی میں پڑھے۔ رَبِّ اَسْئَلُكَ مَدَدًا رُوْحَانِيًّا تُقَوِّيْ بِهٖ قُوَاىَ الْكُلِّيَّةَ وَالْجُزْئِيَّةَ حَتّٰى اَقْهَرَ بِقُوَّتِيْ نَفْسِيْ كُلَّ نَفْسٍ قَاهِرَةٍ فَتَنْقَبِضَ رَقَائِقُهَا اِنْقِبَاضًا يَسْقُطُ بِهٖ قُوَاهَا فَلَا يَبْقٰى فِي الْكَوْنِ ذُوْ رُوْحٍ اِلَّا وَنَارُ الْقَهْرِ اَخْمَدَتْ ظُهُوْرَهٗ يَا شَدِيْدُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ يَا قَهَّارُ يَا اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَ عِزْرَائِيْلَ مِنْ قُوَى اَسْمَائِكَ الْقَهْرِيَّةِ فَانْفَعَلَتْ لَهُ النُّفُوْسُ بِالْقَهْرِ الَّذِيْ ذٰلِكَ السِّرُّ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ حَتّٰى اَلِيْنَ بِهٖ كُلَّ صَعْبٍ مَنِيْعٍ وَاُذِلَّ بِهٖ كُلَّ مُتَكَبِّرٍ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ يَا ذَا الْقَهْرِ يَا قَاهِرُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

اتوار کو پانچویں ساعت میں ۹۱۸ مرتبہ پڑھ کر ظالم کے لیے بددعا کرے تو وہ فوراً برباد و ہلاک ہوگا لیکن اس ذکر سے پہلے دس رکعت نماز پانچ سلاموں سے پڑھنا چاہیے اور رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد اس طرح کی آیات پڑھے وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اور اَلْقَاهِرُ الْقَادِرُ دُرُود پڑھنا بھی اس دعا کے ساتھ مزید تقویت کا باعث ہیں۔

آگے والی دعا بھی نہایت نفع بخش ہے یہ اتوار کو دوسری ساعت میں پڑھے۔

تَعَالَيْتَ يَا مَنْ تَقَاصَرَ كُلُّ فِكْرٍ عَنْ وَصْفِ حَضْرِ مَعَانِيْ اَسْمَائِهٖ فَكُلُّ رِفْعَةٍ وَكُلُّ عُلُوٍّ فَمِنْ تِلْكَ الرِّفْعَةِ وَالْعُلُوِّ صَدَرَتْ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا تَقَدَّسَ مَجْدُكَ يَا مَنِ اسْتَتَرَ بِعَظَمَتِهٖ وَظَهَرَ بِكِبْرِيَائِهٖ۔ اَسْئَلُكَ بِالصِّفَاتِ الَّتِيْ لَا تَعَلُّقَ لَهَا بِوُجُوْدِ سِوَاكَ يَا مَنْ لَهُ الْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَاءُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

يَا مَنْ لَّهُ الْجَمَالُ وَالْبَهَاءُ وَالْكَمَالُ أَسْئَلُكَ الْأُنْسَ بِسِرِّ مُقَابِلَةِ الْقَدْرِ أَنْتَ الْمَدْعُوُّ بِهِ أَكَارُ رَوْحَتِهٖ ۔
الَّذِي كَرُمَ حَتّٰى يَطِيْبُ وَثِقَ بِكَ فَلَا يَتَعَرَّضُ لِأَكْلِهِمْ بِمَخَالِبِهِ الْأَصْغَرِ الْمُعَظَّمَتَكَ وَخَضَعَ بِكِبْرِيَائِكَ،
إِنَّكَ جَبَّارُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَآمِرُ الْكُلِّ بِقُدْرَتِكَ يَا مُجِيْبُ ۔

یہ دعا سریع الاجابت ہیں، ہر تبہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تمام دنیا میں نیک نامی سے مشہور کرتا ہے حَتّٰى إِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ ۔ الخ یہ آیت اس کے مناسب حال ہے اور اسماء الٰہی اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْحَافِظُ الْفَاتِحُ بھی اسی کے ساتھ رات کی آخر تہائی میں پڑھنا مناسب ہیں مطلب حاصل ہوگا۔

ہر مشکل دور کرنے کی دعا

